5432- أورد نحوه أبو داؤد في سننه جلد**2**صفحه**110** رقم الحديث: **1607** . والدارقطني في سننه جلد**2** صفحه **131** رقم الحديث: **13** .

سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ، فَجَاءَ رَجُلٌ بِكَبَائِسَ مِنْ هَذَا السُّخْلِ، فَوَضَعَهُ، فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَنْ جَاءَ بِهَذَا؟، فَكَانَ لَا يَجِيءُ اَحَدٌ اِلَّا صَبَّ الَّذِي جَاءَ بِهِ، فَنَزَلَتْ: (يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اَنْفِقُوا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّا اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِنَ الْاَرْضِ وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيثَ مِنْهُ تُنْفِقُونَ) (البقرة: 267)، وَنَهَى يَوْمَئِذٍ عَنِ الْجُعْرُورِ، وَلَوْنِ ابْنِ الْحُبَيْقِ، اَنْ يُؤْخَذَ فِي الصَّدَقَةِ قَالَ الزُّهْرِيُّ: صِنْفَانِ مِنْ تَمْرِ الْمَدِينَةِ، وَقَالَ عَبَّادٌ، قَالَ سُفْيَانُ: السُّخْلُ الشِّيصُ

آپ ﷺ نے فرمایا: یہ کون لایا؟ پس کوئی ایک نہیں لا سکتا تھا مگر وہی جو اسے رونے کو خود پسند کرے۔ پس یہ آیت نازل ہوئی: ''یا ایھا الذین امنوا الی آخرہ'' اور اس دن آپ نے چھوٹی بے فائدہ کھجور سے منع کیا اور پودینہ کے رنگ والی (کچی) کھجور سے کہ اسے صدقہ میں لیا جائے۔ حضرت امام زہری کا قول ہے: مدینہ کی کھجور کی دو قسمیں ہیں۔ اور حضرت عباد نے کہا: حضرت سفیان کا قول ہے: سخل کا معنی وہ کھجور ہے جس کی گٹھلی ابھی کچی ہو۔ (ردی اور ناکارہ کھجور جس کا گابھا صحیح نہ لگا ہو)

5434 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مَنْصُورٍ الرُّمَّانِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، قَالَ: مَرِضَ رَجُلٌ حَتَّى صَارَ جِلْدًا، فَدَخَلَتْ عَلَيْهِ جَارِيَةٌ تَعُودُهُ، فَوَقَعَ عَلَيْهَا، فَضَاقَ صَدْرًا بِخَطِيئَتِهِ، فَجَاءَ الْقَوْمُ يَعُودُونَهُ، فَقَالَ: سَلُوا لِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي قَدْ وَقَعْتُ عَلَى امْرَاَةٍ حَرَامًا، فَلْيُقِمْ عَلَيَّ الْحَدَّ، وَلِيُطَهِّرْنِي،

حضرت ابوامامہ بن سہل حنیف فرماتے ہیں کہ ایک آدمی بیمار ہوا' اس کا جسم سخت ہوا' ایک لونڈی اس کی عیادت کرنے کے لیے آئی' اس نے اس سے زنا کیا' اس کا سینہ گناہوں سے بھر گیا' لوگ اس کی عیادت کے لیے آئے' اس نے کہا: رسول کریم ﷺ سے میرے بارے سوال کرو میں نے زنا کرلیا ہے اور وہ مجھ پر حد لگائیں اور مجھے پاک کریں' اس کا ذکر رسول اللہ ﷺ کے ہاں ہوا تو لوگوں نے کہا: اگر اس کو آپ کی طرف اُٹھا کر لے آئیں تو اس کی ہڈیاں بکھر جائیں

5434- النسائی فی السنن الکبری جلد4صفحہ312 رقم الحدیث: 7307' جلد 4صفحہ313 رقم الحدیث: 7308.

فَذَكَرُوا ذَلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالُوا: لَوْ حُمِلَ اِلَيْكَ لَتَفَسَّخَتْ عِظَامُهُ، وَلَوْ جُلِدَ لَمَاتَ، قَالَ: فَخُذُوا مِائَةَ شِمْرَاخٍ، فَاضْرِبُوهُ ضَرْبَةً وَاحِدَةً

گی اگر کوڑے ماریں تو مر جائے گا' آپ نے فرمایا: سو شاخوں والی لکڑی پکڑو اور اس کو ایک ہی دفعہ مار دو۔

5435 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَبْدُ الْجَلِيلِ بْنُ حُمَيْدٍ الْيَحْصَبِيُّ، اَنَّ ابْنَ شِهَابٍ، حَدَّثَهُ، حَدَّثَنِي اَبُو اُمَامَةَ بْنُ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ فِي الْآيَةِ الَّتِي قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيثَ مِنْهُ تُنْفِقُونَ) (البقرة: 267)، قَالَ: هُوَ الْجُعْرُورُ، وَلَوْنُ ابْنِ حُبَيْقٍ، فَنَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُؤْخَذَا فِي الصَّدَقَةِ

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ اس آیت کے بارے میں جس میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''ولا تیمموا الخبیث الی آخرہ'' فرمایا: اس سے مراد چھوٹی بے فائدہ کھجور اور پودینے کے رنگ والی ہے' پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صدقہ میں اسے لینے سے منع فرمایا۔

5436 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا دُحَيْمٌ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَحْيَى الْمَعَافِرِيُّ، عَنْ نَافِعِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَقُولَنَّ اَحَدُكُمْ: خَبُثَتْ نَفْسِي، وَلَكِنْ لِيَقُلْ: لَقِسَتْ نَفْسِي

حضرت سہل بن حنیف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے ہرگز کوئی یہ نہ کہے کہ میرا دل بُرا ہے' بلکہ کہے کہ میرا دل سخت ہو گیا ہے۔

5437 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ، وَاِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ قَالَا: ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ

حضرت سہل بن حنیف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے ہرگز کوئی یہ نہ کہے کہ میرا دل خبیث ہے' بلکہ کہے کہ میرا دل

5436- مسلم في صحيحه جلد 4 صفحه 1765 رقم الحديث: 2250 . والبخاري في صحيحه جلد 5 صفحه 2285 رقم الحديث: 5825' جلد 5 صفحه 2286 رقم الحديث: 5826 .

شِهَابٍ، اَخْبَرَنِي اَبُو اُمَامَةَ بْنُ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَقُولَنَّ اَحَدُكُمْ: خَبُثَتْ نَفْسِي، وَلْيَقُلْ: لَقِسَتْ نَفْسِي

سخت ہوگیا ہے۔

5438 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ كَامِلٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَقُولَنَّ اَحَدُكُمْ: خَبُثَتْ نَفْسِي، وَلْيَقُلْ: لَقِسَتْ نَفْسِي

حضرت سہل بن حنیف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے ہرگز کوئی یہ نہ کہے کہ میرا دل بُرا ہے' بلکہ کہے کہ میرا دل سخت ہوگیا ہے۔

5439 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا اَيُّوبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ بِلَالٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُجَمِّعٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، اَنَّهُ خَرَجَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى اِذَا كَانَ بِالْخَرَّارِ، دَخَلَ مَاءً يَغْتَسِلُ، وَكَانَ رَجُلًا بَضَّاءً، فَمَرَّ بِهِ عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ، فَقَالَ: لَمْ اَرَ كَالْيَوْمِ حُسْنَ شَيْءٍ، وَلَا جِلْدَ مُخَبَّاَةٍ، فَمَا لَبِثَ سَهْلٌ اَنْ لُبِطَ، فَدَعَا لَهُ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: عَلَامَ يَقْتُلُ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ، مَنْ تَتَّهِمُونَ بِهِ؟، قَالُوا: عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ، فَدَعَا عَامِرًا،

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف' حضرت سہل بن حنیف سے روایت کرتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ کے ساتھ نکلے' جب مقامِ خرار پر پہنچے تو یہ غسل کرنے کے لیے پانی کے پاس آئے' حضرت سہل سفید آدمی تھے' ان کے پاس سے حضرت عامر بن ربیعہ گزرے' عامر بن ربیعہ نے کہا: آج تک میں نے ان جیسی خوبصورت شی نہیں دیکھی' نہ پردہ میں رہنے والی عورت' کچھ دیر بعد حضرت سہل بیہوش ہو کر گر پڑے' حضور ﷺ نے حضرت سہل کو بلوایا' فرمایا: کیا تم میں سے کوئی اپنے بھائی کو مارنے کا ارادہ رکھتا ہے؟ تم شک کس پر کرتے ہو؟ ان لوگوں نے کہا: عامر بن ربیعہ پر۔ آپ نے عامر بن ربیعہ کو بلوایا' آپ نے پانی کا برتن منگوایا' عامر

5439- ابن ماجه في سننه جلد2صفحه1160 رقم الحديث: 3509 . ومالك في الموطا جلد2صفحه938 رقم الحديث: 1678' جلد2صفحه939 رقم الحديث: 1679 .

وَدَعَا بِإِنَاءٍ فِيهِ مَاءٌ، فَأَمَرَ عَامِرًا، فَغَسَلَ وَجْهَهُ فِي الْمَاءِ، وَأَطْرَافَ يَدَيْهِ وَرُكْبَتَيْهِ، وَأَطْرَافَ قَدَمَيْهِ، ثُمَّ أَخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَبْعَيْ إِزَارِ عَامِرٍ وَدَاخِلَتَهُ، فَغَمَرَهَا فِي الْمَاءِ، ثُمَّ أَفْرَغَ الْإِنَاءَ عَلَى رَأْسِ سَهْلٍ، وَأَكْفَأَ الْإِنَاءَ مِنْ دُبُرِهِ، فَأُطْلِقَ سَهْلٌ لَا بَأْسَ بِهِ

کو حکم دیا' حضرت عامر نے پانی کے ساتھ اپنا چہرہ دھویا اور اپنے دونوں ہاتھ اور گھٹنے اور دونوں پاؤں کی طرفیں پھر حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عامر کا تہبند پکڑا' شرمگاہ پر پانی چھڑکا' پھر پانی کا برتن پکڑا' حضرت سہل سے فرمایا: کچھ پانی ان کے سر کے اوپر ڈالا' ان کی پیٹھ پیچھے سے برتن انڈیل دیا' حضرت سہل تندرست ہو گئے' ایسے محسوس ہوتا تھا کہ کوئی تکلیف ہی نہیں تھی۔

5440 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ: رَأَى عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ وَهُوَ يَغْتَسِلُ، فَعَجِبَ مِنْهُ، فَقَالَ: بِاللّٰهِ مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ مُخَبَّأَةً فِي خِدْرِهَا - أَوْ قَالَ: فَتَاةً فِي خِدْرِهَا - ، قَالَ: فَلُبِطَ بِهِ حَتَّى مَا يَرْفَعُ رَأْسَهُ، قَالَ: فَذُكِرَ ذَلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هَلْ تَتَّهِمُونَ أَحَدًا؟ ، فَقَالُوا: لَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِلَّا أَنَّ عَامِرَ بْنَ رَبِيعَةَ قَالَ لَهُ كَذَا وَكَذَا، قَالَ: فَدَعَاهُ، وَدَعَا عَامِرَ بْنَ رَبِيعَةَ، فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ عَلَامَ يَقْتُلُ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ؟ إِذَا رَأَى مِنْهُ شَيْئًا يُعْجِبُهُ فَلْيَدْعُ لَهُ بِالْبَرَكَةِ ، قَالَ: ثُمَّ أَمَرَهُ فَغَسَلَ لَهُ فَغَسَلَ وَجْهَهُ، وَظَاهِرَ كَفَّيْهِ، وَمِرْفَقَيْهِ، وَغَسَلَ صَدْرَهُ، وَدَاخِلَةَ إِزَارِهِ، وَرُكْبَتَيْهِ، وَأَطْرَافَ قَدَمَيْهِ فِي الْإِنَاءِ ظَاهِرَهُمَا، ثُمَّ أَمَرَ بِهِ فَصَبَّ عَلَى رَأْسِهِ، وَكَفَأَ الْإِنَاءَ مِنْ خَلْفِهِ - حَسِبْتُهُ قَالَ: وَأَمَرَهُ فَحَسَا مِنْهُ حَسَوَاتٍ

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف فرماتے ہیں کہ حضرت عامر بن ربیعہ نے حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کو غسل کرتے ہوئے دیکھا' ان کو پسند آیا تو حضرت عامر نے کہا: اللہ کی قسم! میں نے آج تک باپردہ خاتون کو بھی اس جیسا نہیں دیکھا۔ حضرت سہل رضی اللہ عنہ بے ہوش ہو کر گر پڑے' سر نہ اُٹھا سکے۔ اس کا ذکر حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاں کیا گیا تو آپ نے فرمایا: تم کس پر شک کرتے ہو؟ لوگوں نے کہا: یارسول اللہ! عامر بن ربیعہ کے علاوہ کوئی نہیں ہے' اس نے ایسے ایسے کہا ہے۔ آپ نے سہل اور عامر بن ربیعہ کو بلوایا اور فرمایا: اللہ پاک ہے' کس بات پر تم میں سے کوئی اپنے بھائی کو مارنا چاہتا ہے' جب تم میں سے کوئی کسی شی کو دیکھے جو اُسے اچھی لگے تو وہ اس کے لیے برکت کی دعا کرے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عامر کو ان کیلئے غسل کا حکم دیا' پس اُنہوں نے اپنا چہرہ اور ہاتھ کہنیوں تک دھوئے اور اپنا سینہ اور چادر کے اندر سے' گھٹنے اور پاؤں دھوئے برتن میں' پھر آپ نے حضرت سہل کے سر

- فَاَمَرَهُ فَقَامَ فَرَاحَ مَعَ الرَّكْبِ

پر پانی چھڑکنے کا حکم دیا اور ان کے پیچھے سے ان کے برتن کے لیے پانی ڈالا گیا۔ داؤد حدیث فرماتے ہیں کہ میرا گمان ہے کہ چند چلّو پانی بہانے کا حکم دیا' حضرت سہل اس کے بعد کھڑے ہوئے اور قافلے کے ساتھ سوار ہو کر چل پڑے۔

5441 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنَا مَالِكٌ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، ح وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ اَنَّهُ قَالَ: رَاَى عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ يَغْتَسِلُ فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا رَاَيْتُ كَالْيَوْمِ وَلَا جِلْدَ مُخَبَّاَةٍ، فَلُبِطَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ وَاللّٰهِ مَا يَرْفَعُ رَاْسَهُ، فَقَالَ: هَلْ تَتَّهِمُونَ لَهُ اَحَدًا؟ ، قَالُوا: نَتَّهِمُ عَامِرَ بْنَ رَبِيعَةَ، فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامِرَ بْنَ رَبِيعَةَ، فَتَغَيَّظَ عَلَيْهِ، وَقَالَ: عَلَامَ يَقْتُلُ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ، اَلَا بَرَّكْتَ؟، اغْتَسِلْ لَهُ فَغَسَلَ لَهُ عَامِرٌ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ وَمِرْفَقَيْهِ وَرُكْبَتَيْهِ وَاَطْرَافَ رِجْلَيْهِ وَدَاخِلَةَ اِزَارِهِ فِي قَدَحٍ، ثُمَّ صَبَّ عَلَيْهِ، فَرَاحَ سَهْلٌ لَيْسَ بِهِ بَاْسٌ

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف فرماتے ہیں کہ حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ نے حضرت سہل رضی اللہ عنہ کو غسل کرتے ہوئے دیکھا' کہا: اللہ کی قسم! میں نے آج تک اس جیسی کوئی باپردہ خاتون بھی نہیں دیکھی' حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ بے ہوش ہو کر گر پڑے' اپنا سر بھی نہیں اُٹھا سکے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم کس پر شک کرتے ہو؟ اُنہوں نے کہا: ہم عامر بن ربیعہ پر۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عامر بن ربیعہ کو بلوایا' آپ غصہ ہوئے' فرمایا: کیا تم میں سے کوئی اپنے بھائی کو مارنا چاہتا ہے' کیا برکت کی دعا نہیں کر سکتا ہے! عامر کو غسل کرنے کا کہا' حضرت عامر نے اپنا چہرہ دھویا اور کہنیاں اور گھٹنے اور پاؤں دونوں اطراف' پھر حضرت سہل رضی اللہ عنہ پر پانی ڈالا گیا تو حضرت سہل تندرست ہو گئے' ایسے محسوس ہوتا تھا کہ کوئی بیماری ہی نہیں ہے۔

5442 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي الْهِقْلُ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ يَحْيَى عَنِ الزُّهْرِيِّ،

حضرت عامر بن سہل بن حنیف سے روایت ہے کہ حضرت عامر بن ربیعہ بنی عدی بن کعب کے بھائی' نے حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کو دیکھا' یہ رسول

حَدَّثَنِي اَبُو اُمَامَةَ بْنُ سَهْلِ بْنِ حَنِيفٍ، اَنَّ عَامِرَ بْنَ رَبِيعَةَ اَخَا بَنِي عَدِيِّ بْنِ كَعْبٍ رَاَى سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ وَهُوَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْخَرَّارِ يَغْتَسِلُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا رَاَيْتُ كَالْيَوْمِ وَلَا جَلْدَ مُخَبَّاَةٍ، فَلُبِطَ سَهْلٌ، فَاُتِيَ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَلْ لَكَ وَسَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ لَا يَرْفَعُ رَاْسَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ تَتَّهِمُونَ بِهِ مِنْ اَحَدٍ؟ ، قَالُوا: نَعَمْ عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ مَرَّ بِهِ وَهُوَ يَغْتَسِلُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا رَاَيْتُ كَالْيَوْمِ وَلَا جِلْدَ مُخَبَّاَةٍ، فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامِرَ بْنَ رَبِيعَةَ، فَتَغَيَّظَ عَلَيْهِ، وَقَالَ: عَلَامَ يَقْتُلُ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ؟، اَلَا بَرَّكْتَ؟، اغْتَسِلْ لَهُ ، فَغَسَلَ لَهُ عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ، فَرَاحَ سَهْلٌ مَعَ الرَّكْبِ لَيْسَ بِهِ بَاْسٌ

اللہ ﷺ کے ساتھ مقامِ خراز پر تھے اور غسل کر رہے تھے' حضرت عامر نے کہا: اللہ کی قسم! میں نے آج کے دن تک ان جیسی کوئی باپردہ خاتون ہی نہیں دیکھی' حضرت سہل رضی اللہ عنہ بے ہوش ہو کر گر پڑے' حضرت سہل رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ ﷺ کے پاس لایا گیا' عرض کی گئی: یارسول اللہ! آپ سہل بن حنیف کو نہیں دیکھ رہے کہ یہ اپنا سر نہیں اُٹھا رہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: تم کس پر شک کرتے ہو؟ اُنہوں نے عرض کی: عامر بن ربیعہ پر کہ وہ گزر رہے تھے اس حالت میں کہ یہ غسل کر رہے تھے اور اُنہوں نے کہا: اللہ کی قسم! میں نے کوئی باپردہ خاتون بھی آج تک اس جیسی نہیں دیکھی ہے۔ حضور ﷺ نے حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ کو بلوایا' غصہ ہوئے' فرمایا: کس بات پر تم میں سے کوئی اپنے بھائی کو مارنا چاہتا ہے' کیا تم برکت کی دعا نہیں کر سکتے؟ اس کیلئے غسل کرو' حضرت عامر نے غسل کیا' ' حضرت سہل بن حنیف قافلے کے ساتھ چل دیئے' ایسے محسوس ہوتا تھا کہ بیماری ہی نہیں تھے۔

5443 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَخْبَرَنِي اَبُو اُمَامَةَ بْنُ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ الْاَنْصَارِيُّ، اَنَّ عَامِرَ بْنَ رَبِيعَةَ الْعَدَوِيَّ مَرَّ عَلَى سَهْلٍ وَهُوَ يَغْتَسِلُ فِي الْخَرَّارِ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا رَاَيْتُ كَالْيَوْمِ وَلَا جِلْدَ مُخَبَّاَةٍ، فَلُبِطَ سَهْلٌ، فَاُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت ابن شہاب سے مروی ہے' ابوامامہ بن سہل بن حنیف انصاری نے مجھے خبر دی کہ عامر بن ربیعہ عدوی' سہل کے پاس سے گزرے اس حال میں کہ وہ تالاب میں نہا رہے تھے تو انہوں نے کہا: قسم بخدا! میں نے آج کی طرح کسی کو نہیں دیکھا اور نہ ہی کسی پردہ نشیں دوشیزہ کی جلد کو دیکھا (یہ وہ آدمی تھا جس کی نظر لگتی تھی) پس سہل گر گئے۔ پس ان کو رسول

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَلْ لَكَ فِي سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، وَاللّٰهِ مَا يَرْفَعُ رَأْسَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ تَتَّهِمُونَ بِهِ مِنْ أَحَدٍ؟، قَالُوا: نَعَمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَرَّ عَلَيْهِ عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ وَهُوَ يَغْتَسِلُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ قَطُّ وَلَا جِلْدَ مُخَبَّأَةٍ، فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامِرَ بْنَ رَبِيعَةَ، فَتَغَيَّظَ عَلَيْهِ وَقَالَ: عَلَامَ يَقْتُلُ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ؟ إِنْ لَا تُبَرِّكْ اغْسِلْ لَهُ، فَغَسَلَ لَهُ عَامِرٌ، فَرَاحَ سَهْلٌ مَعَ الرَّكْبِ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: الْغُسْلُ الَّذِي أَدْرَكْنَا عُلَمَاءَنَا يَصْنَعُونَ، أَنْ يُؤْتَى بِالرَّجُلِ بِالَّذِي يُعِينُ صَاحِبَهُ بِالْقَدَحِ فِيهِ الْمَاءُ وَيُمْسِكُ لَهُ مَرْفُوعًا مِنَ الْأَرْضِ، فَيُدْخِلَ الَّذِي يُعِينُ يَدَهُ الْيُمْنَى فِي الْمَاءِ، فَيَصُبُّ عَلَى وَجْهِهِ صَبَّةً وَاحِدَةً فِي الْقَدَحِ، ثُمَّ يُدْخِلُ الْيُسْرَى فِي الْمَاءِ، فَيَغْسِلُ يَدَهُ الْيُمْنَى صَبَّةً وَاحِدَةً فِي الْقَدَحِ، ثُمَّ يُدْخِلُ يَدَهُ الْيُمْنَى فَيَغْسِلُ يَدَهُ الْيُسْرَى صَبَّةً وَاحِدَةً إِلَى الْمِرْفَقَيْنِ، ثُمَّ يُدْخِلُ يَدَيْهِ جَمِيعًا فِي الْمَاءِ فَيَغْسِلُ صَدْرَهُ صَبَّةً وَاحِدَةً فِي الْقَدَحِ، ثُمَّ يُدْخِلُ يَدَهُ الْيُسْرَى فَيَغْرِفُ مِنَ الْمَاءِ فَيَصُبُّهُ عَلَى ظَهْرِ كَفِّهِ الْيُمْنَى صَبَّةً وَاحِدَةً فِي الْقَدَحِ، ثُمَّ يُدْخِلُ يَدَهُ الْيُسْرَى فَيَصُبُّ عَلَى مِرْفَقِ يَدِهِ الْيُمْنَى صَبَّةً وَاحِدَةً فِي الْقَدَحِ، وَهُوَ فِي يَدِهِ إِلَى عُنُقِهِ، ثُمَّ يَفْعَلُ مِثْلَ ذَلِكَ فِي مِرْفَقِ يَدِهِ الْيُسْرَى، ثُمَّ يَفْعَلُ مِثْلَ ذَلِكَ فِي

کریم ﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا اور عرض کی گئی: اے اللہ کے رسول! سہل حنیف کو کیا ہوگیا؟ قسم بخدا! وہ سر بھی نہیں اُٹھا سکتے۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: کیا تمہیں کسی پر شک ہے؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں! اے اللہ کے رسول! یہ غسل کر رہے تھے اسی حال میں عامر بن ربیعہ ان کے پاس سے گزرے تو انہوں نے کہا: میں نے آج کی طرح کبھی نہیں دیکھا اور نہ پردہ نشین کنواری لڑکی کی جلد کو دیکھا۔ پس رسول کریم ﷺ عامر بن ربیعہ کو بلا کر ناراض ہوئے اور فرمایا: کس بات پر تم میں سے کوئی ایک اپنے بھائی کو قتل کرنا چاہتا ہے؟ اگر تم برکت کی دعا نہیں کر سکتے اب اس کی خاطر غسل کرو۔ پس عامر نے غسل کیا تو (حضرت سہل کو آرام آ گیا) وہ قافلے کے ساتھ چل پڑے۔ حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں: وہ غسل جو کرتے کراتے ہوئے ہم نے اپنے علماء کو دیکھا ہے وہ یہ کہ اس آدمی کو ایک بڑا پیالہ کے ساتھ لایا جائے جس نے اپنے ساتھی کو نظر لگائی ہے اس میں پانی ہو اس پیالے کو زمین سے اوپر اُٹھا کر اس کے سامنے روک لیا جائے جس نے نظر لگائی ہے وہ اپنا دایاں ہاتھ پانی میں داخل کرے۔ پس ایک ہی بار اس کے چہرے پر یوں انڈیلا جائے کہ پانی واپس پیالے میں آئے پھر اپنا بایاں ہاتھ پانی میں داخل کرے۔ پس اپنا دایاں پیالے میں دھوئے ایک ہی بار انڈیلنے سے پھر اپنا دایاں ہاتھ پانی میں داخل کر کے ایک بار انڈیل کر اپنا بایاں ہاتھ کہنیوں

ظَهْرِ قَدَمِهِ الْيُمْنَى، مِنْ عِنْدِ اُصُولِ الْاَصَابِعِ وَالْيُسْرَى كَذَلِكَ، ثُمَّ يُدْخِلُ يَدَهُ الْيُسْرَى، فَيُصَبُّ عَلَى ظَهْرِ رُكْبَتِهِ الْيُمْنَى، ثُمَّ يَفْعَلُ بِالْيُسْرَى مِثْلَ ذَلِكَ، ثُمَّ يَغْمِسُ دَاخِلَةَ اِزَارِهِ الْيُمْنَى، ثُمَّ يَقُومُ الَّذِي فِي يَدِهِ الْقَدَحُ بِالْقَدَحِ، فَيَصُبُّهُ عَلَى ظَهْرِ رُكْبَتِهِ الْيُمْنَى، ثُمَّ يَقُومُ الَّذِي فِي يَدِهِ الْقَدَحُ بِالْقَدَحِ، فَيَصُبُّهُ عَلَى رَاْسِ الْمَعْيُونِ مِنْ وَرَائِهِ، ثُمَّ يَكْفَأُ الْقَدَحَ عَلَى وَجْهِ الْاَرْضِ مِنْ وَرَائِهِ

تک دھوئے' پھر دونوں ہاتھ اکٹھے پانی میں دھوئے' پھر ایک ہی بار اسی پیالے میں اپنا سینہ دھوئے پھر اپنا بایاں ہاتھ داخل کرلے پھر اس پانی سے ایک چلّو بھرے اور اس کو اپنی ہتھیلی کے ظاہر پر ڈالے' اسی پیالے میں پھر بایاں ہاتھ داخل کر کے اسی پیالے میں اپنی دائیں کہنی پر انڈیلے' اس حال میں کہ وہ اس کے ہاتھ میں ہو' اپنی گردن تک (دھو ڈالے)۔ پھر اسی کی مثل اپنی بائیں کہنی کے ساتھ کرے۔ پھر اسی کی مثل کر' انگلیوں کی جڑوں کے پاس سے لے کر اپنے دائیں پاؤں کے ظاہر سے کرے اور بائیں پاؤں سے اسی طرح کرے' پھر وہ اپنا بایاں ہاتھ داخل کر کے اپنے دائیں گھٹنے کے ظاہر پر ڈالے پھر بائیں سے اسی طرح کرے' پھر اپنی ازار کے اندر داخل کرے' پھر جس کے ہاتھ میں پیالہ ہو وہ پیالہ کو اُٹھائے۔ پس اس کو اپنے دائیں گھٹنے کے ظاہر پر انڈیلے' پھر وہ آدمی جس کے ہاتھ میں پیالہ ہے' وہ پیالے کو اُٹھائے جس کو نظر لگی ہے' اس کے سر کے پیچھے سے اس پر انڈیل دے پھر اس کے پیچھے سے' سطح زمین پر اس پیالے کو اوندھا کر دیا جائے۔

5444 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ قَالَا: ثنا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ، ثنا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ اَنَّ عَامِرَ بْنَ رَبِيعَةَ مَرَّ بِهِ وَهُوَ يَغْتَسِلُ، فَقَالَ: مَا رَاَيْتُ وَلَا

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ عامر بن ربیعہ ان کے پاس سے گزرے جبکہ وہ غسل کر رہے تھے' انہوں نے کہا: میں نے کوئی پردہ نشین کنوری لڑکی بھی اس طرح نہیں دیکھی' پس وہ گر گئے حتیٰ کہ سخت درد کی وجہ سے صحیح طریقے سے نماز بھی نہ پڑھ سکے۔ پس نبی کریم ﷺ کو

جِلْدَ مُخَبَّاَةٍ فَلُبِطَ بِهِ، حَتَّى مَا يُصَلِّي مِنْ شِدَّةِ الْوَجَعِ، فَأُخْبِرَ بِذَلِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَعَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَغَيَّظَ عَلَيْهِ، وَقَالَ: قَتَلْتَهُ، عَلَامَ يَقْتُلُ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ؟ اَلا بَرَّكْتَ، فَاَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذَنُوبٍ مِنْ مَاءٍ، فَقَالَ: اغْسِلُوهُ، فَاغْتَسَلَ، فَخَرَجَ مَعَ الرَّكْبِ

اس کی خبر دی گئی تو نبی کریم ﷺ نے ان کو بلایا' ان پر ناراض ہوئے اور فرمایا: تو نے اسے قتل کر دیا' کس بات پر تم میں سے کوئی ایک اپنے بھائی کو قتل کرتا ہے؟ تُو نے برکت کی دعا کیوں نہیں کی؟ پس نبی کریم ﷺ نے بڑے ڈول میں پانی منگوا کر فرمایا: تم (دونوں) غسل کرو' پس اُنہوں نے غسل کیا تو وہ قافلے کے ساتھ چل نکلے۔

5445 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَبُلِّيُّ، ثنا سَلَامَةُ بْنُ رَوْحٍ، عَنْ عَقِيلٍ، اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ شِهَابٍ اَنَّ اَبَا اُمَامَةَ بْنَ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ الْاَنْصَارِيَّ، اَخْبَرَهُ، اَنَّ عَامِرَ بْنَ رَبِيعَةَ اَخْبَرَهُ، اَنَّهُ مَرَّ عَلَى سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ وَهُوَ يَغْتَسِلُ فِي الْخَرَّارِ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا رَاَيْتُ كَالْيَوْمِ قَطُّ، وَلَا جِلْدَ مُخَبَّاَةٍ، فَلُبِطَ بِهِ سَهْلٌ، فَاُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَلْ لَكَ فِي سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، فَوَاللّٰهِ مَا يَرْفَعُ رَاْسَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ تَتَّهِمُونَ بِهِ مِنْ اَحَدٍ؟، قَالُوا: نَعَمْ، مَرَّ عَلَيْهِ عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ، وَهُوَ يَغْتَسِلُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا رَاَيْتُ كَالْيَوْمِ قَطُّ وَلَا جِلْدَ مُخَبَّاَةٍ، فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامِرًا، فَتَغَيَّظَ عَلَيْهِ، وَقَالَ لَهُ: عَلَامَ يَقْتُلُ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ؟ وَلَا يُبَرِّكُ غُسْلُ لَهُ، فَغَسَلَ عَامِرٌ فَرَاحَ سَهْلٌ مَعَ الرَّكْبِ

حضرت عقیل سے روایت ہے کہ حضرت محمد بن مسلم بن شہاب نے مجھے خبر دی کہ حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف انصاری نے ان کو خبر دی کہ عامر بن ربیعہ نے ان کو بتایا کہ وہ حضرت سہل بن حنیف کے پاس سے گزرے جبکہ وہ تالاب میں غسل کر رہے تھے تو اُنہوں نے کہا: قسم بخدا! آج کی طرح میں نے کبھی کوئی کنواری پردہ نشین بھی نہیں دیکھی۔ پس اس سے حضرت سہل گر گئے' پس انہیں رسول کریم ﷺ کی خدمت میں لایا گیا' عرض کی گئی: اے اللہ کے رسول! سہل بن حنیف کو کیا ہو گیا۔ پس قسم بخدا! وہ اپنا سر بھی نہیں اُٹھا سکتے ہیں۔ تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تم لوگوں کو کسی پر شک ہے؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں! حضرت عامر بن ربیعہ ان کے پاس سے گزرے ہیں جبکہ وہ غسل کر رہے تھے تو اُنہوں نے کہا: خدا کی قسم! (ہائے) میں نے آج تک کبھی کوئی پردہ نشین کنواری دوشیزہ بھی اس طرح نہیں دیکھی۔ پس رسول کریم ﷺ عامر بن ربیعہ کو بلا کر ان پر ناراض ہوئے اور ان سے فرمایا: کس

بات پرتم میں سے کوئی ایک اپنے بھائی کو قتل کرتا ہے اور اس کے لیے برکت کی دعا نہیں کرتا؟ اس کی خاطر غسل کرو۔ پس عامر نے غسل کیا تو حضرت سہل تندرست ہو کر قافلے کے ساتھ چل پڑے۔

5446 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ اَنَّهُ: سَمِعَ اَبَاهُ يَقُولُ: اغْتَسَلَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ بِالْخَرَّارِ، فَنَزَعَ جُبَّةً كَانَتْ عَلَيْهِ، وَعَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ يَنْظُرُ، قَالَ: وَكَانَ رَجُلًا اَبْيَضَ حَسَنَ الْجِلْدِ، فَقَالَ لَهُ عَامِرٌ: مَا رَاَيْتُ كَالْيَوْمِ، وَلَا جِلْدَ عَذْرَاءَ، فَوُعِكَ سَهْلٌ مَكَانَهُ، وَاشْتَدَّ وَعْكُهُ، فَأُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاُخْبِرَ اَنَّ سَهْلًا قَدْ وُعِكَ، وَاَنَّهُ غَيْرُ رَائِحٍ مَعَكَ، فَاَتَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخْبَرَهُ سَهْلٌ الَّذِي كَانَ مِنْ شَاْنِ عَامِرٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَامَ يَقْتُلُ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ؟ اَلَا بَرَّكْتَ، اِنَّ الْعَيْنَ حَقٌّ تَوَضَّاْ لَهُ، فَتَوَضَّاَ لَهُ عَامِرٌ، فَرَاحَ سَهْلٌ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ بِهِ بَاْسٌ

ابو امامة بن سهل بن حنيف عن ابيه

حضرت محمد بن ابوامامہ بن سہل بن حنیف سے روایت ہے کہ انہوں نے اپنے والد سے سنا' وہ فرما رہے تھے کہ حضرت سہل بن حنیف تالاب یا چشمے پر نہائے' پس اُنہوں نے وہ جبہ اُتارا جو ان پر تھا جبکہ عامر بن ربیعہ دیکھ رہے تھے' اُنہوں نے کہا جبکہ آپ سب سے زیادہ سفید اور سب سے زیادہ حسین جلد والے تھے تو حضرت عامر نے ان کے لیے کہا: آج کی طرح میں نے کوئی کنواری عورت بھی نہیں دیکھی۔ پس حضرت سہل اسی جگہ گر گئے اور ان کی تکلیف زیادہ ہو گئی۔ پس ان کی خبر رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں لائی گئی' پس آپ ﷺ سے عرض کی گئی کہ سہل کو تکلیف ہو گئی ہے' وہ آپ کے ساتھ جانے کے قابل نہیں رہے۔ پس رسول کریم ﷺ ان کے پاس تشریف لائے' پس حضرت سہل نے حضرت عامر والے کام کی آپ ﷺ کو خبر دی تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: کس بات پر تم میں سے کوئی اپنے بھائی کو قتل کرتا ہے؟ کیا تو نے برکت کی دعا نہ کی؟ بے شک نظر لگنا حق ہے' اس کی خاطر وضو کرو۔ پس عامر نے ان کے لیے وضو کیا تو حضرت سہل' رسول کریم ﷺ کے ساتھ چل پڑے کہ ان کو کوئی تکلیف تھی ہی نہیں۔

5447 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ وَجُبَارَةُ بْنُ مُغَلِّسٍ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْغَسِيلِ، حَدَّثَنِي مَسْلَمَةُ بْنُ خَالِدٍ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ كَانَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ غَزَوَاتِهِ، فَمَرَّ بِغَدِيرٍ، فَاغْتَسَلَ فِيهِ، وَكَانَ رَجُلًا حَسَنَ الْجِسْمِ، فَمَرَّ بِهِ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ: مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ وَلَا جِلْدَ مُخَبَّأَةٍ، - تَعَجُّبًا مِنْ خَلْقِهِ - فَلُبِطَ بِهِ، وَحُمِلَ مَحْمُولًا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَأَلَهُ، فَأَخْبَرَهُ بِمَا قَالَ الْأَنْصَارِيُّ فَقَالَ: مَرَّ بِي فُلَانٌ، فَقَالَ: كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يَمْنَعُ أَحَدُكُمْ إِذَا رَأَى مِنْ أَخِيهِ مَا يُعْجِبُهُ مِنْ نَفْسِهِ أَوْ فِي مَالِهِ أَنْ يُبَرِّكَ عَلَيْهِ، فَإِنَّ الْعَيْنَ حَقٌّ

حضرت ابوامامہ اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ وہ کسی غزوہ میں رسول کریم ﷺ کے ساتھ تھے' پس وہ ایک تالاب کے پاس سے گزرے تو اُنہوں نے اس میں غسل کیا جبکہ آپ خوبصورت جسم والے تھے' پس ان کے پاس سے ایک انصاری آدمی گزرے' اُنہوں نے کہا: آج کی طرح میں نے کوئی پردہ نشین کنواری دوشیزہ کو بھی نہیں دیکھا' ان کی تخلیق پر تعجب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ پس اسی سے آپ گر پڑے' انہیں اُٹھا کر حضور ﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا' آپ ﷺ نے ان سے پوچھا تو اُنہوں نے اس بات کی خبر دی جو انصاری نے کہی تھی' پس اُنہوں نے عرض کی: فلاں آدمی میرے پاس سے گزرا تو اس نے اس اس طرح کی بات کی۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کسی ایک کو کیا رکاوٹ ہے کہ جب وہ اپنے بھائی کی کوئی شی یا مال دیکھے اور اس پر اسے تعجب ہو تو وہ اس کیلئے برکت کی دعا کرے (یا ماشاء اللہ کہے) کیونکہ نظر لگنا برحق ہے۔

5448 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي حَبِيبَةَ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: دَخَلْتُ الْخَرَّارَ، أَغْتَسِلُ، فَقَالَ عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ: مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ خَلْقًا وَلَوْنًا كَأَنَّهُ خَلْقُ مُخَبَّأَةٍ، فَلُبِطَ بِي، فَحُمِيتُ، فَذَكَرَ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ

حضرت سہل بن حنیف فرماتے ہیں: میں تالاب میں داخل ہوا تاکہ میں غسل کروں تو حضرت عامر بن ربیعہ نے کہا: میں نے آج کی طرح مخلوق اور رنگ کبھی نہیں دیکھا گویا پردہ نشین کنواری دوشیزہ ہے' پس مجھے تیز نظر سے دیکھا گیا تو مجھے بخار ہو گیا۔ پس نبی کریم ﷺ کے سامنے اس کا ذکر ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی ایک کس بات پر اپنے بھائی کو

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: عَلَامَ يَقْتُلُ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ، اِذَا اَعْجَبَهُ مِنْ اَخِيهِ شَيْءٌ، فَلْيَدْعُ بِالْبَرَكَةِ، وَاَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَغْسِلَ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ وَطَرَفَ اِزَارِهِ وَرُكْبَتَيْهِ، ثُمَّ شَرِبَ مِنْهُ وَصَبَّ عَلَيْهِ، فَرَاحَ مَعَ النَّاسِ

قتل کرتا ہے' جب اسے اپنے بھائی کی کوئی شی تعجب میں ڈالے تو وہ برکت کی دعا کرے اور نبی کریم ﷺ نے اس کو اپنا چہرہ' دونوں ہاتھ' ازار بند کے اندر کی ایک طرف اور اپنے گھٹنے دھونے کا حکم دیا' پھر وہ اس سے کچھ پئے اور پھر اس پر (نظر لگے آدمی پر) انڈیل دیا جائے' (یہ کام کرنے سے) وہ اُٹھ کر لوگوں کے ساتھ چل پڑے۔

ابو امامة بن سهل بن حنيف عن ابيه

5449 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ الْحَجَّاجِ الزُّبَيْدِيُّ، ثنا اَبُو حُمَةَ مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ، ثنا اَبُو قُرَّةَ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى اَسْعَدَ بْنِ زُرَارَةَ يَعُودُهُ مِنْ وَجَعٍ اَصَابَهُ مِنَ الشَّوْكَةِ، وَكَوَاهُ عَلَى عَاتِقِهِ، فَمَاتَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَرُّ مَيِّتٍ لِيَهُودَ، يَقُولُونَ: قَدْ دَاوَاهُ صَاحِبُهُ، فَلَمْ يَنْفَعْهُ

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ حضرت سعد بن زرارہ کے پاس تشریف لائے تاکہ ان کی عیادت کریں' اس درد کے سبب جو کانٹا چبھنے کے سبب ان کو تھا اور ان کے کندھے پر داغا گیا تو فوت ہو گئے۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: یہودیوں کے لیے بُری میت وہ ہے جس کے لیے وہ کہتے: اس کے ساتھی نے ان کو دوا دی لیکن دوا نے اس کو کوئی فائدہ نہ دیا۔

5450 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى اَسْعَدَ بْنِ زُرَارَةَ وَبِهِ وَجَعٌ يُقَالُ لَهُ: الشَّوْكَةُ،

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ حضرت سعد بن زرارہ کے پاس ان کی عیادت کرنے کیلئے تشریف لائے' اس درد کی وجہ سے جو کانٹا چبھنے کے سبب ان کو ہوا تھا' پس اس کے کندھے پر داغا گیا تو وہ فوت ہو گئے تو نبی کریم ﷺ

5449- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5صفحه98 وقال: رواه الطبراني وفيه زمعة بن صالح وقد ضعفه الجمهور ووثقه ابن معين في رواية وضعفه في غيرها .

فَكَوَاهُ عَلَى عَاتِقِهِ، فَمَاتَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِئْسَ الْمَيِّتُ لِلْيَهُودِ، يَقُولُونَ: قَدْ دَاوَاهُ صَاحِبُهُ أَفَلَا نَفَعَهُ

نے فرمایا: یہودیوں کیلئے بُرا میت وہ ہے جو کو اس کے دوست نے دوائی دی لیکن دوائی نے اس کو نفع نہ دیا۔

5451 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا عَمْرُو بْنُ الْعَبَّاسِ الْأَرْزَنِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ صَدَقَةَ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حُجْرَتِهِ، إِذْ طَلَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ خَصَائِصِ الْبَيْتِ، فَنَظَرَ وَمَعَهُ مِدْرًى، فَقَالَ: لَوْ أَعْلَمُ أَنَّكَ تَنْتَظِرُنِي لَقُمْتُ حَتَّى أُدْخِلَ هَذَا فِي عَيْنَيْكَ، فَإِنَّمَا الْإِذْنُ لِيَكُفَّ الْبَصَرَ

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں روایت فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے کسی حجرے میں تشریف فرما تھے جبکہ آپ نے مکان کی درزوں میں سے جھانکا' پس آپ نے دیکھا اس حال میں کہ آپ کے ہاتھ میں گارا مٹی تھی۔ پس آپ نے فرمایا: اگر مجھے معلوم ہوتا کہ تُو مجھے دیکھ رہا ہے تو میں یہ تیری آنکھوں میں ڈال دیتا' یہ جو اجازت لینے کا حکم دیا گیا ہے' اسی لیے ہے کہ آنکھ کو روکا جائے۔

5452 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَا: ثنا أَبُو سُفْيَانَ الْحِمْيَرِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ الْحُسَيْنِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُ فُقَرَاءَ أَهْلِ الْمَدِينَةِ، وَيَشْهَدُ جَنَائِزَهُمْ إِذَا مَاتُوا، فَتُوُفِّيَتِ امْرَأَةٌ مِنْ أَهْلِ الْعَوَالِي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا حَضَرَتْ فَآذِنُونِي فَأَتَوْهُ لِيُؤْذِنُوهُ، فَوَجَدُوهُ نَائِمًا، وَقَدْ

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ کے فقراء کی عیادت فرماتے اور ان کے جنازوں میں شریک ہوتے تھے جب وہ فوت ہو جاتے' اہل عوالی کی ایک عورت فوت ہو گئی تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب جنازہ تیار ہو تو مجھے آگاہ کرنا' پس وہ آگاہ کرنے کی خاطر حاضر ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آرام فرما رہے تھے جبکہ رات کا ایک حصہ گزر چکا تھا۔ پس انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جگانا پسند نہ کیا اور انہوں نے کہا: رات کی تاریکی ہے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تکلیف ہوگی' رات کو زمین پر کیڑے وغیرہ بھی زیادہ

5452- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 36 وقال: رواه الطبراني في الأوسط وفيه سفيان بن حسين وفيه كلام وقد وثقه جماعة وبقية رجاله رجال الصحيح .

ذَهَبَ مِنَ اللَّيْلِ، فَكَرِهُوا اَنْ يُوقِظُوهُ، وتَخَوَّفُوا عَلَيْهِ ظُلْمَةَ اللَّيْلِ، وهَوَامَّ الْاَرْضِ، فَذَهَبُوا بِهَا، فَلَمَّا اَصْبَحَ سَاَلَ عَنْهَا، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَتَيْنَاكَ لِنُؤْذِنَكَ، فَوَجَدْنَاكَ نَائِمًا، فَكَرِهْنَا اَنْ نُوقِظَكَ، وتَخَوَّفْنَا عَلَيْكَ ظُلْمَةَ اللَّيْلِ وهَوَامَّ الْاَرْضِ، فَذَهَبُوا، فَمَشَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى قَبْرِهَا، فَصَلَّى عَلَيْهَا وَكَبَّرَ اَرْبَعًا وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ عُثْمَانَ

ہوتے ہیں (روشنی کا انتظام بھی نہیں ہے) پس وہ جنازہ لے کر خود ہی چلے گئے' پس جب صبح ہوئی تو آپ ﷺ نے اس کے بارے میں سوال کیا' صحابہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہم آپ کو آگاہ کرنے آئے لیکن آپ آرام فرما رہے تھے' پس ہم نے آپ کو جگانا مناسب نہ سمجھا' ہمیں آپ پر رات کی تاریکی اور زمین کے کیڑوں کا خوف ہوا' پس وہ چلے گئے۔ سو رسول کریم ﷺ اس کی قبر تک چل کر گئے اور اس پر نماز ادا فرمائی اور چار تکبیریں کہیں۔ یہ الفاظ حضرت عثمان کی حدیث کے ہیں۔

5453 - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ، ثنا جَدِّي اَحْمَدُ بْنُ اَبِي شُعَيْبٍ، ثنا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: مَرِضَ فِينَا رَجُلٌ، حَتَّى صَارَ جِلْدًا عَلَى عَظْمٍ، فَدَخَلَتْ عَلَيْهِ جَارِيَةٌ تَعُودُهُ، فَوَقَعَ عَلَيْهَا، فَقَالَ لِلْقَوْمِ الَّذِي يَعُودُونَهُ: سِيرُوا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِنِّي وَقَعْتُ عَلَى امْرَاَةٍ حَرَامًا لِيُقِمْ عَلَيَّ الْحَدَّ لِيُطَهِّرَنِي، فَذَكَرُوا ذَلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالُوا: وَاللّٰهِ لَوْ حُمِلَ اِلَيْكَ لَتَفَسَّخَتْ عِظَامُهُ، وَلَوْ ضُرِبَ لَمَاتَ، فَقَالَ: خُذُوا لَهُ مِائَةَ شِمْرَاخِ اِثْكُولٍ، فَاضْرِبُوهُ ضَرْبَةً وَاحِدَةً

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہمارے اندر ایک آدمی بیمار ہوگیا یہاں تک کہ اس کی ہڈیوں پر صرف چمڑہ ہی باقی رہ گیا (گوشت گل گیا) اتفاق سے ایک لونڈی اس کی بیمار پرسی کرنے کو آئی تو اس نے اس سے زنا کرلیا۔ اس کے بعد (اس پر خوف یوں طاری ہوا کہ) اس نے اپنی قوم والوں سے کہا: مجھے رسول کریم ﷺ کے پاس لے جاؤ کیونکہ میں نے ایک عورت سے زنا کرلیا ہے تاکہ آپ ﷺ مجھ پر حد قائم فرما کر مجھے پاک کردیں۔ پس اس بات کا ذکر رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں کیا گیا' پھر لوگوں نے عرض کی: قسم بخدا! اگر اس کو اُٹھا کر آپ کے پاس لاتے ہیں تو اس کی ہڈیاں بکھر جائیں گی اور اگر اسے کوڑے مارتے ہیں تو وہ مرجائے گا۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اس کیلئے سو شاخوں والی چھڑی لو اور اسے

ایک ہی ضرب مارو۔

5454 - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَهْدِيِّ الْاَخْمِيمِيُّ الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنِي عَمِّي مُحَمَّدُ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا عَنْبَسَةُ، ثنا يُونُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: تَزَوَّجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ خَدِيجَةَ بِنْتَ خُوَيْلِدٍ، وَكَانَتْ قَبْلَهُ تَحْتَ عَتِيقِ بْنِ عَائِذٍ الْمَخْزُومِيِّ، ثُمَّ تَزَوَّجَ بِمَكَّةَ عَائِشَةَ لَمْ يَتَزَوَّجْ بِكْرًا غَيْرَهَا، ثُمَّ تَزَوَّجَ بِالْمَدِينَةِ حَفْصَةَ بِنْتَ عُمَرَ، وَكَانَتْ قَبْلَهُ تَحْتَ خُنَيْسِ بْنِ حُذَافَةَ السَّهْمِيِّ، ثُمَّ تَزَوَّجَ سَوْدَةَ بِنْتَ زَمْعَةَ، وَكَانَتْ قَبْلَهُ تَحْتَ السَّكْنِ بْنِ عَمْرٍو اَخِي بَنِي عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ، ثُمَّ تَزَوَّجَ اُمَّ حَبِيبَةَ بِنْتَ اَبِي سُفْيَانَ، وَكَانَتْ قَبْلَهُ تَحْتَ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ جَحْشٍ الْاَسَدِيِّ اَسَدِ خُزَيْمَةَ، ثُمَّ تَزَوَّجَ اُمَّ سَلَمَةَ بِنْتَ اَبِي اُمَيَّةَ، وَكَانَ اسْمُهَا هِنْدٌ، وَكَانَتْ قَبْلَهُ تَحْتَ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الْاَسَدِ بْنِ عَبْدِ الْعُزَّى، ثُمَّ تَزَوَّجَ زَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ، وَكَانَتْ قَبْلَهُ تَحْتَ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ، ثُمَّ تَزَوَّجَ مَيْمُونَةَ بِنْتَ الْحَارِثِ، وَسَبَى جُوَيْرِيَةَ بِنْتَ الْحَارِثِ بْنِ اَبِي ضِرَارٍ، مِنْ بَنِي الْمُصْطَلِقِ، مِنْ خُزَاعَةَ، فِي غَزْوَتِهِ الَّتِي هَدَمَ فِيهَا مَنَاةَ غَزْوَةِ الْمُرَيْسِيعِ، وَسَبَى صَفِيَّةَ بِنْتَ حُيَيِّ بْنِ اَخْطَبَ مِنَ

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکہ میں حضرت خدیجہ بنت خویلد سے نکاح کیا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پہلے وہ عتیق بن عائذ مخزومی کی بیوی تھیں (وہ فوت ہوا) پھر مکہ میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کیا جبکہ آپ کنواری تھیں' آپ کے علاوہ کسی کنواری سے نکاح نہ کیا' پھر مدینہ میں حضرت حفصہ بنت عمر سے نکاح کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پہلے وہ خنیس بن حذافہ سہمی کے نکاح میں تھیں' پھر حضرت سودہ بنت زمعہ سے نکاح فرمایا جبکہ وہ پہلے بنو عامر بن لوی کے بھائی سکن بن عمر کے نکاح میں تھیں' پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت اُم حبیبہ بنت ابوسفیان سے نکاح کیا جبکہ وہ پہلے عبیداللہ بن جحش اسدی اسد خزیمہ کے نکاح میں تھیں' پھر حضرت اُم سلمہ بنت ابوامیہ سے نکاح کیا جن کا اصل نام ہند تھا جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پہلے وہ ابوسلمہ بن عبدالاسد بن عبدالعزیٰ کے نکاح میں تھیں' پھر حضرت زینب بنت جحش سے نکاح فرمایا جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پہلے وہ زید بن حارثہ کے نکاح میں تھیں' پھر حضرت میمونہ بنت حارث سے شادی کی' پھر غزوۂ بنی مصطلق میں خزاعہ برادری کے بنومصطلق قبیلے حضرت جویریہ بنت حارث بن ابوضرار قید ہوکر آئیں وہ غزوہ جس میں مریسیع کے

5454- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 252 وقال: رواه الطبراني عن شيخه القاسم بن عبد الله الأخميمي وهو ضعيف وقد وثق وبقية رجاله ثقات وقد رواه مرة باختصار موقوفا على يحيى بن أبي كثير ورجاله ثقات .

بَنِي النَّضِيرِ، وَكَانَتَا مِمَّا اَفَاءَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، فَقَسَمَ لَهُمَا، وَاسْتَسَرَ رَيْحَانَةَ مِنْ بَنِي قُرَيْظَةَ، ثُمَّ اَعْتَقَهَا، فَلَحِقَتْ بِاَهْلِهَا، وَاحْتَجَبَتْ وَهِيَ عِنْدَ اَهْلِهَا، وَطَلَّقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَالِيَةَ بِنْتَ ظَبْيَانَ، وَفَارَقَ اُخْتَ بَنِي عَمْرِو بْنِ كِلَابٍ، وَفَارَقَ اُخْتَ بَنِي الْجَوْنِ الْكِنْدِيَّةَ، مِنْ اَجْلِ بَيَاضٍ كَانَ بِهَا، وَتُوُفِّيَتْ زَيْنَبُ بِنْتُ خُزَيْمَةَ الْهِلَالِيَّةُ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيٌّ، وَبَلَغَنَا اَنَّ الْعَالِيَةَ بِنْتَ ظَبْيَانَ تَزَوَّجَتْ قَبْلَ اَنْ يُحَرِّمَ اللّٰهُ نِسَاءَهُ، فَنَكَحَتِ ابْنَ عَمٍّ لَهَا مِنْ قَوْمِهَا، وَوَلَدَتْ فِيهِمْ

غزوہ کا بت گرا تھا اور صفیہ بنت حیی بن اخطب قید ہوئیں جن کا تعلق قبیلہ بنونضیر سے تھا اور یہ دونوں مال فئی سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آئیں' پس آپ نے ان دونوں کے لیے باری تقسیم کی۔ بنوقریظہ سے ریحانہ قیدی بنیں پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو آزاد کر دیا' پس وہ اپنے گھر والوں کی طرف چلی گئیں اور پردے میں ہو گئیں جبکہ وہ اپنے اہل کے پاس تھیں اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عالیہ بنت ظبیان کو طلاق دے دی اور بنوعمرو بن کلاب کی بہن کو جدا کر دیا۔ بنوجون کندیہ کی بہن کو بھی جدا فرما دیا' اس کے جسم پر سفید رنگ کے دانوں کی صورت میں بیماری کی وجہ سے جبکہ زینب بنت خزیمہ ہلالیہ کا وصال ہو گیا۔ ابھی رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ظاہری حیات کے ساتھ زندہ تھے' ہمیں یہ پتہ چلا کہ عالیہ بنت ظبیان کے ساتھ نکاح کر لیا' اس سے پہلے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کسی بیوی کو حرام فرمایا ہو۔ اُنہوں نے اپنی برادری میں اپنے چچا کے بیٹے سے نکاح کیا اور ان سے ان کی اولاد بھی ہوئی۔

5455 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَزَّارُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْاَزْدِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ سَاَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرَّجُلِ

حضرت سہل بن حنیف سے ہے کہ انہوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس آدمی کے بارے میں پوچھا جو اپنی بیوی کے قریب جاتا ہے تو اسے صرف مذی آتی (پانی)۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پس وہ اپنے عضو خاص کو دھو کر وضو کر لے' عرض کی گئی: اے اللہ کے رسول! اس میں سے جو کپڑے کو لگ جائے اس کا کیا حکم ہے؟

5455- اخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد1صفحه247' رقم الحديث: 303 .

يَدْنُو مِنْ اَهْلِهِ فَيُمْذِى، قَالَ: يَغْسِلُ ذَكَرَهُ وَيَتَوَضَّأُ، قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا اَصَابَ الثَّوْبَ مِنْهُ؟ قَالَ: يَتَحَرَّى مَكَانَهُ فَيَغْسِلُهُ

فرمایا: اس خاص جگہ کو تلاش کر کے جہاں وہ مواد لگا ہے بس اسے ہی دھولے۔

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ عَنْ اَبِيهِ

حضرت عبداللہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

5456 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ الرَّقِّيُّ، ثنا اَبُو حُذَيْفَةَ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا يَحْيَى بْنُ اَبِي بُكَيْرٍ، قَالَا: ثنا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، اَنَّ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ، حَدَّثَهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَعَانَ مُجَاهِدًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، اَوْ غَارِمًا فِي عُسْرَتِهِ، اَوْ مُكَاتِبًا فِي رَقَبَتِهِ، اَظَلَّهُ اللّٰهُ فِي ظِلِّهِ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلَّهُ

حضرت عبداللہ بن سہل بن حنیف سے روایت ہے کہ حضرت سہل بن حنیف نے ان کو حدیث سنائی کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے مجاہد فی سبیل اللہ یا اپنی تنگ دستی کی حالت میں چٹی بھرنے والے یا اپنی گردن چھڑانے میں مالِ کتابت ادا کرنے والے کی مدد کی تو اللہ تعالیٰ اسے اس دن اپنے عرش کا سایہ عطا فرمائے گا جس دن اس کے عرش کے سایہ کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔

5457 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْخُزَاعِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَسْكَرِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ قَالَا: ثنا عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت سہل بن حنیف' نبی کریم ﷺ کے بارے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کی مدد کی' قرض دار کی اس کی تنگ دستی میں مدد کی اور مکاتب کی گردن چھڑانے میں اس کی مدد کی تو اللہ تعالیٰ اسے اپنے عرش کا سایہ عطا فرمائے گا' اس دن جس دن اس

5456- البیهقی فی سننه الکبری جلد10صفحه320' رقم الحدیث: 21410 .

وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَعَانَ مُجَاهِدًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، اَوْ غَارِمًا فِي عُسْرَتِهِ، اَوْ مُكَاتَبًا فِي رَقَبَتِهِ، اَظَلَّهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي ظِلِّهِ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلَّهُ

کے سایہ کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔

اَبُو بَكْرِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْاَنْصَارِيُّ عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ

حضرت ابوبکر بن عبدالرحمٰن انصاری' حضرت سہل بن حنیف سے روایت کرتے ہیں

5458 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا اَبُو مَعْشَرٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ: قَالَ اَهْلُ الْعَالِيَةِ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَا بُدَّ لَنَا مِنْ مَجَالِسَ، قَالَ: فَاَدُّوا حَقَّ الْمَجَالِسِ، قَالُوا: وَمَا حَقُّ الْمَجَالِسِ؟، قَالَ: ذِكْرُ اللّٰهِ كَثِيرًا، وَاَرْشِدُوا السَّبِيلَ، وَغُضُّوا الْاَبْصَارَ

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اہل عالیہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہم (راستوں میں) بیٹھنے پر مجبور ہیں' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پھر مجالس کا حق ادا کرو۔ عرض کی: مجالس کا حق کیا ہے؟ فرمایا: کثرت سے اللہ کا ذکر کرنا' راستہ بھولے کو راستہ بتانا اور اپنی آنکھوں کو جھکا کر رکھنا۔

عُبَيْدُ بْنُ السَّبَّاقِ عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ

عبید بن السباق' حضرت سہل بن حنیف سے روایت کرتے ہیں

5459 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ اَنَّهُ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مذی کے بارے میں سوال کیا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کی طرف سے آپ لوگوں کو وضو ہی کافی ہے' عرض کی: جو چیز کپڑوں پر لگ جائے

5458- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 62 وقال: رواه الطبراني وفيه أبو بكر بن عبد الرحمن الأنصاري تابعي لم أعرفه وبقية رجاله وثقوا .

5459- أورده عبد بن حميد في مسنده جلد 1 صفحه 171' رقم الحديث: 468 .

وَسَلَّمَ عَنِ الْمَذْيِ، فَقَالَ: يَكْفِيكَ مِنْهُ الْوُضُوءُ قَالَ: فَكَيْفَ اَصْنَعُ بِمَا اَصَابَ ثَوْبِي؟ قَالَ: تَاْخُذُ كَفًّا مِنْ مَاءٍ، فَتَنْضَحُ مِنْ ثَوْبِكَ حَيْثُ تَرَى اَنَّهُ اَصَابَهُ

اس کا کیا کریں؟ فرمایا: چُلّو پانی لے کر کپڑے پر چھڑک دو جہاں تم دیکھتے ہو کہ وہ لگی ہے۔

5460 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ وَيَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ عُبَيْدِ السَّبَّاقِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ: كُنْتُ اَلْقَى مِنَ الْمَذْيِ شِدَّةً، وَكُنْتُ كَثِيرًا اَغْتَسِلُ مِنْهُ، فَسَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّمَا يَكْفِيكَ مِنْ ذَلِكَ الْوُضُوءُ، زَادَ يَزِيدُ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَيْفَ بِمَا يُصِيبُ ثَوْبِي مِنْهُ، فَقَالَ: اِنَّمَا يَكْفِيكَ كَفٌّ مِنْ مَاءٍ، تَنْضَحُ بِهِ ثَوْبَكَ، حَيْثُ تَرَاهُ اَصَابَ،

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے مذی کثرت سے آتی تھی اور میں کثرت سے غسل کرتا تھا صرف اس کی وجہ سے۔ پس میں نے رسول کریم ﷺ سے سوال کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس کی وجہ سے تجھے وضو کر لینا ہی کافی ہے زیادہ سے زیادہ۔ میں نے عرض کی: جو میرے کپڑے پر چیز لگ جائے تو میں اس کا کیا کروں؟ فرمایا: پانی کا ایک چُلّو تجھے کافی ہے اس کے ساتھ اس کے کپڑوں پر چھڑک دے جہاں تُو دیکھے کہ وہ چیز لگی ہے۔

حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت سہل بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ نبی کریم ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

عُثْمَانُ بْنُ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلٍ عَنْ جَدِّهِ

حضرت عثمان بن ابی امامہ بن سہل اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں

5461 - حَدَّثَنَا اَبُو يَعْلَى اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ سے روایت

5461- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد2صفحه173 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه يزيد بن عياض وهو كذاب .

بْنِ الْمُثَنَّى الْمَوْصِلِيُّ، ثنا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي اُمَامَةَ، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مِنْ حَقِّ الْجُمُعَةِ السِّوَاكُ، وَالْغُسْلُ، وَمَنْ وَجَدَ طِيبًا فَلْيَمَسَّ مِنْهُ

ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جمعہ کے حقوق یہ ہیں: (۱) مسواک کرنا (۲) غسل کرنا (۳) جس کو خوشبو میسر آئے تو وہ لگالے۔

رِفَاعَةُ بْنُ سَهْلٍ الْجُهَنِيُّ عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ

حضرت رفاعہ بن سہل جہنی' حضرت سہل بن حنیف سے روایت کرتے ہیں

5462 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدٍ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُطَرِّفٍ اَبِي غَسَّانَ الْمَدِينِيِّ، عَنْ اَبِي الْحُوَيْرِثِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ رِفَاعَةَ بْنِ سَهْلٍ الْجُهَنِيِّ اَنَّهُ: سَمِعَ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ خَارِجٌ مِنْ بَعْضِ بُيُوتِهِ يَجُرُّ رِدَاءَهُ وَهُوَ يَقُولُ: سَيَبْلُغُ النَّاسُ سَلْعًا، ثُمَّ يَاْتِي عَلَى الْمَدِينَةِ زَمَانٌ يَمُرُّ السَّفَرُ عَلَى بَعْضِ اَقْطَارِهَا فَيَقُولُ: قَدْ كَانَتْ هَذِهِ مَرَّةً عَامِرَةً مِنْ طُولِ الزَّمَانِ وعَفُوِ الْاَثَرِ

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا اس حال میں کہ آپ ایک حجرے سے باہر تشریف لا رہے تھے۔ اپنی چادر کا پلّو کپڑے ہوئے تھے' عنقریب لوگ ساز وسامان کو پہنچیں گے' پھر مدینہ شریف پر ایک ایسا زمانہ آئے گا' اس کے قطروں میں سے کسی قطرہ پر سفر گزرے گا' پس وہ کہے گا: کبھی یہ جگہ آباد تھی زمانے کے لمبا ہونے اور آثار کے مٹنے کے سبب سے۔

اَبُو وَائِلٍ شَقِيقُ بْنُ

حضرت ابو وائل شقیق بن سلمہ

5462- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه15 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه ابراهيم بن عبد الله بن خالد المصيصي وهو متروك .

سَلَمَةَ عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ

حضرت سہل بن حنیف سے روایت کرتے ہیں

5463 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو حُذَيْفَةَ، ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ قَالَ: قَالَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ يَوْمَ صِفِّينَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، اتَّهِمُوا الرَّاْيَ عَلَى الدِّينِ، فَلَقَدْ رَاَيْتُنَا وَنَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَوْ نَسْتَطِيعُ اَنْ نَرُدَّ عَلَيْهِ لَرَدَدْنَا، وَمَا جَعَلْنَا سُيُوفَنَا عَلَى عَوَاتِقِنَا فِي اَمْرٍ اِلَّا سَهَّلَ لَنَا اِلَى اَمْرٍ نَعْرِفُهُ غَيْرَ اَمْرِنَا هَذَا، وَلَقَدْ رَاَيْتُنَا يَوْمَ اَبِي جَنْدَلٍ، وَلَوْ نَسْتَطِيعُ اَنْ نَرُدَّ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمْرَهُ لَرَدَدْنَاهُ

حضرت ابووائل فرماتے ہیں: صفین کے دن حضرت سہل بن حنیف نے فرمایا: اے لوگو! دین پر اپنی رائے کو ترجیح نہ دو پس ہم نے اپنے آپ کو دیکھا ہے اس حال میں کہ ہم رسول کریم ﷺ کے ساتھ تھے اور اگر ہم میں طاقت ہوتی تو ہم رسول کریم ﷺ کے فرمان کو ان پر لوٹا دیتے اور ہم نے کسی معاملے میں اپنی تلواروں کو اپنے کندھوں پر رکھا مگر ہمارے لیے آسان بنا دیا جس کو ہم پہچانتے تھے اس کے علاوہ دوسرے کام کو اور ہم نے ابوجندل کا دن بھی دیکھا اور اگر ہم میں رسول کریم ﷺ کا حکم رد کرنے کی طاقت ہوتی تو ہم اس دن ردّ کر دیتے (لیکن ہم نے ردّ نہ کیا)۔

5464 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، اتَّهِمُوا الرَّاْيَ عَلَى الدِّينِ، فَلَقَدْ رَاَيْتُنَا وَنَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: اور ہم نے خود کو رسول کریم ﷺ کے ساتھ دیکھا ہے پھر آگے پوری حدیث ذکر کی۔

5465 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ،

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اے لوگو! دین کے خلاف اپنی رائے کو وہم وگمان

ابو وائل شقیق بن سلمة عن سهل

5463- مسلم في صحيحه جلد3صفحه1412 رقم الحديث: 1785 . والبخاري في صحيحه جلد6صفحه2665 رقم الحديث: 6878 .

عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، اتَّهِمُوا الرَّأْيَ عَلَى الدِّينِ، فَلَقَدْ رَأَيْتُنَا وَنَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

ہی سمجھو پس تحقیق ہم نے خود کو دیکھا ہے اس حال میں کہ ہم رسول کریم ﷺ کے ساتھ ہوتے تھے پس پوری حدیث ذکر کی۔

5466 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ بِصِفِّينَ، يَقُولُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّهِمُوا رَأْيَكُمْ، وَاللّٰهِ لَقَدْ رَأَيْتُنِي يَوْمَ أَبِي جَنْدَلٍ، وَلَوْ أَسْتَطِيعُ أَنْ أَرُدَّ أَمْرَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَرَدَدْتُهُ، وَاللّٰهِ مَا وَضَعْنَا سُيُوفَنَا عَلَى عَوَاتِقِنَا إِلَى أَمْرٍ قَطُّ إِلَّا أَسْهَلَ بِنَا إِلَى أَمْرٍ نَعْرِفُهُ إِلَّا أَمْرَكُمْ هَذَا

حضرت شقیق فرماتے ہیں: میں نے صفین کے دن حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: اے لوگو! اپنی رائے کو متہم بناؤ' قسم بخدا! میں نے خود کو ابوجندل کے دن دیکھا' اگر مجھ میں رسول کریم ﷺ کا حکم ردّ کرنے کی طاقت ہوتی تو میں اس دن اسے ردّ کر دیتا' قسم بخدا! جب کبھی ہم نے کسی معاملے میں اپنی تلواروں کو اپنے کندھوں پر رکھا تو ہماری رہنمائی ایسے امر کی طرف کر دی' جس کو ہم پہچانتے تھے مگر تمہارا یہ معاملہ۔

5467 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنْ أَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: قَدِمَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ، فَأَتَيْنَاهُ فَقَالَ: اتَّهِمُوا الرَّأْيَ عَلَى الدِّينِ، وَلَقَدْ رَأَيْتُنِي يَوْمَ أَبِي جَنْدَلٍ، وَلَوْ نَسْتَطِيعُ نَرُدُّ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمْرَهُ لَرَدَدْنَاهُ وَاللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ

حضرت ابووائل فرماتے ہیں: حضرت سہل بن حنیف تشریف لائے' ہم ان کی خدمت میں حاضر ہوئے تو انہوں نے کہا: میں نے ابوجندل کے دن خود کو دیکھا کہ اگر ہم میں طاقت ہوتی تو ہم نے رسول کریم ﷺ کا حکم لوٹا دیا ہوتا' اللہ اور اس کا رسول سب سے بہتر جاننے والے ہیں۔

5468 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ شَاهِينَ، ثنا خَالِدٌ، عَنْ أَبِي سَعْدٍ الْبَقَّالِ، عَنْ أَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ: مَا وَضَعْنَا أَسْيَافَنَا عَلَى

حضرت سہل بن حنیف فرماتے ہیں: جب بھی کسی معاملے میں ہم نے اپنی تلواریں' اپنے کندھوں پر رکھیں تو ہمیں کوئی طریقہ آ گیا جس سے ہمارا کام آسان ہو گیا مگر یہ جو معاملہ پیش آیا ہے (اس کا کوئی حل نظر نہیں

عَوَاتِقِنَا إِلَى أَمْرٍ إِلَّا أَتَيْنَا طَرِيقًا يَسْهُلُ لَنَا إِلَّا هَذَا الْأَمْرَ، وَاللّٰهِ مَا فِي الْأَرْضِ خَصْمٌ فَإِنَّا نَسُدُّهُ إِلَّا فُتِحَ خَصْمٌ أَشَدُّ مِنْهُ، لَوْ رَأَيْتَنِي يَوْمَ أَبِي جَنْدَلِ بْنِ سُهَيْلٍ، وَلَوِ اسْتَطَعْتُ أَنْ أَرُدَّ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمْرَهُ لَرَدَدْتُهُ، وَكَانَ خَيْرًا مِنِّي وَأَكْرَمَ .قَالَ: وَكَانَ أَبُو جَنْدَلٍ جَاءَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْلِمًا، وَكَانَ وَالِدُهُ كَافِرًا، فَرَدَّهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى أَبِيهِ، فَقَيَّدَهُ، ثُمَّ جَاءَ فَرَدَّهُ

آ رہا ہے) قسم بخدا! زمین میں کوئی مدمقابل نہیں جس کو ہم روکتے ہیں مگر اس سے سخت مدمقابل کے آنے کا دروازہ کھل جاتا ہے۔ اگر میں ابوجندل بن سہیل کے دن خود کو دیکھوں' اگر مجھے طاقت ہوتی کہ میں رسول کریم ﷺ کا حکم ردّ کر دوں تو فرمایا: حضرت ابوجندل (بیڑیوں میں جکڑے ہوئے) اس حال میں رسول ﷺ کی طرف آئے کہ ان کا والد کافر تھا اور آپ مسلمان تھے' پس رسول کریم ﷺ نے ان کو ان کے باپ کی طرف لوٹا دیا۔ پس ان کے باپ نے ان کو بیڑیوں میں جکڑ دیا' پھر وہ اسی حال میں آئے تو بھی آپ ﷺ نے ان کو واپس کر دیا (کیونکہ معاہدہ ہو چکا تھا اور مسلمانوں کے نزدیک ظاہری اذیت کوئی معنی نہیں رکھتی ہے)۔

5469 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ سِيَاهٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، أَنَّهُ قَالَ يَوْمَ صِفِّينَ: أَيُّهَا النَّاسُ، اتَّهِمُوا أَنْفُسَكُمْ، وَلَقَدْ رَأَيْتُنَا يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ، وَلَوْ نَرَى قِتَالًا لَقَاتَلْنَاهُمْ، فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَلَسْنَا عَلَى حَقٍّ، وَهُمْ عَلَى بَاطِلٍ؟ أَلَيْسَ قَتْلَانَا فِي الْجَنَّةِ، وَقَتْلَاهُمْ فِي النَّارِ؟ قَالَ: بَلَى قَالَ: فَفِيمَ نُعْطِي الدَّنِيَّةَ فِي دِينِنَا، وَنَرْجِعُ وَلَمَّا يَحْكُمِ اللّٰهُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ؟ قَالَ: يَا ابْنَ

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے صفین کے دن فرمایا: اے لوگو! اپنی ذات کو ہی متہم قرار دو' تحقیق ہم نے حدیبیہ کے دن خود کو دیکھا کہ اگر ہم قتال کی رائے قائم کرتے تو ہم ان کو قتل کر دیتے' پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا ہم حق پر نہیں ہیں؟ اور وہ باطل پر نہیں ہیں؟ کیا ہمارے مقتول جنت میں اور ان کے مقتول جہنم میں نہیں ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کیوں نہیں! عرض کی: پھر کس وجہ سے ہم اپنے دین میں پستی اختیار کریں اور واپس چلے جائیں' اللہ نے ابھی تک

5469- مسلم جلد3صفحه1411 رقم الحديث: 1785 . والبخاری جلد3صفحه1162 رقم الحديث: 3011 .

الْخَطَّابِ، إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ، وَلَنْ يُضَيِّعَنِي أَبَدًا، فَرَجَعَ وَهُوَ مَغِيظٌ، وَلَمْ يَصْبِرْ حَتَّى أَتَى أَبَا بَكْرٍ فَقَالَ: أَلَسْنَا عَلَى حَقٍّ وَهُمْ عَلَى بَاطِلٍ؟ أَلَيْسَ قَتْلَانَا فِي الْجَنَّةِ، وَقَتْلَاهُمْ فِي النَّارِ؟ قَالَ: بَلَى، قَالَ: فَفِيمَ نُعْطِي الدَّنِيَّةَ فِي دِينِنَا، فَنَرْجِعُ، وَلَمَّا يَحْكُمِ اللَّهُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ؟ فَقَالَ: يَا ابْنَ الْخَطَّابِ إِنَّهُ رَسُولُ اللَّهِ، وَلَنْ يُضَيِّعَهُ اللَّهُ أَبَدًا، فَنَزَلَتْ سُورَةُ الْفَتْحِ، فَأَرْسَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى عُمَرَ فَأَقْرَأَهُ إِيَّاهَا، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَفَتْحٌ هُوَ؟ قَالَ: نَعَمْ

ہمارے اور ان کے درمیان فیصلہ نہیں فرمایا؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے خطاب کے بیٹے! میں اللہ کا رسول ہوں' وہ ہرگز کبھی بھی مجھے ضائع نہیں فرمائے گا۔ پس وہ لوٹ گئے اس حال میں کہ غصے سے بھرے ہوئے تھے یہاں تک کہ ابوبکر آ گئے۔ عرض کی: کیا ہم حق پر اور وہ باطل پر نہیں ہیں؟ کیا ہمارے مقتول جنتی اور اُن کے جہنمی نہیں ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیوں نہیں! عرض کی: ہم اپنے دین کے معاملہ میں گھٹیا درجے کی بات کس لیے قبول کریں۔ پس انہوں نے حضرت ابن خطاب سے مخاطب ہو کر فرمایا: اے ابن خطاب! یہ اللہ کے رسول ہیں' اللہ تعالیٰ ہرگز کبھی بھی ان کو ضائع نہیں کرے گا تو سورۂ فتح نازل ہوئی۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف پیغام بھیجا' پس ان کے سامنے اس کو پڑھا' پس اُنہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا یہی فتح ہے؟ فرمایا: ہاں!

5470 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ، وَحِبَّانُ بْنُ مُوسَى قَالُوا: ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ عِيسَى بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ قَالَ: قَالَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّهِمُوا رَأْيَكُمْ، فَإِنَّا وَاللَّهِ مَا أَخَذْنَا بِقَوَائِمِهِنَّ إِلَى أَمْرٍ يَقْطَعُنَا إِلَّا أَسْهَلَ بِنَا إِلَى أَمْرٍ نَعْرِفُهُ إِلَّا أَمْرَكُمْ هَذَا، فَإِنَّهُ لَا

حضرت شقیق فرماتے ہیں: حضرت سہل بن حنیف نے فرمایا تھا: اے لوگو! اپنی رائے کو ہی مشکوک سمجھو کیونکہ قسم! جب کبھی ہم نے اپنی تلواروں کو کسی معاملے میں پکڑا تو اس سے زیادہ آسان کام ہمیں سکھا دیا گیا کیونکہ وہ شدت اور شک کو ہی زیادہ کرتا تھا' پس میں نے ابوجندل کے دن خود کو دیکھا اور اگر میں (اپنی رائے پر) رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف دوسرے مددگار پاتا تو شاید انکار کا مرتکب ہوتا۔

يَزْدَادُ إِلَّا شِدَّةً وَلَبْسًا، فَلَوْ رَأَيْتَنِي يَوْمَ أَبِي جَنْدَلٍ، وَلَوْ أَجِدُ أَعْوَانًا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَأَنْكَرْتُ

عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي لَيْلَى عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ

5471 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ح وَحَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْمَرْوَزِيُّ، قَالَا: ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، قَالَ: كَانَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ، وَقَيْسُ بْنُ سَعْدٍ، بِالْقَادِسِيَّةِ، فَمَرُّوا عَلَيْهِمَا بِجَنَازَةٍ، فَقَامَا، فَقِيلَ لَهُمَا: إِنَّمَا هُوَ مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ، فَقَالَا: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّتْ بِهِ جَنَازَةٌ فَقَامَ، فَقِيلَ: إِنَّهَا جَنَازَةُ يَهُودِيٍّ، فَقَالَ: أَلَيْسَتْ نَفْسًا

حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ' حضرت سہل بن حنیف سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابن ابولیلیٰ فرماتے ہیں کہ حضرت سہل بن حنیف اور قیس بن سعد رضی اللہ عنہ دونوں قادسیہ میں تھے' دونوں کے پاس سے جنازہ گزرا تو دونوں کھڑے ہو گئے' دونوں سے عرض کی گئی: یہ اس ملک کا رہنے والا تھا' دونوں نے کہا کہ حضور ﷺ کے پاس سے ایک جنازہ گزرا تو آپ کھڑے ہو گئے' آپ سے عرض کی گئی: یہ یہودی کا جنازہ ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: کیا یہ انسان (ایک جان) نہیں ہے۔

يَسِيرُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ

5472 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ

حضرت یسیر بن عمرو' حضرت سہل بن حنیف سے روایت کرتے ہیں

حضرت یسیر بن عمرو فرماتے ہیں کہ میں حضرت سہل بن حنیف کے پاس آیا' میں نے کہا: مجھے آپ

5471- مسلم جلد2صفحہ661 رقم الحديث: 961 . والبخاري جلد1صفحہ441 رقم الحديث: 1250 .

5472- أخرج نحوه البخاري صحيحه جلد6صفحه2541' رقم الحديث: 6535 .

الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، قَالَا: ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، كِلَاهُمَا عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ يَسِيرِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ فَقُلْتُ: أَخْبِرْنِي مَا سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي الْحَرُورِيَّةِ، قَالَ: أُخْبِرُكَ مَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَا أَزِيدُكَ عَلَيْهِ شَيْئًا، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَضَرَبَ بِيَدِهِ فَقَالَ: يَخْرُجُ مِنْ هَهُنَا، وَأَوْمَأَ بِيَدِهِ، قَوْمٌ يَقْرَأُونَ الْقُرْآنَ، لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، يَمْرُقُونَ مِنَ الْإِسْلَامِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ

بتائیں جو آپ نے رسول اللہ ﷺ کو حروریہ کے متعلق فرماتے ہوئے سنا ہے! حضرت سہل نے فرمایا: میں تمہیں بتاتا ہوں جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے اس پر اپنی طرف سے کسی شی کا اضافہ نہیں کروں گا' میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ آپ نے اپنا دست مبارک مارا اور فرمایا: یہاں سے نکلیں گے' آپ نے اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا' وہ لوگ قرآن پڑھیں گے' قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں اُترے گا' وہ اسلام سے اس طرح نکلیں گے جس طرح تیر کمان سے نکلتا ہے۔

5473 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي الشَّوَارِبِ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَيَّانَ الْمَازِنِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حِسَابٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالُوا: ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، ثنا سُلَيْمَانُ الشَّيْبَانِيُّ، ثنا يَسِيرُ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: قُلْتُ لِسَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ: هَلْ سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي الْخَوَارِجِ شَيْئًا؟ قَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُولُ وَأَهْوَى بِيَدِهِ نَحْوَ الْعِرَاقِ: يَخْرُجُ بَيْنَهُمْ قَوْمٌ يَقْرَأُونَ الْقُرْآنَ، لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، يَمْرُقُونَ مِنَ الدِّينِ كَمَا يَمْرُقُ

حضرت یسیر بن عمرو فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ کو خارجیوں کے متعلق کوئی بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے؟ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے آپ ﷺ سے سنا' آپ ﷺ نے اپنے دست مبارک سے عراق کی طرف اشارہ کیا کہ ان سے کچھ ایسے لوگ نکلیں گے جو قرآن پڑھیں گے لیکن قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں اُترے گا' وہ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جس طرح تیر کمان سے نکل جاتا ہے۔

السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ

5474 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَنَا الْعَوَّامُ بْنُ حَوْشَبٍ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ يَسِيرِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ بِيَدِهِ: يَخْرُجُ قَوْمٌ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ مُحَلَّقَةً رُءُوسُهُمْ

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے اپنے دستِ مبارک سے اشارہ کیا کہ مشرق کی طرف سے کچھ لوگ نکلیں گے (ان کی نشانی یہ ہے کہ) اُن کے سر منڈھے ہوئے ہوں گے۔

5475 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالُوا: أَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ كِلَاهُمَا عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ يَسِيرِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: سَأَلْتُ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ قُلْتُ: أَسَمِعْتَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي الْمَدِينَةِ شَيْئًا؟ قَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُولُ: إِنَّهَا حَرَامٌ آمِنٌ، إِنَّهَا حَرَامٌ آمِنٌ

حضرت یسیر بن عمرو فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ سے مدینہ شریف کے متعلق کوئی بات سنی ہے؟ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے آپ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا' آپ نے فرمایا: امن والاحرم ہے' امن والاحرم ہے۔

5476 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي الشَّوَارِبِ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَيَّانَ الْمَازِنِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حِسَابٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي،

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے مدینہ شریف کی طرف اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا کہ یہ امن والاحرم ہے۔

5474- اورده ابن ابی شيبة فی مصنفه جلد7صفحه563' رقم الحديث: 37939 .

5475- ذكره الهيثمی فی مجمع الزوائد جلد3صفحه302 وقال: رواه الطبرانی فی الكبير ورجاله رجال الصحيح .

ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ قَالُوا: ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ يَسِيرَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ وَأَهْوَى بِيَدِهِ إِلَى الْمَدِينَةِ: إِنَّهَا حَرَامٌ آمِنٌ

5477 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أنا الْعَوَّامُ بْنُ حَوْشَبٍ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ يَسِيرَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْمَدِينَةِ فَقَالَ: حَرَمٌ آمِنٌ، حَرَمٌ آمِنٌ

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ سے مدینہ کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: امن والا حرم ہے' امن والا حرم ہے۔

سَعِيدُ بْنُ ذِي حُدَّانَ عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ

حضرت سعید بن ذی حدان' حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

5478 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ ذِي حُدَّانَ، أَنَّ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُجَّاجًا فَأَهْلَلْنَا بِالْحَجِّ، فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ أَمَرَنَا أَنْ نَجْعَلَهَا عُمْرَةً

حضرت سعید بن ذی حدان فرماتے ہیں کہ حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ نے فرمایا: ہم حضورﷺ کے ساتھ حج کے لیے نکلے' ہم نے حج کا احرام باندھا' جب ہم مدینہ آئے تو ہمیں حکم دیا کہ ہم عمرہ کریں۔

5478- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد2صفحه914' رقم الحديث: 1247 .

5479 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، وَالْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا قَالَا: ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ ذِي حُدَّانَ، أَنَّ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ، كَانَ يَقُولُ: مَا رَأَيْتُ مِثْلَ مَنْ لَمْ يَتَّهِمْ رَأْيَهُ، خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُجَّاجًا، فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ أَمَرَنَا أَنْ نَجْعَلَهَا عُمْرَةً

حضرت سعید بن ذی حدان فرماتے ہیں کہ حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ نے فرمایا: ہم حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حج کے لیے نکلے' ہم نے حج کا احرام باندھا' جب ہم مدینہ آئے تو ہمیں حکم دیا کہ ہم عمرہ کریں۔

الرَّبَابُ عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ

حضرت رباب' حضرت سہل بن حنیف سے روایت کرتے ہیں

5480 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الصُّوفِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَائِشَةَ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالُوا: ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ حَكِيمٍ، حَدَّثَتْنِي الرَّبَابُ، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ: مَرَرْنَا بِسَيْلٍ، فَدَخَلْتُ فِيهِ، فَاغْتَسَلْتُ فَخَرَجْتُ مَحْمُومًا، فَنَمَى ذَلِكَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مُرُوا أَبَا ثَابِتٍ أَنْ يَتَعَوَّذَ، قُلْتُ لَهُ: يَا سَيِّدِي، أَوَصَالِحَةٌ الرُّقَى؟ فَقَالَ: لَا، إِلَّا مِنْ ثَلَاثٍ: النَّفْسِ، وَالْحُمَّى، وَاللَّدْغَةِ

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک نہر کے پاس سے گزرے' میں اس میں داخل ہوا اور غسل کیا' میں نکلا تو مجھے بخار ہو گیا تھا' مجھے حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لایا گیا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ابوثابت کو پناہ مانگنے کا حکم دو۔ میں نے ان سے عرض کی: اے میرے سردار! کیا اچھا دم ہے؟ فرمایا: نہیں! سوائے تین چیزوں کے: جان' بخار اور کسی شی کا ڈنگ مارنا۔

5480- أورد نحوه أبو داؤد في سننه جلد4صفحه11' رقم الحديث: 3888 .

سَهْلُ ابْنُ الْحَنْظَلِيَّةِ الْأَنْصَارِيُّ مِنْ بَنِي حَارِثَةَ

يُقَالُ: الْحَنْظَلِيَّةُ أُمُّهُ، وَاسْمُ أَبِيهِ: عَفِيفٌ، كَانَ يَنْزِلُ الشَّامَ بِدِمَشْقَ

5481 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، أَخْبَرَنِي قَيْسُ بْنُ بِشْرٍ التَّغْلَبِيُّ، قَالَ: كَانَ أَبِي جَلِيسًا لِأَبِي الدَّرْدَاءِ بِدِمَشْقَ، فَأَخْبَرَنِي أَنَّهُ كَانَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَالُ لَهُ: ابْنُ الْحَنْظَلِيَّةِ، وَكَانَ رَجُلًا مُتَوَحِّدًا، قَلَّمَا يُجَالِسُ النَّاسَ، إِنَّمَا هُوَ صَلَاةٌ، فَإِذَا انْصَرَفَ فَإِنَّمَا هُوَ تَسْبِيحٌ وَتَهْلِيلٌ وَتَكْبِيرٌ، حَتَّى يَأْتِيَ أَهْلَهُ، فَمَرَّ بِنَا يَوْمًا وَنَحْنُ عِنْدَ أَبِي الدَّرْدَاءِ فَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ أَبُو الدَّرْدَاءِ: كَلِمَةٌ تَنْفَعُنَا اللّٰهُ وَلَا تَضُرُّكَ، فَقَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً فَقَدِمْتُ، فَجَاءَ رَجُلٌ فَجَلَسَ فِي الْمَجْلِسِ الَّذِي فِيهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لِرَجُلٍ إِلَى جَنْبِهِ: لَوْ رَأَيْتَ حِينَ لَقِينَا الْعَدُوَّ، وَطَعَنَ فُلَانٌ فُلَانًا، فَقَالَ: خُذْهَا، وَأَنَا الْغُلَامُ الْغِفَارِيُّ كَيْفَ تَرَى؟ قَالَ: مَا أُرَاهُ إِلَّا قَدْ أَبْطَلَ أَجْرَهُ، قَالَ آخَرُ: مَا أَرَى بَأْسًا، فَتَنَازَعُوا فِي ذَلِكَ،

حضرت سہل بن حنظلیہ انصاری رضی اللہ عنہ بنی حارثہ کے رہنے والے

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ حنظلیہ آپ کی والدہ تھیں اور آپ کے والد کا نام عفیف تھا' آپ ملک شام دمشق میں آئے تھے۔

حضرت قیس بن بشر ثعلبی فرماتے ہیں: میرے والد دمشق میں حضرت ابودرداء کے دوست تھے' پس اُنہوں نے مجھے خبر دی کہ ایک آدمی جس کا تعلق رسول کریم ﷺ کے صحابہ سے تھا' ان کو ابن حنظلیہ کہا جاتا تھا' وہ تنہائی پسند آدمی تھے' پس وہ کم ہی لوگوں کے ساتھ ہم مجلس ہوا کرتے تھے' پس نماز پڑھتے (تو لوگوں کے ساتھ ہوتے) پس جب نماز سے فارغ ہوتے تو تسبیح' تہلیل اور تکبیر ان کا کام ہوتا تھا یہاں تک کہ اپنے گھر والوں کے پاس آتے' پس ایک دن وہ ہمارے پاس سے گزرے جبکہ ہم حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے تھے' پس اُنہوں نے سلام کیا تو حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے (سلام کا جواب دینے کے بعد) ان سے فرمایا: ایک کلمہ ہے جس کے ذریعہ اللہ ہمیں نفع دے گا' تجھے کوئی نقصان نہ ہوگا۔ پس فرمایا: رسول کریم ﷺ نے ایک سریہ بھیجا تو میں آیا' پس وہ آدمی آکر اس مجلس میں بیٹھ گیا جس میں رسول کریم ﷺ موجود تھے تو آپ ﷺ نے اپنے پہلو

5481- ابو داؤد فی سننه جلد4صفحه57' رقم الحديث: 4089 .

حَتَّى سَمِعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، لَا بَأْسَ أَنْ يُؤْجَرَ، وَيُحْمَدَ، قَالَ: فَسُرَّ بِذَلِكَ أَبُو الدَّرْدَاءِ، وَجَعَلَ يَقُولُ: أَنْتَ سَمِعْتَ هَذَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: فَجَعَلَ يَقُولُ: نَعَمْ، حَتَّى إِنِّي لَأَقُولُ وَهُوَ يَرْفَعُ إِلَيْهِ رَأْسَهُ: لَيَرْكَبَنَّ عَلَى رُكْبَتَيْهِ

میں بیٹھے ہوئے ایک آدمی سے فرمایا: اگر میں دیکھوں کہ جب ہم دشمن سے ملیں اور فلاں کو فلاں نیزہ مارے تو فرمایا: تو اس کو پکڑنا۔ جبکہ میں بنوغفار قبیلہ کا ایک بچہ تھا' تو کیسے کرے گا؟ کہا: میرا خیال ہے کہ اس کا اجر باطل ہو جائے گا' دوسرے نے کہا: میں تو اس میں کوئی حرج نہیں دیکھتا' پس وہ ان میں جھگڑنے لگے' حتیٰ کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سن لیا' پھر فرمایا: سبحان اللہ! اسے اجر ملے تو کوئی حرج نہیں اور اس کی تعریف کی جائے' پس اس سے حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ خوش ہوئے اور کہنا شروع کر دیا: کیا تُو نے یہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا تھا؟ اس نے جواب دینا شروع کر دیا: جی ہاں! حتیٰ کہ بے شک میں کہوں جبکہ وہ ان کی طرف اپنا سر اُٹھا رہے تھے' وہ ضرور ان کے گھٹنوں پر سوار ہوگا۔

5482 - فَمَرَّ بِنَا يَوْمًا آخَرَ، فَسَلَّمَ فَقَالَ أَبُو الدَّرْدَاءِ: كَلِمَةً تَنْفَعُنَا وَلَا تَضُرُّكَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْمُنْفِقَ عَلَى الْخَيْلِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ كَالْبَاسِطِ يَدَيْهِ بِالصَّدَقَةِ، وَلَا يَقْبِضُهَا

پس ایک اور دن وہ ہمارے پاس سے گزرے تو سلام کیا تو حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے کہا: ایک ایسا کلمہ جو ہمیں نفع دے اور آپ کو کوئی نقصان نہ دے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ کی راہ میں باندھے ہوئے گھوڑے پر خرچ کرنے والا' صدقہ کے ساتھ ہاتھ پھیلائے رکھنے والے کی طرح ہے جو کسی وقت اپنی مٹھی بند نہیں کرتا۔

5483 - قَالَ: فَمَرَّ بِنَا يَوْمًا آخَرَ، فَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ أَبُو الدَّرْدَاءِ: كَلِمَةً تَنْفَعُنَا وَلَا تَضُرُّكَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نِعْمَ الرَّجُلُ خُرَيْمٌ الْأَسَدِيُّ، لَوْلَا طُولُ جُمَّتِهِ، وَإِسْبَالِ

فرماتے ہیں: ایک دوسرے دن وہ ہمارے پاس سے گزرے' پس انہوں نے سلام کیا تو حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: ایک کلمہ (بول دو) جو ہمیں نفع دے اور تجھے کوئی نقصان نہ ہو۔ اس

إِزَارِهِ، فَبَلَغَ ذَلِكَ خُرَيْمًا، فَأَخَذَ شَفْرَةً، فَقَطَعَ جُمَّتَهُ إِلَى أُذُنَيْهِ، وَرَفَعَ إِزَارَهُ إِلَى أَنْصَافِ سَاقَيْهِ

نے کہا: رسول کریم ﷺ نے فرمایا: کتنا اچھا ہے وہ آدمی جو خریم اسدی ہے اگر اس کے بال اتنے لمبے نہ ہوں اور اپنی چادر کو نہ لٹکائے۔ پس حضرت خریم کو اس بات کا پتہ چلا تو اُنہوں نے قینچی پکڑی کانوں تک بال اور نصف پنڈلی تک تہبند کاٹ دیئے۔

5484 - قَالَ: ثُمَّ مَرَّ بِنَا يَوْمًا آخَرَ، فَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ أَبُو الدَّرْدَاءِ: كَلِمَةً تَنْفَعُنَا وَلَا تَضُرُّكَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّكُمْ قَادِمُونَ غَدًا عَلَى إِخْوَانِكُمْ، فَأَصْلِحُوا حَالَكُمْ، وَأَصْلِحُوا لِبَاسَكُمْ، حَتَّى تَكُونُوا كَالشَّامَةِ فِي النَّاسِ، إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفُحْشَ وَلَا التَّفَحُّشَ

فرماتے ہیں: ایک اور دن وہ ہمارے پاس سے گزرے تو سلام کیا۔ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: ایک کلمہ (کہو) جو ہمیں نفع دے اور تجھے کوئی نقصان نہ دے۔ اُنہوں نے کہا: رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک کل ہم تمہارے بھائیوں کے پاس اُترنے والے ہیں اپنے مالوں کی اصلاح کرو اپنے لباس درست کرو یہاں تک کہ لوگوں میں بلند ناک والے ہو جاؤ بے شک نہ تو اللہ تعالیٰ ناپسندیدہ کلام اور نہ بیہودہ افعال کو پسند کرتا ہے۔

5485 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ رَجُلٍ صِدْقٍ مِنْ أَهْلِ قِنَّسْرِينَ، يُقَالُ لَهُ: قَيْسُ بْنُ بِشْرٍ، قَالَ: كَانَ أَبِي مِنْ جُلَسَاءِ أَبِي الدَّرْدَاءِ، فَحَدَّثَنِي: أَنَّهُ كَانَ هُنَاكَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ مُتَعَبِّدٌ مُعْتَزِلٌ، لَا يَكَادُ يَفْرُغُ مِنَ الْعِبَادَةِ، يُقَالُ لَهُ: ابْنُ الْحَنْظَلِيَّةِ، فَكَانَ يَمُرُّ بِأَبِي الدَّرْدَاءِ، فَيَقِفُ عَلَيْهِ فَيَقُولُ أَبُو الدَّرْدَاءِ: حَدِّثْنَا حَدِيثًا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّكَ، فَحَدَّثَهُ فَقَالَ لَهُ يَوْمًا: خَرَجَتْ سَرِيَّةٌ، فَقَاتَلَ فِيهَا رَجُلٌ مِنْ

حضرت قیس بن بشر فرماتے ہیں: میرے والد محترم حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کے ہم مجلس تھے پس اُنہوں نے مجھے حدیث سنائی کہ وہاں ایک انصاری آدمی تھا عبادت گزار اور لوگوں سے الگ تھلگ رہنے والا کم ہی کبھی عبادت سے فارغ ہوتا تھا اسے ابن حنظلیہ کہا جاتا تھا وہ حضرت ابودرداء کے پاس سے گزرا کرتا تھا پس ان کے پاس کھڑا ہو جاتا تھا پس حضرت ابودرداء فرماتے: ہمیں حدیث سناؤ جو ہمارے لیے نفع مند ہو تمہارے لیے نقصان دہ نہ ہو۔ پس وہ حدیث سناتا پس ایک دن حضرت ابودرداء نے اس سے فرمایا:

بَنِى غِفَارٍ، فَضَرَبَ رَجُلًا مِنَ الْمُشْرِكِينَ، ثُمَّ قَالَ: خُذْهَا وَأَنَا الْغِفَارِيُّ، فَقَدِمُوا، فَحَدَّثُوا بِقَوْلِ الْغِفَارِيِّ، فَقَالَ بَعْضُ الْمُسْلِمِينَ: أَبْطَلَ أَجْرَهُ، وَقَالَ آخَرُونَ: كَلَّا، حَتَّى بَلَغَ ذَلِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: لَا بَأْسَ بِأَنْ يُؤْجَرَ وَيُحْمَدَ قَالَ: فَسُرَّ بِهَا أَبُو الدَّرْدَاءِ

ایک سریہ نکلا جس میں ایک غفاری آدمی نے جہاد کرنے کی سعادت حاصل کی پس اس نے ایک مشرک کو ضرب لگائی' پھر کہا: اس کو پکڑ! میں غفاری ہوں۔ پس لوگ آئے تو اُنہوں نے غفاری کی بات بتائی' بعض مسلمانوں نے کہا: اس نے اپنا اجر باطل کیا اور بعض نے کہا: ہرگز نہیں! حتیٰ کہ یہ بات رسول کریم ﷺ تک پہنچی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ان کو اجر بھی دیا جائے گا اور ان کی تعریف بھی کی جائے گی۔ راوی کا بیان ہے: حضرت ابودرداء اس سے خوش ہو گئے۔

5486 - وَقَالَ ابْنُ الْحَنْظَلِيَّةِ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَنَا يَوْمًا: إِنَّكُمْ قَادِمُونَ عَلَى إِخْوَانِكُمْ، فَأَصْلِحُوا رِحَالَكُمْ وَلِبَاسَكُمْ حَتَّى تَكُونُوا كَأَنَّكُمْ شَامَةً فِي النَّاسِ، فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفُحْشَ وَلَا التَّفَحُّشَ،

اور حضرت ابن حنظلیہ فرماتے ہیں: بے شک ایک دن رسول کریم ﷺ نے ہمیں حکم دیا: بے شک ہم تمہارے بھائیوں کے پاس آنے والے ہیں' پس اپنی سواریوں اور لباسوں کی اصلاح کرلو حتیٰ کہ لوگوں میں تمہاری ناک اونچی ہو جائے' تم اس طرح ہو جاؤ کیونکہ اللہ تعالیٰ فحش کلام وافعال کو پسند نہیں کرتا۔

5487 - وَقَالَ ابْنُ الْحَنْظَلِيَّةِ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْمُنْفِقَ عَلَى الْخَيْلِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ كَالْبَاسِطِ يَدَهُ بِالصَّدَقَةِ لَا يَقْبِضُهَا

اور ابن حنظلیہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: راہِ خدا میں باندھے ہوئے گھوڑے پر خرچ کرنے والا صدقہ کے ساتھ اپنا ہاتھ پھیلانے والا ہے اور اسے اکٹھا کرنے والا نہیں۔

5488 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، ثنا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ بِشْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ الْحَنْظَلِيَّةِ يَقُولُ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت بشر فرماتے ہیں: میں نے ابن حنظلیہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول کریم ﷺ نے چھوٹا لشکر بھیجا' پس ایک آدمی نے کہا: اس کا اجر باطل ہوا۔ پس رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں اس بات کا تذکرہ ہوا تو

وَسَلَّمَ سَرِيَّةً، فَالْتَقَوْا هُمْ وَالْعَدُوُّ، فَحَمَلَ عَلَى رَجُلٍ مِنْ بَنِي غِفَارٍ فَقَالَ: خُذْهَا وَأَنَا الْفَتَى الْغِفَارِيُّ، فَقَالَ رَجُلٌ: بَطَلَ أَجْرُهُ، فَذُكِرَ ذَلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: لَا بَأْسَ أَنْ يُؤْجَرَ وَيُحْمَدَ

آپ ﷺ نے فرمایا: کوئی حرج نہیں کہ اسے اجر ملے اور اس کی تعریف کی جائے۔

5489 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا أَبُو تَوْبَةَ الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، أَنَّهُ: سَمِعَ أَبَا سَلَّامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو كَبْشَةَ السَّلُولِيُّ، عَنْ سَهْلِ ابْنِ الْحَنْظَلِيَّةِ، أَنَّهُمْ سَارُوا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ، فَأَطْنَبُوا السَّيْرَ حَتَّى كَانَ عَشِيَّةً، وَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ رَجُلٌ فَارِسٌ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي انْطَلَقْتُ بَيْنَ أَيْدِيكُمْ حَتَّى طَلَعْتُ جَبَلَ كَذَا وَكَذَا، فَإِذَا أَنَا بِهَوَازِنَ عَلَى بَكْرَةِ أَبِيهِمْ، بِظُعُنِهِمْ وَنَعَمِهِمْ وَشَائِهِمْ، اجْتَمَعُوا إِلَى حُنَيْنٍ، فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: تِلْكَ غَنِيمَةُ الْمُسْلِمِينَ غَدًا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ يَحْرُسُنَا اللَّيْلَةَ؟، فَقَالَ أَنَسُ بْنُ أَبِي مَرْثَدٍ الْغَنَوِيُّ: أَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ: ارْكَبْ، فَرَكِبَ فَرَسًا لَهُ، فَجَاءَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْتَقْبِلْ هَذَا الشِّعْبَ حَتَّى

حضرت سہل بن حنظلیہ سے روایت ہے کہ وہ سارے حنین کے دن رسول کریم ﷺ کے ساتھ چلے پس بہت لمبا اُنہوں نے سفر کیا حتیٰ کہ رات ہوگئی اور نماز کا وقت ہوگیا رسول کریم ﷺ کے پاس۔ پس ایک شاہسوار آیا' اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! بے شک میں چل کر آپ لوگوں کے پاس آیا ہوں حتیٰ کہ میں فلاں فلاں پہاڑ کو دیکھا' پس میں بنوہوازن کے پاس تھا' ان کے باپ کے اونٹ' ان کی سواریاں' چوپائے اور ان کی بکریاں جو حنین کے مقام پر اکٹھے ہیں' پس رسول کریم ﷺ نے تبسم فرمایا اور فرمایا: اگر اللہ نے چاہا تو وہ کل مسلمانوں کا مالِ غنیمت ہوں گی۔ پھر فرمایا: آج رات ہماری حفاظت کون کرے گا؟ پس حضرت انس بن ابومرثد غنوی نے عرض کی: میں کروں گا' اے اللہ کے رسول! آپ ﷺ نے فرمایا: سوار ہو! پس وہ اپنے گھوڑے پر سوار ہوا اور رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا تو رسول کریم ﷺ نے اسے فرمایا: اس گھاٹی کی طرف منہ کرلے حتیٰ کہ تُو اس کی بلندی والی طرف میں ہو' آج کی رات تو اپنی طرف سے دھوکہ نہ

5489- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد2صفحه93' رقم الحديث: 2433 .

تَكُونَ فِي أَعْلَاهُ، وَلَا تُغَرَّنَّ مِنْ قِبَلِكَ اللَّيْلَةَ، فَلَمَّا أَصْبَحْنَا خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى مُصَلَّاهُ، فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ قَالَ: هَلْ حَسَسْتُمْ فَارِسَكُمْ؟، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا حَسَسْنَاهُ، فَثَوَّبَ بِالصَّلَاةِ، فَجَعَلَ رَسُولُ اللَّهِ وَهُوَ فِي الصَّلَاةِ يَلْتَفِتُ إِلَى الشِّعْبِ، حَتَّى إِذَا قَضَى صَلَاتَهُ وَسَلَّمَ قَالَ: أَبْشِرُوا، فَقَدْ جَاءَ فَارِسُكُمْ، فَجَعَلْنَا نَنْظُرُ إِلَى خِلَالِ الشَّجَرِ فِي الشِّعْبِ، فَإِذَا هُوَ قَدْ جَاءَ، حَتَّى وَقَفَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنِّي انْطَلَقْتُ حَتَّى إِذَا كُنْتُ فِي أَعْلَا هَذَا الشِّعْبِ، حَيْثُ أَمَرَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا أَصْبَحْتُ طَلَعْتُ الشِّعْبَيْنِ كِلَيْهِمَا، فَنَظَرْتُ فَلَمْ أَرَ أَحَدًا، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَزَلْتَ اللَّيْلَةَ؟، فَقَالَ: لَا، إِلَّا مُصَلِّيًا أَوْ قَاضِيَ حَاجَةٍ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ أَوْجَبْتَ، فَلَا عَلَيْكَ أَنْ تَعْمَلَ بَعْدَهَا

کھانا۔ پس جب صبح ہوئی تو رسول کریم ﷺ نماز پڑھنے کی جگہ کی طرف تشریف لے چلے۔ پس آپ نے دو رکعتیں پڑھیں' پھر فرمایا: کیا تم اپنے شاہسوار کو محسوس کرتے ہو؟ پس ایک آدمی نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہم اسے محسوس نہیں کرتے۔ پس رسول کریم ﷺ نے نماز کیلئے تثویب کی۔ اس حال میں کہ رسول کریم ﷺ نماز میں تھے' آپ ﷺ اس گھاٹی کی طرف توجہ کرنے لگے حتیٰ کہ آپ ﷺ نماز پڑھ کر فارغ ہو گئے' فرمایا: تمہیں بشارت ہو! پس وہ تمہارا شاہسوار آ گیا ہے' پس ہم نے گھاٹی میں موجود درختوں کے درمیان سے دیکھنا شروع کر دیا تو ہم نے یوں دیکھا کہ وہ آ گیا ہے حتیٰ کہ وہ رسول کریم ﷺ کے پاس آ کر کھڑا ہو گیا۔ اس نے عرض کی: میں گیا' حتیٰ کہ میں اس گھاٹی کی اونچی طرف تھا جہاں کا آپ نے مجھے حکم دیا تھا' اے اللہ کے رسول! پس جب میں نے صبح کی تو میں دونوں گھاٹیوں کو اچھی طرح دیکھا' مجھے کوئی آدمی نظر نہ آیا۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: کیا تُو رات کو اپنی سواری سے اُترا؟ اس نے عرض کی: نہیں! مگر نماز پڑھی یا قضائے حاجت کی' تو رسول کریم ﷺ نے اس سے فرمایا: تُو نے (جنت اپنے اوپر) واجب کر لی' پس تیرے اوپر کوئی حرج نہیں خواہ اس کے بعد تُو کوئی نفلی عبادت نہ کرے۔

5490 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْبَاقِي

حضرت ربیعہ بن یزید فرماتے ہیں کہ حضرت

5490- الآحاد والمثاني جلد4 صفحه104' رقم الحديث: 2074.

الْمِصِّيصِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى، ثنا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، ثنا ابْنُ جَابِرٍ، حَدَّثَنِي رَبِيعَةُ بْنُ يَزِيدَ، قَالَ: قَدِمَ أَبُو كَبْشَةَ السَّلُولِيُّ دِمَشْقَ، فَسَأَلَهُ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَامِرٍ الْيَحْصَبِيُّ: مَا الَّذِي أَقْدَمَكَ، لَعَلَّكَ أَرَدْتَ أَنْ تَسْأَلَ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ؟ قَالَ: لَا وَاللَّهِ، لَا أَسْأَلُ أَحَدًا شَيْئًا بَعْدَ الَّذِي حَدَّثَنِي سَهْلُ ابْنُ الْحَنْظَلِيَّةِ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَاهُ عُيَيْنَةُ بْنُ بَدْرٍ الْفَزَارِيُّ، وَالْأَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ التَّمِيمِيُّ، فَسَأَلَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَعَا مُعَاوِيَةَ رَحِمَهُ اللَّهُ، فَأَمَرَهُ بِشَيْءٍ لَا أَدْرِي مَا هُوَ فَأَقْبَلَ مُعَاوِيَةُ بِصَحِيفَتَيْنِ يَحْمِلُهُمَا، فَأَلْقَى إِحْدَى الصَّحِيفَتَيْنِ إِلَى عُيَيْنَةَ، وَكَانَ أَحْلَمَ الرَّجُلَيْنِ، فَأَخَذَهَا فَرَبَطَهَا فِي عِمَامَتِهِ، وَأَلْقَى الْأُخْرَى إِلَى الْأَقْرَعِ بْنِ حَابِسٍ، قَالَ: مَا فِيهَا؟ قَالَ: فِيهَا الَّذِي أُمِرْتَ بِهِ، قَالَ: بِئْسَ وَافِدُ قَوْمٍ إِنْ أَنَا جِئْتُهُمْ بِصَحِيفَةٍ أَحْمِلُهَا لَا أَدْرِي مَا فِيهَا كَصَحِيفَةِ الْمُتَلَمِّسِ، قَالَ: وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُقْبِلٌ عَلَى رَجُلٍ يُحَدِّثُهُ، فَلَمَّا سَمِعَ مَقَالَتَهُ أَخَذَ الصَّحِيفَةَ فَفَضَّهَا، فَإِذَا بَعِيرٌ مُنَاخٌ، فَقَالَ: أَيْنَ صَاحِبُ هَذَا الْبَعِيرِ؟ فَابْتُغِيَ فَلَمْ يُوجَدْ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اتَّقُوا اللَّهَ فِي هَذِهِ الْبَهَائِمِ، كُلُوهَا سِمَانًا، وَارْكَبُوهَا صِحَاحًا، ثُمَّ مَضَى، حَتَّى دَخَلَ مَنْزِلَهُ،

ابوکبشہ سلولی' دمشق آئے۔ حضرت عبداللہ بن عامر یحصبی نے پوچھا: آپ کیوں آئے ہیں؟ ہوسکتا ہے کہ آپ امیرالمؤمنین عبدالملک بن مروان سے مانگنے کے لیے آئے ہوں؟ حضرت ابوکبشہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! نہیں! جب سے مجھے حضرت سہل بن حنظلیہ نے بتایا' میں نے اس کے بعد کسی سے کوئی شی نہیں مانگی ہے۔ حضرت ابن حنظلیہ نے فرمایا: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھا' آپ کے پاس حضرت عیینہ بن بدرالفزاری اور اقرع بن حابس تمیمی آئے' دونوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مانگا' آپ نے حضرت معاویہ کو بلوایا اور کسی شی کا حکم دیا' مجھے معلوم نہیں کہ کس شی کا حکم دیا' حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ دو صحیفے اُٹھا کر لائے' ایک حضرت عیینہ کو دیا' حضرت عیینہ بڑے برد بار تھے' آپ نے پکڑا اور اسے اپنے عمامہ میں باندھا' دوسرا اقرع بن حابس کو دیا' حضرت اقرع نے کہا: اس میں کیا ہے؟ کہا: اس میں وہ ہے جس کا آپ کو حکم دیا گیا ہے' کہا: بڑا ہے وہ وفد قوم کا' میں ان کے پاس صحیفہ لے کر آیا ہوں اُٹھا کر' مجھے معلوم نہیں کہ اس میں کیا ہے' جس طرح کہ مس کرنے والے کا صحیفہ ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس آدمی کو میرے پاس لاؤ۔ جب آپ نے اس کی گفتگو سنی تو اس صحیفہ کو پکڑا اور اسے کھولا' اس میں ایک اونٹ تھا' آپ نے فرمایا: اس کا مالک کون ہے؟ اس کو تلاش کیا گیا' وہ نہ ملا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ان جانوروں کے متعلق اللہ سے ڈرو' اچھی طرح کھلاؤ اور اچھی طرح

وَأَنَا مَعَهُ فَطَفِقَ يَقُولُ كَالْمُتَسَخِّطِ: مَنْ سَأَلَ النَّاسَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى، فَإِنَّمَا يَسْتَكْثِرُ مِنْ جَمْرِ جَهَنَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا ظَهْرُ الْغِنَى؟ قَالَ: أَنْ تَعْلَمَ أَنَّ عِنْدَ أَهْلِهِ مَا يُغَدِّيهِمْ أَوْ يُعَشِّيهِمْ

سوار ہو۔ پھر آپ گئے' اپنے گھر میں داخل ہوئے' میں آپ کے ساتھ تھا' آپ واپس آئے' اس انداز میں کہ گویا آپ ناراض ہیں' فرمایا: جو مال دار ہونے کے لیے مانگتا ہے' وہ جہنم کا انگارہ کثرت سے اکٹھا کرتا ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مال دار کتنی رقم سے ہوتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر اس کے گھر والوں کے پاس صبح وشام کا کھانا ہو تو وہ مال دار ہے۔

5491 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ بِشْرِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا الْقَاسِمُ الشَّامِيُّ، قَالَ: مَرَّ سَهْلُ ابْنُ الْحَنْظَلِيَّةِ عَلَى رَجُلٍ يُصَلِّي مُتَرَاخِيًا عَلَى الْقِبْلَةِ، فَقَالَ سَهْلٌ: تَقَدَّمْ إِلَى مُصَلَّاكَ، لَا يَقْطَعِ الشَّيْطَانُ صَلَاتَكَ، وَلَا أُحَدِّثُكَ إِلَّا مَا سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت قاسم شامی فرماتے ہیں کہ حضرت سہل بن حنظلیہ رضی اللہ عنہ ایک ایسے آدمی کے پاس سے گزرے جو قبلہ سے دور ہو کر نماز پڑھ رہا تھا' حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اپنے مصلّٰی کی طرف آگے ہو' تیری نماز شیطان توڑے گا نہیں' جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے' آپ کو وہی بتایا ہے۔

5492 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي رَحِمَهُ اللّٰهُ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ قَالَا: ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ أَبِي الرَّبِيعِ، عَنِ الْقَاسِمِ مَوْلَى مُعَاوِيَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ مَسْجِدَ دِمَشْقَ، فَرَأَيْتُ نَاسًا مُجْتَمِعِينَ، وَشَيْخًا يُحَدِّثُهُمْ، فَقُلْتُ: مَنْ هَذَا؟، قَالُوا: سَهْلُ ابْنُ الْحَنْظَلِيَّةِ، فَسَمِعْتُهُ، يَقُولُ:

حضرت معاویہ کے غلام حضرت قاسم فرماتے ہیں کہ میں دمشق کی مسجد میں داخل ہوا' میں نے کچھ لوگوں کو اکٹھے دیکھا' ایک بزرگ ان کو بیان کر رہے تھے' میں نے کہا: یہ بزرگ کون ہے؟ ان لوگوں نے کہا: سہل بن حنظلیہ! میں نے سنا وہ فرما رہے تھے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا' آپ نے فرمایا: جو گوشت کھائے وہ وضو کرے (مراد لغوی وضو' یعنی ہاتھ دھوئے اور کُلّی کرے' نہ کہ شرعی وضو مراد ہے)۔

5491- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد2صفحه59 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه بشر بن نمير وهو كذاب .

5492- احمد في مسنده جلد3صفحه180' جلد5صفحه289 رقم الحديث: 22544 .

سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ أَكَلَ لَحْمًا فَلْيَتَوَضَّأْ

5493 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، ثنا الْمُطْعِمُ بْنُ الْمِقْدَامِ الصَّنْعَانِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ، أَنَّهُ قَالَ لِابْنِ الْحَنْظَلِيَّةِ: حَدِّثْنَا حَدِيثًا سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْخَيْلُ مَعْقُودٌ فِي نَوَاصِيهَا الْخَيْرُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَأَهْلُهَا مُعَانُونَ عَلَيْهَا، وَمَنْ رَبَطَ فَرَسًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، كَانَتِ النَّفَقَةُ عَلَيْهِ كَالْمَادِّ يَدَهُ بِالصَّدَقَةِ لَا يَقْبِضُهَا

حضرت حسن بن ابوحسن فرماتے ہیں کہ ابن حنظلیہ سے کہا گیا: ہمیں حدیث سنائیں جو آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہو! حضرت ابن حنظلیہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت کے دن تک گھوڑے کی پیشانی میں بھلائی رکھ دی گئی ہے' گھوڑے کے مالک کی مدد کی جائے گی' جس نے اللہ کی راہ میں گھوڑا باندھا اور اللہ کی راہ میں باندھے جانے والے گھوڑے پرخرچ کرنے والا ایسے ہے جیسے صدقہ دینے والا صدقہ دینے کیلئے ہاتھ پھیلاتا ہے' تو اس کا ہاتھ کبھی بند نہیں ہوتا ہے۔

سَهْلُ بْنُ أَبِي حَثْمَةَ الْأَنْصَارِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الْمَدِينَةَ

حضرت سہل بن ابوحثمہ انصاری رضی اللہ عنہ آپ مدینہ آئے تھے

5494 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، وَحَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ كِلَاهُمَا عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا صَلَّى أَحَدُكُمْ إِلَى سُتْرَةٍ، فَلْيَدْنُ مِنْهَا، لَا يَقْطَعِ الشَّيْطَانُ صَلَاتَهُ

حضرت سہل بن ابوحثمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز پڑھے تو وہ سترہ آگے رکھ کر اس کے قریب ہو تاکہ شیطان اس کی نماز کو نہ توڑے۔

5493- الطبراني في مسند الشاميين جلد2صفحه58' رقم الحديث: 914 .

5494- أبو داؤد في سننه جلد1صفحه185' رقم الحديث: 695 .

5495 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، أَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، أَخْبَرَنِي بَشِيرُ بْنُ يَسَارٍ، أَنَّهُ: سَمِعَ سَهْلَ بْنَ أَبِي حَثْمَةَ يَقُولُ: وَجَدَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سَهْلٍ قَتِيلًا فِي فَقِيرٍ أَوْ قَلِيبٍ مِنْ فُقُرٍ، أَوْ قُلُبِ خَيْبَرَ، فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخُوهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَهْلٍ، وَعَمَّاهُ حُوَيِّصَةُ، وَمُحَيِّصَةُ، ابْنَا مَسْعُودٍ، فَذَهَبَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ يَتَكَلَّمُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْكُبْرَ الْكُبْرَ، فَتَكَلَّمَ مُحَيِّصَةُ، فَذَكَرَ مَقْتَلَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَهْلٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّا وَجَدْنَا عَبْدَ اللَّهِ بْنِ سَهْلٍ قَتِيلًا، وَإِنَّ الْيَهُودَ أَهْلُ كُفْرٍ وَغَدْرٍ، وَهُمُ الَّذِينَ قَتَلُوهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَتَحْلِفُونَ خَمْسِينَ يَمِينًا، وَتَسْتَحِقُّونَ صَاحِبَكُمْ أَوْ دَمَ صَاحِبِكُمْ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كَيْفَ نَحْلِفُ عَلَى مَا لَمْ نَحْضُرْ وَلَمْ نَشْهَدْ؟ قَالَ: فَتُبَرِّأُ إِلَيْكُمْ يَهُودُ بِخَمْسِينَ يَمِينًا، قَالُوا: كَيْفَ نَقْبَلُ أَيْمَانَ قَوْمٍ مُشْرِكِينَ؟ فَوَدَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِنْدِهِ، قَالَ سَهْلٌ: فَلَقَدْ رَكَضَتْنِي بَكْرَةٌ مِنْهَا

حضرت سہل بن ابوحثمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن سہل رضی اللہ عنہ کو ایک بے آباد جگہ یا بے آباد گڑھے میں یا خیبر کے کنویں میں مقتول پایا گیا' ان کے بھائی حضرت عبدالرحمٰن بن سہل کے چچا حضرت حویصہ اور محیصہ حضورﷺ کے پاس آئے' حضرت عبدالرحمٰن گفتگو کرنے لگے تو حضورﷺ نے فرمایا: بڑا گفتگو کرے۔ حضرت محیصہ نے گفتگو کی' حضرت عبداللہ بن سہل کے قتل کا ذکر کیا' عرض کی: یارسول اللہ! ہم نے حضرت عبداللہ بن سہل کو مقتول پایا' یہودی کافر اور دھوکہ باز ہیں' اُنہوں نے قتل کیا ہوگا۔ حضورﷺ نے فرمایا: تم پچاس مرتبہ قسم اُٹھاؤ تو تم اپنے ساتھی کے خون کے مستحق ہو۔ اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم کیسے گواہی دیں جبکہ ہم وہاں موجود ہی نہیں تھے' نہ ہم گواہ ہیں۔ آپﷺ نے فرمایا: پھر یہودی پچاس دفعہ قسم اُٹھا کر بری ہو جائیں گے۔ انہوں نے عرض کی: ہم مشرکوں کی قسم کیسے قبول کریں؟ رسول کریمﷺ نے اپنی طرف سے دیت ادا فرما دی' حضرت سہل نے فرمایا: ان اونٹوں میں سے ایک نے مجھے لات ماری۔

5496 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا

حضرت عبدالرحمٰن بن مسعود بن نیار فرماتے ہیں

5495- أخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد6صفحه2528' رقم الحديث: **6502**

5496- الترمذي في سننه جلد3صفحه35' رقم الحديث: **643** .

سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنِ مَسْعُودِ بْنِ نِيَارٍ قَالَ: كَانَ سَهْلُ بْنُ أَبِي حَثْمَةَ فِي مَجْلِسٍ لَنَا، فَحَدَّثَهُمْ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ لِلْخُرَّاصِ: خُذُوا وَدَعُوا الثُّلُثَ، فَإِنْ لَمْ تَدَعُوا -أَوْ قَالَ: تَجِدُوا- فَدَعُوا الرُّبُعَ

کہ حضرت سہل بن ابوحثمہ ہماری مجلس میں آتے تھے' اس کو بتاتے کہ حضورﷺ اندازہ کرنے والوں سے فرماتے تھے: پکڑو اور تہائی چھوڑ دو' اگر تم نہیں چھوڑو گے' یا فرمایا: تم پاؤ گے تو چوتھائی چھوڑ دو۔

سهل بن ابی حثمة الانصاري كان ينزل المدينة

5497 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ، وَرَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ أَنَّهُمَا حَدَّثَاهُ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَهْلٍ، وَمُحَيِّصَةَ بْنَ مَسْعُودٍ أَتَيَا خَيْبَرَ فِي حَاجَةٍ، فَتَفَرَّقَا فِي نَخْلِهَا، فَقُتِلَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَهْلٍ، فَأَتَى أَخُوهُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَهْلٍ، وَابْنَا عَمِّهِ مُحَيِّصَةُ وَحُوَيِّصَةُ، ابْنَا مَسْعُودٍ، فَبَدَأَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ فَتَكَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَبِّرِ الْكُبْرَ، يَقُولُ: يَبْدَأُ بِالْكَلَامِ الْأَكْبَرُ، وَكَانَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ أَكْبَرَ مِنْ صَاحِبَيْهِ، فَتَكَلَّمَا فِي قَتْلِ صَاحِبِهِمَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْتَحِقُّوا قَتِيلَكُمْ أَوْ صَاحِبَكُمْ بِأَيْمَانِ خَمْسِينَ مِنْهُمْ، فَقَالُوا: قَوْمٌ كُفَّارٌ، قَالَ: فَوَدَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ سَهْلٌ: فَأَدْرَكْتُ نَاقَةً مِنْ تِلْكَ الْإِبِلِ، فَرَكَضَتْنِي رَكْضَةً فِي مِرْبَدٍ لَهُمْ

حضرت رافع بن خدیج فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن سہل اور محیصہ بن مسعود دونوں خیبر میں ایک کام کے لیے آئے' دونوں کھجور کے باغ میں علیحدہ ہوئے' حضرت عبداللہ بن سہل کو شہید کیا گیا' ان کے بھائی حضرت عبدالرحمٰن بن سہل اور دونوں چچازاد حضرت محیصہ اور حویصہ حضورﷺ کے بیٹے آئے' حضرت عبدالرحمٰن نے گفتگو کرنا شروع کی' حضورﷺ نے فرمایا: بڑا گفتگو کرے! گفتگو بڑا شروع کرتا ہے۔ حضرت عبدالرحمٰن اپنے دونوں ساتھیوں سے بڑا تھا' دونوں نے اپنے ساتھی کے قتل کے متعلق گفتگو کی' حضورﷺ نے فرمایا: تم اپنے مقتول کے خون کے مستحق ہو جب تم پچاس مرتبہ قسم اُٹھاؤ۔ اُنہوں نے عرض کی: وہ کافر لوگ ہیں' حضورﷺ نے دیت ادا کی' حضرت سہل فرماتے ہیں: میں نے ان اونٹوں میں سے ایک اونٹنی پائی' مجھے تھان میں ایک اونٹ نے لات ماری۔

5498 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت سہل بن ابوحثمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

الْحَضْرَمِيُّ، وَثنَا عِلَّانُ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ مَاغَمَّهُ، قَالَا: ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ، ثنا قَيْسٌ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ قَالَ: خَرَجَ قَوْمٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقُتِلَ رَجُلٌ مِنْهُمْ، فَرُفِعَ ذَلِكَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: بَيِّنَتَكُمْ؟، قَالُوا: مَا لَنَا بَيِّنَةٌ، قَالَ: فَأَيْمَانَهُمْ؟، قَالُوا: إِذَنْ يَقْتُلُنَا يَهُودُ، ثُمَّ يَحْلِفُونَ، قَالَ: فَأَيْمَانُكُمْ أَنْتُمْ، قَالُوا: لَمْ نَشْهَدْ، فَوَدَاهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کہ انصار سے کچھ لوگ نکلے ان میں سے ایک آدمی شہید کیا گیا' اس کا معاملہ حضورﷺ کی بارگاہ میں پیش کیا گیا' آپ نے فرمایا: تمہارے پاس گواہ ہیں؟ اُنہوں نے عرض کی: ہمارے پاس تو گواہ نہیں ہیں۔ آپ نے فرمایا: قسم اُٹھاؤ گے؟ اُنہوں نے کہا: یہودیوں نے ہمارے آدمی کو قتل کیا' پھر حلف دینے لگے' آپ نے فرمایا: یہی تمہاری قسمیں ہیں' اُنہوں نے عرض کی: ہم وہاں موجود نہیں تھے' حضورﷺ نے دیت ادا کی۔

5499 - حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلَطِيُّ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عُبَيْدٍ الطَّائِيُّ، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ، أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ يُقَالُ لَهُ: سَهْلُ بْنُ أَبِي حَثْمَةَ أَخْبَرَهُ، أَنَّ نَفَرًا مِنْ قَوْمِهِ انْطَلَقُوا إِلَى خَيْبَرَ، فَتَفَرَّقُوا فِيهَا، فَوَجَدُوا أَحَدَهُمْ قَتِيلًا، فَقَالُوا لِلَّذِينَ وَجَدُوهُ عِنْدَهُمْ: قَتَلْتُمْ صَاحِبَنَا؟ فَقَالُوا: مَا قَتَلْنَاهُ، وَلَا عَلِمْنَا، فَانْطَلَقُوا إِلَى نَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: يَا نَبِيَّ اللَّهِ، انْطَلَقْنَا إِلَى خَيْبَرَ، فَوَجَدْنَا أَحَدَنَا قَتِيلًا، فَتَكَلَّمَ أَصْغَرُ الْقَوْمِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْكُبْرَ الْكُبْرَ، فَقَالَ لَهُمْ: تَأْتُونَ بِالْبَيِّنَةِ عَلَى مَنْ قَتَلَ، قَالُوا: مَا لَنَا مِنْ بَيِّنَةٍ، قَالَ: فَيَحْلِفُونَ لَكُمْ، قَالُوا: لَا نَرْضَى بِأَيْمَانِ الْيَهُودِ، فَكَرِهَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَبْطُلَ دَمُهُ، فَوَدَاهُ بِمِائَةٍ مِنْ إِبِلِ الصَّدَقَةِ

حضرت بشیر بن یسار سے روایت ہے کہ انصار سے ایک آدمی جس کا نام سہل بن ابوحثمہ تھا' اُس نے بتایا کہ کچھ لوگ ان کی قوم سے خیبر کی طرف گئے' وہ وہاں علیحدہ علیحدہ ہوئے' ان میں سے ایک قتل کیا ہوا پایا گیا جن کے پاس پایا گیا' ان سے اُنہوں نے کہا: تم نے ہمارے ساتھی کو قتل کیا ہے؟ اُنہوں نے کہا: ہم نے اسے قتل نہیں کیا نہ ہمیں علم ہے۔ یہ لوگ حضورﷺ کی طرف گئے' اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم خیبر کی طرف گئے تو ہم نے اپنے ایک آدمی کو مقتول پایا ہے۔ قوم میں سے چھوٹے نے گفتگو کی' حضورﷺ نے فرمایا: بڑا گفتگو کرے! ان سے فرمایا: جس نے قتل کیا اس حوالہ سے گواہ لاؤ' اُنہوں نے عرض کی: ہمارے پاس گواہ نہیں ہیں' آپ نے فرمایا: تم ان سے قسم لے لو' اُنہوں نے عرض کی: ہم یہودیوں کی قسم پر راضی نہیں' حضورﷺ نے خون کے ضائع ہونے کو ناپسند کیا'

آپ نے زکوٰۃ کے سواونٹ دیت کے دیئے۔

5500 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، ح وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِي لَيْلَى بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ أَنَّهُ أَخْبَرَهُ، عَنْ رِجَالٍ مِنْ كُبَرَاءِ قَوْمِهِ، أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ سَهْلٍ وَمُحَيِّصَةَ خَرَجَا إِلَى خَيْبَرَ مِنْ جَهْدٍ أَصَابَهُمْ، فَأَتَى مُحَيِّصَةُ، فَأُخْبِرَ أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ سَهْلٍ قَدْ قُتِلَ وَطُرِحَ فِي فَقِيرٍ أَوْ عَيْنٍ، فَأَتَى يَهُودَ، فَقَالَ: أَنْتُمْ وَاللهِ قَتَلْتُمُوهُ، قَالُوا: وَاللهِ مَا قَتَلْنَاهُ، ثُمَّ أَقْبَلَ، حَتَّى قَدِمَ عَلَى قَوْمِهِ فَذَكَرَ لَهُمْ ذَلِكَ، فَأَقْبَلَ هُوَ وَأَخُوهُ حُوَيِّصَةُ وَهُوَ أَكْبَرُ مِنْهُ وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَهْلٍ، فَذَهَبَ حُوَيِّصَةُ لِيَتَكَلَّمَ، وَهُوَ الَّذِي كَانَ بِخَيْبَرَ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمُحَيِّصَةَ: كَبِّرْ كَبِّرْ -يُرِيدُ السِّنَّ- فَتَكَلَّمَ حُوَيِّصَةُ، ثُمَّ تَكَلَّمَ مُحَيِّصَةُ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِمَّا أَنْ يَدُوا صَاحِبَكُمْ، وَإِمَّا أَنْ يَأْذَنُوا بِحَرْبٍ، فَكَتَبَ إِلَيْهِمْ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ذَلِكَ، فَكَتَبُوا: إِنَّا وَاللهِ مَا قَتَلْنَاهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحُوَيِّصَةَ وَمُحَيِّصَةَ، وَعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَهْلٍ: تَحْلِفُونَ وَتَسْتَحِقُّونَ دَمَ صَاحِبِكُمْ؟، فَقَالُوا: لَا، قَالَ: فَيَحْلِفُ لَكُمْ يَهُودُ؟، قَالُوا: لَيْسُوا بِمُسْلِمِينَ، فَوَدَاهُ رَسُولُ اللهِ

حضرت سہل بن ابوحثمہ رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ ان کی قوم کے بڑے لوگوں نے بتایا کہ حضرت عبداللہ بن سہل اور محیصہ دونوں محنت مزدوری کے لیے خیبر کی طرف گئے' حضرت محیصہ آئے' بتایا گیا کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو قتل کیا گیا اور کسی کنویں میں پھینک دیا گیا' یہود کے پاس آئے اور کہا: اللہ کی قسم! تم نے قتل کیا ہے' اُنہوں نے کہا: اللہ کی قسم! ہم نے قتل نہیں کیا' پھر آئے' اپنی قوم کے پاس اس کا ذکر کیا' یہ خود اور ان کے بھائی حضرت حویصہ جو ان سے بڑے تھے اور عبدالرحمٰن بن سہل آئے' حضرت حویصہ گفتگو کرنے لگے' وہ خیبر میں تھے' حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے محیصہ سے فرمایا: جو عمر میں بڑا ہے وہ گفتگو کرے۔ حضرت حویصہ نے گفتگو کی' پھر حضرت محیصہ نے گفتگو کی' حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے ساتھی کے خون کا مطالبہ کرتے ہو' حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان یہود کی طرف خط لکھا' یہود نے خط کا جواب لکھا کہ اللہ کی قسم! ہم نے قتل نہیں کیا۔ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت حویصہ اور محیصہ اور عبدالرحمٰن بن سہل سے فرمایا: تم قسم اُٹھاؤ! تم اپنے ساتھی کے خون کے مستحق ہو؟ اُنہوں نے کہا: ہم قسم نہیں اُٹھائیں گے۔ آپ نے فرمایا: پھر یہود قسم اُٹھائیں گے! اُنہوں نے عرض کی: وہ مسلمان نہیں ہیں' حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی طرف سے دیت دی' ان کو سواونٹ دیت کے دیئے' ان کے گھر داخل کیے۔ حضرت سہل فرماتے ہیں: ان میں

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِنْدِهِ، فَبَعَثَ إِلَيْهِمْ بِمِائَةِ نَاقَةٍ، حَتَّى أُدْخِلَتْ عَلَيْهِمْ فِي الدَّارِ، قَالَ سَهْلٌ: لَقَدْ رَكَضَتْنِي مِنْهَا نَاقَةٌ حَمْرَاءُ

سے ایک سرخ اونٹنی نے مجھے لات ماری۔

5501 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ خَوَّاتٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ، فِي صَلَاةِ الْخَوْفِ قَالَ: يَقُومُ الْإِمَامُ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ، وَتَقُومُ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ مِنْ قِبَلِ الْعَدُوِّ، وُجُوهُهُمْ إِلَى الْعَدُوِّ، فَيُصَلِّي بِالَّذِينَ مَعَهُ رَكْعَةً، ثُمَّ يَقُومُ، فَيَرْكَعُونَ لِأَنْفُسِهِمْ رَكْعَةً، وَيَسْجُدُونَ سَجْدَتَيْنِ فِي مَكَانِهِمْ، ثُمَّ يَذْهَبُ هَؤُلَاءِ إِلَى مَقَامِ أُولَئِكَ، فَيَجِيءُ أُولَئِكَ، فَيَرْكَعُ بِهِمْ رَكْعَةً، فَهِيَ لَهُ اثْنَتَانِ وَلَهُمْ وَاحِدَةٌ، ثُمَّ يَرْكَعُونَ لِأَنْفُسِهِمْ، وَيَسْجُدُونَ سَجْدَتَيْنِ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ صَالِحِ بْنِ خَوَّاتٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت سہل بن ابوحثمہ نمازِ خوف کے متعلق فرماتے ہیں کہ امام آگے کھڑا ہوگا' ایک گروہ دشمن کے مقابلہ میں کھڑا ہوگا' ان کے چہرے دشمن کی طرف ہوں گے' ایک گروہ امام کے ساتھ ایک رکعت پڑھے گا' پھر یہ کھڑے ہوں گے' دوسری رکعت خود پڑھیں گے' اپنی جگہ دو سجدہ کریں گے' پھر دشمن کے مقابلہ میں جائیں' وہ دشمن کے سامنے والا گروہ آئے' امام ان کو ایک رکعت پڑھائے گا' امام کی دو رکعت ہو جائیں گی اور ان کی ایک ایک' پھر یہ خود ایک رکعت پڑھیں گے اور دو سجدہ کریں گے۔ حضرت سہل بن ابوحثمہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

5502 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي

حضرت سہل بن ابوحثمہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے کھجور کے بدلے کھجور بیع کرنے سے منع کیا اور عرایا کو اندازے سے فروخت کرنے کی اجازت دی اور مالک کو تازہ کھجوریں کھانے کی اجازت دی۔

5501- البخاری فی صحیحه جلد4صفحه1514' رقم الحدیث: 3902 .

5502- أخرج نحوه البخاری فی صحیحه جلد2صفحه764' رقم الحدیث: 2079 .

حَثْمَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ التَّمْرِ بِالتَّمْرِ، وَرَخَّصَ فِي الْعَرَايَا أَنْ يُبَاعَ بِخَرْصِهَا، يَأْكُلُهَا أَهْلُهَا رُطَبًا

بات رسول کریم ﷺ سے پوچھو! پس حضرت عاصم نے رسول کریم ﷺ سے سوال کیا تو رسول کریم ﷺ نے اس طرح کے سوالات کو ناپسند فرمایا اور ان کو معیوب جانا۔ پس حضرت عاصم نے حضرت عویمر کو بات بتا دی تو عویمر نے کہا: قسم بخدا! میں خود رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں جاؤں گا۔ پس وہ آئے اتنے میں قرآن نازل ہو چکا تھا' پس اُنہوں نے رسول کریم ﷺ سے سوال کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: تحقیق تم دونوں کے بارے قرآن نازل ہوا ہے' پس اُنہوں نے آگے ہو کر لعان کیا' پھر عرض کی: اگر اس عورت کو میں اپنے پاس رکھوں تو میں نے اس پر جھوٹی تہمت لگائی ہے۔ پس حضرت عویمر نے اسے فارغ کر دیا حالانکہ رسول کریم ﷺ نے اسے حکم نہیں دیا تھا کہ وہ اسے جدا کر دے' پس دو لعان کرنے والوں کے درمیان یہی طریقہ بن گیا اور رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اب سب مل کر اس عورت کو دیکھنا' پس اگر تو وہ ہلکا سرخ اور کوتاہ قد گویا کہ وہ چھپکلی جیسا جانور ہے (یا چھوٹا اونٹ) تو میرا خیال ہے کہ اس آدمی نے اس عورت پر جھوٹ بولا اور اگر وہ کالا سیاہ' موٹی آنکھوں اور موٹی سرین والا بچہ جنے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس مرد نے اس عورت کے خلاف سچ کہا' پس وہ اسی مکروہ صفت والا بچہ لائی۔

أَبُو غَسَّانَ مُحَمَّدُ

حضرت ابوغسان محمد بن مطرف

بْنُ مُطَرِّفٍ عَنْ أَبِي حَازِمٍ

حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5646 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا أَبُو غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، ثنا أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَوْضِعُ سَوْطٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک کوڑے کے برابر جگہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

5647 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ أَنَّهُ: سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مِنْبَرِي عَلَى تُرْعَةٍ مِنْ تُرَعِ الْجَنَّةِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول کریم ﷺ سے سنا کہ آپ فرما رہے تھے: میرا منبر جنت کی نہروں میں (یا دروازوں میں) سے ایک نہر (یا دروازے) کے اوپر ہے۔

5648 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: أُتِيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَدَحٍ فَشَرِبَ، وَعَنْ يَمِينِهِ غُلَامٌ مِنْ أَصْغَرِ الْقَوْمِ، وَالْأَشْيَاخُ عَنْ يَسَارِهِ، فَقَالَ: يَا غُلَامُ أَتَأْذَنُ لِي أَنْ أُعْطِيَهِ الْأَشْيَاخَ؟، قَالَ: مَا كُنْتُ لِأُوثِرَ بِفَضْلٍ فِيكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ، فَأَعْطَاهُ إِيَّاهُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس پینے کے لیے پانی لایا گیا تو آپ نے اس سے پیا' آپ کی دائیں جانب بچہ تھا اور بائیں طرف بزرگ تھے' آپ نے بچہ سے فرمایا: کیا تم مجھے اجازت دو گے کہ ان بزرگوں کو دوں؟ اس بچہ نے عرض کی: اللہ کی قسم! یارسول اللہ! میں اپنے حصہ پر کسی کو ترجیح نہیں دوں گا۔ حضور ﷺ نے اس کے ہاتھ میں رکھا۔

5649 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ امْرَأَةً عَرَضَتْ نَفْسَهَا عَلَى

حضرت ابوحازم سے مروی ہے کہ وہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک عورت نے رسول کریم ﷺ پر اپنا آپ پیش کیا تو قوم

5647- أحمد في مسنده جلد5صفحه335' رقم الحديث: 22892 .

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: زَوِّجْنِيهَا، فَقَالَ: مَا عِنْدَكَ؟، قَالَ: مَا عِنْدِي شَيْءٌ، قَالَ: اذْهَبْ فَالْتَمِسْ وَلَوْ خَاتَمًا مِنْ حَدِيدٍ، فَذَهَبَ، ثُمَّ رَجَعَ، فَقَالَ: لَا وَاللّٰهِ مَا وَجَدْتُ شَيْئًا، وَلَا خَاتَمَ حَدِيدٍ، وَلَكِنْ هَذَا إِزَارِي، لَهَا نِصْفُهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَصْنَعُ بِإِزَارِكَ إِنْ لَبِسَتْهُ لَمْ يَكُنْ عَلَيْهَا مِنْهُ شَيْءٌ، وَإِنْ لَبِسْتَهُ لَمْ يَكُنْ عَلَيْكَ مِنْهُ شَيْءٌ، فَجَلَسَ الرَّجُلُ، حَتَّى طَالَ مَجْلِسُهُ، فَرَآهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَعَاهُ أَوْ جِيءَ بِهِ، فَقَالَ لَهُ: مَاذَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ؟، قَالَ: مَعِي سُورَةُ كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ أَنْكَحْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ

میں سے ایک آدمی نے عرض کی: اس کا نکاح مجھ سے فرما دیں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تیرے پاس کیا ہے؟ اس نے عرض کی: میرے پاس کوئی چیز نہیں؟ فرمایا: جا کر تلاش کر اگرچہ لوہے کی انگوٹھی ہو۔ پس وہ گیا پھر لوٹا اور عرض کی: نہیں! قسم بخدا! میں نے کوئی چیز نہیں پائی لوہے کی انگوٹھی بھی نہیں لیکن یہ میرا تہبند ہے کہ آدھا اس کو دے سکتا ہوں۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ تیرے تہبند کو کیا کرے گی کہ اگر تُو نے اس کو زیب تن کر لیا تو اس پر تو کوئی شی نہ ہوگی اور اگر وہ پہن لے تو تیرے اوپر کوئی شی نہ ہوگی۔ پس وہ آدمی بیٹھ گیا حتیٰ کہ کافی دیر بیٹھا رہا' پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو دیکھ کر بلایا حتیٰ کہ اسے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں لیا گیا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے فرمایا: قرآن میں سے کیا پڑھا ہے؟ اس نے عرض کی: فلاں فلاں سورت مجھے یاد ہے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے تیرا نکاح اس سے کر دیا' بدلے اس کے جو تجھے قرآن یاد ہے۔

5650 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِي سَبْعُونَ أَلْفًا - أَوْ سَبْعُمِائَةِ أَلْفٍ -، آخِذٌ بَعْضُهُمْ بِبَعْضٍ، حَتَّى يَدْخُلَ أَوَّلُهُمْ وَآخِرُهُمُ الْجَنَّةَ، وُجُوهُهُمْ عَلَى

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری اُمت کے ستر ہزار یا فرمایا: سات لاکھ جنت میں داخل ہوں گے' ایک دوسرے کو پکڑ کر' حتیٰ کہ ان کے اوّل سے آخر تک جنت میں داخل ہو جائیں گے' ان کے چہرے چودھویں رات کے چاند کی طرح ہوں گے۔

5650- مسلم جلد 1 صفحه 198' رقم الحديث: 219 . والبخاري جلد 3 صفحه 1186 رقم الحديث: 3075' جلد 5 صفحه 2399 رقم الحديث: 6187 .

صُورَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ

5651 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أَنَا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، مَنْ مَرَّ عَلَيَّ شَرِبَ، وَمَنْ شَرِبَ لَمْ يَظْمَأْ أَبَدًا، لَيَرِدَنَّ عَلَيَّ أَقْوَامٌ أَعْرِفُهُمْ وَيَعْرِفُونِي، ثُمَّ يُحَالُ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تمہارا حوض پر انتظار کروں گا' جو میرے پاس سے گزرے گا وہ پیئے گا' جو پیئے گا وہ کبھی بھی پیاسا نہیں ہو گا' میرے حوض پر کچھ لوگ ایسے آئیں گے کہ جن کو میں اور وہ مجھے جانتے ہوں گے' وہ میرے اور ان کے درمیان پردے حائل ہوں گے۔

5652 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَرْيَمَ، ثنا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَجُلًا كَانَ مِنْ أَعْظَمِ الْمُسْلِمِينَ غَنَاءً عَنِ الْمُسْلِمِينَ فِي غَزْوَةٍ غَزَاهَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَظَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ النَّارِ فَلْيَنْظُرْ إِلَى هَذَا، فَاتَّبَعَهُ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ وَهُوَ عَلَى تِلْكَ الْحَالِ مِنْ أَشَدِّ النَّاسِ عَلَى الْمُشْرِكِينَ حَتَّى جُرِحَ، فَاسْتَعْجَلَ الْمَوْتَ، فَأَخَذَ ذُبَابَ سَيْفِهِ، فَجَعَلَهُ بَيْنَ ثَدْيَيْهِ، حَتَّى خَرَجَ مِنْ بَيْنِ كَتِفَيْهِ فَأَقْبَلَ الرَّجُلُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْرِعًا، فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُولُ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَمَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مسلمانوں میں سب سے زیادہ مال دار ایک آدمی ایک غزوہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جہاد کرتا تھا' اس کو رسول اللہ ﷺ نے دیکھا' آپ نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ وہ جہنمی انسان دیکھے تو وہ اس کو دیکھ لے' لوگوں میں سے ایک آدمی اس کے پیچھے چلا' وہ اسی حالت پر تھا اور مشرکوں پر سب سے زیادہ طاقت والا تھا' وہ زخمی کیا گیا' اس نے موت کی جلدی کی' اس نے تلوار کی نوک پکڑی اور اسے اپنے سینے پر رکھا' وہ دونوں پستانوں کے درمیان سے نکالی' وہ آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس جلدی آیا' اُس نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا ہوا؟ اس نے عرض کی: آپ نے فرمایا تھا کہ جس کو پسند ہو کہ وہ

5652- أخرج نحوه مسلم جلد **1** صفحه **106** رقم الحديث: **112**' جلد **3** صفحه **1061** رقم الحديث: **2742**' جلد **4** صفحه **1539** رقم الحديث: **3966**' جلد **4** صفحه **1541** رقم الحديث: **3870**' جلد **5** صفحه **2381** رقم الحديث: **6128**' جلد **6** صفحه **2436** رقم الحديث: **6233**.

ذَاكَ؟ ، قَالَ: قُلْتَ: مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ النَّارِ فَلْيَنْظُرْ إِلَى هَذَا وَكَانَ مِنْ أَعْظَمِنَا غَنَاءً عَنِ الْمُسْلِمِينَ، فَعَرَفْتُ أَنَّهُ لَا يَمُوتُ عَلَى ذَلِكَ، فَلَمَّا جُرِحَ اسْتَعْجَلَ الْمَوْتَ، فَقَتَلَ نَفْسَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذَلِكَ: إِنَّ الْعَبْدَ لَيَعْمَلُ عَمَلَ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَإِنَّهُ لَمِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ وَإِنَّهُ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالْخَوَاتِيمِ

جہنمی انسان دیکھے تو وہ اس کو دیکھ لے۔ یہ مسلمانوں میں سے سب سے زیادہ مال دار تھا' مجھے یقین ہوگیا کہ یہ ایسے ہی مرے گا (جس طرح آپ نے فرمایا)' جب اس کو زخمی کیا گیا تو اس نے موت کی جلدی کی اور اپنے آپ کو مار دیا۔ حضور ﷺ نے اس وقت فرمایا: ایک بندہ دنیا میں جنت والے عمل کرتا ہے لیکن ہوتا وہ جہنمی ہے اور ایک جہنم والے عمل کرتا ہے لیکن ہوتا وہ جنتی ہے' اعمال کا دارومدار خاتمہ پر ہے۔

أبو غسان محمد بن مطرف عن أبي حازم

5653 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبُرْدَةٍ، فَقَالَ سَهْلٌ لِلْقَوْمِ: أَتَدْرُونَ مَا الْبُرْدُ؟ قَالَ الْقَوْمُ: هِيَ شَمْلَةٌ مَنْسُوجَةٌ، فِيهَا حَاشِيَتُهَا، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ: جِئْتُ أَكْسُوكَ هَذِهِ، فَأَخَذَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُحْتَاجًا إِلَيْهَا، فَلَبِسَهَا، فَرَآهَا عَلَيْهِ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا أَحْسَنَ هَذِهِ فَاكْسُنِيهَا؟ فَقَالَ: نَعَمْ ، فَلَمَّا قَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَامَهُ أَصْحَابُهُ، فَقَالُوا: مَا أَحْسَنْتَ حِينَ رَأَيْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَذَهَا مُحْتَاجًا إِلَيْهَا، ثُمَّ سَأَلْتَهُ إِيَّاهَا، وَقَدْ عَرَفْتَ أَنَّهُ لَا يُسْأَلُ شَيْئًا فَيَمْنَعُهُ، قَالَ: وَاللَّهِ مَا حَمَلَنِي عَلَى ذَلِكَ إِلَّا رَجَوْتُ بَرَكَتَهَا حِينَ لَبِسَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت رسول اللہ ﷺ کے پاس چادر لے کر آئی' حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے کہا: تم جانتے ہو کہ یہ کیا چادر ہے؟ لوگوں نے کہا: وہ بُنی ہوئی چادر ہے' جس میں حاشیہ ہے۔ اس عورت نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ کے لیے لائی ہوں تاکہ آپ پہنیں۔ رسول اللہ ﷺ نے اس کو پکڑا' آپ کو اس کی ضرورت بھی تھی' اسے پہنا تو صحابہ میں سے کسی نے آپ پر چادر دیکھی' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ کتنی اچھی چادر ہے' مجھے پہنا دیں؟ آپ نے فرمایا: ٹھیک ہے! جب رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے تو صحابہ کرام نے اشارہ کیا: تُو نے اچھا نہیں کیا' تجھے علم ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو اس کی ضرورت تھی' پھر بھی تم نے مانگ لی' تمہیں یہ بھی معلوم ہے کہ آپ ﷺ مانگنے والے کو منع نہیں کرتے ہیں۔ اس آدمی نے کہا: اللہ کی قسم! میں نے اس لیے لی ہے کہ جب رسول

لَعَلِّي أُكَفَّنُ فِيهَا

اللہ ﷺ نے پہن لی تو برکت ہوگی اور میں نے اسے اپنے کفن کے لیے رکھا ہے۔

5654 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أَنَا أَبُو غَسَّانَ، ثنا أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّهُ كَانَ بَيْنَ الْمَسْجِدِ مِمَّا يَلِي الْقِبْلَةَ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ مَمَرُّ الشَّاةِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مسجد کا وہ حصہ جو قبلہ سے ملا ہوا اور قبلہ کے درمیان والی جگہ بکری گزر سکتی ہے۔

5655 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أَنَا أَبُو غَسَّانَ، ثنا أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجُمُعَةَ، ثُمَّ تَكُونُ الْقَائِلَةُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جمعہ پڑھتے تھے پھر ہم قیلولہ کرتے۔

5656 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أَنَا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَتْ مِنَّا امْرَأَةٌ فِينَا تَجْعَلُ فِي مَزْرَعَةٍ لَهَا سِلْقًا، وَكَانَتْ إِذَا كَانَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ، تَنْزِعُ أُصُولَ السِّلْقِ فَتَجْعَلُهُ فِي قِدْرٍ، ثُمَّ تَجْعَلُ عَلَيْهِ قَبْضَةً مِنْ شَعِيرٍ تَطْبُخُهُ، فَيَكُونُ أُصُولُ السِّلْقِ غُرَافَةً، قَالَ سَهْلٌ: فَكُنَّا نَنْصَرِفُ إِلَيْهَا مِنْ صَلَاةِ الْجُمُعَةِ فَنُسَلِّمُ عَلَيْهَا، فَتُقَرِّبُ ذَلِكَ الطَّعَامَ إِلَيْنَا، فَكُنَّا نَتَمَنَّى يَوْمَ الْجُمُعَةِ لِطَعَامِهَا ذَلِكَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمارے ہاں ہم میں سے ایک عورت تھی' اس کی کھیتی میں سلق تھی' جب جمعہ کا دن ہوتا تھا تو وہ سلق (ایک قسم کی سبزی) کی جڑیں ہنڈیا میں ڈالتی تھی' پھر اس میں ایک مٹھی جو ڈالتی' سلق کی جڑیں اُبل رہی ہوتی تھی' ہم نمازِ جمعہ پڑھ کر اس کو سلام کرتے تو وہ ہمارے پاس کھانا لاتی' ہمیں جمعہ کے دن اس کھانے کی تمنا ہوتی تھی۔

5657 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أَنَا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اُحد کے دن رسول اللہ ﷺ کے سرِ انور پر چوٹ آئی'

5655- أخرجه البخاری جلد1صفحه318' رقم الحديث: 899 .

5656- أخرج نحوه البخاری جلد1صفحه317' رقم الحديث: 896 .

سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: هُشِّمَتِ الْبَيْضَةُ عَلَى رَأْسِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَومَ أُحُدٍ، وَكُسِرَتْ رَبَاعِيَتُهُ، وَجُرِحَ وَجْهُهُ، فَكَانَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَغْسِلُ عَنْهُ الدَّمَ، وَعَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَأْتِيهَا بِالْمَاءِ، فَلَمَّا أَصَابَ الْجُرْحَ الْمَاءُ، كَثُرَ دَمُهُ فَلَمْ يَرْقَأِ الدَّمُ، حَتَّى أَخَذَتْ قِطْعَةً مِنْ حَصِيرٍ، فَأَحْرَقَتْهُ حَتَّى عَادَ رَمَادًا، ثُمَّ جَعَلَتْ عَلَى الْجُرْحِ، فَرَقَأَ الدَّمُ

آپ کے دانت مبارک ٹوٹے اور چہرۂ انور زخمی ہوا۔ حضرت سیدہ فاطمہ بنت رسول اللہ رضی اللہ عنہا نے آپ کے چہرے سے خون دھویا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ پانی لاتے تھے' جب زخم کو پانی سے صاف کیا گیا تو خون زیادہ ہوا' وہ بند نہیں ہو رہا تھا' چٹائی کا ایک ٹکڑا تھا اُسے جلایا گیا' یہاں تک کہ اس کی راکھ بن گئی' وہ اس زخم پر رکھی گئی' اس زخم سے خون آنا بند ہوا۔

ابو غسان محمد بن مطرف عن ابی حازم

5658 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أَنَا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْسَلَ إِلَى امْرَأَةٍ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ، وَكَانَ لَهَا عَبْدٌ نَجَّارٌ، فَقَالَ لَهَا: مُرِي عَبْدَكِ، فَلْيَعْمَلْ لِي أَعْوَادًا كَالْمِنْبَرِ، فَأَمَرَتْ عَبْدَهَا، فَذَهَبَ إِلَى الْغَابَةِ، فَقَطَعَ مِنَ الطَّرْفَاءِ، فَصَنَعَ لَهُ مِنْبَرًا، فَلَمَّا قَضَاهُ، أَرْسَلَتْ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَضَاهُ، قَالَ: فَأَرْسِلْ بِهِ إِلَيَّ، فَجَاءُوا بِهِ إِلَيْهِ، فَاحْتَمَلَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَضَعَهُ حَيْثُ تَرَوْنَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مہاجرین میں سے ایک عورت کی طرف پیغام بھیجا' اس عورت کا غلام ترکھان تھا' آپ نے اس عورت کو کہا: اپنے غلام کو حکم دو کہ میرے منبر کی طرح سیڑھیاں بنائے۔ عورت نے اپنے غلام کو حکم دیا تو وہ جنگل کی طرف گیا' اس نے لکڑیاں کاٹیں' اس کا منبر بنایا' جب بنایا تو اُس عورت نے رسول اللہ ﷺ کی طرف پیغام بھیجا کہ منبر بن گیا ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو میری طرف بھیج دو! وہ منبر آپ کے پاس لایا گیا تو حضور ﷺ نے جس وقت اسے دیکھا تو اسے اُٹھوا کر اس جگہ رکھوایا جہاں تم دیکھتے ہو۔

5659 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أَنَا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: (وَكُلُوا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: کھاؤ پیو یہاں تک کہ تمہارے لیے سفید دھاگہ واضح ہو جائے کالے دھاگے سے' من

5659- أخرجه مسلم جلد2 صفحه767' رقم الحديث: 1091 .

وَاشْرَبُوا حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ) (البقرة: 187) ، وَلَمْ يَنْزِلْ مِنَ الْفَجْرِ، فَكَانَ رِجَالٌ إِذَا أَرَادُوا الصَّوْمَ، رَبَطَ أَحَدُهُمْ فِي رِجْلَيْهِ الْخَيْطَ الْأَسْوَدَ وَالْخَيْطَ الْأَبْيَضَ، فَلَا يَزَالُ يَأْكُلُ وَيَشْرَبُ حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَهُ أَيُّهُمَا، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَى بَعْدَ ذَلِكَ: (مِنَ الْفَجْرِ) (البقرة: 187) ، فَعَلِمُوا أَنَّمَا يَعْنِي بِذَلِكَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ

الفجر کے الفاظ نہیں اترے' لوگ جب روزہ رکھنے کا ارادہ کرتے تو ان میں سے کچھ ایک پاؤں پر سفید دھاگہ اور دوسرے پر کالا دھاگہ باندھتے اور کھاتے پیتے رہتے یہاں تک کہ دونوں واضح ہو جائیں' اللہ تعالیٰ نے اس کے بعد یہ آیت نازل فرمائی: ''فجر تک'' وہ اس پر عمل کرنے لگے' یعنی مراد ہے: رات اور دن۔

5660 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: ذُكِرَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْرَأَةٌ مِنَ الْعَرَبِ، فَأَمَرَ أَبَا أُسَيْدٍ السَّاعِدِيَّ أَنْ يُرْسِلَ إِلَيْهَا، فَأَرْسَلَ إِلَيْهَا فَقَدِمَتْ، فَنَزَلَتْ عَلَى بَنِي سَاعِدَةَ، قَالَ: وَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى جَاءَهَا، فَلَمَّا كَلَّمَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ، قَالَ: قَدْ أَعَاذَكِ مِنِّي ، فَقَالُوا لَهَا: تَدْرِينَ مَنْ هَذَا؟ هَذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ لِيَخْطُبَكِ، قَالَتْ: إِنْ كُنْتُ أَشْقَى مِنْ ذَلِكَ .قَالَ سَهْلٌ: فَأَقْبَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ حَتَّى جَلَسَ فِي سَقِيفَةِ بَنِي سَاعِدَةَ هُوَ وَأَصْحَابُهُ، ثُمَّ قَالَ: اسْقِنَا يَا أَبَا سَعْدٍ ، قَالَ: فَأَخْرَجْتُ لَهُمْ هَذَا الْقَدَحَ، فَسَقَيْتُهُمْ فِيهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاں عرب کی ایک عورت کا ذکر کیا گیا تو آپ نے حضرت ابواُسید الساعدی رضی اللہ عنہ کو اُس کی طرف جانے کا حکم دیا' حضرت ابواُسید رضی اللہ عنہ اُس کی طرف گئے' وہ عورت بنی ساعدہ کے پاس آئی' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی نکلے' یہاں تک کہ اس کے پاس پہنچے' اس نے کہا: اللہ عزوجل آپ سے مجھ کو بچائے! آپ نے فرمایا: اللہ نے تم کو مجھ سے بچایا ہے! بنوساعدہ والوں نے کہا: تم جانتی ہو کہ یہ کون ہیں؟ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں' تمہیں نکاح کا پیغام دینے کے لیے آئے تھے' اس نے کہا: میں تو بدبخت تھی۔ حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے صحابہ اس دن بنی ساعدہ کے صحن میں بیٹھے' پھر آپ نے فرمایا: اے ابوسعد! ہمیں پانی پلاؤ! میں نے آپ کے لیے پیالہ نکالا' میں نے ان کو پلایا۔ حضرت ابوحازم فرماتے ہیں:

5660- أبو عوانة في مسنده جلد**5**صفحه**135**' رقم الحديث: **8125** .

قَالَ أَبُو حَازِمٍ: فَأَخْرَجَ لَنَا سَهْلٌ ذَلِكَ الْقَدَحَ، فَشَرِبْنَا فِيهِ، ثُمَّ اسْتَوْهَبَهُ بَعْدَ ذَلِكَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ رَحِمَهُ اللّٰهُ، فَوَهَبَهُ لَهُ

حضرت سہل نے ہمارے ہاں پیالہ نکالا' ہم نے اس میں پیا' پھر اس کے بعد حضرت عمر بن عبدالعزیز نے تحفہ مانگا' حضرت سہل نے تحفہ دے دیا۔

5661 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: أُتِيَ بِالْمُنْذِرِ بْنِ أَبِي أُسَيْدٍ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ وُلِدَ، فَوَضَعَهُ عَلَى فَخِذِهِ وَأَبُو أُسَيْدٍ جَالِسٌ، قَالَ: فَلَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَيْءٍ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَأَمَرَ أَبُو أُسَيْدٍ بِابْنِهِ، فَاحْتُمِلَ مِنْ عِنْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَقْلَبُوهُ فَاشْتَاقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَيْنَ الصَّبِيُّ؟ ، قَالَ أَبُو أُسَيْدٍ أَقْلَبْنَاهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: مَا اسْمُهُ؟ ، قَالَ: فُلَانٌ، قَالَ: لَا وَلَكِنِ اسْمُهُ الْمُنْذِرُ ، فَسَمَّاهُ يَوْمَئِذٍ الْمُنْذِرَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ منذر بن ابواُسید کو رسول اللہ ﷺ کے پاس لایا گیا' جس وقت ان کی ولادت ہوئی' انہیں آپ کی ران پر بٹھایا گیا' جبکہ حضرت اُبواُسید بیٹھے ہوئے تھے' حضور ﷺ کے آگے کوئی شی تھی' حضرت ابواُسید نے اپنے بیٹے کو اُٹھانے کا کسی کو حکم دیا' حضور ﷺ کے پاس سے اسے اُٹھا لیا گیا' لوگوں نے اسے پلٹا دیا' حضور ﷺ کو ملنے کا شوق ہوا' آپ نے فرمایا: بچہ کہاں ہے؟ حضرت ابواُسید نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم اسے لے گئے ہیں' آپ نے فرمایا: اس کا کیا نام رکھا ہے؟ عرض کی: فلاں! آپ ﷺ نے کہا: نہیں! اس کا نام منذر ہے' اس دن سے اس کا نام منذر رہوا۔

5662 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أَنَا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: لَمَّا عَرَّسَ، أَبُو سَهْلٍ أُسَيْدٌ السَّاعِدِيُّ، دَعَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابَهُ، وَصَنَعَ لَهُمْ طَعَامًا، وَمَا قَرَّبَهُ إِلَيْهِمْ إِلَّا امْرَأَتُهُ أُمُّ أُسَيْدٍ، وبَلَّتْ تَمَرَاتٍ مِنَ اللَّيْلِ فِي تَوْرٍ مِنْ حِجَارَةٍ، فَلَمَّا فَرَغَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوسہل اُسید الساعدی کی شادی ہوئی' حضور ﷺ اور آپ کے صحابہ کو بلوایا' آپکے لیے کھانا رکھا گیا' آپ کے آگے کھانا رکھنے کے لیے اُم اُسید تھیں' رات کو کھجوریں پتھر کے برتن میں تر کر کے رکھی گئی تھیں' جب حضور ﷺ کھانے سے فارغ ہوئے تو ان کھجوروں کو لایا گیا' آپ نے نوش کیا۔

5661- مسلم جلد3صفحه1692 رقم الحديث: 2149 . والبخاری جلد5صفحه2289 رقم الحديث: 5838 .

5662- البيهقی فی سننه الكبرىٰ جلد8صفحه300 .

وَسَلَّمَ مِنَ الطَّعَامِ، أَتَتْهُ بِهِ فَسَقَتْهُ

5663 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فِي الْجَنَّةِ ثَمَانِيَةُ أَبْوَابٍ، بَابٌ مِنْهَا يُسَمَّى الرَّيَّانَ، لَا يَدْخُلُهُ إِلَّا الصَّائِمُونَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت کے آٹھ دروازے ہیں' ایک دروازہ کا نام ریان ہے' اس میں روزے دار ہی داخل ہوں گے۔

5664 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: سَأَلْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ: هَلْ رَأَيْتُمْ فِي زَمَانِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَقِيَّ الْبُرِّ؟ قَالَ: لَا، قَالَ أَبُو حَازِمٍ: فَقُلْتُ: كَيْفَ كُنْتُمْ تَنْخُلُونَ الشَّعِيرَ؟ قَالَ: لَا، وَلَكِنَّا كُنَّا نَنْفُخُهُ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ میں نے سہل بن سعد سے پوچھا: کیا تم نے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں گندم کو صاف کرتے دیکھا ہے؟ حضرت ابوحازم نے فرمایا: نہیں! حضرت ابوحازم نے کہا: میں نے عرض کی: تم جَو کیسے صاف کرتے ہو؟ کہا: نہیں کرتے تھے بلکہ پھونکیں مار کر اسے صاف کر لیتے تھے۔

5665 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ مُكْرَمٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، قَالَا: ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا أَبُو غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَرَوْحَةٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَوْ غَدْوَةٌ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ کی راہ میں ایک صبح کرنا دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

5666 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا أَبُو غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی اعمال کرتا ہے' لوگ

5664- أخرج نحوه البخاري جلد5صفحه2065' رقم الحديث: 5094 .

5665- أخرج نحوه البخاري جلد3صفحه1029' رقم الحديث: 2643 .

5666- أورد نحوه ابن الجعد في مسنده جلد1صفحه429' رقم الحديث: 2929 .

مُطَرِّفٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ فِيمَا يَرَى النَّاسُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَإِنَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَإِنَّهُ لَيَعْمَلُ فِيمَا يَرَى النَّاسُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ، وَإِنَّهُ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وإِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالْخَوَاتِيمِ

اس کواعمال کرنے کی وجہ سے جنتی جانتے ہیں لیکن وہ جہنمی ہوتا ہے اور ایک آدمی عمل کرتا ہے اور لوگ اُس کے اعمال کی وجہ سے اُسے جہنمی سمجھتے ہیں لیکن وہ جنتی ہوتا ہے اعمال کا دارومدار خاتمہ پر ہے۔

ابو غسان محمد بن مطرف عن ابی حازم

5667 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، وَزَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، قَالَا: ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحُبُلِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ الْحَارِثِ الشِّيرَازِيُّ، ثنا أَبُو غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ فِيمَا يَرَى النَّاسُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَإِنَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَإِنَّهُ لَيَعْمَلُ فِيمَا يَرَى النَّاسُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ وَإِنَّهُ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وإِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالْخَوَاتِيمِ

حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی اعمال کرتا ہے لوگ اس کواعمال کرنے کی وجہ سے جنتی جانتے ہیں لیکن وہ جہنمی ہوتا ہے اور ایک آدمی عمل کرتا ہے اور لوگ اُس کے اعمال کی وجہ سے اُسے جہنمی سمجھتے ہیں لیکن وہ جنتی ہوتا ہے اعمال کا دارومدار خاتمہ پر ہے۔

5668 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، وَزَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، قَالَا: ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ الْحَارِثِ الشِّيرَازِيُّ، ثنا أَبُو غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَشِّرِ الْمَشَّائِينَ فِي الظُّلَمِ إِلَى الْمَسَاجِدِ بِالنُّورِ التَّامِّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن مکمل نور کی خوشخبری ہو ان لوگوں کو جو اندھیروں میں مسجدوں کی طرف جاتے ہیں۔

5669 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَاجِيَةَ، ثنا

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت

5668- الترمذی جلد 1 صفحہ 435، رقم الحدیث: 223.

أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِي غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ أَنَّهُ نَظَرَ إِلَى سَهْلِ بِنِ سَعْدٍ يَبُولُ قَائِمًا، فَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ، فَقُلْتُ مَا هَذَا يَا أَبَا الْعَبَّاسِ قَالَ: رَأَيْتُ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنِّي مَسَحَ عَلَيْهِمَا

سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کو کھڑے ہو کر پیشاب کرتے دیکھا اور آپ نے موزوں پر مسح کیا' میں نے کہا: اے ابو عباس! یہ کیا ہے؟ کہا: میں نے اپنے سے بہتر کو ان دونوں کا مسح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ الرَّبَذِيُّ عَنْ أَبِي حَازِمٍ

حضرت موسیٰ بن عبیدہ الربذی' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5670 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ قَالَا: ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ الصَّوَّافُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ الصَّبَّاحِ الْعَطَّارُ قَالَا: ثنا مَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ الرَّبَذِيُّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْحَكَمِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، وَعَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَا: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ دُونَ سَبْعِينَ أَلْفَ حِجَابٍ مِنْ نُورٍ وَظُلْمَةٍ، وَمَا يَسْمَعُ مِنْ نَفْسٍ شَيْئًا مِنْ حِسِّ تِلْكَ الْحُجُبِ إِلَّا زَهَقَتْ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص اور حضرت ابوحازم' حضرت سہل بن سعد سے راوی ہیں' وہ دونوں فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نور وظلمت کے ستر پردوں کے پیچھے ہے' ان پردوں کی حس وحرکت میں سے کوئی شی' کوئی نفس نہیں سن سکتا ہے مگر خودبخود کوئی پردہ ہٹ جائے۔

عُمَرُ بْنُ صُهْبَانَ

حضرت عمر بن صہبان' حضرت

5670- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 79 وقال: رواه أبو يعلى والطبراني في الكبير عن عبد الله عمرو وسهل أيضًا وفيه موسى بن عبيدة لا يحتج به .

عَنْ أَبِي حَازِمٍ

ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5671 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا حَمَّادُ بْنُ الْحَسَنِ الْوَرَّاقُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سَلَامٍ الْعَطَّارُ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ يَكُنِ الشُّؤْمُ فِي شَيْءٍ، فَفِي الْمَرْأَةِ وَالْفَرَسِ وَالدَّارِ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کے ہاں نحوست کا ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر نحوست کسی شی میں ہوتی تو عورت اور گھر اور گھوڑے میں ہوتی۔

5672 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا حَمَّادُ بْنُ الْحَسَنِ الْوَرَّاقُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سَلَامٍ الْعَطَّارُ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شَيَّبَتْنِي هُودٌ وَأَخَوَاتُهَا: الْوَاقِعَةُ، وَالْحَاقَّةُ، وَإِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے سورۂ ھود اور اس کے ساتھ والی سورت الواقعۃ' الحاقۃ' واذا الشمس کورت نے بوڑھا کردیا۔

5673 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ إِسْمَاعِيلَ الرَّازِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ أَبِي بَكْرٍ الرَّازِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ حَتَّى يُقَالَ: لَا يُفْطِرُ، وَيُفْطِرُ حَتَّى يُقَالَ: لَا يَصُومُ، وَكَانَ أَكْثَرُ صَوْمِهِ فِي شَعْبَانَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور روزے رکھتے تھے یہاں تک کہ کہا جاتا کہ اب آپ افطار نہیں کریں گے اور افطار کرتے تھے یہاں تک کہا جاتا کہ آپ روزے نہیں رکھیں گے' آپ شعبان سے زیادہ روزہ رکھتے تھے۔

5672- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**7**صفحه**37** وقال: رواه الطبراني وفيه سعيد بن سلام العطار وهو كذاب .

5673- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**3**صفحه**192** وقال: رواه الطبراني في الكبير والأوسط وفيه عمر بن صهبان وهو متروك .

سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ أَبِي حَازِمٍ

حضرت سلیمان بن بلال' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5674 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ فِيمَا يَبْدُو لِلنَّاسِ، وَإِنَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ فِيمَا يَبْدُو لِلنَّاسِ، وَإِنَّهُ لَمِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ

حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی اعمال کرتا ہے' لوگ اس کو اعمال کرنے کی وجہ سے جنتی جانتے ہیں لیکن وہ جہنمی ہوتا ہے اور ایک آدمی عمل کرتا ہے اور لوگ اُس کے اعمال کی وجہ سے اُسے جہنمی سمجھتے ہیں لیکن وہ جنتی ہوتا ہے' اعمال کا دارومدار خاتمہ پر ہے۔

5675 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا ذُكِرَ عِنْدَهُ الشُّؤْمُ، قَالَ: إِنْ يَكُنْ فِي شَيْءٍ فَفِي الْمَرْأَةِ وَالْمَسْكَنِ وَالْفَرَسِ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کے ہاں نحوست کا ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر نحوست کسی شی میں ہوتی تو عورت اور گھر اور گھوڑے میں ہوتی۔

5676 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُولُ: إِنْ كَانَتْ لَأَحَبَّ أَسْمَاءِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ إِلَيْهِ: أَبُو تُرَابٍ، وَإِنْ كَانَ لَيَفْرَحُ أَنْ يُدْعُوهُ بِهَا، وَمَا سَمَّاهُ أَبَا تُرَابٍ إِلَّا رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ مجھے اپنے ناموں میں سے زیادہ پسند نام ابوتراب تھا' آپ اس کے ساتھ پکارنے کو پسند کرتے تھے' آپ کا نام ابوتراب' رسول اللہ ﷺ نے رکھا تھا' (وجہ اس کی یہ تھی کہ) ایک دن آپ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے

5676- أخرج نحوه البخاري جلد3صفحه1358 رقم الحديث: 3500' جلد5صفحه2291 رقم الحديث: 5851 .

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، غَاضَبَ يَوْمًا فَاطِمَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، فَخَرَجَ فَاضْطَجَعَ إِلَى الْجِدَارِ، فَجَاءَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَطْلُبُهُ، فَلَمْ يَجِدْهُ فِي الْبَيْتِ، فَقَالَ لِفَاطِمَةَ: أَيْنَ ابْنُ عَمِّكِ؟، قَالَتْ: خَرَجَ آنِفًا مُغْضَبًا، فَأَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْسَانًا مَعَهُ يَطْلُبُهُ، فَقَالَ: مُضْطَجِعٌ فِي الْجِدَارِ، وَقَدْ زَالَ رِدَاؤُهُ عَنْ ظَهْرِهِ، وَامْتَلَأَ تُرَابًا، فَجَعَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ التُّرَابَ عَنْ ظَهْرِهِ، وَيَقُولُ: اجْلِسْ يَا أَبَا تُرَابٍ

ناراض ہوئے آپ نکلے اور دیوار سے ٹیک لگائی' رسول اللہ ﷺ آپ کو تلاش کرنے کے لیے نکلے' آپ کو گھر میں نہ پایا' حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے کہا: آپ کا چچازاد کہاں ہے؟ حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: ابھی غصہ کی حالت میں نکلے ہیں' حضور ﷺ نے اپنے ساتھ والے کو تلاش کرنے کا حکم دیا' آپ دیوار کے ساتھ لیٹے ہوئے تھے' آپ کی پشت سے چادر اُٹھی ہوئی تھی اور آپ مٹی میں لپٹ گئے تھے' حضور ﷺ پشت سے مٹی جھاڑنے لگے اور فرمایا: اے ابوتراب! اُٹھو!

5677 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْمِنبَرَ عَلَى تُرْعَةٍ مِنْ تُرَعِ الْجَنَّةِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرا منبر جنت کی نہروں (یا دروازوں) میں سے ایک نہر پر (یا دروازے پر) ہے۔

عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ

حضرت عبدالرحمٰن بن زید بن اسلم' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5678 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عنقریب آخر زمانہ میں دھنسا ہو گا' شکلیں بگڑنا ہوگا۔ عرض کی: یارسول اللہ! کب ہوگا؟

5678- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 10 وقال: قلت روى ابن ماجه طرفا من أوله ورواه الطبراني وفيه عبد الله بن أبي الزناد وفيه ضعف وبقية رجال احدى الطريقين رجال الصحيح .

قَالَا: أَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَسْلَمَ، حَدَّثَنِي أَبُو حَازِمٍ، حَدَّثَنِي سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَيَكُونُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ خَسْفٌ وَقَذْفٌ وَمَسْخٌ، قِيلَ: وَمَتَى ذَلِكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: إِذَا ظَهَرَتِ الْمَعَازِفُ وَالْقَيْنَاتُ، وَاسْتُحِلَّتِ الْخَمْرُ

آپ نے فرمایا: جب گانے والیاں اور ناچنے والیاں ہوں گی اور شراب کو حلال جانا جائے گا۔

5679 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ الصَّوَّافُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ الْقَزَّازُ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِدْرِيسَ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَحَبَّ أَنْ يُسَوِّرَ وَلَدَهُ بِسُوَارَيْنِ مِنْ نَارٍ، فَلْيُسَوِّرْهُ بِسِوَارٍ مِنْ ذَهَبٍ، وَلَكِنِ الْوَرِقُ وَالْفِضَّةُ الْعَبُوا بِهَا كَيْفَ شِئْتُمْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو پسند کرے کہ اپنے بیٹے کو آگ کے دو کنگن پہنائے تو وہ سونے کا کنگن پہنائے' ہاں! چاندی سے کھیلو جس طرح چاہو۔

5680 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنِ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، رَفَعَ الْحَدِيثَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عِنْدَ اللّٰهِ خَزَائِنُ الْخَيْرِ وَالشَّرِّ، مَفَاتِيحُهَا الرِّجَالُ، فَطُوبَى لِمَنْ جَعَلَهُ مِفْتَاحًا لِلْخَيْرِ، وَمِغْلَاقًا لِلشَّرِّ،

حضرت سہل بن سعد' نبی کریم ﷺ تک مرفوع حدیث بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ کے پاس بھلائی کے خزانے بھی ہیں اور بُرائی کے بھی' جن کی چابیاں لوگ ہیں' پس مبارک ہو اس آدمی جو اپنے آپ کو بھلائی کی چابی ثابت کرے اور بُرائی کیلئے تالہ اور بربادی ہو اس کیلئے جو بُرائی کی چابی اور بھلائی کا تالہ بنے۔

5679- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 147 وقال: رواه الطبراني في الكبير والأوسط وفيه عبد الرحمٰن بن زيد بن أسلم وهو ضعيف .

5680- أورده أبو يعلى في مسنده جلد 13 صفحه 521' رقم الحديث: 7526 .

وَوَيْلٌ لِمَنْ جَعَلَهُ مِفْتَاحًا لِلشَّرِّ، وَمِغْلَاقًا لِلْخَيْرِ

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ نَجِيحٍ الْمَدَنِيُّ عَنْ أَبِي حَازِمٍ

حضرت عبداللہ بن جعفر بن نجیح مدنی' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5681 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُحُدٌ رُكْنٌ مِنْ أَرْكَانِ الْجَنَّةِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اُحد پہاڑ جنت کے ستونوں میں سے ایک ستون ہے۔

5682 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَنْبَرٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، أَنَا أَبُو حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَقُولُ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ عَلَى مِنْبَرِهِ، فَصَلَّى لِلنَّاسِ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَكَبَّرَ وَهُوَ عَلَيْهِ، ثُمَّ رَكَعَ، ثُمَّ رَجَعَ الْقَهْقَرَى، فَسَجَدَ فِي أَسْفَلِ الْمِنْبَرِ، ثُمَّ رَجَعَ فَفَعَلَ مِثْلَ ذَلِكَ حَتَّى فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّمَا فَعَلْتُ هَذَا لِتَأْتَمُّوا بِي، وَلِتَعْلَمُوا صَلَاتِي

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو منبر پر کھڑے ہوئے دیکھا' آپ نے لوگوں کو منبر پر نماز پڑھائی' آپ نے منبر پر ہی تکبیر کہی' پھر منبر پر رکوع کیا' پھر ایڑیوں کے بل واپس آئے' منبر سے نیچے سجدہ کیا' پھر واپس منبر پر گئے' نماز سے فارغ ہونے تک ایسا ہی کیا' پھر لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے' فرمایا: اے لوگو! میں نے اس طرح اس لیے کیا ہے کہ تم میری نماز کو جان لو۔

5681- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**4**صفحه**13** وقال: رواه أبو يعلى والطبراني في الكبير وفيه عبد الله بن جعفر والد علي بن المديني وهو ضعيف .

5682- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد**1**صفحه**386**' رقم الحديث: **544** .

5683 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَنبَرٍ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا أَبُو حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَقُولُ: أُتِيَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَدَحٍ، فَشَرِبَ وَالْأَشْيَاخُ عَلَى يَسَارِهِ، وَغُلَامٌ هُوَ أَصْغَرُ الْقَوْمِ عَلَى يَمِينِهِ، فَلَمَّا شَرِبَ قَالَ: يَا غُلَامُ تَأْذَنُ لِي أَنْ أُعْطِيَ الْأَشْيَاخَ؟ ، قَالَ: مَا كُنْتُ أُوثِرُ بِنَصِيبِي مِنْ فَضْلِكَ يَا رَسُولَ اللهِ، فَأَعْطَاهُ إِيَّاهُ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کوفرماتے ہوئے سنا کہ رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں ایک پیالہ لایا گیا' پس آپ ﷺ نے اس سے پیا جبکہ بڑی عمر کے لوگ آپ ﷺ کے بائیں طرف اور قوم کا ایک چھوٹا بچہ آپ کے دائیں طرف تھا۔ پس جب آپ ﷺ نے پی لیا تو فرمایا: اے بچے! کیا تم مجھے بڑی عمر کے لوگوں کو دینے کی اجازت دیتے ہیں؟ اس نے عرض کی: آپ کے بچے ہوئے فضیلت والے اپنے حصے کے ساتھ میں کسی کو اپنے اوپر ترجیح نہیں دے سکتا' اے اللہ کے رسول! تو آپ ﷺ نے وہ پیالہ اسے دے دیا۔

5684 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَ كَوْنٌ فِي الْأَنْصَارِ فَأَتَاهُمْ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لِيُصْلِحَ بَيْنَهُمْ، ثُمَّ رَجَعَ وَقَدْ أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ، وَأَبُو بَكْرٍ يُصَلِّي بِالنَّاسِ، فَصَلَّى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلْفَ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انصار میں جھگڑا ہوا' حضور ﷺ ان کے درمیان صلح کروانے کے لیے آئے' پھر واپس نماز کے لیے اقامت ہوگئی تھی' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے' حضور ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی۔

5685 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِي

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ میں نے صحابیٔ رسول ﷺ حضرت سہل بن سعد کو کھڑے ہوکر پیشاب

5683- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد **3** صفحه **1604** رقم الحديث: **2030** . والبخاري في صحيحه جلد **2** صفحه **865** رقم الحديث: **2319**' جلد **2** صفحه **920** رقم الحديث: **2464**' جلد **5** صفحه **2130** رقم الحديث: **5297** .

حَازِمٍ قَالَ: رَأَيْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ صَاحِبَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَالَ وَهُوَ قَائِمٌ بَوْلَ الشَّيْخِ الْكَبِيرِ يَكَادُ يَسْبِقُهُ، ثُمَّ تَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقُلْتُ لَهُ: أَلَا تَنْزِعُ؟ قَالَ: لَا، قَدْ رَأَيْتُ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنِّي مَسَحَ عَلَيْهِمَا

کرتے دیکھا بوڑھے آدمیوں کی طرح' پھر وضو کیا اور موزوں پر مسح کیا' میں نے آپ سے عرض کی: کیا آپ نے ان کو اُتارنا نہیں ہے؟ فرمایا: نہیں! میں نے اپنے سے بہتر کو ان دونوں پر مسح کرتے ہوئے دیکھا۔

عبد الله بن جعفر بن نجيح المدني عن أبي حازم

5686 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ: لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَى يَدَيْهِ، فَبَاتَ النَّاسُ يَذْكُرُونَ لَيْلَتَهُمْ أَيُّهُمْ يُعْطِي، فَلَمَّا أَصْبَحُوا غَدَوْا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَيْنَ عَلِيٌّ؟، قَالُوا: هُوَ هٰهُنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَرْمَدُ يَشْتَكِي عَيْنَيْهِ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ، فَبَصَقَ فِي عَيْنَيْهِ، وَدَعَا بِمَا شَاءَ اللّٰهُ، فَبَرَأَ حَتَّى لَمْ يَكُنْ بِهِ وَجَعٌ، ثُمَّ أَعْطَاهُ الرَّايَةَ، وَقَالَ: امْضِ قُدُمًا فَقَالَ لَهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أُقَاتِلُهُمْ حَتَّى يَكُونُوا مِثْلَنَا، قَالَ: عَلَى رِسْلِكَ انْفُذْ حَتَّى تَنْزِلَ بِسَاحَتِهِمْ، ثُمَّ ادْعُهُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ، وَأَخْبِرْهُمْ بِمَا يَجِبُ عَلَيْهِمْ مِنْ حَقِّ اللّٰهِ فِيهِ، فَلَأَنْ يَهْدِيَ اللّٰهُ بِكَ رَجُلًا وَاحِدًا، خَيْرٌ لَكَ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: رسول کریم ﷺ نے خیبر کے دن فرمایا: کل ضرور جھنڈا میں اس آدمی کے ہاتھ میں دوں گا جس کے ہاتھوں اللہ فتح عطا فرمائے گا۔ پس لوگوں نے رات گزاری اس حال میں کہ وہ یہی ذکر کر رہے تھے کہ کس کو عطا فرماتے ہیں۔ پس جب اُنہوں نے صبح کی تو رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: علی کہاں ہیں؟ اُنہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! وہ نہیں ہیں' ان کی آنکھوں میں درد ہے' آدمی بھیج کر انہیں بلایا اور ان کی آنکھوں میں لعابِ دہن لگایا اور جو اللہ نے چاہا دعا کی تو وہ درست ہو گئے حتیٰ کہ ان کو درد تھا ہی نہیں' پھر ان کو جھنڈا دیا۔ فرمایا: آگے جاؤ! پس انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں ان سے جہاد کروں گا حتیٰ کہ وہ ہماری طرح ہو جائیں' فرمایا: اپنے پاؤں پر ٹھہرنا! حتیٰ کہ ان کے صحن میں اترنا پھر ان کو اسلام دینا' ان کو وہ حقوق و فرائض بتانا جو ان پر اللہ کے ہیں' پس

5686- البخاری جلد 3 صفحہ 1096 رقم الحدیث: 2847' جلد 3 صفحہ 1357 رقم الحدیث: 3498' جلد 4 صفحہ 1542 رقم الحدیث: 3972.

شاید اللہ تعالیٰ کسی ایک کو ہی تیرے صدقے ہدایت دے تو وہ سرخ اونٹوں سے تیرے لیے بہتر ہے۔

5687 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ فِي الْجَنَّةِ بَابًا يُقَالُ لَهُ الرَّيَّانُ، يُقَالُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: أَيْنَ الصَّائِمُونَ؟ هَلْ لَكُمْ إِلَى الرَّيَّانِ، مَنْ دَخَلَ مِنْهُ لَمْ يَظْمَأْ أَبَدًا، فَيَدْخُلُونَ فِيهِ، فَإِذَا دَخَلَ آخِرُهُمْ أُغْلِقَ، فَلَمْ يَدْخُلْ مِنْهُ أَحَدٌ غَيْرُهُمْ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں: میں نے حضرت سہل بن سعد کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک دروازہ ہے جس کو ریان کہا جاتا ہے' قیامت کے دن کہا جائے گا: روزہ دار کہاں ہیں؟ کیا تمہارے لیے ریان نہیں ہے' جو اس سے داخل ہوگا اسے کبھی پیاس نہیں لگے گی' پس وہ اس سے داخل ہوں گے' جب ان میں سے آخری روزہ دار اس سے داخل ہو جائے گا تو وہ دروازہ بند کر دیا جائے گا' پس اس دروازے سے ان کے علاوہ کوئی بھی داخل نہ ہوگا۔

أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي سَبْرَةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

حضرت ابوبکر بن ابوسبرہ' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5688 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ الصَّوَّافُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ الْبَحْرَانِيُّ، ثنا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي سَبْرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِشَيْخٍ أَحْبَنَ مُصْفَرٍّ قَدْ ظَهَرَتْ عُرُوقُهُ، فَزَنَا بِامْرَأَةٍ، فَضَرَبَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِضِغْثٍ فِيهِ مِائَةُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس ایک بزرگ لایا گیا' اس کا رنگ زرد ہو گیا تھا' اس کی رگیں نظر آنے لگی تھیں' اس نے ایک عورت سے زنا کیا' حضور ﷺ نے ایک ہی دفعہ سو شاخوں والی لکڑی ماری۔

5687- النسائي في سننه (المجتبى) جلد4صفحه168' رقم الحديث: 2237 .

5688- أورد نحوه أبو داؤد في سننه جلد4صفحه161 رقم الحديث: 4472 . وابن ماجه جلد 2صفحه859 رقم الحديث: 2574 .

شِمْرَاخٍ ضَرْبَةً وَاحِدَةً

5689 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ، ثنا أَبُو عَامِرٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي سَبْرَةَ، حَدَّثَنِي أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: شَهِدْتُ مَاعِزًا حِينَ أَمَرَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجْمِهِ، فَعَدَا فَاتَّبَعَهُ النَّاسُ يَرْجُمُونَهُ حَتَّى لَقِيَهُ عُمَرُ فِي الْجَبَّانَةِ، فَضَرَبَهُ بِلَحْيِ بَعِيرٍ، فَقَتَلَهُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ماعز رضی اللہ عنہ کے پاس تھا' جس وقت رسول اللہ ﷺ نے ان کو رجم کرنے کا حکم دیا' آپ دوڑے' لوگ ان کے پیچھے ہوئے اور اسے رجم کرنے لگے' حضرت عمر گلی میں ملے تو آپ نے اونٹ کی ہڈی ماری' اس سے وہ مر گئے۔

سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجُمَحِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

حضرت سعید بن عبدالرحمٰن جمحی' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5690 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنِي أَبُو حَازِمٍ قَالَ: رَأَيْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَبُولُ قَائِمًا، قَالَ: وَقَدْ كَانَ كَبُرَ، حَتَّى لَا يَكَادُ يَمْلِكُ ذَلِكَ مِنْهُ، قَالَ: ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ، فَتَوَضَّأَ، وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ، فَقُلْتُ: أَلَا تَنْزِعُ خُفَّيْكَ؟ قَالَ: رَأَيْتُ خَيْرًا مِنِّي يَصْنَعُ ذَلِكَ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ میں نے صحابیٔ رسول ﷺ حضرت سہل بن سعد کو کھڑے ہو کر پیشاب کرتے دیکھا اس حال میں کہ ان کی عمر زیادہ ہو چکی تھی' پھر وضو کیا اور موزوں پر مسح کیا' میں نے آپ سے عرض کی: کیا آپ نے ان کو اُتارنا نہیں ہے؟ فرمایا: نہیں! میں نے اپنے سے بہتر کو ان دونوں پر مسح کرتے ہوئے دیکھا۔

5691 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب اُحد کا دن تھا تو مشرکین رسول اللہ ﷺ اور آپ کے اصحاب کے پاس سے پھر گئے تو عورتیں رسول

5689- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد6صفحه268 وقال: رواه الطبراني وفيه أبو بكر بن أبي سبرة وهو كذاب .

5690- أخرج نحوه ابن خزيمة في صحيحه جلد1صفحه36' رقم الحديث: 62 .

سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّهُ قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ أُحُدٍ، وَانْصَرَفَ الْمُشْرِكُونَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابِهِ، خَرَجَ النِّسَاءُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابِهِ يَغِيثُونَهُمْ، فَكَانَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَنْ خَرَجَ، فَلَمَّا لَقِيتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اعْتَنَقَتْهُ، وَجَعَلَتْ تَغْسِلُ جِرَاحَاتِهِ بِالْمَاءِ فَيَزْدَادُ الدَّمُ، فَلَمَّا رَأَتْ ذَلِكَ أَخَذَتْ شَيْئًا مِنْ حَصِيرٍ فَأَحْرَقَتْهُ بِالنَّارِ، فَكَمَدَتْهُ حَتَّى لَصَقَ بِالْجُرْحِ وَاسْتَمْسَكَ الدَّمُ

اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس اور آپ کے صحابہ کی طرف آئیں اور ان سے فریاد کرنے لگیں' حضرت فاطمہ بنت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی نکلیں' جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملیں تو آپ نے معانقہ کیا' حضرت سیدہ رضی اللہ عنہا آپ کے زخم کو پانی سے دھونے لگیں' جب دیکھا کہ خون رُک نہیں رہا ہے تو آپ نے چٹائی پکڑی' اسے آگ میں جلایا اور اس کو زخم کے ساتھ لگایا تو خون رُک گیا۔

5692 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَوْنٍ الْخَرَّازُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجُمَحِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ نَابَهُ فِي صَلَاتِهِ شَيْءٌ فَلْيُسَبِّحْ، يَقُولُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، فَإِنَّ التَّسْبِيحَ لِلرِّجَالِ، وَالتَّصْفِيقُ لِلنِّسَاءِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس آدمی کو نماز میں کوئی شی پیش آئے تو وہ تسبیح کرے' وہ کہے: سبحان اللہ کیونکہ تسبیح مردوں کیلئے جبکہ تالی بجانا عورتوں کے لیے مقرر ہے۔

5693 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجُمَحِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ فِيمَا يَبْدُو لِلنَّاسِ، وَإِنَّهُ لَمِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ فِيمَا يَبْدُو لِلنَّاسِ،

حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک آدمی اعمال کرتا ہے' لوگ اس کو اعمال کرنے کی وجہ سے جنتی جانتے ہیں لیکن وہ جہنمی ہوتا ہے اور ایک آدمی عمل کرتا ہے اور لوگ اُس کے اعمال کی وجہ سے اُسے جہنمی سمجھتے ہیں لیکن وہ جنتی ہوتا ہے' اعمال کا دارومدار خاتمہ پر ہے۔

وَإِنَّهُ لَمِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ

5694 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِي الْجَنَّةِ بَابٌ يُدْعَى الرَّيَّانَ، لَا يَدْخُلُ مِنْهُ إِلَّا الصَّائِمُونَ، فَإِذَا دَخَلُوا مِنْهُ أُغْلِقَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک دروازہ ہے جس کا نام ریان ہے اس میں سے روزے دار ہی داخل ہوں گے جب وہ اس سے داخل ہوں گے تو وہ بند کر دیا جائے گا۔

5695 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا حَازِمٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَ الْجَنَّةَ، فَقَالَ: فِيهَا مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ، وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ، وَلَا خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے جنت کا ذکر کیا اور فرمایا: جنت میں وہ کچھ ہے جو کسی آنکھ نے دیکھا نہیں اور کسی کان نے سنا نہیں اور کسی انسان کے دل میں اس کا خیال نہیں آیا۔

إِسْمَاعِيلُ بْنُ قَيْسٍ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

حضرت اسماعیل بن قیس انصاری' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5696 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ سَلَمَةَ الْأَنْصَارِيُّ، ثنا أَبُو مُصْعَبٍ إِسْمَاعِيلُ بْنُ قَيْسٍ، ثنا أَبُو حَازِمٍ،

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے ہجرت کی اجازت مانگی' آپ نے فرمایا:

5695- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد4صفحه2175' رقم الحديث: 2825 .

5696- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9صفحه269 وقال: رواه ابو يعلى والطبراني وفيه أبو مصعب اسماعيل بن قيس وهو متروك .

بنایا گیا' ان سیڑھیوں کا حضورﷺ نے حکم دیا تھا' پس وہ اس جگہ رکھ دیا گیا' حضرت سہل فرماتے ہیں: میں نے پہلے دن نبی کریمﷺ کو اس پر بیٹھے ہوئے دیکھا' پھر نماز کے لیے اقامت کہی گئی تو رسول اللہﷺ نے منبر پر تکبیر کہی پھر رکوع کیا' پھر سجدہ کے لیے اُترے' آپ نے سجدہ کیا پھر منبر پر رکوع کیا' اس سے فارغ ہونے تک ایسے کرتے رہے' جب فارغ ہوئے تو فرمایا: اے لوگو! میں نے یہ اس لیے کیا ہے تاکہ تم میری اقتداء کرو اور میری نماز دیکھ کر سیکھو۔

5749 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، حَدَّثَنِي أَبِي أَنَّهُ سَمِعَ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ يُحَدِّثُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ نَابَهُ شَيْءٌ فِي صَلَاتِهِ فَلْيَقُلْ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالتَّصْفِيقُ لِلنِّسَاءِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس کو نماز میں کوئی معاملہ پیش آئے وہ سبحان اللہ کہے اور عورتیں تالی بجائیں۔

5750 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: مَرَّ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ، فَنَظَرَ إِلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: مَا رَأْيُكَ فِي هَذَا؟ فَقُلْتُ: هَذَا رَجُلٌ مِنْ أَشْرَافِ النَّاسِ، هَذَا حَرِيٌّ إِنْ خَطَبَ أَنْ يُنْكَحَ، وَإِنْ شَفَعَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کے پاس سے ایک آدمی گزرا' آپ نے اس کو دیکھا' آپ نے فرمایا: تمہاری اس کے متعلق کیا رائے ہے؟ میں نے عرض کی: یہ بُرا آدمی ہے' یہ اس قابل ہے کہ کسی کا نکاح کرواسکتا ہے' کسی کی سفارش کرواسکتا ہے' اگر بات کرے تو اس کی سنی جائے گی۔

5750- ابن ماجه في سننه جلد2صفحه1379' رقم الحديث: 4120.

أَنْ يُشَفَّعَ، وَإِنْ قَالَ أَنْ يُسْمَعَ لِقَوْلِهِ، ثُمَّ مَرَّ رَجُلٌ، فَقَالَ: مَا رَأْيُكَ فِي هَذَا؟، فَقُلْتُ: هَذَا رَجُلٌ مِنْ فُقَرَاءِ الْمُسْلِمِينَ، هَذَا حَرِيٌّ إِنْ قَالَ أَنْ لَا يُسْمَعَ لِقَوْلِهِ، وَإِنْ خَطَبَ أَنْ لَا يُنْكَحَ، وَإِنْ شَفَعَ أَنْ لَا يُشَفَّعَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَهَذَا خَيْرٌ مِنْ مِلْءِ الْأَرْضِ مِثْلَ هَذَا

پھر دوسرا آدمی گزرا' آپ نے فرمایا: اس کے متعلق کیا رائے ہے؟ میں نے عرض کی: مسلمانوں میں غریب ہے' یہ اس قابل ہے کہ کسی کا نکاح نہیں کروا سکتا ہے اور اس کی سفارش نہیں کروا سکتا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ آدمی روئے زمین کے آدمیوں سے بہتر ہے۔

5751 - وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَدْنَى أَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلَةً -وَلَيْسَ فِيهَا دَنِيٌّ- الَّذِي يَتَمَنَّى، فَيَقُولُ بِلِسَانٍ طَلْقٍ ذَلْقٍ، وَعَقْلٍ مُجْتَمِعٍ: أَعْطِنِي أَعْطِنِي كَذَا، حَتَّى إِذَا لَمْ يَجِدْ شَيْئًا لُقِّنَ، فَقِيلَ لَهُ: قُلْ: كَذَا، قُلْ: كَذَا، فَيُقَالُ لَهُ: هُوَ لَكَ وَمِثْلُهُ مَعَهُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: جنت میں سب سے کم درجہ والا ایک آدمی ہوگا اور اُس سے کم درجہ والا کوئی نہیں ہوگا' وہ تمنا کرے گا' بڑی تیز اور چلتی ہوئی زبان کے ساتھ اور سمجھداری کے ساتھ' کہے گا: مجھے اتنا دے دو! مجھے اتنا دے دو! یہاں تک کہ کوئی شئے نہیں پائے گا' جس سے وہ تلقین کر سکے' اُسے کہا جائے گا: تُو اس طرح کہہ! اس طرح کہہ! پھر اُسے کہا جائے گا: تیرے لیے اتنا اور اس کی مثل اس کے ساتھ اور۔

5752 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ وَأَشَارَ بِأُصْبُعَيْهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں اور قیامت دونوں ان دو کی طرح بھیجے گئے ہیں اور اپنی دو انگلیوں کے ساتھ اشارہ کیا۔

5753 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَوْضِعُ سَوْطٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک کوڑے کے برابر جگہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

5754 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ، ثنا ابْنُ

حضرت سہل بن سعد سے روایت ہے کہ ایک عورت ایک ایسی چادر لے کر حاضر خدمت ہوئی جس کا

أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ امْرَأَةً أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبُرْدَةٍ مَنْسُوجَةٍ مِنْهَا حَاشِيَتُهَا، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، نَسَجْتُ هَذِهِ بِيَدَيَّ فَجِئْتُ بِهَا لِأَكْسُوَكَهَا، فَجَسَّهَا فُلَانٌ -رَجُلٌ سَمَّاهُ -، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا أَحْسَنَ هَذِهِ الْبُرْدَةَ، اكْسُنِيهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، فَلَمَّا دَخَلَ طَوَاهَا، وَأَرْسَلَ بِهَا إِلَيْهِ، فَقَالَ الْقَوْمُ: وَاللّٰهِ مَا أَحْسَنْتَ، كُسِيَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُحْتَاجًا إِلَيْهَا، ثُمَّ سَأَلْتَهُ إِيَّاهَا وَقَدْ عَلِمْتَ أَنَّهُ لَا يَرُدُّ سَائِلًا؟ فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا سَأَلْتُهُ إِيَّاهَا لِأَلْبَسَهَا، وَلَكِنِّي سَأَلْتُهُ إِيَّاهَا لِتَكُونَ كَفَنِي يَوْمَ أَمُوتُ، قَالَ سَهْلٌ: وَكَانَتْ كَفَنَهُ يَوْمَ مَاتَ

حاشیہ بنا ہوا تھا' پس اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں نے اس کو اپنے ہاتھوں سے بنایا ہے' پس اس کو میں لائی ہوں تاکہ آپ اسے پہنیں۔ پس فلاں نے اس کو ہاتھ لگایا' جس کا راوی نے نام بھی لیا' عرض کی: اے اللہ کے رسول! یہ چادر کتنی خوبصورت ہے' یہ مجھے پہنا دیجئے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ٹھیک ہے! پس جب آپ گھر میں داخل ہوئے تو اس کو لپیٹ کر اس آدمی کی طرف بھیج دیا۔ لوگوں نے اس سے کہا: قسم بخدا! آپ نے اچھا نہیں کیا۔ رسول کریم ﷺ کو اس کے پہننے کی ضرورت تھی' پھر بھی تو نے آپ ﷺ سے مانگ لی اور تجھے اچھی طرح اس بات کا علم تھا کہ آپ ﷺ سائل کا سوال رد نہیں کرتے؟ پس اس نے کہا: میں نے وہ آپ ﷺ سے پہننے کیلئے نہیں لی بلکہ اس لیے لی ہے کہ وہ میرا کفن بن جائے جس دن میں فوت ہو جاؤں۔ حضرت سہل کا قول ہے: جس دن وہ فوت ہوا تو وہی چادر اس کا کفن تھی۔

5755 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كُنَّا نَقُولُ: الْمِنْبَرُ عَلَى تُرْعَةٍ مِنْ تُرَعِ الْجَنَّةِ، قَالَ سَهْلٌ: هَلْ تَدْرُونَ مَا التُّرْعَةُ؟ هُوَ الْبَابُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کہا کرتے تھے: منبر شریف جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازہ پر بیٹھے ہیں' حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم جانتے ہو کہ ترعہ سے مراد کیا ہے؟ فرمایا: دروازہ!

5756 - وَبِإِسْنَادِهِ سَأَلْتُ سَهْلًا: هَلْ رَأَيْتَ النِّقِيَّ؟ قَالَ: مَا رَأَيْتُ النِّقِيَّ حَتَّى قَبَضَ اللّٰهُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قُلْتُ: هَلْ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں: میں نے حضرت سہل سے پوچھا: کیا آپ نے چھانی دیکھی ہے؟ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے چھانی نہیں

كَانَتْ لَكُمْ مَنَاخِلُ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: مَا رَأَيْتُ مُنْخُلًا حَتَّى قَبَضَ اللّٰهُ رَسُولَهُ، قُلْتُ: كَيْفَ تَأْكُلُونَ الشَّعِيرَ غَيْرَ مَنْخُولٍ؟ قَالَ: نَعَمْ نَنْفُخُهُ، ثُمَّ يَطِيرُ مِنْهُ مَا طَارَ

دیکھی رسول اللہ ﷺ کے وصال تک۔ میں نے کہا: کیا حضور ﷺ کے زمانہ میں تھی؟ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے چھانی نہیں دیکھی ہے اللہ نے اپنے حبیب ﷺ کو اپنے پاس بلوالیا میں نے کہا: تم بغیر چھانے جَو کیسے کھاتے تھے؟ فرمایا: ہم اس کو پھونکتے' جو اُڑنا ہوتا وہ اُڑ جاتا ہے۔

عبد العزيز بن أبي حازم عن أبيه

5757 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِقَدَحٍ فِيهِ مَاءٌ فَشَرِبَ مِنْهُ، وَعَنْ يَمِينِهِ غُلَامٌ أَحْدَثُ الْقَوْمِ، وَالْأَشْيَاخُ عَنْ يَسَارِهِ، فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ: يَا غُلَامُ، أَتَأْذَنُ لِي أَنْ أُعْطِيَ الْأَشْيَاخَ؟ ، فَقَالَ الْغُلَامُ: مَا كُنْتُ لِأُوثِرَ بِفَضْلِكَ أَحَدًا، فَتَلَّهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي يَدِ الْغُلَامِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں ایک پانی کا پیالہ لایا گیا' پس آپ ﷺ نے اس سے نوش فرمایا جبکہ آپ ﷺ کے دائیں طرف قوم کا بچہ بیٹھا ہوا تھا اور بزرگ بائیں جانب تھے' پس جب آپ ﷺ (پی کر) فارغ ہوئے تو فرمایا: اے بچے! کیا آپ بزرگوں کو دینے کی اجازت دیتے ہیں؟ بچے نے کہا: آپ کے بچے ہوئے فضیلت والے پانی کے ساتھ میں کسی کو اپنے اوپر ترجیح نہیں دوں گا۔ پس آپ ﷺ نے وہ اس بچے کے ہاتھ میں تھما دیا۔

5758 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ فِيمَا تَرَوْنَ، وَإِنَّهُ لَمِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ فِيمَا تَرَوْنَ، وَإِنَّهُ لَمِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے نبی کریم ﷺ سے روایت کیا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک ایک آدمی جنتیوں والے کام کرتا ہے' تمہاری نظروں میں حقیقت میں وہ جہنمی ہوتا ہے اور ایک آدمی تمہاری نگاہوں میں جہنمیوں والے کام کرتا ہے' حقیقت میں وہ جنتی ہوتا ہے (بعد میں اپنے انجام کے مطابق اعمال کرتا ہے تو جنت یا دوزخ پاتا ہے)۔

5759 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ح، وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَدْوَةٌ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، أَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ کی راہ میں ایک صبح یا ایک شام دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

5760 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا يَعْقُوبُ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: عَرَّسَ أَبُو أُسَيْدٍ السَّاعِدِيُّ وَأَنْبَذَتِ امْرَأَتُهُ مِنَ اللَّيْلِ، فَلَمَّا أَصْبَحَتْ صَفَّتْهُ، وَسَقَتْهُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابواُسید الساعدی رضی اللہ عنہ نے شادی کی' آپ کی بیوی نے ان کے لیے نبیذ بنائی' جب صبح ہوئی تو ان کی بیوی نے رسول اللہ ﷺ کو پلائی۔

5761 - وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، مَنْ وَرَدَ عَلَيَّ شَرِبَ، وَمَنْ شَرِبَ لَمْ يَظْمَأْ أَبَدًا، انْظُرُوا أَنْ لَا يَرِدَ عَلَيَّ أَقْوَامٌ أَعْرِفُهُمْ وَيَعْرِفُونِي، ثُمَّ يُحَالُ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: حوض پر میں تمہارا منتظر ہوں گا' جو بھی میرے پاس آ جائے گا وہ پی لے گا اور جس کو پینا نصیب ہوا وہ کبھی پیاسا نہ ہوگا' دیکھو! میرے پاس کہیں ایسے لوگ نہ آ جائیں جن کو میں بھی پہچانتا ہوں اور وہ مجھے پہچانتے ہوں اور پھر میرے اور ان کے درمیان پردہ ڈال دیا جائے۔

5762 - حَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ أَبِي رَوْحٍ بَصْرِيٌّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ: رَأَيْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَبُولُ بَوْلَ الشَّيْخِ

عبدالعزیز بن ابوحازم فرماتے ہیں: میں نے اپنے والد محترم کو فرماتے ہوئے سنا: میں نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کو پیشاب کرتے ہوئے دیکھا اس طرح جیسے بوڑھا (کھڑے ہوکر) پیشاب کرتا ہے' قریب تھا کہ وہ کھڑے کھڑے آگے بڑھ جائیں گے

5761- مسلم جلد4صفحه1793 رقم الحديث: 2290 . والبخاري جلد5صفحه2406 رقم الحديث: 6212 .

الْكَبِيرِ يَكَادُ يَسْبِقُهُ قَائِمًا، ثُمَّ تَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقُلْتُ: أَلَا تَنْزِعُهُمَا؟ قَالَ: رَأَيْتُ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنِّي وَمِنْكَ يَصْنَعُ هَذَا

پھر انہوں نے وضو کر کے موزوں پر مسح کیا' میں نے عرض کی: ان کو اتار کیوں نہیں لیا؟ میں نے اپنے سے بہتر ہستی کو دیکھا ہے ایسا کرتے ہوئے اور وہ آپ سے بھی بہتر ہیں۔

5763 - حَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ أَبِي رَوْحٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، قَالَا: ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَ بَيْنَ مُصَلَّى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ الْجِدَارِ قَدْرُ مَمَرِّ شَاةٍ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور دیوار کے درمیان نماز پڑھتے ہوئے اتنا فاصلہ ہوتا کہ جس سے بکری گزر سکتی۔

5764 - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ أَبِي رَوْحٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ جُرْحِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ، فَقَالَ: جُرِحَ وَجْهُهُ، وَكُسِرَتْ رَبَاعِيَتُهُ، وَهُشِمَتِ الْبَيْضَةُ عَلَى رَأْسِهِ، وَكَانَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَغْسِلُ الدَّمَ، وَكَانَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ يَسْكُبُ عَلَيْهَا بِالْمِجَنِّ، فَلَمَّا رَأَتْ فَاطِمَةُ أَنَّ الدَّمَ لَا يَزِيدُهُ الْمَاءُ إِلَّا كَثْرَةً، أَخَذَتْ قِطْعَةَ حَصِيرٍ، فَأَحْرَقَتْهُ حَتَّى صَارَ رَمَادًا، ثُمَّ أَلْزَقَتْهُ بِالْجُرْحِ فَاسْتَمْسَكَ الدَّمُ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ حضرت سہل رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُحد کے دن زخمی ہوئے تھے' حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ کا چہرہ زخمی ہوا تھا اور آپ کے دانت مبارک شہید ہوئے' آپ کے سر پر چھوٹ آئی تھی' حضرت فاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کے خون کو دھو رہی تھیں اور حضرت علی رضی اللہ عنہ ڈھال سے اس پر پانی بہا رہے تھے' جب حضرت سیدہ رضی اللہ عنہا نے دیکھا کہ خون نہیں رُک رہا تو آپ نے چٹائی کا ایک ٹکڑا جلایا' جب وہ راکھ بن گئی تو اسے زخم پر رکھا تو تب خون تھما۔

5763- مسلم جلد 1 صفحه 364 رقم الحديث: 508 . والبخاري جلد 1 صفحه 188 رقم الحديث: 474 .

5765 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِي سَبْعُونَ أَلْفًا وَسَبْعُمِائَةِ أَلْفٍ مُتَمَاسِكِينَ بَعْضُهُمْ بِبَعْضٍ، كَأَنَّ وُجُوهَهُمُ الْقَمَرُ لَيْلَةَ الْبَدْرِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری اُمت کے ستر ہزار' یا فرمایا: سات لاکھ جنت میں داخل ہوں گے' ایک دوسرے کو پکڑ کر' ان کے اوّل سے آخر تک جنت میں داخل ہوں گے' ان کے چہرے چودھویں رات کے چاند کی طرح ہوں گے۔

5766 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَكَمِ الثَّقَفِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ الْغَرَرِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دھوکہ کی بیع سے منع کیا۔

5767 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي الْحَكَمِ الثَّقَفِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتَّى يُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کوئی بھی بندہ ایمان والا اُس وقت ہوتا ہے جب تقدیر پر ایمان لائے۔

5768 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ

حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5765- مسلم جلد **1** صفحه **198** رقم الحديث: **219** . والبخاري جلد **3** صفحه **1186** رقم الحديث: **3075** . والبخاري جلد**5** صفحه **2396** رقم الحديث: **6177**' جلد**5** صفحه **2399** رقم الحديث: **6187** .

5766- أبو داؤد في سننه جلد **3** صفحه **254** رقم الحديث: **3376** . ومالك في الموطأ جلد **2** صفحه **664** رقم الحديث: **1345** .

5767- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **7** صفحه **206** وقال: رواه الطبراني وفيه اسماعيل بن أبي الحكم الثقفي ولم أعرفه وبقية رجاله ثقات .

5768- أورد نحوه الدارمي في سننه جلد**2** صفحه **522**' رقم الحديث: **3310** .

التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ كَانَ الْقُرْآنُ فِي إِهَابٍ، مَا مَسَّتْهُ النَّارُ

حضور ﷺ نے فرمایا: اگر قرآن چمڑے میں ہوتو پھر بھی آگ اس کونہیں چھوئے گی۔

5769 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: مَا كُنَّا نَقِيلُ، وَلَا نَتَغَدَّى، إِلَّا بَعْدَ الْجُمُعَةِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم قیلولہ اور کھانا نمازِ جمعہ کے بعد کھاتے تھے۔

5770 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: كُنْتُ أَتَسَحَّرُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ مَا يَكُونُ سُرْعَتِي، إِلَّا أَنْ أُدْرِكَ الصُّبْحَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے یہ سعادت حاصل تھی کہ میں سحری رسول کریم ﷺ کے ساتھ کیا کرتا تھا پھر مجھے جلدی ہوتی تھی کہ صبح کی نماز نبی کریم ﷺ کے ساتھ پالوں۔

5771 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كُنَّا نَفْرَحُ فِي يَوْمِ الْجُمُعَةِ، قُلْتُ: وَلِمَ؟ قَالَ: كَانَتْ لَنَا عَجُوزٌ تُرْسِلُ، فَتَأْخُذُ مِنْ أُصُولِ السِّلْقِ، فَتَطْرَحُهُ فِي قِدْرٍ فَتُكَرْكِرُ حَبَّاتٍ مِنْ شَعِيرٍ، فَتَجْعَلُهَا فِيهِ، فَكُنَّا إِذَا صَلَّيْنَا الْجُمُعَةَ انْصَرَفْنَا إِلَيْهَا، وَكُنَّا نَفْرَحُ بِيَوْمِ الْجُمُعَةِ مِنْ أَجْلِ ذَلِكَ، وَمَا كُنَّا نَقِيلُ، إِلَّا بَعْدَ الْجُمُعَةِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جمعہ کے دن ہم بڑے خوش ہوا کرتے تھے (راوی کا بیان ہے:) میں نے عرض کی: کس لیے؟ انہوں نے فرمایا: ہمارے لیے ایک بوڑھی عورت تھی جو (کھانا) بھیجتی تھی، پس وہ سلق (ایک قسم کی سبزی) کی جڑیں لیتی تھی، ان کو ہنڈیا میں ڈال دیتی تھی (اوپر) تھوڑے سے جَو ڈال دیتی تھی پس ان دونوں کو ملا دیتی تھی۔ پس ہم جب جمعہ کی نماز ادا کر لیتے تو سیدھے اس کی طرف جاتے اور اس خاطر ہم جمعہ کے دن بڑے خوش ہوتے تھے اور ہم

5769- مسلم جلد2صفحه588 رقم الحديث: 859 . والبخاري جلد1صفحه318 رقم الحديث: 897 .

قیلولہ جمعہ کے بعد کیا کرتے تھے۔

5772 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ، ح، وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَنَا وَكَافِلُ الْيَتِيمِ فِي الْجَنَّةِ هَكَذَا، وَأَشَارَ بِأُصْبُعَيْهِ وَفَرَّقَ بَيْنَهُمَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں ایسے ہوں گے' آپ نے اپنی دونوں انگلیوں سے اشارہ کیا اور ان دونوں کے درمیان فاصلہ کیا۔

5773 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كُنَّا نَقُولُ: إِنْ كَانَ فِي شَيْءٍ -يَعْنِي الشُّؤْمَ- فَهُوَ فِي الْمَسْكَنِ، وَالْمَرْأَةِ، وَالْفَرَسِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کہتے تھے: اگر نحوست کسی شی میں ہوتی تو گھر اور عورت اور گھر میں ہوتی۔

5774 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، جِئْتُ أَهَبُ لَكَ نَفْسِي، فَقَامَتْ طَوِيلًا لَا يَنْظُرُ إِلَيْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَعَّدَ فِيهَا النَّظَرَ وَصَوَّبَهُ، فَلَمَّا طَالَ مُقَامُهَا تَنَحَّتْ وَجَلَسَتْ، فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنْ لَمْ يَكُنْ لَكَ بِهَا حَاجَةٌ فَزَوِّجْنِيهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ عِنْدَكَ مِنْ شَيْءٍ تُصْدِقُهَا إِيَّاهُ؟، قَالَ: لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئی اور عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں آئی ہوں تاکہ آپ کے لیے اپنا آپ وقف کر دوں۔ پس وہ کافی دیر کھڑی رہی' نبی کریم ﷺ نے اس کی طرف ایک آنکھ نہ دیکھا' اس کے بعد اس میں نظر دوڑائی اور پھر نگاہ کو سیدھا کر لیا' پس جب اس کا کھڑا ہوا لمبا ہوا تو وہ پیچھے ہٹ کر بیٹھ گئی۔ قوم میں سے ایک آدمی کھڑا ہوا' اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اگر آپ کو اس کی ضرورت نہیں ہے تو اس کا نکاح مجھ سے فرما دیں۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کیا تیرے پاس کوئی شی ہے جو تو اس کا مہر بنائے؟

5772- البخاری جلد2صفحہ2032 رقم الحدیث: 4998' جلد5صفحہ2237 رقم الحدیث: 5659۔

اللّٰهِ، قَالَ: اذْهَبْ فَانْظُرْ ، فَذَهَبَ، ثُمَّ رَجَعَ فَقَالَ: لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا وَجَدْتُ شَيْئًا، قَالَ: اذْهَبْ فَالْتَمِسْ وَلَوْ خَاتَمًا مِنْ حَدِيدٍ ، فَذَهَبَ ثُمَّ رَجَعَ، فَقَالَ: لَا وَاللّٰهِ مَا وَجَدْتُ وَلَا خَاتَمًا مِنْ حَدِيدٍ، قَالَ وَعَلَيْهِ إِزَارٌ مَا عَلَيْهِ رِدَاءٌ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِزَارِي، قَالَ: إِنَّ إِزَارَكَ، إِنْ لَبِسْتَهُ لَمْ يَكُنْ عَلَيْهَا مِنْهُ شَيْءٌ، وَإِنْ لَبِسَتْهُ لَمْ يَكُنْ عَلَيْكَ مِنْهُ شَيْءٌ، فَتَنَحَّى الرَّجُلُ، ثُمَّ قَامَ فَرَآهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُوَلِّيًا، فَأَمَرَ بِهِ فَدُعِيَ، فَقَالَ: مَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ؟ ، قَالَ: سُورَةُ كَذَا وَسُورَةُ كَذَا، لِسُوَرٍ عَدَّدَهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبْ فَقَدْ مَلَّكْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ

اس نے عرض کی: نہیں! قسم بخدا! اے اللہ کے رسول! آپ ﷺ نے فرمایا: جا کر دیکھو! پس وہ گیا پھر واپس آ کر عرض کی: نہیں! اے اللہ کے رسول! میں نے کوئی شی نہیں پائی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جا کر تلاش کر' اگر چہ لوہے کی انگوٹھی ہی ہو۔ پس وہ گیا پھر لوٹ کر آیا اور عرض کی: نہیں! قسم بخدا! میں نے لوہے کی انگوٹھی بھی نہیں پائی۔ راوی کا بیان ہے: اس نے صرف تہبند باندھا ہوا تھا' اس پر چادر تک نہ تھی۔ اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! یہ میرا تہبند ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تہبند اگر تُو پہنے تو اس پر کوئی چیز نہ ہوگی اور اگر وہ پہنے گی تو تیرے لیے کوئی چیز نہ ہوگی۔ پس وہ آدمی پیچھے ہٹ گیا' پھر کھڑا ہوا تو نبی کریم ﷺ نے اسے لوٹتے ہوئے دیکھا' پس آپ ﷺ نے اسے لانے کا حکم دیا' آپ ﷺ نے فرمایا: تجھے کچھ قرآن یاد ہے؟ اس نے عرض کی: فلاں فلاں سورت! اس نے سورتیں گن دیں تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جا! میں نے تجھے اس کا مالک بنا دیا' بدلے اس قرآن کے جو تجھے یاد ہے۔

5775 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُحْشَرُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى أَرْضٍ بَيْضَاءَ كَقُرْصَةِ نَقِيٍّ لَيْسَ فِيهَا عَلَمٌ لِأَحَدٍ

حضور ﷺ نے فرمایا: لوگوں کا حشر قیامت کے دن صاف ٹکیہ کی طرح سفید زمین پر ہوگا' اس میں کسی کا جھنڈا نہیں ہوگا۔

5776 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَجَاءَ بِلَالٌ إِلَى أَبِي

اسی سند سے روایت ہے کہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ بنو عمرو بن عوف کی طرف تشریف لے گئے' پس نماز کا وقت ہو گیا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ

بَكْرٍ، فَقَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ إِنَّ الصَّلَاةَ قَدْ حَانَتْ، وَحُبِسَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَؤُمُّ النَّاسَ؟ قَالَ: إِنْ شِئْتَ، فَأَقَامَ بِلَالٌ الصَّلَاةَ، فَتَقَدَّمَ أَبُو بَكْرٍ فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخَذَ النَّاسُ فِي التَّصْفِيحِ، وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَا يَلْتَفِتُ فِي صَلَاتِهِ، فَلَمَّا أَكْثَرَ النَّاسُ الْتَفَتَ، فَإِذَا بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصَّفِّ، فَأَشَارَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَفَعَ أَبُو بَكْرٍ يَدَهُ، فَحَمِدَ اللّٰهَ، ثُمَّ رَجَعَ أَبُو بَكْرٍ الْقَهْقَرَى وَرَاءَهُ حَتَّى رَجَعَ فِي الصَّفِّ، فَتَقَدَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلَّى بِالنَّاسِ، فَلَمَّا فَرَغَ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ، فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، مَا لَكُمْ حِينَ نَابَكُمْ شَيْءٌ فِي الصَّلَاةِ أَخَذْتُمْ بِالتَّصْفِيحِ، إِنَّمَا التَّصْفِيحُ لِلنِّسَاءِ، فَمَنْ نَابَهُ شَيْءٌ فِي صَلَاتِهِ، فَلْيَقُلْ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، فَإِنَّهُ لَا يَسْمَعُهُ أَحَدٌ إِلَّا الْتَفَتَ إِلَيْهِ ـ يَا أَبَا بَكْرٍ مَا مَنَعَكَ أَنْ تُصَلِّيَ حِينَ أَشَرْتُ إِلَيْكَ؟ ، قَالَ: مَا كَانَ يَنْبَغِي لِابْنِ أَبِي قُحَافَةَ أَنْ يُصَلِّيَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوبکر کی خدمت میں حاضر ہوئے' عرض کی: اے ابوبکر! نماز کا وقت ہو گیا ہے اور رسول کریم ﷺ کو آنے میں دیر ہو گئی ہے' کیا آپ لوگوں کی امامت کرائیں گے؟ آپ نے ارشاد فرمایا: اگر آپ چاہیں! حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے نماز کی اقامت کہی' پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آگے ہوئے تو رسول کریم ﷺ تشریف لے آئے' لوگوں نے تالیاں بجانا شروع کر دیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی عادت تھی کہ آپ نماز میں کسی طرف متوجہ نہ ہوتے تھے' جب لوگوں نے زیادہ تالیاں بجائیں تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے توجہ فرمائی' اچانک رسول کریم ﷺ صف میں تھے' پس رسول کریم ﷺ نے اشارہ فرمایا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ہاتھ بلند کیا' اللہ کا شکر ادا کیا' پھر حضرت ابوبکر الٹے پاؤں پیچھے کی طرف پلٹے حتیٰ کہ صف میں واپس آ گئے۔ پس رسول کریم ﷺ آگے ہوئے اور لوگوں کو نماز پڑھائی' پس جب آپ ﷺ نماز پڑھا کر فارغ ہوئے تو لوگوں کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: اے لوگو! تمہیں کیا ہے جب تمہیں نماز میں کوئی شی پیش آئے تو تالیاں بجانے لگتے ہو؟ تالی بجانا تو عورتوں کے لیے ہے۔ پس جس آدمی کو نماز میں کوئی شی پیش آئے تو سبحان اللہ کہے کیونکہ جو بھی اس کو سنے گا تو متوجہ ہو گا' اے ابوبکر! جب میں نے تیری طرف اشارہ کر دیا تو نماز پڑھانے سے تجھے کس چیز نے روکا؟ آپ نے عرض کی: ابوقحافہ کے بیٹے کے

شایان شان نہیں ہے کہ وہ رسول کریم ﷺ کے سامنے نماز پڑھائے۔

5777 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، وَيَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَا: ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، حَدَّثَنِي أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: مَا أَصَابَ النَّاسُ الْعَدَدَ، مَا عَدُّوا مِنْ مَبْعَثِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا مِنْ وَفَاتِهِ، وَلَا عَدُّوا إِلَّا مِنْ مَقْدَمِهِ الْمَدِينَةَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگوں کو اتنے دشمنوں کا سامنا نہیں کرنا پڑا ہے جتنا رسول اللہ ﷺ کو اپنی بعثت سے وفات تک سامنا کرنا پڑا اور دشمنی بھی مدینہ کے آگے سے۔

5778 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ دَخَلَ مَسْجِدِي هَذَا لِيَتَعَلَّمَ خَيْرًا أَوْ لِيُعَلِّمَهُ، كَانَ بِمَنْزِلَةِ الْمُجَاهِدِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَمَنْ دَخَلَهُ لِغَيْرِ ذَلِكَ مِنْ أَحَادِيثِ النَّاسِ، كَانَ بِمَنْزِلَةِ مَنْ يَرَى مَا يُعْجِبُهُ وَهُوَ شَيْءٌ غَيْرُهُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو میری اس مسجد میں داخل ہوا علم سیکھنے یا سکھانے کے لیے تو وہ اس مجاہد کی طرح ہے جو اللہ کی راہ میں لڑتا ہے جو باتوں کے لیے داخل ہوا وہ اس کی طرح ہے جو اچھی شی دیکھے حالانکہ وہ کوئی دوسری شی ہو۔

الْمَكِّيُّونَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَبِي

مکی حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں حضرت سفیان بن عیینہ حضرت ابوحازم سے

5777- البخاری جلد3صفحہ1431 رقم الحدیث: 3719 .

5778- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1صفحه123 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه يعقوب بن حميد بن كاسب وثقه البخاري وابن حبان وضعفه النسائي وغيره ولم يستندوا في ضعفه الا الى انه محدود وسماعه صحيح .

حَازِمٍ

روایت کرتے ہیں

5779 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا أَبُو حَازِمٍ، أَنَّهُ سَمِعَ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَذِهِ مِنْ هَذِهِ، وَأَشَارَ سُفْيَانُ بِالسَّبَّابَةِ وَالْوُسْطَى

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں اور قیامت دونوں اس سے اس کی طرح بھیجے گئے ہیں' حضرت سفیان نے اپنی سبابہ اور درمیانی انگلی سے اشارہ کیا۔

5780 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ، ثنا أَبُو حَازِمٍ قَالَ: سَأَلُوا سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ: مِنْ أَيِّ شَيْءٍ مِنْبَرُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: وَمَا بَقِيَ مِنَ النَّاسِ أَحَدٌ هُوَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّي، هُوَ مِنْ أَثْلِ الْغَابَةِ .عَمِلَهُ لَهُ فُلَانٌ مَوْلَى فُلَانَةَ، وَلَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ صَعَدَ عَلَيْهِ اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَكَبَّرَ، ثُمَّ قَرَأَ، ثُمَّ رَكَعَ، ثُمَّ نَزَلَ الْقَهْقَرَى فَسَجَدَ، ثُمَّ صَعَدَ، ثُمَّ قَرَأَ، ثُمَّ رَكَعَ، ثُمَّ نَزَلَ الْقَهْقَرَى، ثُمَّ سَجَدَ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ اُنہوں نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے پوچھا: رسول اللہ ﷺ کا منبر کس شی کا تھا؟ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: لوگوں میں سے کوئی بھی ایسا باقی نہیں رہا جس کو اس کا مجھ سے زیادہ علم ہو وہ جنگل کی لکڑی کا تھا' فلانی کے غلام نے بنایا تھا' میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا جس وقت آپ منبر پر بیٹھے' قبلہ رخ منہ کیا اور تکبیر کہی' پھر قرأت کی' پھر رکوع کیا' پھر اُلٹے پاؤں واپس آئے' سجدہ کیا' پھر منبر پر چڑھے' پھر قرأت کی' پھر رکوع کیا' پھر پچھلے پاؤں نیچے اترے پھر سجدہ کیا۔

5781 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا أَبُو حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَقُولُ: خَرَجَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُصْلِحَ بَيْنَ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ فِي شَيْءٍ وَقَعَ بَيْنَهُمْ، حَتَّى تَرَامَوْا بِالْحِجَارَةِ، فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَأَذَّنَ بِلَالٌ، فَاحْتَبَسَ رَسُولُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ تشریف لے گئے تاکہ بنوعمرو بن عوف کے درمیان صلح کروائیں کسی معاملہ میں' جس میں ان کا اختلاف ہوگیا تھا حتیٰ کہ انہوں نے ایک دوسرے کو پتھر مارے' پس نماز کا وقت ہوگیا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان پڑھی' رسول کریم ﷺ کو آنے میں دیر

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَتَقَدَّمَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُصَلِّي بِالنَّاسِ، فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلَ يَتَخَلَّلُ الصُّفُوفَ، فَلَمَّا انْتَهَى إِلَى الصَّفِّ الَّذِي يَلِي أَبَا بَكْرٍ أَخَذَ النَّاسُ فِي التَّصْفِيحِ، وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ رَجُلًا لَا يَلْتَفِتُ فِي الصَّلَاةِ، فَلَمَّا سَمِعَ ذَلِكَ الْتَفَتَ، فَأَبْصَرَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَشَارَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنِ اثْبُتْ، فَرَفَعَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ رَأْسَهُ إِلَى السَّمَاءِ شُكْرًا لِلّٰهِ، وَرَجَعَ الْقَهْقَرَى، وَتَقَدَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاتَهُ أَقْبَلَ عَلَيْنَا، فَقَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ مَا مَنَعَكَ أَنْ تَثْبُتَ حِينَ أَشَرْتُ إِلَيْكَ؟ فَقَالَ: مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَرَى: ابْنَ أَبِي قُحَافَةَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ انْحَرَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى النَّاسِ، فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، مَا لَكُمْ حِينَ نَابَكُمْ فِي صَلَاتِكُمْ شَيْءٌ أَخَذْتُمْ فِي التَّصْفِيحِ؟ إِنَّمَا التَّصْفِيحُ لِلنِّسَاءِ، وَالتَّسْبِيحُ لِلرِّجَالِ مَنْ نَابَهُ شَيْءٌ فِي صَلَاتِهِ فَلْيَقُلْ: سُبْحَانَ اللّٰهِ

ہوگئی' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آگے ہوکر لوگوں کو نماز پڑھانے لگے تو رسول کریم ﷺ تشریف لے آئے' صفوں میں خلل واقع ہونے لگا' پس جب رسول کریم ﷺ اس صف تک آ پہنچے جو حضرت ابوبکر کے بالکل پیچھے ملی ہوئی تھی تو لوگوں نے تالی بجانا شروع کر دی' حضرت ابوبکر نماز میں کسی طرف متوجہ نہیں ہوا کرتے تھے' پس جب اُنہوں نے یہ (تالی) سنی تو متوجہ ہوئے' اُنہوں نے رسول کریم ﷺ کو دیکھا کہ رسول کریم ﷺ نے ان کی طرف ٹھہرے رہنے کا اشارہ کیا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنا ہاتھ آسمان کی طرف اُٹھایا' اللہ کا شکر ادا کرتے ہوئے اور الٹے پاؤں واپس آئے اور رسول کریم ﷺ آگے ہوئے۔ پس جب رسول کریم ﷺ نماز پڑھا چکے (تو راوی کا بیان ہے:) ہماری طرف متوجہ ہوکر فرمایا: اے ابوبکر! جب میں نے تیری طرف اشارہ کر دیا تھا تو ٹھہرے رہنے سے تجھے کس چیز نے روکا؟ پس حضرت ابوبکر نے عرض کی: اللہ کو یہ بات منظور نہ تھی کہ ابوقحافہ کے بیٹے کو اپنے رسول ﷺ کے سامنے دیکھے۔ پھر رسول کریم ﷺ نے روئے سخن عوام الناس کی طرف کیا اور فرمایا: اے لوگو! تمہیں کیا ہے کہ جب نماز میں تمہیں کوئی چیز پیش آتی ہے تو تم تالی بجانے لگتے ہو؟ تالی بجانا تو عورتوں کے لیے ہے اور تسبیح مردوں کے لیے ہے' جب تم میں سے کسی کو نماز میں کوئی شی پیش آئے تو اسے چاہیے کہ کہے: سبحان اللہ!

5782 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا أَبُو حَازِمٍ، أَنَّهُ سَمِعَ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَقُولُ: كُنْتُ فِي الْقَوْمِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَتَتْهُ امْرَأَةٌ فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللهِ، إِنِّي قَدْ وَهَبْتُ نَفْسِي لَكَ فَرَأْ فِيَّ رَأْيَكَ، فَقَامَ رَجُلٌ، فَقَالَ: أَنْكِحْنِيهَا يَا رَسُولَ اللهِ، إِنْ لَمْ يَكُنْ لَكَ فِيهَا حَاجَةٌ، قَالَ: فَسَكَتَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَامَتْ، فَقَالَتْ مِثْلَ ذَلِكَ، فَقَالَ الرَّجُلُ: أَنْكِحْنِيهَا يَا رَسُولَ اللهِ إِنْ لَمْ يَكُنْ لَكَ فِيهَا حَاجَةٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلرَّجُلِ: هَلْ عِنْدَكَ شَيْءٌ تُعْطِيهَا إِيَّاهُ؟، قَالَ: لَا، قَالَ: فَاذْهَبْ فَاطْلُبْ شَيْئًا، فَذَهَبَ ثُمَّ جَاءَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ، مَا وَجَدْتُ شَيْئًا، قَالَ: اذْهَبْ فَاطْلُبْ وَلَوْ خَاتَمًا مِنْ حَدِيدٍ، فَذَهَبَ ثُمَّ جَاءَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ، مَا وَجَدْتُ شَيْئًا، وَلَا خَاتَمًا مِنْ حَدِيدٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ شَيْءٌ؟، قَالَ: نَعَمْ، سُورَةُ كَذَا وَسُورَةُ كَذَا، قَالَ: اذْهَبْ فَقَدْ زَوَّجْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں بھی قوم کے ساتھ نبی کریم ﷺ کے پاس تھا' پس آپ ﷺ کی خدمت میں ایک عورت نے آ کر کہا: اے اللہ کے رسول! میں نے اپنا آپ تمہارے حوالے کیا' آپ میرے بارے اپنی رائے ملاحظہ فرمائیں۔ سو ایک آدمی نے کھڑے ہو کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! اگر آپ کو اس میں کوئی دلچسپی نہیں ہے تو اس کا نکاح مجھ سے فرما دیں۔ راوی کا بیان ہے: رسول کریم ﷺ خاموش رہے' پھر وہ عورت کھڑی ہوئی اور پہلے کی مثل عرض کی' پس اس آدمی نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اگر آپ کو اس نکاح کرنے کی ضرورت نہیں تو مجھ سے اس کا نکاح کر دیں۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تیرے پاس کوئی شی ہے جو تُو اس کو دے سکے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: جا کر تلاش کر! پس وہ گیا' پھر آیا اور عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں نے کوئی شی نہیں پائی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: پھر جا کر تلاش کر' اگرچہ لوہے کی انگوٹھی ہی کیوں نہ ہو۔ پس وہ گیا' پھر آیا اور عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں نے کوئی شی نہیں پائی حتیٰ کہ لوہے کی انگوٹھی بھی نہیں ملی۔ تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تجھے قرآن میں کوئی چیز یاد ہے؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! فلاں اور فلاں سورت مجھے یاد ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جا! میں نے تیرا نکاح اس عورت سے کر دیا' اس قرآن کے حصے کے بدلے جو تجھے یاد ہے۔

5783 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا أَبُو حَازِمٍ، قَالَ: اخْتَلَفَ النَّاسُ: بِأَيِّ شَيْءٍ دُووِيَ جُرْحُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ، فَسَأَلُوا سَهْلًا وَكَانَ مِنْ آخِرِ مَنْ بَقِيَ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِينَةِ، فَقَالَ: مَا بَقِيَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ أَحَدٌ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّي، كَانَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا تَغْسِلُ الدَّمَ عَنْ وَجْهِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَأْتِي بِالْمَاءِ فِي تُرْسِهِ، فَأَخَذَ حَصِيرًا فَأُحْرِقَ، وَحُشِيَ بِهِ جُرْحُهُ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ لوگوں کا اختلاف ہوا' اُحد کے دن رسول اللہ ﷺ کے چہرے پر جو زخم آیا وہ کس شی سے آیا تھا؟ اُنہوں نے حضرت سہل رضی اللہ عنہ سے پوچھا' یہ مدینہ میں رسول اللہ ﷺ کے آخری صحابی تھے۔ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مسلمانوں میں اس کا علم مجھ سے زیادہ رکھنے والا کوئی باقی نہیں ہے۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ ﷺ کے چہرے سے خون دھویا' حضرت علی رضی اللہ عنہ ڈھال میں پانی لاتے' چٹائی کا ٹکڑا لے کر اسے جلایا گیا' اس کے ساتھ زخم بند کیا گیا۔

5784 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَوْضِعُ سَوْطٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک کوڑے کے برابر جگہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ أَخُو سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

محمد بن عیینہ' سفیان بن عیینہ کے بھائی' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5785 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، ثنا زَافِرُ بْنُ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ لوگوں کا اختلاف ہوا' اُحد کے دن رسول اللہ ﷺ کے چہرے پر جو زخم

5785- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد3صفحه1416 رقم الحديث: 1790 . وكذلك البخاري جلد3صفحه1066 رقم الحديث: 2754' جلد3صفحه1104 رقم الحديث: 2872' جلد5صفحه2009 رقم الحديث: 4950 .

سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ السُّكَّرِيُّ الْجُنْدِيسَابُورِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ خُلَيْدٍ الْحَنَفِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ قَالَ: سَأَلْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ: بِأَيِّ شَيْءٍ دُووِيَ جُرْحُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ؟، فَقَالَ: مَا بَقِيَ عَلَى ظَهْرِ الْأَرْضِ أَحَدٌ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّي، كَانَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَنْقُلُ الْمَاءَ فِي تُرْسِهِ، وَكَانَتْ فَاطِمَةُ تَغْسِلُ الدَّمَ، وَأُحْرِقَ حَصِيرٌ، فَحُشِيَ بِهِ

آیا وہ کس شی سے آیا تھا؟ اُنہوں نے حضرت سہل رضی اللہ عنہ سے پوچھا' یہ مدینہ میں رسول اللہ ﷺ کے آخری صحابی تھے۔ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: زمین کی پیٹھ پر مسلمانوں میں اس کا علم مجھ سے زیادہ رکھنے والا کوئی باقی نہیں ہے۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ ﷺ کے چہرے سے خون دھویا' حضرت علی رضی اللہ عنہ ڈھال میں پانی لاتے' چٹائی کا ٹکڑا لے کر اسے جلایا گیا' اس کے ساتھ زخم بند کیا گیا۔

زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

زمعہ بن صالح' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5786 - أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ، ثنا أَبُو مَسْعُودٍ أَحْمَدُ بْنُ الْفُرَاتِ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَمُّوَيْهِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا يُونُسُ بْنُ حَبِيبٍ قَالَا: ثنا أَبُو دَاوُدَ، ثنا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَهُ جُبَّةُ صُوفٍ فِي الْحِيَاكَةِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کا وصال ہوا' آپ کا اون کا بُنا ہوا ایک جبہ تھا۔

5787 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ الْخَطِيبُ الْأَهْوَازِيُّ، ثنا حَفْصُ بْنُ عَمْرٍو

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کا سیاہ بالوں کا ایک جبہ تھا' اس کے دو حصے

5787- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5صفحه130 وقال: رواه الطبراني وفيه زمعة بن صالح وهو ضعيف وقد وثق وبقية رجاله ثقات .

الرَّبَالِيُّ، ثنا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، ثنا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: حِيكَتْ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُلَّةٌ مِنْ أَنْمَارٍ مِنْ صُوفٍ أَسْوَدَ، وَجُعِلَ لَهَا ذُؤَابَتَانِ مِنْ صُوفٍ أَبْيَضَ، فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْمَجْلِسِ وَهِيَ عَلَيْهِ، فَضَرَبَ عَلَى فَخِذِهِ: أَلَا تَرَوْنَ مَا أَحْسَنَ هَذِهِ الْحُلَّةَ؟ فَقَالَ أَعْرَابِيٌّ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اكْسُنِي هَذِهِ الْحُلَّةَ، وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سُئِلَ شَيْئًا لَمْ يَقُلْ لِشَيْءٍ يُسْأَلُهُ قَطُّ: لَا، قَالَ: نَعَمْ، فَدَعَا بِمُعَقَّدَتَيْنِ فَلَبِسَهَا، فَأَعْطَى الْأَعْرَابِيَّ الْحُلَّةَ، وَأَمَرَ بِمِثْلِهَا تُحَاكُ لَهُ، فَمَاتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ فِي الْمَحَاكَةِ

تھے سفید بالوں کے' حضور ﷺ اسے پہن کر نکلے' آپ نے اس کو ران پر رکھا' فرمایا: کیا تم دیکھتے ہو کہ یہ کتنا خوبصورت جبہ ہے؟ ایک اعرابی نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ حلّہ مجھے پہنائیں! رسول اللہ ﷺ کی عادت تھی کہ آپ سے کوئی شی مانگی جاتی تو آپ نہ نہیں کرتے تھے' آپ نے دو کپڑے منگوائے' اس کو پہنا اور وہ حلّہ دیہاتی کو دے دیا اور حکم دیا کہ آپ ﷺ کے لیے اس طرح کا ایک اور جبہ بُنا جائے' رسول کریم ﷺ کا وصال ہو گیا اس حال میں کہ وہ جبہ ابھی بُنا جا رہا تھا۔

5788 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عَقِيلٍ، ثنا جَدِّي عُبَيْدُ بْنُ عَقِيلٍ، ثنا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَوْ عَدَلَتِ الدُّنْيَا عِنْدَ اللّٰهِ جَنَاحَ بَعُوضَةٍ، مَا أَعْطَى كَافِرًا مِنْهَا شَيْئًا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اگر اللہ کے ہاں دنیا کی حیثیت مچھر کے پَر کے برابر بھی ہوتی تو اللہ عزوجل دنیا سے کچھ بھی کسی کافر کو نہ دیتا۔

مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنْ

محمد بن عبدالرحمٰن بن ابوملیکہ' حضرت ابوحازم سے روایت

5788- شعب الایمان جلد7صفحہ326' رقم الحدیث: 10470 .

أَبِی حَازِمٍ

کرتے ہیں

5789 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ حَاتِمٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَ بَيْنَ الْأَنْصَارِ كَوْنٌ، فَانْطَلَقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُصْلِحَ بَيْنَهُمْ، فَقَالَ لِبِلَالٍ: إِنِ احْتُبِسْتُ، فَأَقِمِ الصَّلَاةَ، وَمُرْ أَبَا بَكْرٍ أَنْ يُصَلِّيَ بِالنَّاسِ، فَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُصَلِّي بِالنَّاسِ، فَصَلَّى خَلْفَهُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انصار کے درمیان جھگڑا ہوا' حضورﷺ ان کے درمیان صلح کروانے کے لیے گئے' حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اگر مجھے دیر ہو جائے تو نماز کے لیے اقامت پڑھنا اور ابوبکر کو حکم دینا کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں' حضورﷺ آئے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے' آپ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی۔

أَبُو حَفْصٍ الطَّائِفِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ وَاسْمُهُ عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَفْصٍ

ابوحفص الطائفی' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں' حضرت ابوحفص کا نام عبدالسلام بن حفص ہے

5790 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، ثنا أَبُو حَفْصٍ الطَّائِفِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَامَ يَوْمَ عَرَفَةَ غُفِرَ لَهُ ذَنْبُ سَنَتَيْنِ مُتَتَابِعَتَيْنِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے عرفہ کے دن کا روزہ رکھا' اس کے پے در پے دو سال کے گناہ معاف کیے جائیں گے۔

5790- أبو يعلى في مسنده جلد13 صفحه542' رقم الحديث: 7548 .

5791 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، وَعَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، قَالَا: ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا طَلْقُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَفْصٍ، ثنا أَبُو حَازِمٍ، ثنا سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّ رَجُلًا أَتَاهُ فَأَقَرَّ عِنْدَهُ أَنَّهُ زَنَى بِامْرَأَةٍ سَمَّاهَا، فَبَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْمَرْأَةِ، فَسَأَلَهَا عَنْ ذَلِكَ، فَأَنْكَرَتْ أَنْ تَكُونَ زَنَتْ، فَجَلَدَهُ الْحَدَّ وَتَرَكَهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی آپ کے پاس آیا' اُس نے آپ کے پاس اقرار کیا کہ اس نے ایک عورت سے زنا کیا ہے' اس نے نام بھی لیا۔ حضور ﷺ نے اس عورت کو بلوانے کے لیے بھیجا' اس کے متعلق پوچھا تو اُس عورت نے انکار کیا کہ اُس نے زنا نہیں کیا' اس مرد کو کوڑے مارے گئے اور اُس عورت کو چھوڑ دیا گیا۔

عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

عبدالمہیمن بن عباس بن سہل' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5792 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِي حَازِمِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: دُعِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى وَلِيمَةِ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقُمْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ دُعِيَ، فَأَطْعَمَنَا خُبْزًا مِنْ شَعِيرٍ، ثُمَّ إِنَّ الْخَادِمَ الَّتِي تُطْعِمُنَا الطَّعَامَ، وَتَسْقِينَا الشَّرَابَ لِلْعَرُوسِ الَّتِي بِهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو ایک ولیمہ کی دعوت دی گئی' انصاری آدمی نے کہا: ہم حضور ﷺ کے ساتھ کھڑے ہوئے' جس وقت آپ کو دعوت دی گئی' ہم کو جو کی روٹی کھلائی گئی' پھر وہ خادم جو ہمیں کھانا کھلا رہا تھا' اس نے ہمیں شادی کی نبیذ پلائی۔

رِوَايَةُ الْبَصْرِيِّينَ عَنْ

بصریوں کی روایت' حضرت

5791- ابو داؤد في سننه جلد4صفحه150 رقم الحديث: 4437' جلد4صفحه159 رقم الحديث: 4466 .

أَبِي حَازِمٍ مَعْمَرُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

ابوحازم سے' حضرت معمر بن راشد' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5793 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرُ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، إِذْ قِيلَ لَهُ: كَانَ بَيْنَ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ وَأَهْلِ قُبَاءَ شَيْءٌ، فَقَالَ: قَدِيمٌ قَدْ كَانَ ذَلِكَ، كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذْ جِيءَ فَقِيلَ لَهُ: قَدْ صَارَ بَيْنَ أَهْلِ قُبَاءَ شَيْءٌ، فَانْطَلَقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيْهِمْ لِيُصْلِحَ بَيْنَهُمْ، فَأَبْطَأَ عَلَى النَّاسِ، فَقَالَ بِلَالٌ لِأَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: أَلَا أُقِيمُ الصَّلَاةَ؟ قَالَ: مَا شِئْتَ، فَأَقَامَ فَقَدَّمَ النَّاسُ أَبَا بَكْرٍ، فَبَيْنَا هُوَ يُصَلِّي أَقْبَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلَ يَشُقُّ الصُّفُوفَ حَتَّى قَامَ خَلْفَ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، وَجَعَلُوا يُصَفِّحُونَ، وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ لَا يَلْتَفِتُ فِي الصَّلَاةِ، فَلَمَّا أَكْثَرُوا الْتَفَتَ، فَإِذَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ خَلْفَهُ، فَأَشَارَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُصَلِّيَ كَمَا هُوَ، فَنَكَصَ إِلَى وَرَائِهِ وَتَقَدَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ لِأَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: مَا مَنَعَكَ إِذْ أَمَرْتُكَ أَنْ لَا تَكُونَ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں: میں حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ کے پاس تھا' جب ان سے عرض کی گئی: بنوعمرو بن عوف اور قباء والوں کے درمیان کوئی معاملہ تھا' اُنہوں نے فرمایا: یہ بڑی پرانی بات ہے' ہم رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھے' جب لایا گیا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی گئی: اہل قباء کے درمیان کوئی بات ہوگئی ہے' پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے درمیان صلح کروانے کیلئے ان کی طرف تشریف لے گئے' پس لوگوں کے پاس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیر ہوگئی تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے عرض کی: کیا میں نماز کی اقامت نہ کہوں؟ انہوں نے فرمایا: جو آپ چاہیں! پس اُنہوں نے اقامت کہی تو لوگوں نے حضرت ابوبکر کو آگے کر دیا' اسی دوران کہ وہ نماز پڑھا رہے تھے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آ گئے' پس صفیں ٹوٹنے لگیں یہاں تک کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پیچھے آ کر کھڑے ہو گئے' لوگوں نے تالی بجانا شروع کیں اور حضرت ابوبکر اپنی نماز میں کسی طرف متوجہ نہیں ہوا کرتے تھے' پس لوگوں نے کثرت کی تو وہ متوجہ ہوئے' اچانک نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے

صَلَّيْتَ؟ قَالَ: لَا يَنْبَغِي لِابْنِ أَبِي قُحَافَةَ أَنْ يَتَقَدَّمَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا شَأْنُ التَّصْفِيقِ فِي الصَّلَاةِ، إِنَّمَا التَّسْبِيحُ لِلرِّجَالِ، وَالتَّصْفِيقُ لِلنِّسَاءِ

پیچھے کھڑے تھے، پس نبی کریم ﷺ نے ان کی طرف اشارہ کیا کہ وہ جیسے ہیں نماز پڑھاتے رہیں، پس وہ اپنے پیچھے کی طرف آئے اور نبی کریم ﷺ آگے ہوئے، پس جب آپ ﷺ فارغ ہوئے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے ابوبکر! جب میں نے تجھے حکم دیا تھا تو تجھے کس چیز نے روکا کہ آپ نماز نہ پڑھائیں؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: ابوقحافہ کے بیٹے کو مناسب نہ تھا کہ وہ رسول کریم ﷺ سے آگے ہوتا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: نماز میں تالی بجانے کا کیا کام ہے؟ تسبیح مردوں کیلئے اور تالی بجانا عورتوں کیلئے ہے۔

معمر بن راشد عن ابی حازم

5794 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَتْهُ امْرَأَةٌ، فَوَهَبَتْ نَفْسَهَا لَهُ فَصَمَتَ، فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنْ لَمْ يَكُنْ لَكَ بِهَا حَاجَةٌ فَزَوِّجْنِيهَا؟ فَقَالَ: أَلَكَ شَيْءٌ؟ قَالَ: لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: فَهَلْ تَقْرَأُ مِنَ الْقُرْآنِ شَيْئًا؟، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: مَاذَا؟ قَالَ: سُورَةَ كَذَا وَسُورَةَ كَذَا، فَقَالَ: قَدْ أَمْلَكْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ، فَرَأَيْتُهُ يَمْضِي وَهِيَ تَتْبَعُهُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس ایک عورت آئی، اس نے خود کو آپ کے حوالے کیا، آپ خاموش رہے، ایک آدمی کھڑا ہوا اور عرض کی: یارسول اللہ! اگر آپ کی حاجت نہیں ہے تو میری شادی کروا دیں؟ آپ نے فرمایا: تیرے پاس کوئی شی ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! اللہ کی قسم! یارسول اللہ! آپ نے فرمایا: کیا تجھے قرآن سے کوئی شی یاد ہے؟ اُس نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: کیا ہے؟ اس نے عرض کی: فلاں فلاں سورت! آپ نے فرمایا: میں نے تمہارا نکاح اس مہر کے بدلے کروایا جو قرآن تمہیں یاد ہے۔ حضرت سہل فرماتے ہیں: میں نے دیکھا اس کو جاتے ہوئے، وہ عورت اس کے پیچھے چل رہی تھی۔

5795 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ شَرِيكٍ الْأَسَدِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ ثَوْرٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ كَرِيمٌ يُحِبُّ الْكَرَمَ، وَيُحِبُّ مَعَالِيَ الْأَخْلَاقِ، وَيَكْرَهُ سَفْسَافَهَا

حضرت ابوحازم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل سخی ہے' سخاوت کو پسند کرتا ہے اور اس کو اچھے اخلاق پسند ہیں اور بُرے اخلاق کو ناپسند کرتا ہے۔

5796 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، ثنا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِي سَبْعُونَ أَلْفًا، أَوْ سَبْعُمِائَةِ أَلْفٍ، بِغَيْرِ حِسَابٍ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری اُمت کے ستر ہزار یا سات لاکھ بغیر حساب کے جنت میں داخل ہوں گے۔

حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

حماد بن سلمہ' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5797 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي حَازِمِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَى بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ فِي لِحَاءٍ كَانَ بَيْنَهُمْ، فَحَضَرَتْ صَلَاةُ الْعَصْرِ، فَقَالَ بِلَالٌ: أُقِيمُ يَا أَبَا بَكْرٍ وَتُصَلِّي بِالنَّاسِ، فَأَقَامَ بِلَالٌ، وَتَقَدَّمَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَصَلَّى

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بنو عمرو بن عوف کے ایک جھگڑے میں تشریف لائے جو ان کے درمیان کھڑا ہوا تھا' عصر کی نماز کا وقت ہوگیا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے ابوبکر! میں اقامت کہوں اور آپ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔ پس حضرت بلال نے اقامت پڑھی اور حضرت ابوبکر آگے ہوئے اور لوگوں کو نماز پڑھائی۔

5795- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد1صفحه111 رقم الحديث: 151' جلد1صفحه112 رقم الحديث: 152 .

5796- أحمد في مسنده جلد5صفحه335' رقم الحديث: 22890 .

بِالنَّاسِ، فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرِقُ الصُّفُوفَ، فَصَفَّحَ النَّاسُ، وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ لَا يَكَادُ يَلْتَفِتُ فِي صَلَاتِهِ، فَأَكْثَرَ الْقَوْمُ التَّصْفِيحَ، فَالْتَفَتَ أَبُو بَكْرٍ فَإِذَا هُوَ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرِقُ الصُّفُوفَ، فَتَأَخَّرَ أَبُو بَكْرٍ، فَأَوْمَأَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ مَكَانَكَ، فَتَأَخَّرَ وَتَقَدَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى بِالنَّاسِ، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ قَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ مَا لَكَ حِينَ أَوْمَأْتُ إِلَيْكَ أَقِمْ مَكَانَكَ، لَمْ تَقُمْ؟ قَالَ: مَا كَانَ لِابْنِ أَبِي قُحَافَةَ أَنْ يَؤُمَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ لِلْقَوْمِ: مَا لَكُمْ إِذَا نَابَكُمْ أَمْرٌ صَفَّحْتُمْ؟ سَبِّحُوا، إِنَّمَا التَّصْفِيحُ لِلنِّسَاءِ

پس رسول کریم ﷺ تشریف لے آئے تو لوگ صفیں توڑنے لگے۔ پس لوگوں نے تالیاں بجانا شروع کر دیں' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی عادت تھی کہ اپنی نماز میں کسی طرف متوجہ نہیں ہوتے تھے تو لوگوں نے بہت زیادہ تالیاں بجائیں تو حضرت ابوبکر متوجہ ہوئے۔ پس اچانک دیکھا تو رسول کریم ﷺ موجود تھے' صفوں کو چیرتے ہوئے آگے بڑھ رہے تھے' پس ابوبکر پیچھے ہٹنے لگے تو رسول کریم ﷺ نے اپنی جگہ رہنے کا اشارہ کیا' پس حضرت ابوبکر پیچھے ہو گئے اور رسول کریم ﷺ نے آگے ہو کر لوگوں کو نماز پڑھائی۔ پس جب آپ نے نماز پڑھا لی تو فرمایا: اے ابوبکر! تجھے کیا ہوا جب میں نے تجھے اپنی جگہ رہنے کا اشارہ دیا اور آپ کیوں کھڑے نہ ہوئے؟ عرض کی: ابوقحافہ کے بیٹے کی شان نہ تھی کہ وہ رسول کریم ﷺ کا امام بنتا۔ پھر قوم سے فرمایا: تمہیں کیا ہوا کہ تمہیں معاملہ پیش آیا تو تم نے تالیاں بجائیں؟ سبحان اللہ کہا کرو' یہ تالیاں بجانا عورتوں کا حصہ ہے۔

5798 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الرَّقَّامُ، ثنا أَبُو حَفْصٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ رَوْحٍ الْأَهْوَازِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عَوِّضُوهُنَّ وَلَوْ بِسَوْطٍ يَعْنِي: فِي التَّزْوِيجِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: شادی کرتے وقت اس کا حق مہر دو' اگرچہ ایک کوڑا ہی کیوں نہ ہو۔

5798- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه280 وقال: رواه الطبراني وفيه من لم أعرفه .

حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

5799 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، ح وَحَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالُوا: ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَ قِتَالٌ بَيْنَ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلَّى الظُّهْرَ، ثُمَّ أَتَاهُمْ لِيُصْلِحَ بَيْنَهُمْ، فَقَالَ: يَا بِلَالُ إِنْ حَضَرَتِ الْعَصْرُ وَلَمْ آتِكَ، فَمُرْ أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ، فَلَمَّا حَضَرَتْهُ صَلَاةُ الْعَصْرِ أَذَّنَ وَأَقَامَ، ثُمَّ أَمَرَ أَبَا بَكْرٍ فَتَقَدَّمَ، قَالَ: فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ فِي الصَّلَاةِ، فَشَقَّ بِالنَّاسِ حَتَّى قَامَ خَلْفَ أَبِي بَكْرٍ فِي الصَّفِّ الَّذِي يَلِيهِ وَصَفَّحَ الْقَوْمُ، فَكَانَ أَبُو بَكْرٍ إِذَا دَخَلَ فِي الصَّلَاةِ لَمْ يَلْتَفِتْ حَتَّى يَفْرُغَ، فَلَمَّا رَأَى التَّصْفِيحَ لَا يُمْسِكُ عَنْهُ الْتَفَتَ، فَرَأَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلْفَهُ، فَأَوْمَأَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنِ امْضِهِ وَقَالَ بِيَدِهِ هَكَذَا، قَالَ: فَلَبِثَ أَبُو بَكْرٍ هُنَيْهَةً فَحَمِدَ اللّٰهَ عَلَى قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ مَشَى الْقَهْقَرَى، فَلَمَّا رَأَى ذَلِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقَدَّمَ،

حماد بن زید' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوحازم سے مروی ہے کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بنوعمرو بن عوف کے درمیان لڑائی پڑ گئی' پس یہ بات نبی کریم ﷺ تک پہنچی تو آپ ﷺ نے ظہر کی نماز پڑھ کر حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے بلال! اگر عصر کی نماز کا وقت ہو جائے اور میں تیرے پاس نہ آؤں تو حضرت ابوبکر سے کہنا کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔ پس جب عصر کا وقت ہوا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان و اقامت کہی پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے عرض کی: آگے ہوں! راوی کا بیان ہے: رسول کریم ﷺ تشریف لائے تو حضرت ابوبکر نماز پڑھا رہے تھے' لوگوں پر یہ بات گراں گزری' رسول کریم ﷺ حضرت ابوبکر کے پیچھے آخری صف میں کھڑے ہو گئے تو لوگوں نے تالیاں بجائیں۔ حضرت ابوبکر کی عادت تھی کہ جب آپ رضی اللہ عنہ نماز میں ہوتے تو نماز سے فارغ ہونے تک کسی طرف متوجہ نہ ہوتے تھے' پس جب انہوں نے دیکھا کہ تالی بجنا بند نہیں ہو رہی ہے تو وہ متوجہ ہوئے' پس انہوں نے رسول کریم ﷺ کو اپنے پیچھے ملاحظہ کیا' پس رسول کریم ﷺ نے ان کی طرف اشارہ کیا کہ وہ جاری رکھیں اور اپنے ہاتھ کے ساتھ اس طرح کہا۔ راوی کا بیان ہے: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ

فَصَلَّى بِالنَّاسِ، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ قَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ مَا مَنَعَكَ إِذْ أَوْمَأْتُ إِلَيْكَ أَنْ لَا تَكُونَ مَضَيْتَ؟، قَالَ: لَمْ يَكُنْ لِابْنِ أَبِي قُحَافَةَ أَنْ يَؤُمَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: وَقَالَ لِلْقَوْمِ: إِذَا رَابَكُمْ أَمْرٌ فَلْيُسَبِّحِ الرِّجَالُ وَلْتُصَفِّقِ النِّسَاءُ وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ عَارِمٍ

تھوڑی دیر ٹھہرے اس کے بعد نبی کریم ﷺ کے فرمان پر اللہ کا شکر ادا کیا پھر اُلٹے پاؤں لوٹے پس جب نبی کریم ﷺ نے یہ چیز دیکھی تو آپ آگے ہوئے اور لوگوں کو نماز پڑھائی پس جب آپ ﷺ نے نماز مکمل کی تو فرمایا: اے ابوبکر! تجھے کس چیز نے روکا جب میں نے تیری طرف اشارہ کر دیا کہ اپنی جگہ سے نہ ہٹو؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: ابوقحافہ کے بیٹے کو مناسب نہ تھا کہ وہ اللہ کے رسول کا امام بنے۔ راوی کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے قوم سے فرمایا: جب کوئی بات تمہیں شک میں ڈالے تو مرد سبحان اللہ کہیں اور عورتیں تالی بجائیں۔ یہ الفاظ حدیث حضرت عارم کے ہیں۔

حماد بن زيد عن أبي حازم

5800 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا بَلَّغَ اللّٰهُ الْعَبْدَ سِتِّينَ، فَقَدْ أَعْذَرَ إِلَيْهِ وَأَبْلَغَ إِلَيْهِ فِي الْعُمُرِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب اللہ عزوجل بندہ کو ساٹھ سال کی عمر دے تو اس کا عذر قبول کرے گا اس کو مقام دے گا۔

5801 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ، ح وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَرْبٍ الْعَبَّادَانِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ قَالُوا: ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ،

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت حضور ﷺ کے پاس آئی اُس نے نکاح کی خواہش کی تو آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے کسی عورت سے نکاح کی ضرورت نہیں ہے! ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! میری شادی کروا دیں! آپ نے فرمایا:

5800- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10 صفحه206 وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال الصحيحين .

عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ امْرَأَةً أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَرَضَتْ نَفْسَهَا عَلَيْهِ، فَقَالَ: مَا لِي فِي النِّسَاءِ الْيَوْمَ مِنْ حَاجَةٍ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ زَوِّجْنِيهَا، فَقَالَ: مَا عِنْدَكَ؟ فَقَالَ: مَا عِنْدِي مِنْ شَيْءٍ، فَقَالَ: أَعْطِهَا وَلَوْ خَاتَمًا مِنْ حَدِيدٍ، قَالَ: مَا عِنْدِي مِنْ شَيْءٍ، قَالَ: فَمَا عِنْدَكَ مِنَ الْقُرْآنِ؟ قَالَ: كَذَا وَكَذَا، قَالَ: فَقَدْ مَلَّكْتُكَهَا بِمَا عِنْدَكَ مِنَ الْقُرْآنِ وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ عَارِمٍ

تیرے پاس کوئی شی ہے؟ اُس نے عرض کی: میرے پاس کوئی شی نہیں ہے' آپ نے فرمایا: اس کو دے دو اگرچہ لوہے کی انگوٹھی ہو! اُس نے عرض کی: میرے پاس کوئی شی نہیں ہے' آپ نے فرمایا: تمہیں قرآن یاد ہے؟ اُس نے عرض کی: یہ سورہ' یہ سورہ یاد ہے' آپ نے فرمایا: میں نے تیرا نکاح اس کے بدلے کیا جو تجھے قرآن میں سے یاد ہے۔ عارم کی حدیث کے الفاظ ہیں۔

5802 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شُعَيْبٍ، قَالَا: ثنا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ فَتًى مِنَ الْأَنْصَارِ كَانَ حَدِيثَ عَهْدٍ بِعُرْسٍ، فَخَرَجَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزَاةٍ، فَرَجَعَ مِنَ الطَّرِيقِ يَنْظُرُ إِلَى أَهْلِهِ، فَإِذَا هُوَ بِامْرَأَةٍ قَائِمَةٍ فِي الْحُجْرَةِ، فَبَوَّأَ إِلَيْهَا الرُّمْحَ، فَقَالَتِ: ادْخُلِ انْظُرْ مَا فِي الْبَيْتِ، فَدَخَلَ فَإِذَا هُوَ بِحَيَّةٍ مُتَطَوِّقَةٍ عَلَى فِرَاشِهِ، فَانْتَظَمَهَا بِرُمْحِهِ، ثُمَّ رَكَزَ الرُّمْحَ فِي الدَّارِ، وَانْتَفَضَتِ الْحَيَّةُ وَانْتَفَضَ الرَّجُلُ، فَمَاتَتِ الْحَيَّةُ وَمَاتَ الرَّجُلُ، فَذُكِرَ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنَّهُ نَزَلَ الْمَدِينَةَ جِنٌّ مُسْلِمُونَ، أَوْ قَالَ: لِهَذِهِ الْبُيُوتِ عَوَامِرُ، فَإِذَا رَأَيْتُمْ مِنْهَا شَيْئًا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انصار کے ایک نوجوان جس کی نئی نئی شادی ہوئی تھی' وہ حضورﷺ کے ساتھ جہاد کے لیے نکلا' واپس آیا تو اُس نے راستے میں عورت کو دیکھا کہ وہ دروازے کے باہر کھڑی تھی' اُس نے نیزہ اُٹھایا' اس عورت نے کہا: اپنے گھر میں دیکھیں! وہ آدمی گھر میں داخل ہوا تو ایک سانپ کو بستر پر لپٹا ہوا دیکھا' اُس آدمی نے نیزہ اُٹھایا' اس نے نیزہ گھر میں گاڑ دیا' سانپ نے اس آدمی کو ڈسا' سانپ بھی مر گیا اور وہ آدمی بھی مر گیا' اس کا ذکر حضورﷺ کے ہاں کیا گیا تو آپ نے فرمایا: مدینہ میں جن آتے ہیں' یا فرمایا: ان گھروں میں جن ہوتے ہیں' جب تم ان میں سے کوئی شی دیکھو تو ان سے اللہ کی پناہ مانگو۔ اگر دوبارہ دیکھو تو اسے قتل کر دو۔

5802- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه48 وقال: رواه الطبراني في الكبير ورجاله رجال الصحيح .

فَتَعَوَّذُوا مِنْهُ، فَإِنْ عَادَ فَاقْتُلُوهُ

مُبَشِّرُ بْنُ مُكَسِّرٍ شَيْخٌ مِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ نَزَلَ الْبَصْرَةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

مدینہ کے ایک بزرگ جو بصرہ آئے تھے' حضرت مبشر بن مکسر' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5803 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا مُبَشِّرُ بْنُ مُكَسِّرٍ، ثنا أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِلْجَنَّةِ بَابٌ يُقَالُ لَهُ الرَّيَّانُ، يُدْعَى إِلَيْهِ الصَّائِمُونَ، يُقَالُ لَهُمْ: هَلُمُّوا، فَإِذَا دَخَلُوا أَغْلَقُوا ذَلِكَ الْبَابَ، فَلَمْ يَدْخُلْ مَعَهُمْ غَيْرُهُمْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک دروازہ ہے جس کا نام ریان ہے' اس سے روزے دار ہی گزریں گے'ان کو کہا جائے گا: آؤ! جب وہ داخل ہوں گے تو دروازہ بند کیا جائے گا' ان کے علاوہ کوئی داخل نہیں ہو گا۔

5804 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُوسَى بْنِ زَيْدٍ السَّامِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا مُبَشِّرُ بْنُ مُكَسِّرٍ، ثنا أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يُصَلُّونَ وَهُمْ مُعْقِدُونَ أُزُرَهُمْ فِي أَرْقَابِهِمْ مِنْ ضِيقِ الْأُزُرِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کے اصحاب نماز پڑھ رہے ہوتے' وہ اپنے تہبند اپنی گردنوں سے باندھے ہوئے ہوتے تھے' تہبند کے تنگ ہونے کی وجہ سے۔

5805 - حَدَّثَنَا أَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ، ثنا مُبَشِّرُ بْنُ مُكَسِّرٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت حضورﷺ کے پاس آئی' اُس نے نکاح کی خواہش کی' آپ خاموش رہے' وہ دیر تک کھڑی رہی'

5804- مسلم جلد1صفحہ326' رقم الحديث: 441 .

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَرَضَتْ عَلَيْهِ نَفْسَهَا فَسَكَتَ، فَقَامَتْ حَتَّى رَثَيْنَا لَهَا مِنْ طُولِ الْقِيَامِ، فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: زَوِّجْنِيهَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ: مَا تُصْدِقُهَا؟ قَالَ: هَذِهِ الشَّمْلَةَ الَّتِي عَلَيَّ، لَيْسَ عِنْدِي غَيْرُهَا، قَدْ عَقَدَهَا عَلَى صَدْرِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ: أَرَأَيْتَ إِنْ عَرَّسْتَ، أَعِنْدَكَ غَيْرُهَا؟ قَالَ: لَا وَاللّٰهِ، قَالَ: اذْهَبْ فَاطْلُبْ وَلَوْ خَاتَمًا مِنْ حَدِيدٍ، فَذَهَبَ فَمَكَثَ مَا شَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ جَاءَ، فَقَالَ: مَا وَجَدْتُ خَاتَمًا مِنْ حَدِيدٍ، فَقَالَ: مَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ؟ قَالَ: آيَةُ كَذَا وَآيَةُ كَذَا، قَالَ: فَقَالَ: فَقَدْ زَوَّجْتُكَ عَلَى مَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ

ایک آدمی کھڑا ہوا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میری شادی کروا دیں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہارے پاس حق مہر ہے؟ اُس نے عرض کی: چادر ہے جو میرے پاس ہے' اس کے علاوہ کچھ نہیں ہے جو پہنی ہوئی تھی۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تیرے پاس اسکے علاوہ ہے تو تیری شادی کر دوں؟ اس نے عرض کی: نہیں! اللہ کی قسم! آپ نے فرمایا: جاؤ! تلاش کرو اگرچہ لوہے کی انگوٹھی ہو۔ وہ گیا جتنی دیر اللہ نے چاہا وہ ٹھہرا رہا' پھر آیا اور عرض کی: لوہے کی انگوٹھی بھی نہیں پاتا ہوں' آپ نے فرمایا: تمہیں قرآن سے کچھ یاد ہے؟ اس نے عرض کی: کچھ آیتیں' آپ نے فرمایا: تمہیں جو قرآن یاد ہے' تمہاری شادی اس حق مہر کے بدلے کرواتا ہوں۔

وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

وہیب بن خالد' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5806 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَيُّوبُ بْنُ يُونُسَ الصَّفَّارُ، ثنا وُهَيْبٌ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ إِنَّ فِي الْجَنَّةِ شَجَرَةً، يَسِيرُ الرَّاكِبُ فِي ظِلِّهَا مِائَةَ عَامٍ، لَا يَقْطَعُهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جنت میں ایک درخت ہے' اس کے سایہ میں کوئی سوار ایک سو سال تک تو اس کا سایہ ختم نہیں ہوگا۔

5807 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

5806- أخرج نحوه مسلم فى صحيحه جلد 4صفحه2175 رقم الحديث: 2826' جلد 4صفحه2176 رقم الحديث: 2828 . وكذلك البخارى جلد4صفحه1851 رقم الحديث: 4599 .

5807- أخرج نحوه مسلم فى صحيحه جلد4صفحه2177' رقم الحديث: 2830 .

الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَيُّوبُ بْنُ يُونُسَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ لَيَتَرَاءَوْنَ أَهْلَ الْغُرَفِ، كَمَا تَتَرَاءَوْنَ الْكَوْكَبَ فِي أُفُقِ السَّمَاءِ

کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک جنتی بالاخانوں والوں کو دیکھیں گے جس طرح تم آسمان کے کنارے میں ستارے کو دیکھتے ہو۔

يَحْيَى بْنُ قَيْسٍ الْكِنْدِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

یحییٰ بن قیس الکندی' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5808 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْمُسْتَمِرِّ الْعُرُوقِيِّ، ثنا حَاتِمُ بْنُ عَبَّادِ بْنِ دِينَارٍ الْحَرَشِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ قَيْسٍ الْكِنْدِيُّ، ثنا أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ: مَاتَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُثْنُونَ عَلَيْهِ، وَيَذْكُرُونَ مِنْ عِبَادَتِهِ، وَرَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاكِتٌ، فَلَمَّا سَكَتُوا، قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ كَانَ يُكْثِرُ ذِكْرَ الْمَوْتِ؟ قَالُوا: لَا، قَالَ: فَهَلْ كَانَ يَدَعُ كَثِيرًا مِمَّا يَشْتَهِي؟ ، قَالُوا: لَا، قَالَ: مَا بَلَغَ صَاحِبُكُمْ كَثِيرًا مِمَّا تَذْهَبُونَ إِلَيْهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے اصحاب میں سے ایک صحابی کا وصال ہوا' حضور ﷺ کے اصحاب اس کی تعریف کرنے لگے اس کی عبادت کا ذکر کرنے لگے' حضور ﷺ خاموش تھے' جب صحابہ کرام خاموش ہوئے تو حضور ﷺ نے فرمایا: کیا موت کو کثرت سے یاد کرتا تھا؟ صحابہ کرام نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: جس کی چاہت ہوتی تھی اس کو اکثر چھوڑتا تھا؟ صحابہ کرام نے عرض کی: جی نہیں! آپ نے فرمایا: تمہارا ساتھی اس میں کثیر کو نہیں پہنچا جو اس کے بارے تمہارا مذہب ہے' جو تم سے جائے۔

5809 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5808- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**308** وقال: رواه الطبراني واسناده حسن .

5809- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**1**صفحه**61**' جلد **1**صفحه**109** وقال: رواه الطبراني في الكبير ورجاله موثقون الا حاتم بن عباد بن دينار الجرشي لم أر من ذكر له ترجمة .

إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ الْعُرُوقِيُّ، ثنا حَاتِمُ بْنُ عَبَّادِ بْنِ دِينَارٍ الْحَرَشِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ قَيْسٍ الْكِنْدِيُّ، ثنا أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نِيَّةُ الْمُؤْمِنِ خَيْرٌ مِنْ عَمَلِهِ، وَعَمَلُ الْمُنَافِقِ خَيْرٌ مِنْ نِيَّتِهِ، وَكُلٌّ يَعْمَلُ عَلَى نِيَّتِهِ، فَإِذَا عَمِلَ الْمُؤْمِنُ عَمَلًا نَارَ فِي قَلْبِهِ نُورٌ

حضورﷺ نے فرمایا: مؤمن کی نیت اسکے عمل سے بہتر ہے' منافق کا عمل اس کی نیت سے بہتر ہے' اور ہر ایک اپنی نیت کے مطابق عمل کرتا ہے' جب مؤمن عمل کرتا ہے تو اس کے دل میں نور پیدا ہوتا ہے۔

يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ أَظُنُّهُ بَصْرِيٌّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

یحییٰ بن عثمان' میرا خیال ہے یہ بصری ہیں' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5810 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا مُؤَمَّلُ بْنُ إِهَابٍ، ثنا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَرَشِيُّ، ثنا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَتَتَّبِعُنَّ سُنَنَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، شِبْرًا بِشِبْرٍ، وَذِرَاعًا بِذِرَاعٍ، حَتَّى لَوْ دَخَلُوا جُحْرَ ضَبٍّ لَاتَّبَعْتُمُوهُمْ، قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ الْيَهُودُ وَالنَّصَارَى؟ قَالَ: فَمَنْ إِلَّا الْيَهُودُ وَالنَّصَارَى

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: تم ضرور پہلے لوگوں کے نقش قدم پر چلو گے' بالشت بالشت کے بدلے ہاتھ ہاتھ' اگر وہ گوہ کے سوراخ میں داخل ہوں گے تو تم ان کے پیچھے ضرور جاؤ گے۔ ہم نے عرض کی: یہود و نصاریٰ؟ آپﷺ نے فرمایا: یہود و نصاریٰ!

بَحْرُ بْنُ كَنِيزٍ السَّقَّاءُ

بحر بن کنیز السقاء' حضرت ابوحازم

5810- أخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد5صفحه2669' رقم الحديث: 6889 .

عَنْ أَبِي حَازِمٍ

سے روایت کرتے ہیں

5811 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَعْيَنَ، ثنا بَحْرُ بْنُ كَنِيزٍ السَّقَّاءُ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا كَانَتْ زَنْدَقَةٌ، إِلَّا كَانَ بَيْنَ يَدَيْهِ التَّكْذِيبُ بِالْقَدَرِ

حضرت سہل بن ساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: زندیق تقدیر کو جھٹلانے والا ہوتا ہے۔

عِمْرَانُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ أَظُنُّهُ بَصْرِيٌّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

عمران بن محمد بن سعید بن میّب' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5812 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا ابْنُ عَائِشَةَ، ثنا عِمْرَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الدَّالُّ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: نیکی کی دعوت دینے والے کو ثواب نیکی کرنے والے کی طرح دیا جائے گا۔

فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ النُّمَيْرِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

فضیل بن سلیمان نمیری' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5813 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا الصَّلْتُ بْنُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہﷺ کے ساتھ نمازِ جمعہ پڑھتے' پھر ہم واپس آتے اور قیلولہ کرتے۔

5811- ذکره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه203 وقال: رواه الطبراني وفيه ابراهيم بن أعين وهو ضعيف .

5812- الترمذي في سننه جلد5صفحه41' رقم الحديث: 2670 .

مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَا: ثنا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي الْجُمُعَةَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ نَرْجِعُ فَنَقِيلُ

5814 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزَالُ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَا عَجَّلُوا الْفِطْرَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ نے فرمایا: لوگ ہمیشہ بھلائی پر رہیں گے جب تک وہ افطاری میں جلدی کرتے رہیں گے۔

5815 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِشَرَابٍ، وَعَنْ يَمِينِهِ غُلَامٌ وَعَنْ يَسَارِهِ أَشْيَاخٌ، فَشَرِبَ ثُمَّ نَاوَلَ الْغُلَامَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس پانی لایا گیا' آپ کی ایک جانب بچہ اور دوسری جانب بوڑھا شخص تھا' آپ نے پانی پیا اور پھر بچے کو دے دیا۔

5816 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْخَنْدَقِ، وَنَحْنُ نَحْفُرُ وَهُوَ يَنْقُلُ التُّرَابَ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ لَا عَيْشَ إِلَّا عَيْشُ الْآخِرَةِ، فَاغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ، وَالْمُهَاجِرَةِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ خندق میں ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے' ہم خندق کھود رہے تھے' آپ مٹی جھاڑ رہے تھے اور یہ دعا کر رہے تھے: اے اللہ! زندگی تو آخرت کی زندگی ہے' تُو انصار اور مہاجرین کو بخش دے!

5817 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5814- مسلم جلد2صفحه771 رقم الحديث: 1098 . والبخاری جلد2صفحه692 رقم الحديث: 1856 .

5816- مسلم جلد 3صفحه1431 رقم الحديث: 1805 . والبخاری جلد3صفحه1043 رقم الحديث: 2679' جلد4 صفحه1504 رقم الحديث: 3873 .

الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ: لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَى يَدَيْهِ، فَغَدَا النَّاسُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّهُمْ يَرْجُونَ أَنْ يُعْطِيَهُ الرَّايَةَ، فَقَالَ: أَيْنَ عَلِيٌّ؟ قَالُوا: هُوَ شَاكِي الْعَيْنِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: أَرْسِلُوا بِهِ فَأُتِيَ بِهِ فَبَسَقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عَيْنَيْهِ وَدَعَا، فَبَرَأَ، ثُمَّ دَفَعَ إِلَيْهِ الرَّايَةَ، فَقَالَ: انْفُذْ وَلَا تَلْتَفِتْ حَتَّى تَنْزِلَ بِالْقَوْمِ فَتَدْعُوَهُمْ إِلَيَّ، فَنَفَذَ عَلِيٌّ، ثُمَّ الْتَفَتَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أُقَاتِلُهُمْ حَتَّى يَقُولُوا: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، قَالَ: عَلَى رِسْلِكَ، إِذَا جِئْتَهُمْ فَادْعُهُمْ إِلَى قَوْلِ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، فَلَأَنْ يُسْلِمَ رَجُلٌ عَلَى يَدِكَ خَيْرٌ لَكَ مِنْ أَنْ يَكُونَ لَكَ حُمْرُ النَّعَمِ

رسول کریم ﷺ نے خیبر کے دن فرمایا: کل میں جھنڈا ایک ایسے آدمی کو دوں گا جس کے ہاتھوں پر اللہ تعالیٰ فتح عطا فرمائے گا' پس لوگوں نے رسول کریم ﷺ کے ساتھ صبح کی جن میں سے ہر ایک اُمید کر رہا تھا کہ جھنڈا اس کو ملے۔ پس آپ ﷺ نے فرمایا: علی کہاں ہیں؟ صحابہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ان کو آنکھوں کی تکلیف ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ان کو میرے پاس لاؤ۔ پس ان کو لایا گیا تو رسول کریم ﷺ نے ان کی آنکھوں میں لعاب مبارک لگا کر دعا فرمائی تو وہ بالکل ٹھیک ہو گئے' پھر جھنڈا ان کے حوالے کیا' فرمایا: نافذ کر اور کسی طرف متوجہ نہ ہو حتیٰ کہ قوم کے پاس اترے' پس ان کو میری طرف دعوت دے (کہ مجھے مان لیں)۔ پس حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جھنڈا پکڑا اور متوجہ ہو کر (عرض کی:) اے اللہ کے رسول! کیا میں ان سے جہاد کروں یہاں تک کہ وہ کلمہ طیبہ پڑھ لیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اپنے قدموں پر ٹھہرو! جب تُو ان کے پاس آئے تو ان کو لا الٰہ الا اللہ کی طرف بلاؤ۔ پس تیرے ہاتھ پر ایک آدمی کا اسلام قبول کر لینا' تیرے لیے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔

5818 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ جَاءَتْهُ امْرَأَةٌ تَعْرِضُ نَفْسَهَا عَلَيْهِ، فَخَفَّضَ فِيهَا الْبَصَرَ وَرَفَعَهُ،

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس تھے' ایک عورت آئی' اُس نے آپ سے نکاح کی خواہش کی' آپ نے اپنی نگاہ نیچے کر لی' پھر آپ نے نگاہ اُٹھائی تو آپ نے کوئی جواب نہیں دیا' آپ کے صحابہ میں سے ایک آدمی اُٹھا' اُس نے

فَلَمْ يُرْجِعْهَا، فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِهِ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، زَوِّجْنِيهَا، قَالَ: هَلْ عِنْدَكَ شَيْءٌ؟، قَالَ: لَا، وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا عِنْدِي مِنْ شَيْءٍ، قَالَ: وَلَا خَاتَمٌ مِنْ حَدِيدٍ؟ قَالَ: وَلَا خَاتَمٌ مِنْ حَدِيدٍ، وَلَكِنْ أَشُقُّ بُرْدِي هَذِهِ، وَأُعْطِيهَا وَآخُذُ النِّصْفَ، فَقَالَ: لَا، وَلَكِنْ مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ شَيْءٌ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: اذْهَبْ فَقَدْ زَوَّجْتُكَهَا عَلَى مَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ

عرض کی: یارسول اللہ! میرے ساتھ شادی کروا دیں! آپ نے فرمایا: تیرے پاس کوئی شے ہے؟ اُس نے عرض کی: اللہ کی قسم! یارسول اللہ! میرے پاس کوئی شے نہیں' آپ نے فرمایا: لوہے کی انگوٹھی بھی نہیں؟ اس نے عرض کی: لوہے کی انگوٹھی بھی نہیں لیکن میرے پاس یہ پھٹی ہوئی چادر ہے' یہ دو حصے کر کے آدھی اس کو دے دوں گا اور آدھی خود رکھ لوں گا! اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: کیا تجھے قرآن یاد ہے؟ اُس نے عرض کی: ہاں! آپ نے فرمایا: میں نے تم دونوں کی شادی اس بات پر کی کہ تم نے اس کو قرآن پاک یاد کروانا ہے اور یہی تمہارا حق مہر ہے۔

5819 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، فِيمَا يَبْدُو لِلنَّاسِ، وَإِنَّهُ لَمِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ، فِيمَا يَبْدُو لِلنَّاسِ، وَإِنَّهُ لَمِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ

اسی سند کے ساتھ راوی فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک ایک آدمی جنتیوں والے کام کرتا رہتا ہے' اس میں جو لوگوں کے سامنے ظاہر ہوتا ہے حالانکہ وہ دوزخی ہوتا ہے اور (اسی طرح) ایک آدمی دوزخیوں والے کام کرتا رہتا ہے' اس میں جو لوگوں کے سامنے ظاہر ہوتا ہے' حالانکہ وہ جنتی ہوتا ہے۔

5820 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بِأُصْبُعِهِ الْوُسْطَى وَالَّتِي تَلِي الْإِبْهَامَ: بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ هَكَذَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں اور قیامت دونوں اس طرح بھیجے گئے ہیں' آپ نے اپنی سبابہ اور درمیانی انگلی سے اشارہ کیا۔

5821 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَدْوَةٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

اسی سند کے ساتھ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی راہ میں ایک صبح یا ایک شام دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

5822 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْحِنَّائِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ قَزَعَةَ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: اسْتَضْحَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَقَدْ رَأَيْنَاكَ ضَحِكْتَ ضَحِكًا مَا رَأَيْنَاكَ ضَحِكْتَ مِثْلَهُ، فَقَالَ: مِنْ قَوْمٍ يُؤْتَى بِهِمْ إِلَى الْجَنَّةِ فِي كُبُولِ الْحَدِيدِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اچانک مسکرانے لگے' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم نے آپ کو مسکراتے ہوئے دیکھا ہے' ہم نے کبھی اس طرح مسکراتے ہوئے نہیں دیکھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کچھ لوگوں کو جنت کی طرف لایا جائے گا لوہے کی ہتھکڑیوں یا بیڑیوں میں جکڑ کر۔

عُقْبَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

عقبہ بن محمد' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5823 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ حَازِمٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بُكَيْرٍ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ عِنْدَهُ خَزَائِنُ الْخَيْرِ وَالشَّرِّ، فَطُوبَى لِمَنْ جَعَلَهُ مِفْتَاحًا لِلْخَيْرِ، مِغْلَاقًا لِلشَّرِّ، وَوَيْلٌ لِمَنْ جَعَلَهُ اللّٰهُ مِفْتَاحًا لِلشَّرِّ، مِغْلَاقًا لِلْخَيْرِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ کے پاس خیر اور شر کے خزانے ہیں' مبارک ہے اس آدمی کو جسے اللہ تعالیٰ نے بھلائی کی چابی بنایا اور شر کا تالا بنایا اور بربادی ہے اس کیلئے جس کو شر کی چابی اور بھلائی کا تالہ بنایا۔

يُوسُفُ بْنُ خَالِدٍ السَّمْتِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

یوسف بن خالد السمتی' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5824 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا زَيْدُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5822- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 333 وقال: رواه أحمد والطبراني الا أنه قال يؤتى بهم الى الجنة في كبول الحديد وفي رواية عنده يساقون الى الجنة وهم كارهون ورجاله رجال محمد بن يحيى الأسلمي وهو ثقة .

بْنُ الْحَرِيشِ، ثنا يُوسُفُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُتِيَ بِشَرَابٍ فَشَرِبَ مِنْهُ، ثُمَّ نَاوَلَهُ غُلَامًا عَنْ يَمِينِهِ، وَعَنْ يَسَارِهِ الْأَشْيَاخُ

حضورﷺ کے پاس پانی لایا گیا' آپ کی ایک جانب بچہ اور دوسری جانب بوڑھا شخص تھا' آپ نے پانی پیا اور پھر بچے کو دے دیا۔

عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

عمر بن علی المقدمی' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5825 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَا: ثنا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا حَازِمٍ يُحَدِّثُ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ بَيْنَ حَيَّيْنِ مِنَ الْأَنْصَارِ، مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ كَلَامٌ، حَتَّى تَقَاذَفُوا بِالْحِجَارَةِ، فَجَاءَ الصَّرِيخُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ أَذَّنَ بِلَالٌ بِصَلَاةِ الظُّهْرِ، فَانْطَلَقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُصْلِحَ بَيْنَهُمَا، فَأَبْطَأَ، فَأَتَى بِلَالٌ أَبَا بَكْرٍ، فَقَالَ: أَتُصَلِّي حَتَّى أُقِيمَ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَأَقَامَ بِلَالٌ وَتَقَدَّمَ أَبُو بَكْرٍ فَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشُقُّ الصُّفُوفَ حَتَّى قَامَ خَلْفَ أَبِي بَكْرٍ، فَأَقْبَلَ النَّاسُ عَلَى التَّصْفِيحِ، وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ لَا يَلْتَفِتُ فِي صَلَاتِهِ، فَلَمَّا أَكْثَرُوا الْتَفَتَ، فَإِذَا هُوَ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَجَعَ يَمْشِي الْقَهْقَرَى، فَدَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى

حضرت سہل بن سعد فرماتے ہیں کہ بنوعمرو بن عوف میں سے انصار کے دومحلوں کے درمیان کوئی جھگڑا تھا حتیٰ کہ اُنہوں نے ایک دوسرے سے پتھروں کو تبادلہ کیا' چیخ و پکار کرنے والا رسول کریمﷺ کی بارگاہ میں آیا جبکہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ ظہر کی نماز کیلئے اذان کہہ چکے تھے' پس نبی کریمﷺ ان دونوں کے درمیان صلح کروانے کی خاطر تشریف لے گئے۔ پس آپﷺ کو واپس آنے میں دیر ہوگئی تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کی: کیا آپ نماز پڑھائیں گے تو میں اقامت کہوں؟ اُنہوں نے کہا: ٹھیک ہے! پس حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اقامت کہی اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ مصلائے امامت پہ تشریف لے گئے' اتنے میں رسول کریمﷺ تشریف لے آئے تو صفیں ٹوٹنے لگیں حتیٰ کہ رسول کریمﷺ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پیچھے والی صف میں آ کر کھڑے ہوگئے۔ پس لوگوں نے تالی بجانا شروع کر دی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى، فَلَمَّا قَضَى الصَّلَاةَ أَقْبَلَ عَلَى أَبِي بَكْرٍ، فَقَالَ: مَا مَنَعَكَ أَنْ تَتَقَدَّمَ إِذْ أَمَرْتُكَ؟ قَالَ: مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَرَى ابْنَ أَبِي قُحَافَةَ أَنْ يَؤُمَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ، فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ مَا لَكُمْ إِذَا نَابَكُمْ أَمْرٌ فِي صَلَاتِكُمْ أَقْبَلْتُمْ عَلَى التَّصْفِيحِ، إِنَّمَا التَّصْفِيحُ لِلنِّسَاءِ وَالتَّسْبِيحُ لِلرِّجَالِ

جبکہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اپنی نماز میں کسی طرف متوجہ نہیں ہوا کرتے تھے' پس جب لوگوں نے تالی کی کثرت کی تو آپ نے توجہ فرمائی' پس اچانک رسول کریم ﷺ موجود تھے۔ پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اُلٹے پاؤں لوٹنا شروع کر دیا' پس رسول کریم ﷺ نے ان کو پیچھے سے ہاتھ رکھ کر آگے کرنے کی کوشش کی' (لیکن وہ آگے نہ ہوئے یا آپ ﷺ خود آگے ہوئے) تو رسول کریم ﷺ نے نماز پڑھائی۔ پس جب نماز پڑھا چکے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوئے' فرمایا: جب میں نے تجھے حکم دے دیا تھا تو تجھے آگے ہونے سے کس چیز نے روکا؟ اُنہوں نے عرض کی: اللہ کو یہ منظور نہیں تھا کہ وہ ابوقحافہ کے بیٹے کو رسول اللہ ﷺ کی امامت کراتے ہوئے دیکھے۔ پس آپ ﷺ نے لوگوں کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: اے لوگو! کیا وجہ ہے کہ جب تمہیں کوئی چیز پیش آئی تو تم نے تالیاں بجانا شروع کر دیں' تالی بجانا عورتوں کیلئے ہے اور تسبیح مردوں کے لیے ہے۔

5826 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا حَازِمٍ يُحَدِّثُ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَغَدْوَةٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا، وَمَوْضِعُ سَوْطِ أَحَدِكُمْ مِنَ الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ کی راہ میں ایک صبح یا ایک شام دنیا و مافیہا سے بہتر ہے اور جنت میں سے تم میں سے کسی ایک کیلئے ایک کوڑے کی مقدار جگہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

5827 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي عَاصِمُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَدَقَةَ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَطِيعِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَفِظَ مَا بَيْنَ لِحْيَيْهِ وفَخِذَيْهِ فَلَهُ الْجَنَّةُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے اپنی زبان اور شرمگاہ کی حفاظت کی' وہ جنتی ہے۔

رِوَايَةُ الْكُوفِيِّينَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ
سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

کوفی' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں
سفیان ثوری' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5828 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، وَالثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: سَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ أَنَّ امْرَأَةً جَاءَتْ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَهَبَتْ نَفْسَهَا لَهُ فَصَمَتَ، ثُمَّ عَرَضَتْ نَفْسَهَا عَلَيْهِ فَصَمَتَ، قَالَ: فَلَقَدْ رَأَيْتُهَا قَائِمَةً مَلِيًّا أَوْ هَوِيًّا تَعْرِضُ نَفْسَهَا عَلَيْهِ وَهُوَ صَامِتٌ، فَقَامَ رَجُلٌ أَحْسَبُهُ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنْ لَمْ يَكُنْ لَكَ بِهَا حَاجَةٌ فَزَوِّجْنِيهَا،

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت نے نبی کریمﷺ کی بارگاہ میں آ کر عرض کی: میں نے آپ کیلئے اپنا آپ پیش کیا۔ پس آپﷺ خاموش رہے پھر اس نے آپﷺ پر اپنا آپ پیش کیا تو بھی آپ خاموش رہے۔ پس تحقیق میں نے اس عورت کو کھڑے ہوئے جذبات سے بھرے ہوئے دیکھا' وہ اپنا آپ پیش کر رہی تھی جبکہ آپﷺ خاموش تھے۔ پس ایک آدمی کھڑا ہوا' میرا گمان ہے کہ وہ انصار تھا' پس اُس نے عرض کی: اے

5827- أخرج نحوه الحاكم في مستدركه جلد4صفحه397' رقم الحديث: 8058 .

فَقَالَ: أَلَكَ شَيْءٌ؟ قَالَ: لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: فَاذْهَبْ فَالْتَمِسْ شَيْئًا وَلَوْ خَاتَمًا مِنْ حَدِيدٍ، فَذَهَبَ ثُمَّ رَجَعَ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا وَجَدْتُ شَيْئًا غَيْرَ ثَوْبِي هٰذَا أَشُقُّهُ بَيْنِي وَبَيْنَهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا فِي ثَوْبِكَ فَضْلٌ عَنْكَ، فَهَلْ تَقْرَأُ مِنَ الْقُرْآنِ شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: مَاذَا؟ قَالَ: سُورَةَ كَذَا وَكَذَا، قَالَ: فَقَدْ مَلَّكْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ، قَالَ: فَرَأَيْتُهُ يَمْضِي وَهِيَ تَتْبَعُهُ

اللہ کے رسول! اگر آپ کو ضرورت نہیں ہے تو اس کی شادی مجھ سے کر دیں' پس آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے پاس کوئی شی ہے؟ عرض کی: نہیں! قسم بخدا! اے اللہ کے رسول! آپ ﷺ نے فرمایا: جا کر کوئی چیز تلاش کر! اگرچہ لوہے کی انگوٹھی ہو۔ پس وہ گیا' پھر واپس آیا تو عرض کی: قسم بخدا! میں نے اپنے اس کپڑے کے سوا کوئی شی نہیں پائی' میں اس کپڑے کو اپنے اور اس کے درمیان تقسیم کر دوں گا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تیرے کپڑے سے تو اس کیلئے زائد کچھ نہیں ہے' پس (بتا) تجھے کچھ قرآن یاد ہے؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: میں نے تجھے اس کا مالک بنایا' اس قرآن کے بدلے جو تجھے یاد ہے۔ راوی کا بیان ہے: پس میں نے اس کو دیکھا وہ آگے جا رہا تھا اور وہ پیچھے جا رہی تھی۔

5829 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزَالُ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَا عَجَّلُوا الْفِطْرَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے فرمایا: لوگ بھلائی کے ساتھ رہیں گے جب تک روزہ افطار کرنے میں جلدی کرتے رہیں گے۔

5830 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزَالُ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَا عَجَّلُوا الْإِفْطَارَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے فرمایا: مسلسل لوگ بھلائی پر رہیں گے' جب تک روزہ بروقت افطار کرتے رہیں گے۔

5831 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، ثنا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

قَبِيصَةُ، ح وَحَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ الْقَاضِي، وَمُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ قَالَا: ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانُوا يُصَلُّونَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُمْ عَاقِدِي أُزُرَهُمْ مِنَ الصِّغَرِ عَلَى رِقَابِهِمْ، فَقِيلَ لِلنِّسَاءِ: لَا تَرْفَعْنَ رُءُوسَكُنَّ حَتَّى يَسْتَوِيَ الرِّجَالُ جُلُوسًا

صحابہ کرام رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھتے اور ان کے تہبند ان کی گردنوں سے باندھے ہوئے ہوتے کپڑا نہ ہونے کی وجہ سے۔عورتوں سے کہا گیا تھا: تم اپنا سر نہ اُٹھاؤ یہاں تک کہ مرد سیدھے ہو کر بیٹھیں۔

5832 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي الْجُمُعَةَ ثُمَّ نَرْجِعُ وَنَقِيلُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم جمعہ ادا کیا کرتے تھے پھر واپس آ کر قیلولہ کرتے تھے۔

5833 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا أَبِي، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ح، وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالُوا: ثنا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: التَّسْبِيحُ لِلرِّجَالِ وَالتَّصْفِيقُ لِلنِّسَاءِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تسبیح مردوں کیلئے ہے اور تالی بجانا عورتوں کیلئے ہے۔

5834 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَا: ثنا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَدْوَةٌ أَوْ رَوْحَةٌ فِي سَبِيلِ اللهِ، خَيْرٌ مِنَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ کی راہ میں ایک صبح یا ایک شام دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

5835 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: غَدْوَةٌ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، أَوْ رَوْحَةٌ، خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا، وَمَا فِيهَا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ، ثنا أَبُو مَسْعُودٍ أَحْمَدُ بْنُ الْفُرَاتِ، ثنا أَبُو أُسَامَةَ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ایک صبح یا ایک شام اللہ کی راہ میں دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔ ایک اور سند کے ساتھ حضرت ابوحازم' حضرت سہل بن سعد سے اور وہ نبی کریم ﷺ سے اس جیسی حدیث روایت کرتے ہیں۔

5836 - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ فِي الْجَنَّةِ بَابًا يُقَالُ لَهُ الرَّيَّانُ، يَدْخُلُ مِنْهُ الصَّائِمُونَ، فَإِذَا دَخَلُوا أُغْلِقَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: جنت میں ایک دروازہ ہے جس کا نام ریان ہے' اس میں روزے دار ہی داخل ہوں گے' ان کے داخل ہونے کے بعد دروازہ بند کر دیا جائے گا۔

5837 - حَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِكُلِّ بَابٍ مِنْ أَبْوَابِ الْبِرِّ بَابٌ مِنْ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ، وَإِنَّ بَابَ الصَّوْمِ يُدْعَى الرَّيَّانَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ نے فرمایا: جنت میں ہر نیکی کے علیحدہ علیحدہ دروازے ہیں' روزے کے دروازے کا نام ریان ہے۔

5838 - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ الْبُسْرِيُّ، ثنا أَبُو عَاصِمٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرا منبر جنت کی کیاریوں میں سے ایک کیاری ہے۔

لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: مِنْبَرِی عَلَی تُرْعَۃٍ مِنْ تُرَعِ الْجَنَّۃِ

5839 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا مِنْجَابُ الْحَارِثُ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ، ثنا أَبُو عُبَیْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ سَلَّامٍ قَالَا: ثنا خَالِدُ بْنُ عَمْرٍو الْأُمَوِیُّ، ثنا سُفْیَانُ، عَنْ أَبِی حَازِمٍ، عَنْ سَہْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَجُلٌ: یَا رَسُولَ اللّٰہِ، دُلَّنِی عَلَی عَمَلٍ إِذَا أَنَا عَمِلْتُہُ أَحَبَّنِی النَّاسُ، قَالَ: ازْہَدْ فِی الدُّنْیَا یُحِبَّکَ اللّٰہُ، وَازْہَدْ فِیمَا فِی أَیْدِی النَّاسِ یُحِبَّکَ النَّاسُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے ایسے عمل کے بارے میں بتائیں کہ جب میں کروں تو لوگ مجھ سے محبت کریں! آپ ﷺ نے فرمایا: دنیا سے بے نیاز ہو جا! لوگ تجھ سے محبت کریں گے اور جو لوگوں کے پاس ہے اس سے بے نیاز ہو جا' لوگ تجھ سے محبت کریں گے۔

5840 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُہَیْرٍ التُّسْتَرِیُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَۃَ، ثنا حَمَّادُ بْنُ الْوَلِیدِ، ثنا سُفْیَانُ، عَنْ أَبِی حَازِمٍ، عَنْ سَہْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لِکُلِّ شَیْءٍ زَکَاۃٌ وَزَکَاۃُ الْجَسَدِ الصَّوْمُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہر شے کی زکوۃ ہے' جسم کی زکوۃ روزہ ہے۔

5841 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْأَخْرَمُ الْأَصْبَہَانِیُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نِیزَکٍ، ثنا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَیْرِیُّ، ثنا سُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ، عَنْ أَبِی حَازِمٍ، عَنْ سَہْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: مَا سُئِلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ شَیْئًا قَطُّ فَقَالَ: لَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے جب بھی کوئی شے مانگی گئی تو آپ نے یہ نہیں فرمایا کہ نہیں ہے۔

5842 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5839- ابن ماجہ جلد2صفحہ1373' رقم الحدیث: 4102 .

5840- ابن ماجہ جلد1صفحہ555' رقم الحدیث: 1745 .

5841- مسلم جلد4صفحہ1805' رقم الحدیث: 2311 .

عَمْرُو بْنُ الْعَبَّاسِ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كُنَّا نَتَغَدَّى وَنُصَلِّي الْجُمُعَةَ

ہم کھانا کھاتے اور نمازِ جمعہ پڑھتے۔

الْمَسْعُودِيُّ عَنْ أَبِي حَازِمٍ

مسعودی' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5843 - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ بَيْنَ رَجُلَيْنِ مِنَ الْأَنْصَارِ شَيْءٌ، فَانْطَلَقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُصْلِحَ بَيْنَهُمْ فِي وَقْتِ صَلَاةٍ، فَلَمَّا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ جَاءَ بِلَالٌ إِلَى أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ قَدْ حَضَرَتِ الصَّلَاةُ، وَلَيْسَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰهُنَا، فَأُؤَذِّنُ وَأُقِيمُ، وَتُصَلِّي أَنْتَ؟ قَالَ: مَا شِئْتَ، فَأَذَّنَ وَأَقَامَ، وَاسْتَفْتَحَ أَبُو بَكْرٍ الصَّلَاةَ، وَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ بَقِيَّةِ ذٰلِكَ، فَصَفَّحَ النَّاسُ فَذَهَبَ أَبُو بَكْرٍ لِيَتَنَحَّى، فَأَوْمَأَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنِ اثْبُتْ مَكَانَكَ، فَلَمَّا تَنَحَّى، تَقَدَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ، قَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ مَا مَنَعَكَ أَنْ تَثْبُتَ كَمَا أَمَرْتُكَ، قَالَ: مَا كَانَ لِابْنِ أَبِي قُحَافَةَ أَنْ يَتَقَدَّمَ أَمَامَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انصار کے دو آدمیوں کے درمیان جھگڑا ہو گیا تو نبی پاک ﷺ نماز کے وقت میں ان کے درمیان صلح کروانے کے لیے گئے' جب نماز کا وقت ہوا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ' سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' عرض کی: اے ابوبکر! نماز کا وقت ہو گیا ہے اور نبی کریم ﷺ یہاں موجود نہیں ہیں' میں اذان اور اقامت پڑھتا ہوں' آپ جماعت کروا دیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس طرح آپ چاہیں! حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان پڑھی اور اقامت پڑھی اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نماز شروع کر دی۔ نبی پاک ﷺ تھوڑی دیر کے بعد آ گئے' صحابہ کرام نے تالیاں بجانا شروع کر دیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پیچھے ہونا شروع ہوئے' حضور ﷺ نے آپ کو اس جگہ رہنے کا اشارہ کیا' جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پیچھے ہوئے تو آپ ﷺ نے آگے ہو کر نماز پڑھائی' جب نماز مکمل ہوئی تو آپ نے فرمایا: اے ابوبکر! جب میں نے تمہیں اپنی جگہ پر ٹھہرنے کا حکم دیا

تھا تو تم کیوں نہیں ٹھہرے؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: ابوقحافہ کے بیٹے کی جرأت نہیں ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آگے کھڑا ہو۔

5844 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُومُ إِلَى خَشَبَةٍ، فَلَمَّا كَثُرَ النَّاسُ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ النَّاسَ قَدْ كَثُرُوا، أَفَلا نَتَّخِذُ لَكَ مِنْبَرًا تَقُومُ عَلَيْهِ، فَإِنَّ الْجَائِيَ يَجِيءُ، فَيَشْتَدُّ عَلَيْهِ أَنْ يَرْجِعَ وَلَمْ يَسْمَعْ مِنْكَ شَيْئًا، فَأَمَرَ غُلامًا لِلْأَنْصَارِ، فَأَخَذَ مِنْ طَرْفَاءِ الْغَابَةِ، فَجَعَلَ لَهُ هَذَا الْمِنْبَرَ، فَلَمَّا جَلَسَ عَلَيْهِ حَنَّتِ الْخَشَبَةُ الَّتِي كَانَ يَقُومُ إِلَيْهَا، فَجَاءَ فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَيْهَا حَتَّى سَكَتَتْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تنے کا سہارا لے کر خطبہ دیتے تھے' جب لوگ زیادہ ہو گئے تو لوگوں نے عرض کی: کیا ہم آپ کے لیے منبر بنا دیں' تاکہ آپ اس پر کھڑے ہوں کیونکہ لوگ آتے ہیں اور آپ کو نہیں دیکھتے تو بغیر سنے واپس چلے جاتے ہیں۔ آپ نے انصار کے ایک غلام کو حکم دیا تو اُس نے لکڑی لی اور منبر بنایا' جب نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر بیٹھے تو وہ تنا رونے لگا جس پر آپ خطبہ دیتے تھے' نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر سے اُترے' آپ نے اپنا دست اقدس اُس پر رکھا تو وہ خاموش ہو گیا۔

5845 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ أَبُو يَحْيَى الْبَزَّازُ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُمَرَ أَبُو الْمُنْذِرِ الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا التَّصْفِيحُ لِلنِّسَاءِ، وَالتَّسْبِيحُ لِلرِّجَالِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تالی بجانا عورتوں کے لیے ہے اور مردوں کے لیے سبحان اللہ کہنا ہے۔

مُوسَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَنْصَارِيُّ،

موسیٰ بن محمد انصاری' حضرت

5844- أورد نحوه الدارمي جلد1صفحه32 رقم الحديث: 40' جلد1صفحه442 رقم الحديث: 1565 .

عَنْ أَبِي حَازِمٍ

5846 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا أَبُو بِلَالٍ الْأَشْعَرِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ وَقَعَ بَيْنَهُمْ كَلَامٌ حَتَّى تَرَامَوْا بِالْحِجَارَةِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدِيمًا كَانَ ذَلِكَ بَيْنَهُمْ، قُومُوا بِنَا إِلَيْهِمْ، فَقَامَ مَعَهُ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، وَسُهَيْلُ بْنُ بَيْضَاءَ فَأَصْلَحَ بَيْنَهُمْ وَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَأَذَّنَ بِلَالٌ، فَرَاثَ عَلَيْهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -يَعْنِي أَبْطَأَ-، فَقَالَ النَّاسُ لِأَبِي بَكْرٍ: تَقَدَّمْ، فَقَالَ: تَرَوْنَ ذَلِكَ؟ قَالُوا: نَعَمْ، فَتَقَدَّمَ وَأَقْبَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلَ النَّاسُ يُصَفِّحُونَ، وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَا يَلْتَفِتُ فِي الصَّلَاةِ، فَلَمَّا سَمِعَهُمْ يُصَفِّحُونَ الْتَفَتَ، فَرَأَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَكَصَ عَلَى عَقِبَيْهِ، فَأَوْمَأَ إِلَيْهِ أَنْ مَكَانَكَ، فَتَأَخَّرَ، وَتَقَدَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلَّى بِالنَّاسِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ، قَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ، مَا مَنَعَكَ أَنْ تَثْبُتَ فِي مَكَانِكَ حِينَ أَوْمَأْتُ إِلَيْكَ؟، قَالَ: مَا كَانَ لِابْنِ أَبِي قُحَافَةَ أَنْ يَتَقَدَّمَ أَمَامَ رَسُولِ اللّٰهِ

ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول کریم ﷺ کے پاس تھے تو ایک آدمی نے آ کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! بے شک بنوعمرو بن عوف کے درمیان جھگڑا ہو گیا ہے حتیٰ کہ انہوں نے ایک دوسرے پر پتھر پھینکے ہیں تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: یہ ان کے درمیان پرانی بات چلی آ رہی ہے اُٹھو! میرے پاس چلو ان کے پاس جائیں۔ تو حضرت ابی بن کعب اور سہیل بن بیضاء آپ ﷺ کے ساتھ اُٹھے پس آپ ﷺ نے ان کے درمیان صلح کروائی دوسری طرف نماز کا وقت ہو گیا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دی۔ رسول کریم ﷺ کو ان کے پاس آنے میں دیر ہوگئی یعنی دیر ہوئی تو لوگوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے عرض کی: مصلائے امامت پر تشریف لے آئیں تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ تم سب کی رائے ہے؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں! (سب کا فیصلہ ہے) پس آپ رضی اللہ عنہ آگے ہوئے تو رسول کریم ﷺ تشریف لے آئے لوگوں نے تالیاں بجانا شروع کر دیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی عادت تھی کہ آپ نماز میں کسی طرف متوجہ نہ ہوتے تھے۔ پس جب آپ رضی اللہ عنہ نے تمام لوگوں کو تالیاں بجاتا ہوا سنا تو توجہ فرمائی پس انہوں نے رسول کریم ﷺ کو ملاحظہ کیا پس آپ پچھلے پاؤں واپس

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لِي أَرَاكُمْ صَفَّحْتُمْ؟ مَنْ نَابَهُ فِي صَلَاتِهِ شَيْءٌ، فَإِنَّ التَّسْبِيحَ لِلرِّجَالِ، وَالتَّصْفِيقَ لِلنِّسَاءِ

آئے' پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی طرف اشارہ کیا کہ اپنی جگہ پر رہیں' پس آپ رضی اللہ عنہ پیچھے ہوئے اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آگے تشریف لائے' پس لوگوں کو نماز پڑھائی' پس جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا: اے ابوبکر! جب میں نے تیری طرف اشارہ کر دیا تھا تو تجھے اپنی جگہ ٹھہرے رہنے سے کس چیز نے روکا؟ اُنہوں نے عرض کی: ابوقحافہ کے بیٹے کے شایانِ شان نہیں تھا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے آگے بڑھے۔ پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا بات ہے کہ میں نے تم لوگوں کو تالیاں بجاتے ہوئے دیکھا؟ جس آدمی کو نماز میں کوئی شی پیش آئے تو تسبیح مردوں کیلئے ہے اور تالی بجانا عورتوں کیلئے ہے۔

زَائِدَةُ بْنُ قُدَامَةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

زائدہ بن قدامہ' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5847 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَقَدْ وَهَبْتُ نَفْسِي لَكَ، فَصَمَتَ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنْ لَمْ يَكُنْ لَكَ فِيهَا حَاجَةٌ فَزَوِّجْنِيهَا، فَقَالَ: أَلَكَ شَيْءٌ؟، قَالَ: لَا وَاللّٰهِ، قَالَ: فَهَلْ تَقْرَأُ مِنَ الْقُرْآنِ شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَقَدْ مَلَّكْتُكَهَا بِمَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آئی' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ سے نکاح کی خواہش رکھتی ہوں' آپ اس کا جواب دینے سے خاموش رہے' انصار کے ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر آپ کو ضرورت نہیں ہے تو میری شادی کروا دیں! آپ نے فرمایا: تیرے پاس کوئی شے ہے؟ اُس نے عرض کی: اللہ کی قسم! نہیں! آپ نے فرمایا: تمہیں کوئی قرآن کی سورت یاد ہے؟ اُس نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے

مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ

فرمایا: تمہارا نکاح اس پر کرواتا ہوں کہ قرآن کی سورت اس کو یاد کروا دے۔

5848 - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ أَبِي الرَّوْحِ الْبَصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزَالُ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَا عَجَّلُوا الْفِطْرَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لوگ ہمیشہ خیر کے ساتھ رہیں گے جب تک بروقت افطار کرتے رہیں گے۔

الْجَرَّاحُ بْنُ عِيسَى الْأَسَدِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

جراح بن عیسیٰ اسدی' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5849 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ التَّوْزِيُّ، ثنا أَبُو هَمَّامٍ الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ، ثنا الْجَرَّاحُ بْنُ عِيسَى الْأَسَدِيُّ أَبُو مُحَمَّدٍ كُوفِيٌّ، ثنا أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَمُقَامُ أَحَدِكُمْ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: تم میں سے کوئی اللہ کی راہ میں کھڑا رہے تو یہ اس کے لیے دنیا ومافیہا سے بہتر ہے۔

جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

جریر بن عبدالحمید' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5850 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انصار کے درمیان جھگڑا ہوا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے درمیان صلح کروانے کے لیے آئے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم واپس آئے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ لوگوں کو نماز پڑھا

شَيْبَةَ قَالُوا: ثنا جَرِيرٌ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَ كَوْنٌ فِي الْأَنْصَارِ، فَأَتَاهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُصْلِحَ بَيْنَهُمْ، وَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُصَلِّي بِالنَّاسِ، فَصَلَّى خَلْفَ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

رہے تھے' آپ ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی۔

صَالِحُ بْنُ مُوسَى الطَّلْحِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

صالح بن موسیٰ الطلحی' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5851 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا صَالِحُ بْنُ مُوسَى، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو: كَيْفَ بِكَ إِذَا بَقِيتَ فِي حُثَالَةٍ مِنَ النَّاسِ، وَقَدْ مَزِجَتْ عُهُودُهُمْ وَأَمَانَاتُهُمْ، وَاخْتَلَفُوا، فَصَارُوا هَكَذَا -وَشَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ -؟ ، قَالَ: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: اعْمَلْ بِمَا تَعْرِفُ، وَدَعْ مَا تُنْكِرُ، وَإِيَّاكَ وَالتَّلَوُّنَ فِي دِينِ اللّٰهِ، وَعَلَيْكَ بِخَاصَّةِ نَفْسِكَ، وَدَعْ عَوَامَّهُمْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تمہاری کیا حالت ہوگی جب لوگ تلچھٹ کی طرح رہ جائیں گے' وعدہ خلافی کی جائے گی اور امانت میں خیانت ہوگی' لوگوں میں اختلاف ہوگا' لوگ اس طرح ہوں گے' آپ نے انگلیوں کو ایک دوسرے کے درمیان داخل کیا۔ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ جانتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: جو تم جانتے ہو وہ عمل کرو! جو ناپسند ہے اس کو چھوڑ دو! اللہ کے دین کو ضائع کیا جائے گا' تم نے اپنے آپ کو سنبھالنا ہے اور عوام کو چھوڑنا ہے۔

رِوَايَةُ الْمِصْرِيِّينَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ

مصریوں کی روایت' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِلَالٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

سعید بن ابی ہلال' حضرت ابوحازم سے اور وہ حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

5852 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِلَالٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: لَقَدْ كَانَ أَحَدُنَا يَكُفُّ عَنِ الشَّيْءِ، وَهُوَ وَهِيَ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ، تَخَوُّفًا أَنْ يَنْزِلَ فِيهِ شَيْءٌ مِنَ الْقُرْآنِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم میں سے کوئی شی روکتا تو وہ ایک کپڑا میں ہوتا' اس خوف سے کہ اس کے متعلق قرآن کی کوئی آیت نہ نازل ہو جائے۔

5853 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ، وَعَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، قَالَا: ثنا عَمْرُو بْنُ سَوَّادٍ السَّرْحِيُّ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِلَالٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ أُصِيبَ وَجْهُهُ، وَأُصِيبَتْ رَبَاعِيَتُهُ، وَهُشِّمَتْ بَيْضَتُهُ، فَأَتَاهُ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِمَاءٍ فِي مِجَنٍّ، فَأَتَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، فَغَسَلَتْ عَنْهُ الدَّمَ، وَأَحْرَقَتْ قِطْعَةَ حَصِيرٍ فَجَعَلَتْهُ عَلَى جُرْحِهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو اُحد کے دن دیکھا کہ جب آپ کو منہ پر زخم لگا تو آپ ﷺ کے چار دانت ہل گئے اور آپ ﷺ کی ڈھال' آپ ﷺ کے چہرے میں پیوست ہو گئی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ اپنی ڈھال میں پانی لائے۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے آ کر آپ ﷺ کا خون دھویا اور ایک چٹائی کا ٹکڑا جلا کر آپ ﷺ کے زخم پر لگایا۔

5854 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5852- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 284 وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال الصحيح .

5854- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 119 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه رشدين بن سعد وهو متروك الحديث .

الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي مُحَمَّدُ بْنُ الْحَجَّاجِ بْنِ رِشْدِينَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ رِشْدِينَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِلَالٍ، أَنَّ أَبَا حَازِمٍ، أَخْبَرَهُ، أَنَّ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ حَدَّثَهُ، أَنَّ عَدِيَّ بْنَ حَاتِمٍ أَتَى رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ، إِنَّ أَبِي كَانَ يَصِلُ الْقَرَابَةَ، وَيَحْمِلُ الْكَلَّ، وَيُطْعِمُ الطَّعَامَ، قَالَ: هَلْ أَدْرَكَ الْإِسْلَامَ؟ ، قَالَ: لَا، قَالَ: إِنَّ أَبَاكَ كَانَ يُحِبُّ أَنْ يُذْكَرَ فَذُكِرَ

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور عرض کی: یارسول اللہ! میرے والد صلہ رحمی کرتے تھے لوگوں کو کھانا کھلاتے تھے آپ نے فرمایا: اسلام قبول کیا تھا؟ اُس نے عرض کی: جی نہیں! آپ نے فرمایا: تیرا باپ شہرت چاہتا تھا تو اس کی شہرت ہوگئی۔

يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الزُّهْرِيُّ

أَصْلُهُ مَدَنِيٌّ نَزَلَ الْإِسْكَنْدَرِيَّةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

یعقوب بن عبدالرحمٰن الزہری رضی اللہ عنہ

یہ مدنی ہیں اسکندریہ اُترے تھے یہ ابوحازم سے روایت کرتے ہیں۔

5855 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ وَأَشَارَ بِإِصْبَعَيْهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میں اور قیامت ان دو انگلیوں کی مانند (اکٹھے) بھیجے گئے ہیں اور اپنی دونوں انگلیوں سے اشارہ کیا۔

5856 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: أُتِيَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَرَابٍ وَالْأَشْيَاخُ عَنْ يَسَارِهِ، وَغُلَامٌ هُوَ

حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں شربت لایا گیا جبکہ بڑی عمر کے بزرگ آپ کے بائیں طرف بیٹھے تھے اور قوم کا نوعمر بچہ آپ ﷺ کے دائیں طرف موجود تھا پس آپ ﷺ نے بچے سے فرمایا: کیا تُو اجازت دے گا

أَحْدَثُ الْقَوْمِ عَنْ يَمِينِهِ، فَقَالَ لِلْغُلَامِ: أَتَأْذَنُ لِي أَنْ أُعْطِيَ الْأَشْيَاخَ؟، قَالَ: مَا كُنْتُ أُوثِرُ بِنَصِيبِي مِنْكَ أَحَدًا، قَالَ: فَأَعْطَاهُ

کہ میں بزرگوں کو دوں؟ اس نے عرض کی: آپ کی بارگاہِ خاص سے عطا ہونے والے اپنے خاص حصے کے ساتھ کسی کو ترجیح نہ دوں گا۔ راوی کا بیان ہے: آپ ﷺ نے اس کو عطا فرما دیا۔

5857 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: كَانَتْ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَةُ دَنَانِيرَ وَضَعَهَا عِنْدَ عَائِشَةَ، فَلَمَّا كَانَ عِنْدَ مَرَضِهِ، قَالَ: يَا عَائِشَةُ اذْهَبِي بِالذَّهَبِ إِلَى عَلِيٍّ، ثُمَّ أُغْمِيَ عَلَيْهِ، وَشَغَلَ عَائِشَةَ مَا بِهِ، حَتَّى قَالَ ذَلِكَ مِرَارًا، كُلَّ ذَلِكَ يُغْمَى عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَيَشْغَلُ عَائِشَةَ مَا بِهِ، فَبَعَثَ بِهِ إِلَى عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، فَتَصَدَّقَ بِهَا، وَأَمْسَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الِاثْنَيْنِ فِي جَدِيدِ الْمَوْتِ، فَأَرْسَلَتْ عَائِشَةُ بِمِصْبَاحٍ لَهَا إِلَى امْرَأَةٍ مِنْ نِسَائِهَا، فَقَالَتْ: اهْدِي لَنَا فِي مِصْبَاحِنَا مِنْ عُكَّكِ السَّمْنِ، فَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمْسَى فِي جَدِيدِ الْمَوْتِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس سات دینار تھے' جو آپ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس رکھے تھے' جب آپ بیمار ہوئے تو آپ نے فرمایا: اے عائشہ! جاؤ میرا سونا علی کے پاس لے جاؤ! پھر آپ لیٹ گئے' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کسی دوسرے کام میں مشغول ہو گئیں' آپ ﷺ نے کئی مرتبہ فرمایا' ہر مرتبہ آپ کہہ کر لیٹ جاتے اور حضرت عائشہ بھی کسی دوسرے کام میں مشغول ہو جاتی تھیں' آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف پیغام بھیجا' آپ نے ان کو صدقہ کر دیا' پیر کی شام رسول اللہ ﷺ کا وصال ہوا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے چراغ لانے کے لیے آپ کی ازواج میں سے کسی کی طرف بھیجا' کہا کہ تیل والا چراغ ہمیں دیں کیونکہ رات کو رسول اللہ ﷺ کا وصال ہوا۔

5858 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ:

حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے خیبر کے دن فرمایا: کل میں جھنڈا اس شخص کو دوں گا جس پر اللہ تعالیٰ فتح عطا فرمائے گا' لوگوں نے تذکرے کرنے شروع کر دیئے کہ دیکھو! کس کو عطا فرماتے ہیں؟ پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا:

5857- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3 صفحه124 وقال: رواه الطبراني في الكبير ورجاله رجال الصحيح .

لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يَفْتَحُ اللَّهُ عَلَيْهِ، وَكَانَ النَّاسُ يَذْكُرُونَ أَيُّهُمْ يُعْطَاهَا، فَقَالَ: أَيْنَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ؟، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، يَشْتَكِي عَيْنَهُ، فَأَرْسَلُوا إِلَيْهِ فَأُتِيَ بِهِ، فَبَصَقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عَيْنِهِ، وَدَعَا لَهُ، فَبَرَأَ، حَتَّى كَأَنْ لَمْ يَكُنْ بِهِ وَجَعٌ، فَأَعْطَاهُ الرَّايَةَ، فَقَالَ عَلِيٌّ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أُقَاتِلُهُمْ حَتَّى يَكُونُوا مِثْلَنَا؟ قَالَ: انْفُذْ عَلَى رِسْلِكَ، حَتَّى تَنْزِلَ بِسَاحَتِهِمْ، ثُمَّ ادْعُهُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ، وَأَخْبِرْهُمْ بِمَا يَجِبُ عَلَيْهِمْ مِنْ حَقِّ اللَّهِ، لَأَنْ يَهْدِيَ بِكَ خَيْرٌ مِنْ أَنْ يَكُونَ لَكَ حُمْرُ النَّعَمِ

علی کہاں ہیں؟ صحابہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ان کو آنکھوں کی تکلیف ہے۔ پس لوگ آپ رضی اللہ عنہ کی طرف گئے اور آپ کو رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں لے آئے۔ پس رسول کریم ﷺ نے آپ کی آنکھوں میں لعاب مبارک لگائی اور آپ کے حق میں دعا کی۔ پس آپ یوں ٹھیک ہوئے گویا کوئی بیماری تھی ہی نہیں۔ پس آپ ﷺ نے جھنڈا آپ رضی اللہ عنہ کو عطا فرمایا۔ پس حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا میں ان سے اس وقت تک جہاد کروں یہاں تک کہ وہ ہماری مثل ہو جائیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اپنے مقام پر ٹھہر و حتیٰ کہ ان کے صحن میں جب اترو تو ان کو اسلام کی طرف بلاؤ اور ان کو خبر دو کہ جو چیز اللہ کے حقوق میں سے ان پر واجب ہے' تیرے سبب ہدایت ملنا' تیرے لیے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔

5859 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَسَارٍ النَّسَائِيُّ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنِي أَبُو حَازِمِ بْنُ دِينَارٍ، أَنَّ رِجَالًا أَتَوْا سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ، وَقَدِ امْتَرَوْا فِي الْمِنْبَرِ وَعُودِهِ، فَسَأَلُوهُ عَنْ ذَلِكَ، فَقَالَ: وَاللَّهِ إِنِّي أَعْرِفُ مَا هُوَ، وَلَقَدْ رَأَيْتُهُ أَوَّلَ يَوْمٍ وُضِعَ، وَأَوَّلَ يَوْمٍ جَلَسَ عَلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَرْسَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى فُلَانَةَ -امْرَأَةٍ قَدْ سَمَّاهَا سَهْلٌ- أَنْ مُرِي

ابوحازم نے حدیث سنائی کہ کچھ لوگ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کے پاس آئے جو منبر اور اس کی لکڑی کے بارے شک کا شکار تھے' پس انہوں نے آپ سے اس بارے سوال کیا۔ آپ نے فرمایا: قسم بخدا! میں پہچانتا ہوں وہ کون سی لکڑی تھی اور تحقیق میں نے اس کو دیکھا کہ جب وہ پہلے دن رکھا گیا اور وہ پہلا دن جب رسول کریم ﷺ اس پر براجمان ہوئے۔ رسول کریم ﷺ نے فلانی عورت کی طرف پیغام بھیجا ہے' حضرت سہل نے اس عورت کا نام بھی لیا کہ وہ اپنے

غُلَامَكِ النَّجَّارَ أَنْ يَعْمَلَ لِي أَعْوَادًا أَجْلِسُ عَلَيْهِنَّ، فَأُكَلِّمُ النَّاسَ ، فَأَمَرَتْهُ فَعَمِلَهُ مِنْ طَرْفَاءِ الْغَابَةِ، ثُمَّ جَاءَ بِهِ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَرْسَلَتْ بِهِ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَمَرَ بِهِ، فَوُضِعَ هٰهُنَا، ثُمَّ رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَبَّرَ وَهُوَ عَلَيْهِ، ثُمَّ رَكَعَ وَهُوَ عَلَيْهِ، ثُمَّ نَزَلَ الْقَهْقَرَى، فَسَجَدَ فِي أَصْلِ الْمِنْبَرِ، ثُمَّ عَلَا، فَلَمَّا فَرَغَ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ، فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّمَا صَنَعْتُ هَذَا لِتَأْتَمُّوا بِي وَلِتَعَلَّمُوا صَلَاتِي

غلام کو حکم دے کہ میرے لیے لکڑیوں کا ایک منبر بنا دے تا کہ میں اس پر بیٹھ کر لوگوں سے کلام کروں۔ پس اس عورت نے اس کو حکم دیا کہ جنگل کے کناروں سے لکڑیاں لے آئے' پھر وہ (اسے بنا کر) رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں لے آیا۔ اس عورت نے اسے رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں بھیجا تو آپ ﷺ نے اسے وہاں رکھنے کا حکم دیا' پھر میں نے رسول کریم ﷺ کو دیکھا تو آپ ﷺ نے تکبیر کہی اس حال میں کہ آپ منبر پر تھے' پھر رکوع کیا جبکہ آپ منبر پر تھے' پھر اُلٹے پاؤں اُترے تو منبر کے نیچے سجدہ کیا پھر چڑھے' پس جب آپ ﷺ فارغ ہوئے تو لوگوں سے فرمایا: اے لوگو! میں نے یہ سارا عمل اس لیے کیا تا کہ تم میری اقتداء کرو اور میری نماز کو دیکھ کر اپنی نماز سیکھو۔

5860 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ النَّسَائِيُّ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنِي أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ امْرَأَةً جَاءَتْ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللهِ، جِئْتُ لِأَهَبَ لَكَ نَفْسِي، فَنَظَرَ إِلَيْهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَعَّدَ النَّظَرَ إِلَيْهَا وَصَوَّبَهُ، ثُمَّ طَأْطَأَ رَأْسَهُ، فَلَمَّا رَأَتْ ذَلِكَ الْمَرْأَةُ لَمْ يَقْضِ فِيهَا شَيْئًا جَلَسَتْ، فَقَامَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: أَيْ رَسُولَ اللهِ، إِنْ لَمْ يَكُنْ لَكَ فِيهَا حَاجَةٌ

حضرت ابوسہل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک عورت نے رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آ کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ کے لیے اپنا آپ نچھاور کرنے آئی ہوں' پس رسول کریم ﷺ نے اس کی طرف دیکھا تو اوپر سے نیچے تک جائزہ لیا' پس اسے درست قرار دیا' پھر اپنا سر جھکا لیا۔ پس جب اس عورت نے دیکھا کہ اس کے بارے میں آپ ﷺ نے کوئی حتمی فیصلہ نہیں فرمایا تو وہ بیٹھ گئی' پس آپ ﷺ کے صحابہ میں سے ایک آدمی نے کھڑے ہو کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! اگر آپ کو ضرورت نہیں تو اس کی

فَزَوِّجْنِيهَا، قَالَ: أَلَكَ شَيْءٌ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: فَمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ؟ قَالَ: سُورَةُ كَذَا وَسُورَةُ كَذَا، قَالَ: فَقَدْ زَوَّجْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ

شادی مجھ سے فرما دیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تیرے پاس کوئی شی ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا قرآن یاد ہے؟ اس نے عرض کی: فلاں فلاں سورت! فرمایا: میں نے اسی قرآن کے بدلے اس کی شادی تجھ سے کردی جو تجھے یاد ہے۔

5861 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَسَارٍ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَلَغَهُ أَنَّ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ كَانَ بَيْنَهُمْ شَيْءٌ -فَذَكَرَ الْحَدِيثَ -، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: التَّسْبِيحُ لِلرِّجَالِ وَالتَّصْفِيقُ لِلنِّسَاءِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پتا چلا کہ بنوعمرو بن عوف کے درمیان کوئی جھگڑا ہے اس کے بعد پوری حدیث ذکر کی پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تسبیح مردوں کے لیے ہے اور تالی بجانا عورتوں کیلئے ہے۔

5862 - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: كُنَّا نَقُولُ: إِنَّ الْمِنْبَرَ عَلَى تُرْعَةٍ مِنْ تُرَعِ الْجَنَّةِ

اسی سند کے ساتھ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ ہم کہا کرتے تھے: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا منبر جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازے پر ہے۔

5863 - وَبِإِسْنَادِهِ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا يَزَالُ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَا عَجَّلُوا فِطْرَهُمْ

اسی سند کے ساتھ مروی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لوگ بھلائی پر رہیں گے جب تک بروقت روزہ افطار کرتے رہیں گے۔

5864 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَنَا فَرَطُكُمْ، عَلَى الْحَوْضِ وَمَنْ وَرَدَ شَرِبَ، وَمَنْ شَرِبَ لَمْ يَظْمَأْ أَبَدًا، وَلَيَرِدَنَّ عَلَيَّ أَقْوَامٌ أَعْرِفُهُمْ، وَيَعْرِفُونِي ثُمَّ يُحَالُ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ

اسی سند کے ساتھ ہے فرماتے ہیں: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: میں تم سے پہلے جا کر تمہارا حوض پر انتظام کرنے والا ہوں اور جو وارد ہوا وہ پیئے گا اور جس نے پیا تو وہ کبھی پیاسا نہ ہوگا اور مجھ پر کئی گروہ ایسے بھی وارد ہوں گے جن کو میں پہچانتا

ہوں گا اور وہ مجھے پہچانتے ہوں گے' پھر میرے اور ان کے درمیان پردہ ڈال دیا جائے گا۔

5865 - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: جَاءَتِ امْرَأَةٌ بِبُرْدَةٍ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي نَسَجْتُ هَذِهِ بِيَدِي لِأَكْسُوَكَهَا، فَأَخَذَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُحْتَاجًا إِلَيْهَا، فَخَرَجَ إِلَيْنَا، وَإِنَّهَا لَإِزَارُهُ فَجَسَّهَا رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اكْسُنِيهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، فَجَلَسَ مَا شَاءَ اللّٰهُ فِي الْمَجْلِسِ، ثُمَّ رَجَعَ فَطَوَاهَا، ثُمَّ أَرْسَلَ بِهَا إِلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ الْقَوْمُ: مَا أَحْسَنْتَ، سَأَلْتَهُ إِيَّاهَا وَقَدْ عَرَفْتَ أَنَّهُ لَا يَرُدُّ سَائِلًا، فَقَالَ الرَّجُلُ: وَاللّٰهِ مَا سَأَلْتُ إِلَّا لِتَكُونَ كَفَنِي يَوْمَ أَمُوتُ، قَالَ سَهْلٌ: وَكَانَتْ كَفَنَهُ، قَالَ قُتَيْبَةُ: كَانَ سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ

اور حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت ایک چادر لے کر آئی' عرض کی: اے اللہ کے رسول! بے شک میں نے اسے اپنے ہاتھ سے اس لیے بُنا ہے تا کہ آپ کو پہناؤں۔ پس رسول کریم ﷺ نے اسے لے لیا اور آپ ﷺ کو اس کی ضرورت بھی تھی۔ پس آپ ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے اور وہی آپ ﷺ نے تہبند باندھا ہوا تھا' پس صحابہ میں سے ایک آدمی کو وہ پسند آ گئی' اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! یہ مجھے پہنا دیں! آپ ﷺ نے فرمایا: ٹھیک ہے! پس جتنا اللہ نے چاہا آپ مجلس میں تشریف فرما رہے پھر واپس تشریف لے گئے تو اسے لپیٹ کر اس آدمی کی طرف بھیج دیا۔ پس صحابہ نے اس سے کہا: تُو نے اچھا نہیں کیا کہ آپ ﷺ سے چادر مانگ لی حالانکہ تجھے پتا تھا کہ آپ ﷺ سائل کو رد نہیں کرتے' تو اس صحابی نے کہا: قسم بخدا! میں نے موت کے وقت اسے اپنا کفن بنانے کیلئے لیا ہے۔ حضرت سہل فرماتے ہیں: وہ اس کا کفن بنی۔ قتیبہ کا قول ہے: وہ سعد بن ابو وقاص تھے۔

5866 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ لَيَتَرَاءَوْنَ الْغُرْفَةَ فِي الْجَنَّةِ، كَمَا تَرَاءَوْنَ الْكَوْكَبَ فِي أُفُقِ السَّمَاءِ

اسی سند سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک جنتی جنت میں بالا خانے کو اس طرح دیکھیں گے جس طرح تم آسمان کے کنارے میں ستارے کو دیکھتے ہو۔

5867 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: سَأَلْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ فَقُلْتُ: هَلْ أَكَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّقِيَّ؟ فَقَالَ سَهْلٌ: مَا رَأَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّقِيَّ مِنْ حِينَ ابْتَعَثَهُ اللّٰهُ حَتَّى قَبَضَهُ اللّٰهُ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا رسول اللہ ﷺ کے ہاں آٹا صاف کر کے کھایا؟ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے جس وقت سے آپ کو بھیجا ہے اور آپ کو اللہ عزوجل نے اپنے پاس بلانے تک رسول اللہ ﷺ آٹا صاف نہیں ملاحظہ فرمایا۔

5868 - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: أَتَى أَبُو أُسَيْدٍ السَّاعِدِيُّ فَدَعَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عُرْسِهِ، وَكَانَتِ امْرَأَتُهُ خَادِمَهُمْ يَوْمَئِذٍ، وَهِيَ الْعَرُوسُ قَالَ أَبُو أُسَيْدٍ: أَتَدْرِي مَا سَقَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ نَقَعْتُ لَهُ تَمْرًا مِنَ اللَّيْلِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو ایک ولیمہ کی دعوت دی گئی' جو عورت ان کی خادمہ تھی وہی دُلہن تھی' حضرت ابواُسید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہیں معلوم ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو کیا پلا ہے؟ میں نے رات کو بھگوئی ہوئی کھجوریں پلائی ہیں۔

5869 - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَهْلٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْتَقَى هُوَ وَالْمُشْرِكُونَ، فَاقْتَتَلُوا، فَلَمَّا مَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى عَسْكَرِهِ، مَالَ الْآخَرُونَ إِلَى عَسْكَرِهِمْ، وَفِي أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ لَا يَدَعُ لَهُمْ فَاذَّةً وَلَا شَاذَّةً، إِلَّا اتَّبَعَهَا بِضَرْبَةٍ مِنْ سَيْفِهِ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مشرکین سے جہاد کیا' جب حضور ﷺ اپنے لشکر کی طرف متوجہ ہوئے اور دوسرے اپنے لشکر کی طرف تو حضور ﷺ کے صحابہ میں سے ایک آدمی تھا جو کسی کو نہیں چھوڑتا تھا مگر اپنی تلوار کے ساتھ' اس کے پیچھے جا کر وار کرتا تھا' اس کے بعد پوری حدیث ذکر کی۔

أَبُو صَخْرٍ حُمَيْدُ بْنُ

ابوصخر حمید بن زیاد' حضرت

5867- أخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد5صفحه2066' رقم الحديث: 5097 .

زِيَادٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

5870 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي أَبُو صَخْرٍ حُمَيْدُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَفَ الْجَنَّةَ فَقَالَ: فِيهَا مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ، وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ، وَلَا خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ

5871 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ سُوَيْدٍ، حَدَّثَنِي أَبُو صَخْرٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: بَيْنَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَصِفُ الْجَنَّةَ حَتَّى انْتَهَى إِلَيْهَا، ثُمَّ قَالَ: فِيهَا مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ، وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ، وَلَا عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ خَطَرَ، ثُمَّ اقْتَرَأَ هَذِهِ الْآيَةَ: (تَتَجَافَى جُنُوبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَطَمَعًا وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُونَ) (السجدة: 16) إِلَى قَوْلِهِ: (جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ) (السجدة: 17)

يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْمِصْرِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

5872 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَحْيَى

ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے جنت کا ذکر کیا اور فرمایا: اس میں وہ کچھ ہے جو کسی آنکھ نے نہیں دیکھا اور کسی کان نے نہیں سنا اور کسی انسان کے دل میں اس کا خیال نہیں گزرا ہے۔

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس تھے' آپ جنت کا ذکر کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: جنت میں وہ کچھ ہے جو کسی آنکھ نے نہیں دیکھا اور کسی کان نے نہیں سنا اور کسی کے دل میں اس کا خیال نہیں آیا' پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: ''ان کی کروٹیں ان کے بستروں سے جدا ہو جاتی ہیں' وہ اپنے رب کو پکارتے ہیں خوشی اور خوف سے اور جو ہم نے ان کو رزق دیا ہے وہ خرچ کرتے ہیں' یہ جزاء ہے اس کی جو وہ عمل کرتے تھے۔

یحییٰ بن ایوب المصری' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوحازم سے روایت ہے کہ حضرت سہل

5871- احمد في مسنده جلد5صفحه334' رقم الحديث: 22877 .

بْنُ إِسْحَاقَ السَّيْلَحِينِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، وعَطَّافُ بْنُ خَالِدٍ الْمَخْزُومِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: غَدْوَةٌ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، أَوْ رَوْحَةٌ، خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم ﷺ کوفرماتے ہوئے سنا: اللہ کی راہ میں ایک صبح یا ایک شام دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

عِيسَى بْنُ مُوسَى الْأَنْصَارِيُّ شَامِيٌّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

عیسیٰ بن موسیٰ انصاری شامی' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5873 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، حَدَّثَنَا أَبِي، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ قَالَا: ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا أَبُو مُحَمَّدٍ عِيسَى بْنُ مُوسَى الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ فِي أَصْلَابِ أَصْلَابِ أَصْلَابِ رِجَالٍ مِنْ أَصْحَابِي، رِجَالًا وَنِسَاءً يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ، ثُمَّ قَرَأَ: (وَآخَرِينَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوا بِهِمْ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ) (الجمعة: 3)

حضرت ابوحازم سے مروی ہے کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میرے صحابہ کی پشتوں کی پشتوں کی پشتوں میں بعض ایسے مرد اور عورتیں ہیں جو بلاحساب جنت میں داخلے کے مستحق ہیں' پھر آپ ﷺ نے یہ آیت پڑھی: ''وآخرين منهم لما يلحقوا الى آخره''۔

خَارِجَةُ بْنُ مُصْعَبٍ الْخُرَاسَانِيُّ، عَنْ

خارجہ بن مصعب الخراسانی' حضرت ابوحازم سے روایت

5873- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه408 وقال: رواه الطبراني واسناده جيد .

أَبِي حَازِمٍ

کرتے ہیں

5874 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ مَسْعَدَةَ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ مُصْعَبٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كُنَّا نَقِيلُ بَعْدَ الْجُمُعَةِ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوحازم سے مروی ہے کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ جمعہ ادا کرنے کے بعد قیلولہ کیا کرتے تھے۔

5875 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى، ثنا خَارِجَةُ بْنُ مُصْعَبٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَرَابٍ، وَعَنْ يَمِينِهِ غُلَامٌ، وَعَنْ يَسَارِهِ الْأَشْيَاخُ فَشَرِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ لِلْغُلَامِ: أُعْطِي الْأَشْيَاخَ؟، فَقَالَ الْغُلَامُ: مَا كُنْتُ لِأُوثِرَ بِسُؤْرِكَ أَوْ بِفَضْلِكَ عَلَيَّ أَحَدًا، فَأَعْطَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَشَرِبَ وَتَرَكَ الْأَشْيَاخَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں شربت لایا گیا اس حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دائیں طرف بچہ بیٹھا ہوا تھا اور بائیں جانب بڑی عمر کے صحابہ تھے پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پہلے اس سے خود پیا پھر بچے سے فرمایا: میں بڑی عمر کے صحابہ کو دے سکتا ہوں؟ (اگر تو راضی ہے تو) تو بچے نے عرض کی: میں آپ کے جوٹھے یا آپ کے بچے ہوئے پانی کے ساتھ کسی کو اپنے اوپر ترجیح نہیں دوں گا۔ پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے ہی دے دیا تو اس نے ہی پیا اور بڑی عمر والوں کو چھوڑ دیا۔

5876 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى، ثنا خَارِجَةُ بْنُ مُصْعَبٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّمَا التَّصْفِيقُ لِلنِّسَاءِ وَالتَّسْبِيحُ لِلرِّجَالِ

حضرت ابوحازم سے مروی ہے کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تالی بجانا عورتوں کیلئے جبکہ سبحان اللہ کہنا مردوں کیلئے ہے۔

5877 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَقُولُ: مَا كَانَ يَوْمٌ أَحَبَّ إِلَيْنَا مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ وَقَالَ: إِنَّ عَجُوزًا كَانَتْ تَطْبُخُ فِي يَوْمِ الْجُمُعَةِ أُصُولَ السِّلْقِ، وتَطْرَحُ عَلَيْهِ حَبَّاتٍ مِنْ شَعِيرٍ، فَكُنَّا إِذَا انْصَرَفْنَا مِنَ الْجُمُعَةِ، دَخَلْنَا فَأَكَلْنَا

اسی سند کے ساتھ مروی ہے کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جمعہ کے دن سے زیادہ کوئی دن ہمیں محبوب نہیں ہوتا تھا' اور فرمایا: ایک بڑھیا تھی جو جمعہ کے دن سلق (ایک قسم کی سبزی) کی جڑوں کا سالن پکاتی تھی اور اس پر جَو کے دانے ڈال دیتی تھی' پس جب ہم جمعہ سے لوٹا کرتے تھے تو (اس کے ہاں) حاضر ہوتے اور (اپنی قسمت) کھاتے تھے۔

يَحْيَى بْنُ الْعَلَاءِ الْبَجَلِيُّ الرَّازِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

یحییٰ بن العلاء البجلی الرازی' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5878 - حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو الدِّمَشْقِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ الْكُوفِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ الْعَلَاءِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِفَاطِمَةَ: أَيْنَ بَعْلُكِ؟ ، فَقَالَتْ وَقَعَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ كَلَامٌ، فَخَرَجَ مُغَاضِبًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ: أَبْصِرْ لِي عَلِيًّا ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ، هُوَ ذَا فِي الْمَسْجِدِ، فَأَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالرِّيحُ يَسْفِي عَلَيْهِ التُّرَابَ، قَالَ: قُمْ يَا أَبَا تُرَابٍ ، قَالَ سَهْلٌ: فَوَاللهِ إِنْ كَانَ لَأَحَبَّ أَسْمَائِهِ إِلَيْهِ

حضرت ابوحازم سے مروی ہے کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: آپ کا شوہر کہاں ہے؟ انہوں نے عرض کی: ان کے اور میرے درمیان سخت کلامی ہوئی ہے' تو وہ ناراض ہو کر گھر سے نکل گئے ہیں۔ رسول کریم ﷺ نے ایک آدمی سے فرمایا: میرے لیے علی کو دیکھو! اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! وہ یہ مسجد میں ہیں! پس رسول کریم ﷺ ان کے پاس تشریف لائے جبکہ ہوا نے ان پر خوب مٹی ڈال دی تھی' آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابوتراب! اُٹھو! حضرت سہل فرماتے ہیں: قسم بخدا! ان کے ناموں میں سے یہ نام ان کو سب سے زیادہ پسند تھا۔

يَحْيَى بْنُ مَيْمُون الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ سَهْلٍ

یحییٰ بن میمون حضرمی' حضرت سہل سے روایت کرتے ہیں

5879 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، ثنا عَيَّاشُ بْنُ عُقْبَةَ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ مَيْمُونٍ الْحَضْرَمِيَّ، يَقُولُ: وَقَفَ عَلَيْنَا سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ السَّاعِدِيُّ وَنَحْنُ فِي الْمَسْجِدِ، فَقَالَ سَهْلٌ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ جَلَسَ فِي الْمَسْجِدِ يَنْتَظِرُ الصَّلَاةَ، فَهُوَ فِي صَلَاةٍ

حضرت یحییٰ بن میمون حضرمی فرماتے ہیں کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ ہمارے پاس ٹھہرے جبکہ ہم مسجد میں تھے' حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو مجلس میں نماز کے انتظار کے لیے بیٹھے تو وہ نماز ہی میں ہوتا ہے۔

5880 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، ثنا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عُقْبَةَ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ مَيْمُونٍ الْحَضْرَمِيِّ قَالَ: مَرَّ بِي سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ وَأَنَا فِي الْمَسْجِدِ جَالِسٌ، فَقَالَ: أَلَا أُحَدِّثُكَ حَدِيثًا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقُلْتُ: بَلَى، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كَانَ فِي الْمَسْجِدِ يَنْتَظِرُ الصَّلَاةَ، فَهُوَ فِي صَلَاةٍ

حضرت یحییٰ بن میمون حضرمی فرماتے ہیں کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ میرے پاس سے گزرے' اس حال میں کہ میں مسجد میں بیٹھا ہوا تھا' آپ نے فرمایا: میں آپ کو رسول اللہ ﷺ کی حدیث نہ سناؤں جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے؟ میں نے عرض کی: کیوں نہیں! فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو مسجد میں نماز کا انتظار کرتا ہے' نماز ہی میں ہوتا ہے۔

أَبُو زُرْعَةَ عَمْرُو بْنُ جَابِرٍ الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ

ابوزرعہ عمرو بن جابر حضرمی' حضرت سہل بن سعد سے

5879- أخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد1صفحه76' رقم الحديث: 174 .

سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

5881 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ح، وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ، قَالَا: ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، ثنا أَبُو زُرْعَةَ عَمْرُو بْنُ جَابِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسُبُّوا تُبَّعًا، فَإِنَّهُ قَدْ أَسْلَمَ

روایت کرتے ہیں

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تبع (بادشاہ) کو گالی نہ دو کیونکہ یہ مسلمان ہو چکے تھے۔

نَافِعُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعَمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

5882 - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَهْمِيُّ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، عَنْ نَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا صَلَّى أَحَدُكُمْ إِلَى سُتْرَةٍ، فَلْيَدْنُ مِنْهَا، لَا يَجُوزُ الشَّيْطَانُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ صَلَاتِهِ هَكَذَا رَوَاهُ ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، وَرَوَاهُ ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ

نافع بن جبیر بن مطعم' حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی سترہ آگے رکھ کر نماز پڑھے تو وہ سترہ کے قریب ہوتا کہ شیطان اس کی نماز اور سترہ کے درمیان حائل نہ ہو۔ حضرت نافع بن جبیر' حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے اسی طرح روایت کرتے ہیں۔ ابن لہیعہ نے اسی طرح روایت کیا' اُنہوں نے عبید بن ابوجعفر سے' انہوں نے صفوان بن سلیم سے' انہوں نے نافع بن جبیر سے' انہوں نے سہل بن سعد سے روایت کیا اور اس کو ابن عیینہ نے صفوان بن سلیم سے' انہوں نے نافع بن جبیر سے اور اُنہوں نے سہل بن ابوحثمہ

5881- احمد فی مسنده جلد5صفحه340' رقم الحدیث: 22931 .

5882- ابو داؤد جلد1صفحه185 رقم الحدیث: 695 . والنسائی فی المجتبیٰ جلد2صفحه62 رقم الحدیث: 748 .

سے روایت کیا۔

5883 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ زُنْبُورٍ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عِيسَى بْنِ مَيْمُونِ بْنِ إِيَاسِ بْنِ الْبُكَيْرِ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا صَلَّى أَحَدُكُمْ إِلَى سُتْرَةٍ فَلْيَدْنُ مِنْهَا لَا يَقْطَعِ الشَّيْطَانُ عَلَيْهِ صَلَاتَهُ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی سترہ آگے رکھ کر نماز پڑھے تو وہ سترہ کے قریب ہوتا کہ شیطان اس کی نماز اور سترہ کے درمیان حائل نہ ہو۔

بَكْرُ بْنُ سَوَادَةَ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

بکر بن سوادہ' حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

5884 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْمُهُ أَسْوَدُ، فَسَمَّاهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبْيَضَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے اصحاب میں ایک آدمی تھے' اُن کا نام اسود تھا' رسول اللہ ﷺ نے ان کا نام ابیض رکھا۔

5885 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنِي أَبِي، وَيَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَا: ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنِي بَكْرُ بْنُ سَوَادَةَ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَتَرْكَبُنَّ سُنَنَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ، حَذْوَ النَّعْلِ بِالنَّعْلِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: وہ ذات جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے' تم ضرور پہلے لوگوں کے نقش قدم پر چلو گے (یہاں تک کہ) جوتی پر جوتی رکھنے کی طرح۔

أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الْغِفَارِيُّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

ابوعبداللہ الغفاری' حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

5886 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقٍ، وَالْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ، قَالَا: ثنا عُبَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ أَبُو عَبَّادٍ الْقَيْسِيُّ، ثنا أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الْغِفَارِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَرَنِي جِبْرِيلُ بِالسِّوَاكِ، حَتَّى ظَنَنْتُ أَنِّي سَأُدْرَدُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: حضرت جبریل علیہ السلام نے مجھے مسواک کرنے کے لیے عرض کی' میں نے گمان کیا کہ یہ فرض ہو جائے گی۔

5887 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ، ثنا أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الْغِفَارِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَقُولُ: كُنْتُ جَالِسًا مَعَ خَالٍ لِي مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اخْرُجْ إِلَى الْغَابَةِ وَائْتِنِي مِنْ خَشَبِهَا، فَاعْمَلْ لِي مِنْبَرًا أُكَلِّمُ عَلَيْهِ النَّاسَ ، فَعَمِلَ مِنْبَرًا عَتَبَتَانِ وَجَلَسَ عَلَيْهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے انصاری خالو کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا' حضورﷺ نے اسے فرمایا: جنگل کی طرف جاؤ' میرے پاس وہاں سے لکڑی لاؤ اور میرے لیے منبر بناؤ' تاکہ میں اس پر لوگوں کو خطاب کروں' آپ کے لیے دو سیڑھیوں والا منبر بنایا گیا تو آپ اس پر بیٹھے۔

أَبُو سُهَيْلٍ نَافِعُ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

ابوسہیل نافع بن مالک' حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

5888 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا أَبُو مُوسَى الْأَنْصَارِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم جمعہ کے بعد قیلولہ کرتے تھے۔

5886- الطبرانی فی الأوسط جلد2صفحہ316' رقم الحدیث: 2087 .

5887- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 2صفحہ182 وقال: قلت له حديث في الصحيح في عمل هذا رواه الطبراني في الكبير وفيه عبيد بن واقد وهو ضعيف .

أَبُو سُهَيْلٍ نَافِعُ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كُنَّا نَقِيلُ بَعْدَ الْجُمُعَةِ

خَارِجَةُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

5889 - حَدَّثَنَا أَبُو زَيْدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حَاتِمٍ الْمُرَادِيُّ الْمِصْرِيُّ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَمِّهِ الْعَبَّاسِ رَحِمَهُ اللّٰهُ: أَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ ثُمَّ رَفَعَ يَدَهُ وَقَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْعَبَّاسِ، وَأَبْنَاءِ الْعَبَّاسِ، وَأَبْنَاءِ أَبْنَاءِ الْعَبَّاسِ

خارجہ بن زید بن ثابت' حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے اپنے چچا عباس کے لیے فرمایا: اللہ اس پر رحم کرے! میں خاتم النبیین ہوں' پھر آپ نے اپنے ہاتھ اُٹھائے اور عرض کی: اے اللہ! عباس اور عباس کی اولاد اور عباس کی اولاد کی اولاد کو بخش دے۔

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُبَيْدَةَ الرَّبَذِيُّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

5890 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، ثنا قَبِيصَةُ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَخِيهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عبداللہ بن عبیدہ الربذی' حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ ہمارے پاس تشریف لائے' ہم قرآن پڑھ رہے تھے اور ایک دوسرے کو پڑھا رہے تھے' آپ نے فرمایا: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں' اللہ کی کتاب ایک

5889- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 269 وقال: رواه الطبراني عن شيخه عبد الرحمن بن حاتم المرادي وهو متروك .

5890- مسند عبد بن حميد جلد 1 صفحه 171' رقم الحديث: 466 .

وَنَحْنُ نَقْرَأُ الْقُرْآنَ، وَيُقْرِئُهُ بَعْضُنَا بَعْضًا، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ كِتَابُ اللَّهِ وَاحِدٌ، فِيكُمُ الْأَسْوَدُ وَالْأَحْمَرُ، اقْرَأُوا الْقُرْآنَ، اقْرَأُوا الْقُرْآنَ، اقْرَأُوا الْقُرْآنَ، قَبْلَ أَنْ يَأْتِيَ أَقْوَامٌ يَقْرَأُونَ الْقُرْآنَ، يُقِيمُونَ حُرُوفَهُ، كَمَا يُقَامُ السَّهْمُ، لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ يَتَعَجَّلُونَ أَجْرَهُ، وَلَا يَتَأَجَّلُونَهُ

ہے' تم میں سیاہ اور سرخ ہیں' قرآن پڑھو' قرآن پڑھو' قرآن پڑھو' اس سے پہلے کہ کچھ لوگ قرآن پڑھیں گے' اس کے حروف سیدھے کریں گے جس طرح تیر سیدھا کیا جاتا ہے' ان کے حلق سے قرآن نیچے نہیں اُترے گا' اس کی اُجرت مانگنے میں جلدی کریں گے' دیر نہیں کریں گے۔

5891 - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ أَبِي رَوْحٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُوسَى بْنَ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَخِيهِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ يُقْرِءُ بَعْضُنَا بَعْضًا، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ كِتَابٌ وَاحِدٌ فِيكُمُ الْأَحْمَرُ وَالْأَسْوَدُ، اقْرَأُوا الْقُرْآنَ، اقْرَأُوا الْقُرْآنَ، اقْرَأُوا قَبْلَ أَنْ يَأْتِيَ أَقْوَامٌ يُقِيمُونَهُ، كَمَا يُقَامُ السَّهْمُ، وَلَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ يَتَعَجَّلُونَ أَجْرَهُ، وَلَا يَتَأَجَّلُونَهُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ ہمارے پاس تشریف لائے' ہم قرآن پڑھ رہے تھے اور ایک دوسرے کو پڑھا رہے تھے' آپ نے فرمایا: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں' اللہ کی کتاب ایک ہے' تم میں سیاہ اور سرخ ہیں' قرآن پڑھو' قرآن پڑھو' قرآن پڑھو' اس سے پہلے کہ کچھ لوگ قرآن پڑھیں گے' اس کے حروف سیدھے کریں گے جس طرح تیر سیدھا کیا جاتا ہے' ان کے حلق سے قرآن نیچے نہیں اُترے گا' اس کی اُجرت مانگنے میں جلدی کریں گے' دیر نہیں کریں گے۔

ابْنُ أَبِي ذُبَابٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

ابن ابوذباب' حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

5892 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہﷺ کو کبھی بھی منبر پر اور اس کے علاوہ ہاتھ کھول کر دعا کرتے نہیں دیکھا' لیکن میں نے

5892- أبو داؤد في سننه جلد 1 صفحه 289 رقم الحديث: 1105 . وأحمد في مسنده جلد 5 صفحه 337 رقم الحديث: 22906 .

الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَا: ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ قَالَا: ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي ذُبَابٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاهِرًا يَدَيْهِ قَطُّ فِي الدُّعَاءِ عَلَى مِنْبَرٍ، وَلَا غَيْرِهِ، وَلَكِنِّي رَأَيْتُهُ يَقُولُ هَكَذَا، وَأَشَارَ بِالسَّبَّابَةِ وَعَقَدَ الْوُسْطَى بِالْإِبْهَامِ

اس طرح اشارہ کرتے ہوئے دیکھا' آپ نے سبابہ انگلی کے ساتھ اشارہ کیا اور درمیانی انگلی کو انگوٹھے کے ساتھ باندھا۔

وَفَاءُ بْنُ شُرَيْحٍ الْمِصْرِيُّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

وفاء بن شریح مصری' حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

5893 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ، عَنْ وَفَاءِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا وَنَحْنُ نَقْتَرِئُ، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ، كِتَابُ اللهِ وَاحِدٌ، وَفِيكُمُ الْأَبْيَضُ وَفِيكُمُ الْأَسْوَدُ، اقْرَأُوهُ قَبْلَ أَنْ يَقْرَأَهُ أَقْوَامٌ يُقَوِّمُونَهُ، كَمَا يُقَوَّمُ السَّهْمُ، يَتَعَجَّلُ أَحَدُهُمْ أَجْرَهُ، وَلَا يَتَأَجَّلُهُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے' ہم قرآن پڑھ رہے تھے اور ایک دوسرے کو پڑھا رہے تھے' آپ نے فرمایا: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں' اللہ کی کتاب ایک ہے' تم میں سیاہ اور سرخ ہیں' قرآن پڑھو' قرآن پڑھو' قرآن پڑھو' اس سے پہلے کہ کچھ لوگ قرآن پڑھیں گے' اس کے حروف سیدھے کریں گے جس طرح تیر سیدھا کیا جاتا ہے' ان کے حلق سے قرآن نیچے نہیں اُترے گا' اس کی اُجرت مانگنے میں جلدی کریں گے' دیر نہیں کریں گے۔

عِمْرَانُ بْنُ أَبِي أَنَسٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

عمران بن ابوانس' حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

5894 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ عُثْمَانَ، حَدَّثَنِي عِمْرَانُ بْنُ أَبِي أَنَسٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: اخْتَلَفَ رَجُلَانِ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ الَّذِي أُسِّسَ عَلَى التَّقْوَى، فَقَالَ أَحَدُهُمَا: هُوَ مَسْجِدُ الْمَدِينَةِ، وَقَالَ الْآخَرُ: هُوَ مَسْجِدُ قُبَاءَ، فَأَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هُوَ مَسْجِدِي هَذَا

حضور ﷺ کے زمانہ میں اس مسجد کے بارے میں دو آدمیوں کا اختلاف ہوا جس کی بنیاد تقویٰ پر رکھی گئی تھی' ان میں سے ایک نے کہا: وہ مدینہ کی مسجد ہے' دوسرے نے کہا: مسجد قباء ہے' حضور ﷺ ان کے پاس تشریف لے آئے' آپ نے فرمایا: وہ میری مسجد ہے۔

أَبُو يَحْيَى الْأَسْلَمِيُّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

ابو یحییٰ اسلمی' حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

5895 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ سَهْلٍ أَبُو عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا جَابِرُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي يَحْيَى الْأَسْلَمِيُّ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ فِي بَيْتِهِ فَقَالَ: لَوْ أَنِّي أَسْقِيكُمْ مِنْ بِئْرِ بُضَاعَةَ لَكَرِهْتُمْ، وَقَدْ وَاللَّهِ سَقَيْتُ مِنْهَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِي

حضرت محمد بن ابو یحییٰ اسلمی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کے پاس ان کے گھر میں داخل ہوئے' آپ نے فرمایا: اگر میں تمہیں بضاعہ کنویں سے پلاتا' تو تم اس کو ناپسند کرتے' اللہ کی قسم! میں نے اس سے رسول اللہ ﷺ کو اپنے ہاتھ سے پلایا ہے۔

زِيَادٌ، وَعَلَاقَةُ ابْنَا زَيْدٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

زیاد اور علاقہ' دونوں زید کے بیٹے' حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

5896 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5895- البيهقي في سننه الكبرى جلد1صفحه259' رقم الحديث: 1152 .

الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا كَثِيرُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ زِيَادٍ، وعَلَاقَةَ، ابْنَيْ زَيْدٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كَانَ لَهُ بِالْمَدِينَةِ أَصْلٌ، فَلْيَسْتَمْسِكْ بِهِ، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ بِهَا أَصْلٌ، فَلْيَجْعَلْ لَهُ بِهَا أَصْلًا، فَلَيَأْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَكُونُ الَّذِي لَيْسَ لَهُ بِهَا أَصْلٌ كَالْخَارِجِ مِنْهَا الْمُجْتَازِ إِلَى غَيْرِهَا

حضورﷺ نے فرمایا: جس کے پاس مدینہ میں اصل (دلیل) ہو وہ اس کو مضبوطی سے تھام لے اور جس کے پاس نہ ہو وہ اصل بنائے لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ ان کے پاس اصل نہیں ہوگی خارجیوں کی طرح ہوگا اس کے غیر کی طرف گزر جانے والا ہوگا۔

قُدَامَةُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ حَاطِبٍ الْجُمَحِيُّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

قدامہ بن ابراہیم بن محمد بن حاطب جمحی حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

5897 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ، ثنا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قُدَامَةَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ حَاطِبٍ الْجُمَحِيِّ، قَالَ: حَضَرْتُ الْحَجَّاجَ بْنَ يُوسُفَ يَضْرِبُ عَبَّاسَ بْنَ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ فِي أَمْرِ ابْنِ الزُّبَيْرِ، فَطَلَعَ أَبُوهُ سَهْلٌ فِي إِزَارٍ وَرِدَاءٍ لَهُ، فَصَاحَ بِالْحَجَّاجِ، أَلَا تَحْفَظُ فِينَا وَصِيَّةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: وَمَا أَوْصَى بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيكُمْ؟ قَالَ: أَوْصَى أَنْ يُحْسَنَ إِلَى مُحْسِنِ

حضرت قدامہ بن ابراہیم بن محمد بن حاطب جمحی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حجاج بن یوسف کے پاس تھا۔ حجاج عباس بن سہل بن سعد الساعدی کو مار رہا تھا ابن زبیر کے معاملہ میں مار رہا تھا ان کے والد حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے ایک چادر اور تہبند میں حجاج کو آواز دی: کیا تجھے ہمارے متعلق رسول اللہﷺ کی وصیت یاد نہیں ہے؟ حجاج نے کہا: رسول اللہﷺ کی کیا وصیت ہے؟ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: انصار کے ساتھ اچھائی کرو اور ان کی برائی سے درگزر کرو۔ حجاج نے عباس کو چھوڑ دیا۔

5897- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 36 وقال: رواه أبو يعلى والطبراني في الأوسط والكبير بأسانيد في أحدها عبد الله بن مصعب وفي الآخر عبد المهيمن بن عباس وكلاهما ضعيف .

الْأَنْصَارِ، وَيُعْفَى عَنْ مُسِيئِهِمْ ، فَأَرْسَلَهُ

سُهَيْلُ بْنُ بَيْضَاءَ الْقُرَشِيُّ ثُمَّ الْفِهْرِيُّ بَدْرِيٌّ

تُوُفِّيَ بِالْمَدِينَةِ فِي حَيَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَصَلَّى عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ

آپ کا وصال رسول اللہ ﷺ کی زندگی میں مدینہ میں ہوا' حضور ﷺ نے ان کی نمازِ جنازہ مسجد میں پڑھائی۔

نِسْبَتُهُ وَهُوَ سُهَيْلُ بْنُ وَهْبِ بْنِ رَبِيعَةَ بْنِ هِلَالِ بْنِ أُهَيْبَ بْنِ ضَبَّةَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ فِهْرٍ

ان کا نسب: حضرت سہیل بن وہب بن ربیعہ بن ہلال بن اہیب بن ضبہ بن حارث بن فہر ہے

وَبَيْضَاءُ أُمُّهُ، وَاسْمُهَا: دَعْدُ بِنْتُ أَسَدِ بْنِ جَحْدَمِ بْنِ أُمَيَّةَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ فِهْرٍ

بیضاء ان کی والدہ ہیں' ان کی والدہ کا نام: دعد بنت اسد بن جحذم بن امیہ بن حارث بن فہر ہے۔

5898 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، أنا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ عَجْلَانَ، وَمُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: وَاللّٰهِ مَا صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى سُهَيْلِ ابْنِ بَيْضَاءَ، إِلَّا فِي الْمَسْجِدِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ اللہ کی قسم! حضور ﷺ نے حضرت سہیل بن بیضاء کی نمازِ جنازہ مسجد میں پڑھائی۔

5899 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا، مِنْ قُرَيْشٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ فِهْرٍ،

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ قریش اور بنی حارث بن فہر میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت سہیل بن بیضاء کا ہے۔

سُهَيْلُ ابْنُ بَيْضَاءَ

5900 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا، مِنْ قُرَيْشٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ فِهْرٍ، سُهَيْلُ ابْنُ بَيْضَاءَ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ قریش اور بنی حارث بن فہر میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت سہیل بن بیضاء کا ہے۔

5901 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ، ح وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، وَابْنُ لَهِيعَةَ، قَالَا: ثنا ابْنُ الْهَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الصَّلْتِ، عَنْ سُهَيْلِ ابْنِ بَيْضَاءَ قَالَ: بَيْنَا نَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، وَسُهَيْلٌ رَدِيفُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَعِيرِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا سُهَيْلُ ابْنَ بَيْضَاءَ، وَرَفَعَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَوْتَهُ، فَقَالَ سُهَيْلٌ: لَبَّيْكَ، وَرَفَعَ صَوْتَهُ، صَنَعَ ذَلِكَ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا، قَالَ سُهَيْلٌ: عَرَفَ النَّاسُ أَنَّهُ يُرِيدُ أَنْ يَتَكَلَّمَ بِشَيْءٍ يُسْمِعُهُمْ إِيَّاهُ، فَلَحِقَنَا مَنْ كَانَ خَلْفَنَا، وَحَبَسَ عَلَيْنَا مَنْ كَانَ بَيْنَ يَدَيْنَا حَتَّى اجْتَمَعُوا، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ

سے بہتر دین ہے' جس میں میں ہوں' سورج غروب ہونے تک میں ان کے پاس رہا؟ اور اپنے باپ کے سامان کو وہیں کا وہیں چھوڑ دیا' پھر میں نے ان سے کہا: تم میں سے سب سے زیادہ اس دین میں بصیرت کس کو حاصل ہے؟ انہوں نے کہا: ایک آدمی ہے جو شام میں رہتا ہے' میں اپنے باپ کی طرف آیا جبکہ وہ میری تلاش میں لوگ بھیج چکے تھے اور میں نے ان کو ان کے کام سے غافل کر دیا تھا۔ میرے باپ نے پوچھا: اے میرے بیٹے! تم کہاں تھے؟ کیا میں نے تم سے وعدہ نہیں لیا تھا جو لیا تھا؟ میں نے جواب دیا: میں کچھ لوگوں کے پاس سے گزرا جو اپنے عبادت خانے میں نماز پڑھ رہے تھے' میں ان کے پاس چلا گیا' بس ان کے پاس ہی رہا وہ نماز میں مصروف رہے حتیٰ کہ سورج غروب ہو گیا۔ انہوں نے کہا: اے میرے بیٹے! اس دین میں کوئی بھلائی نہیں ہے' تیرا اور تیرے آباء واجداد کا دین اس سے بہتر ہے' پھر مجھے اپنے گھر میں روک لیا' میں نے عیسائی کی طرف آدمی بھیجا اور کہا: جب شام سے تمہارے پاس کوئی قافلہ آئے تو مجھے بتانا' پس عیسائی تاجروں کا ایک قافلہ شام سے آیا تو انہوں نے مجھے بتایا' میں نے انہیں فرمایا: جب وہ اپنے کام کاج کر لیں اور اپنے غلاموں میں واپس جانے کا ارادہ کریں تو مجھے خبر دینا۔ پس میں نے اپنے پاؤں سے بیڑیاں اتار کر پھینک دیں پھر ان کے ساتھ نکل کر شام آ گیا۔ پس جب میں ان کے پاس ان کی عبادت گاہ میں آیا تو میں

شَدِيدًا، لِمَا رَأَيْتُهُ يَصْنَعُ، ثُمَّ مَاتَ وَاجْتَمَعَتْ إِلَيْهِ النَّصَارَى لِيَدْفِنُوهُ، فَقُلْتُ لَهُمْ: إِنَّ هَذَا كَانَ رَجُلَ سُوءٍ يَأْمُرُكُمْ بِالصَّدَقَةِ، وَيُرَغِّبُكُمْ فِيهَا، فَإِذَا جِئْتُمُوهُ بِهَا اكْتَنَزَهَا لِنَفْسِهِ، وَلَمْ يُعْطِ الْمَسَاكِينَ مِنْهَا شَيْئًا، قَالُوا: وَمَا عِلْمُكَ بِذَلِكَ؟ قُلْتُ لَهُمْ: فَأَنَا أَدُلُّكُمْ عَلَى كَنْزِهِ، قَالُوا: فَدُلَّنَا عَلَيْهِ، فَدَلَلْتُهُمْ عَلَيْهِ فَاسْتَخْرَجُوا ذَهَبًا وَوَرِقًا فَلَمَّا رَأَوْهَا قَالُوا: وَاللّٰهِ لَا نَدْفِنُهُ أَبَدًا، فَصَلَبُوهُ، ثُمَّ رَجَمُوهُ بِالْحِجَارَةِ، وَكَانَ ثَمَّ رَجُلٌ آخَرُ فَجَعَلُوهُ مَكَانَهُ، قَالَ: يَقُولُ سَلْمَانُ: فَمَا رَأَيْتُ رَجُلًا لَا يُصَلِّي الْخَمْسَ أَفْضَلَ مِنْهُ، أَزْهَدَ فِي الدُّنْيَا، وَلَا أَرْغَبَ فِي الْآخِرَةِ، وَلَا أَدْأَبَ لَيْلًا وَنَهَارًا مِنْهُ، فَأَحْبَبْتُهُ حُبًّا لَمْ أُحِبَّهُ شَيْئًا قَطُّ، فَمَا زِلْتُ مَعَهُ زَمَانًا ثُمَّ حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ، فَقُلْتُ لَهُ: يَا فُلَانُ، إِنِّي قَدْ كُنْتُ مَعَكَ فَأَحْبَبْتُكَ حُبًّا لَمْ أُحِبَّهُ شَيْئًا قَطُّ، وَقَدْ حَضَرَكَ مَا تَرَى مِنْ أَمْرِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَإِلَى مَنْ تُوصِي بِي، وَمَا تَأْمُرُنِي؟، قَالَ: أَيْ بُنَيَّ، وَاللّٰهِ مَا أَعْلَمُ أَحَدًا عَلَى مَا كُنْتُ عَلَيْهِ، لَقَدْ هَلَكَ النَّاسُ وَبَدَّلُوا وَتَرَكُوا كَثِيرًا مِمَّا كَانُوا عَلَيْهِ، إِلَّا رَجُلًا بِالْمَوْصِلِ وَهُوَ فُلَانٌ، وَهُوَ عَلَى مَا كُنْتُ عَلَيْهِ، فَالْحَقْ بِهِ، فَلَمَّا مَاتَ وَغُيِّبَ لَحِقْتُ بِصَاحِبِ الْمَوْصِلِ، فَقُلْتُ لَهُ: يَا فُلَانُ، إِنَّ فُلَانًا أَوْصَانِي عِنْدَ مَوْتِهِ أَنْ أَلْحَقَ بِكَ، وَأَخْبَرَنِي أَنَّكَ عَلَى أَمْرِهِ، قَالَ: فَأَقِمْ عِنْدِي، فَأَقَمْتُ عِنْدَهُ، فَوَجَدْتُهُ خَيْرَ

نے ان سے سوال کیا: اس دین والوں میں سے سب سے زیادہ فضیلت و علم رکھنے والا کون ہے؟ انہوں نے کہا: عبادت خانے میں...... پس میں اس کے پاس آیا' میں نے کہا: مجھے اس دین کو حاصل کرنے کا شوق ہے۔ میں آپ کے پاس آپ کے عبادت خانے میں آپ کی خدمت کرنے کی خواہش رکھتا ہوں' آپ سے کچھ سیکھنا چاہتا ہوں اور آپ کے ساتھ مل کر نماز پڑھوں گا۔ اس نے کہا: داخل ہو جائیں۔ پس میں اس کے پاس داخل ہوا جبکہ وہ اچھا آدمی نہ تھا' لوگوں کو حکم دیتا تھا کہ صدقہ دو اور ان لوگوں کو صدقہ کرنے کا شوق دلاتا۔ پس جب وہ لوگ کچھ نہ کچھ صدقہ اس کے پاس جمع کر لیتے تو وہ اسے اپنی ذات کیلئے اکٹھا کر کے رکھ لیتا تھا۔ لوگوں میں سے کسی (غریب) آدمی کو کوئی شی نہ دیتا تھا حتیٰ کہ اس نے سونا چاندی کے ڈھیر اکٹھے کر لیے۔ پس مجھے اس سے سخت نفرت ہوگئی کیونکہ میں نے اس کا بھیانک کردار دیکھ لیا تھا' پھر وہ مر گیا اور عیسائی اکٹھے ہوئے تاکہ اس کو دفن کریں۔ پس میں نے ان سے کہا: یہ تو بُرا آدمی تھا' تمہیں صدقہ کرنے کا حکم دیتا اور اس میں تمہیں شوق دلاتا' پس جب تم اس کے پاس وہ اکٹھا کر لیتے تھے تو اسے اپنی ذات کیلئے اکٹھا کر کے رکھ لیتا تھا اور اس میں سے مسکینوں کو کوئی شی نہیں دیتا تھا۔ انہوں نے (ایک بارتو) کہا: تمہیں کیا معلوم؟ لیکن میں نے ان سے کہا: آؤ! میں تمہیں اس کا جمع شدہ مال دکھاتا ہوں۔ انہوں نے کہا: دکھاؤ! میں نے انہیں دکھایا' پس

رَجُلٍ عَلَى أَمْرِ صَاحِبِهِ، فَلَمْ أَلْبَثْ أَنْ مَاتَ، فَلَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ، قُلْتُ لَهُ: يَا فُلَانُ، إِنَّ فُلَانًا أَوْصَانِي إِلَيْكَ، وَأَمَرَنِي أَنْ أَلْحَقَ بِكَ، وَقَدْ حَضَرَ مِنْ أَمْرِ اللّٰهِ مَا تَرَى، فَإِلَى مَنْ تُوصِي بِي، وَمَا تَأْمُرُنِي؟ قَالَ: يَا بُنَيَّ، مَا أَعْلَمُ بَقِيَ أَحَدٌ آمُرُكَ أَنْ تَأْتِيَهُ إِلَّا رَجُلًا بِعَمُورِيَّةَ بِأَرْضِ الرُّومِ عَلَى مِثْلِ مَا نَحْنُ عَلَيْهِ، فَلَمَّا مَاتَ وَغُيِّبَ لَحِقْتُ بِصَاحِبِ عَمُّورِيَّةَ فَأَخْبَرْتُهُ خَبَرِي، فَقَالَ: أَقِمْ عِنْدِي، فَأَقَمْتُ عِنْدَ خَيْرِ رَجُلٍ عَلَى هَدْيِ أَصْحَابِهِ وَأَمْرِهِمْ، وَاكْتَسَبْتُ حَتَّى كَانَتْ عِنْدِي بُقَيْرَاتٌ وَغُنَيْمَةٌ، ثُمَّ نَزَلَ بِهِ أَمْرُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَلَمَّا حُضِرَ قُلْتُ لَهُ: يَا فُلَانُ، إِنِّي كُنْتُ مَعَ فُلَانٍ فَأَوْصَانِي إِلَى فُلَانٍ، ثُمَّ أَوْصَى فُلَانٌ إِلَى فُلَانٍ، ثُمَّ أَوْصَانِي فُلَانٌ إِلَيْكَ، فَإِلَى مَنْ تُوصِي بِي، وَإِلَى مَنْ تَأْمُرُنِي؟ قَالَ: وَاللّٰهِ مَا أَعْلَمُ أَصْبَحَ عَلَى مِثْلِ مَا نَحْنُ فِيهِ أَحَدٌ مِنَ النَّاسِ آمُرُكَ أَنْ تَأْتِيَهُ، وَلَكِنْ أَظَلَّكَ زَمَانُ نَبِيٍّ هُوَ مَبْعُوثٌ بِدِينِ إِبْرَاهِيمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَخْرُجُ بِأَرْضِ الْعَرَبِ إِلَى أَرْضٍ -أَظُنُّهُ قَالَ -ذَاتِ نَخْلٍ بِهِ عَلَامَاتٌ لَا تَخْفَى، يَأْكُلُ الْهَدِيَّةَ وَلَا يَأْكُلُ الصَّدَقَةَ، بَيْنَ كَتِفَيْهِ خَاتَمُ النُّبُوَّةِ، فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ تَلْحَقَ بِذَلِكَ الْبِلَادِ فَافْعَلْ، ثُمَّ مَاتَ وَغُيِّبَ، فَمَكَثْتُ بِعَمُورِيَّةَ مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ أَمْكُثَ، مَرَّ بِي نَفَرٌ مِنْ كَلْبٍ تُجَّارٌ، فَقُلْتُ لَهُمْ: تَحْمِلُونِي إِلَى أَرْضِ الْعَرَبِ وَأُعْطِيكُمْ

ما روى ابن عباس عن سلمان

اُنہوں نے سونا چاندی نکالے۔ پس جب اُنہوں نے یہ دیکھا تو کہا: ہم اس کو کبھی بھی دفن نہیں کریں گے۔ پس انہوں نے اسے سولی چڑھا دیا پھر اس کو پتھر مارے اور وہاں ایک اور آدمی تھا جس کو اُنہوں نے اس کے قائم مقام بنا دیا۔ راوی کا بیان ہے: حضرت سلمان فرماتے ہیں کہ پس میں نے پانچ وقت کا نمازی اس سے بہتر نہیں دیکھا' دنیا سے کنارہ کش' آخرت میں راغب' رات دن کی اس کی عادتیں (کمال تھیں) پس میں نے اس سے ٹوٹ کر محبت کی' اتنی کہ کبھی کسی شے سے نہیں کی۔ ایک زمانہ میں اس کے ساتھ رہا پھر اس کے پاس موت کا فرشتہ حاضر ہوا۔ میں نے اس سے کہا: اے فلاں! بے شک میں تیرے ساتھ تھا' پس میں نے تیرے ساتھ اتنی محبت کی جتنی کسی اور شی سے نہیں کی۔ اب تیرے پاس اللہ کے حکم میں سے وہ آ گیا ہے جو تُو خود دیکھ رہا ہے۔ پس اب تو مجھے کسی کی طرف وصیت کرتا ہے اور کیا حکم دیتا ہے؟ اس نے کہا: اے میرے بیٹے! قسم بخدا! لوگوں میں سے کسی کو میں نہیں جانتا جو میری روش پر ہو' تحقیق لوگ ہلاک ہوئے' بدل دیا اور ترک کر دیا' بہت ساری ان چیزوں کو جن کو وہ اپنائے ہوئے تھے مگر ایک آدمی موصل میں رہتا ہے اور وہ فلاں آدمی ہے یعنی نام بتایا۔ وہ میری روش پر ہیں۔ پس جا کر اس سے مل جا۔ پس جب وہ مر گیا اور اسے دفن کر دیا گیا تو میں موصل والے آدمی سے جا ملا۔ میں نے کہا: اے فلاں! بے شک فلاں نے مجھے وصیت کی ہے اپنی

بَقَرَاتِي هَذِهِ وَغُنَيْمَتِي هَذِهِ؟ قَالُوا: نَعَمْ، فَأَعْطَيْتُهُمْ وَحَمَلُونِي مَعَهُمْ حَتَّى إِذَا قَدِمُوا وَادِي الْقُرَى ظَلَمُونِي، فَبَاعُونِي مِنْ رَجُلٍ يَهُودِيٍّ، فَكُنْتُ عِنْدَهُ فَرَأَيْتُ النَّخْلَ، فَرَجَوْتُ الْبَلَدَ الَّذِي وَصَفَ لِي صَاحِبِي، وَلَمْ يَحِقَّ فِي نَفْسِي، فَبَيْنَا أَنَا عِنْدَهُ قَدِمَ عَلَيْهِ ابْنُ عَمٍّ لَهُ مِنْ بَنِي قُرَيْظَةَ، وَابْتَاعَنِي مِنْهُ، فَحَمَلَنِي إِلَى الْمَدِينَةِ فَوَاللَّهِ مَا هُوَ إِلَّا أَنْ رَأَيْتُهَا عَرَفْتُهَا بِصِفَةِ صَاحِبِي، فَأَقَمْتُ بِهَا، فَبَعَثَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ رَسُولَهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَقَامَ بِمَكَّةَ مَا أَقَامَ مَا أَسْمَعُ لَهُ بِذِكْرٍ، مَعَ مَا أَنَا فِيهِ مِنْ شُغْلِ الرِّقِّ، ثُمَّ هَاجَرَ إِلَى الْمَدِينَةِ فَوَاللَّهِ إِنِّي لَفِي رَأْسِ عِذْقٍ لِسَيِّدِي أَعْمَلُ فِيهِ بَعْضَ الْعَمَلِ، وَسَيِّدِي جَالِسٌ تَحْتِي إِذْ أَقْبَلَ ابْنُ عَمٍّ لَهُ حَتَّى وَقَفَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: قَاتَلَ اللَّهُ بَنِي فِيلَةَ، وَاللَّهِ إِنَّهُمْ لَيَجْتَمِعُونَ عَلَى رَجُلٍ قَدِمَ عَلَيْهِمْ مِنْ مَكَّةَ الْيَوْمَ، يَزْعُمُونَ أَنَّهُ نَبِيٌّ، فَلَمَّا سَمِعْتُهَا أَخَذَنِي الْفَرَحُ، حَتَّى ظَنَنْتُ أَنِّي سَأَسْقُطُ عَلَى سَيِّدِي، وَنَزَلْتُ عَنِ النَّخْلَةِ، وَجَعَلْتُ أَقُولُ لِابْنِ عَمِّهِ ذَلِكَ: مَاذَا يَقُولُ؟ فَغَضِبَ سَيِّدِي، فَلَطَمَنِي لَطْمَةً شَدِيدَةً، ثُمَّ قَالَ: مَا لَكَ وَلِهَذَا؟ أَقْبِلْ عَلَى عَمَلِكَ، قُلْتُ: لَا شَيْءَ، إِنَّمَا أَرَدْتُ أَنْ أَسْتَفْتِيَهُ عَمَّا قَالَ، وَقَدْ كَانَ عِنْدِي شَيْءٌ قَدْ جَمَعْتُهُ، فَلَمَّا أَمْسَيْتُ أَخَذْتُهُ ثُمَّ ذَهَبْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِقُبَاءَ، فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ، فَقُلْتُ

موت کے وقت کہ میں تجھ سے ملوں اور مجھے بتایا کہ تیرا اور اس کا عبادت کا طریقہ ایک ہے۔ اس نے کہا: میرے پاس مقیم ہو سکتے ہو۔ پس میں اس کے پاس مقیم ہو گیا۔ پس میں نے پایا کہ اس کا اور اس کے ساتھی کا معاملہ ایک ہے۔ پس میں اس کی موت تک اس کے پاس ہی رہا۔ پس جب اس کی وفات کا وقت آیا تو میں نے اس سے کہا: اے فلاں! بے شک فلاں نے مجھے تیری طرف وصیت کی اور مجھے تجھ سے ملنے کا حکم دیا جبکہ اب تیرا وہ وقت آ گیا ہے جو تُو دیکھ رہا ہے' پس تُو مجھے کس کی طرف وصیت کرتا ہے اور کیا حکم دیتا ہے؟ اس نے کہا: اے بیٹے! میں نہیں جانتا ہوں کہ کوئی آدمی رہ گیا ہو جس کی طرف جانے کا میں تجھے حکم دوں۔ ہاں عموریہ میں ایک آدمی ہے روم کی سرزمین پر' پس اس کا طریقہ عبادت وہی ہے جو ہمارا ہے۔ پس جب وہ مر گیا اور دفن ہو گیا تو میں عموریہ والے آدمی سے جا ملا۔ پس اسے اپنی خبر دی تو اس نے کہا: میرے پاس رہ سکتے ہو۔ پس میں اس بہتر آدمی کے پاس رہ گیا جس کا گزارہ اپنے دوستوں کے ہدیوں اور کاموں پر تھا۔ میں نے بھی خوب کمائی کی حتیٰ کہ میرے پاس بہت ساری گائیں اور بکریاں جمع ہو گئیں' پھر اس پر بھی اللہ کا حکم آیا' پس جب اس کی موت کا وقت آیا تو میں نے کہا: اے فلاں! پہلے میں فلاں آدمی کے پاس تھا' پھر اس نے مجھے تیری طرف وصیت کی۔ پس اب تُو مجھے کس کی طرف وصیت کرتا ہے؟ اور مجھے کس کے پاس جانے کا

لَـهُ: إِنَّـهُ قَـدْ بَـلَـغَنِي أَنَّكَ رَجُلٌ صَالِحٌ، وَمَعَكَ أَصْحَابٌ لَكَ غُرَبَاءُ ذَوُو حَاجَةٍ، وَهَذَا شَيْءٌ كَانَ عِنْدِي صَدَقَةٌ، فَرَأَيْتُكُمْ أَحَقَّ بِهِ مِنْ غَيْرِكُمْ، وقَـرَّبْتُـهُ إِلَيْـهِ، فَـقَـالَ رَسُولُ اللّهِ صَلَّى اللّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَصْحَابِهِ: كُلُوا وَأَمْسَكَ هُوَ فَلَمْ يَأْكُلْ مِنْهُ ، فَـقُـلْـتُ فِي نَفْسِي: هَذِهِ وَاحِدَةٌ، ثُمَّ انْصَرَفْتُ عَنْـهُ، فَـجَـمَعْتُ شَيْئًا، فَتَحَوَّلَ رَسُولُ اللّهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَـلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْمَدِينَةِ ثُمَّ جِئْتُهُ بِهِ، فَقُلْتُ لَهُ: رَأَيْتُكَ لَا تَأْكُلُ الصَّدَقَةَ، وَهَذِهِ هَدِيَّةٌ أَكْرَمْتُكَ بِهَا، فَأَكَلَ رَسُولُ اللّهِ صَلَّى اللّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهَا وَأَمَـرَ أَصْـحَـابَهُ فَأَكَلُوا، وَقُلْتُ فِي نَفْسِي: هَاتَانِ ثِنْتَانِ، ثُمَّ جِئْتُ رَسُولَ اللّهِ صَلَّى اللّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَـقِـيـعِ الْـغَـرْقَدِ قَدِ اتَّبَعَ جِنَازَةَ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ وَهُـوَ جَـالِـسٌ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، ثُمَّ اسْتَدَرْتُ أَنْظُرُ إِلَـى ظَهْـرِهِ: هَـلْ أَرَى الْـخَـاتَمَ الَّذِي وَصَفَ لِي صَاحِـبِـي؟ فَلَمَّا رَآنِي رَسُولُ اللّهِ صَلَّى اللّهُ عَلَيْهِ وَسَـلَّـمَ اسْـتَـدَرْتُ عَـرَفَ أَنِّـي أَسْتَثْبِتُ فِي شَيْءٍ وُصِفَ لِـي، فَأَلْقَى رِدَاءَهُ عَنْ ظَهْرِهِ، فَنَظَرْتُ إِلَى الْـخَاتَمِ فَعَرَفْتُهُ، فَأَكْبَبْتُ عَلَيْهِ أُقَبِّلُهُ وَأَبْكِي، فَقَالَ لِـي رَسُـولُ الـلّٰهِ صَلَّى اللّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَحَوَّلْ، فَـتَـحَـوَّلْـتُ فَـجَـلَسْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَصَصْتُ عَلَيْهِ حَـدِيثِـي كَـمَـا حَـدَّثْتُكَ يَـا ابْـنَ عَـبَّـاسٍ، فَأَعْجَبَ رَسُـولُ اللّهِ صَلَّى اللّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَسْمَعَ ذَلِكَ أَصْـحَـابُـهُ، ثُـمَّ شَـغَلَ سَلْمَانَ الرِّقُّ حَتَّى فَاتَهُ مَعَ

حکم دیتا ہے؟ اس نے کہا: قسم بخدا! میں نہیں جانتا کہ کوئی آدمی ہمارے طریقۂ عبادت پر ہو لوگوں میں سے جس کے پاس جانے کا میں تجھے حکم دوں لیکن اس نبی کے تشریف لانے کا زمانہ آ گیا ہے جو دین ابراہیمی کے ساتھ بھیجا جائے گا' عرب کی ایک زمین سے دوسری زمین کی طرف ہجرت کرے گا۔ میرا گمان ہے کہ اس نے کہا: کھجوروں والی زمین ہے۔ نشانیاں مخفی نہیں ہیں۔ وہ ہدیہ تو کھائے گا لیکن صدقہ نہیں کھائے گا' ان کے دونوں کندھوں کے درمیان ختم نبوت کی مہر ہے۔ پس اگر تیرے اندر طاقت ہے کہ اس علاقے میں پہنچے گا تو ایسا کر لے' پھر وہ مر گیا اور دفن کر دیا گیا تو میں عموریہ میں ٹھہرا رہا جتنا اللہ نے چاہا کہ میں ٹھہروں۔ بنوکلب کے تاجروں کا ایک قافلہ میرے پاس سے گزرا تو میں نے ان سے کہا: عرب کی زمین تک مجھے اپنے ساتھ لے جاؤ اور میں تمہیں اپنی یہ گائیں اور بکریاں دیتا ہوں؟ انہوں نے کہا: ٹھیک ہے! پس میں نے وہ ان کے حوالے کر دیں اور انہوں نے مجھے اپنے ساتھ سوار کر لیا حتیٰ کہ وہ وادیٔ قریٰ آ گئے لیکن انہوں نے مجھ پر ظلم کمایا۔ مجھے ایک یہودی کے پاس بیچ دیا۔ پس میں اس کے پاس تھا تو کھجوروں پر میری نظر پڑی۔ میں نے اُمید باندھی کہ یہ وہی علاقہ ہے جس کی صفت میرے دوست نے کی تھی' لیکن مجھے یقین نہ ہوا۔ پس اسی دوران کہ میں اس کے پاس تھا۔ اس کا چچازاد بھائی اس کے پاس آیا' اس کا تعلق بنوقریظہ سے تھا' اس نے مجھے

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَدْرًا، وَأُحُدًا، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَاتِبْ يَا سَلْمَانُ، فَكَاتَبْتُ صَاحِبِي عَلَى ثَلَاثِمِائَةِ نَخْلَةٍ أُحْيِيهَا لَهُ، وَبِأَرْبَعِينَ أُوقِيَّةً، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَصْحَابِهِ: أَعِينُوا أَخَاكُمْ فَأَعَانُونِي فِي النَّخْلِ الرَّجُلُ بِثَلَاثِينَ، وَالرَّجُلُ بِعِشْرِينَ، وَالرَّجُلُ بِخَمْسَ عَشْرَةَ، وَالرَّجُلُ بِعَشْرٍ، وَالرَّجُلُ بِقَدْرِ مَا عِنْدَهُ، حَتَّى اجْتَمَعَتْ لِي ثَلَاثُمِائَةِ نَخْلَةٍ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبْ يَا سَلْمَانُ، فَآذِنِّي حَتَّى أَكُونَ أَنَا أَضَعُهَا بِيَدِي، فَفَقَّرْتُ لَهَا وَأَعَانَنِي أَصْحَابِي، حَتَّى إِذَا فَرَغْتُ جِئْتُهُ فَأَخْبَرْتُهُ، فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعِي إِلَيْهَا، فَجَعَلْتُ إِلَيْهَا، فَجَعَلْتُ أُقَرِّبُ لَهُ الْوَدِيَّ وَيَضَعُهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ، حَتَّى فَرَغْنَا، وَالَّذِي نَفْسُ سَلْمَانَ بِيَدِهِ، مَا مَاتَ مِنْهُ وَدِيَّةٌ وَاحِدَةٌ، فَأَدَّيْتُ النَّخْلَ، وَبَقِيَ عَلَيَّ الْمَالُ، فَأُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ بَيْضَةِ الدَّجَاجَةِ مِنْ ذَهَبٍ، مِنْ بَعْضِ الْمَغَازِي، فَقَالَ: مَا فَعَلَ الْفَارِسِيُّ الْمُكَاتَبُ؟ فَدُعِيتُ لَهُ، فَقَالَ: خُذْ هَذِهِ فَأَدِّ بِهَا مَا عَلَيْكَ، فَقُلْتُ: وَأَيْنَ تَقَعُ هَذِهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مِمَّا عَلَيَّ؟ فَقَالَ: خُذْهَا، فَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ سَيُؤَدِّيهَا عَنْكَ فَوَزَنْتُ لَهُ مِنْهَا، فَوَالَّذِي نَفْسُ سَلْمَانَ بِيَدِهِ أَرْبَعِينَ أُوقِيَّةً، وَأَوْفَيْتُهُمْ

اس سے خرید لیا' وہ مجھے مدینے لے آیا۔ پس قسم بخدا! جوں ہی میں نے مدینے کو دیکھا تو اپنے دوست کی بتائی ہوئی علامتوں سے اسے پہچان لیا۔ پس میں وہیں مقیم ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کو مبعوث فرمایا۔ آپ مکہ میں مقیم رہے جتنا مقیم رہے لیکن میں آپ کا ذکر نہ سن سکا' اس کی وجہ یہی تھی کہ میں غلامی کی زندگی گزار رہا تھا' پھر آپ ﷺ نے مدینہ کی طرف ہجرت کی' پس قسم بخدا! میں اپنے مالک کے کھجور کے پھلدار درخت پر تھا' اس میں کچھ کام کر رہا تھا اور میرا مالک اس کے نیچے بیٹھا ہوا تھا' جب اس کے چچا کا ایک بیٹا آیا اور اس کے پاس آ کر کھڑا ہو گیا' کہنے لگا: بنوقیلہ کو اللہ ہلاک کرے! قسم بخدا! وہ سارے ایک ایسے آدمی کے پاس اکٹھے ہو رہے ہیں' جو مکہ سے آیا ہے اور ان کا گمان ہے کہ وہ نبی ہے۔ پس جب یہ بات میرے کانوں پر پڑی تو میری خوشی کی حد نہ رہی حتیٰ کہ میں نے گمان کیا کہ (خوشی سے) میں اپنے مالک کے اوپر گر پڑوں گا' بہرحال میں کھجور کے درخت سے نیچے اتر آیا۔ پس میں نے اس کے چچا کے بیٹے سے کہنا شروع کر دیا: تم کیا کہہ رہے تھے؟ (یہ بات سن کر) میرے مالک کو غصہ آیا تو اس نے مجھے زبردست قسم کا طمانچہ رسید کیا' پھر کہا: اس سے تجھے غرض ہے؟ تو اپنا کام کر۔ میں نے کہا: کوئی غرض نہیں۔ بس میرا ارادہ تھا کہ جو کچھ اس نے کہا' اس کے بارے اس کا نظریہ معلوم کروں۔ میں نے اپنے پاس کچھ پونجی جمع کی ہوئی تھی۔ پس جب شام

حَقَّهُمْ، وَعُتِقَ سَلْمَانُ وَشَهِدَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخَنْدَقَ، ثُمَّ لَمْ يَفُتْهُ مَشْهَدٌ

ہوئی تو میں نے اس کو لیا اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف گیا جبکہ آپ قباء کے مقام پر موجود تھے۔ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس داخل ہوا۔ میں نے عرض کی: مجھے معلوم ہوا ہے کہ آپ نیک آدمی ہیں اور آپ کے ساتھ آپ کے غریب حاجت مند ساتھی بھی ہیں اور یہ میرے پاس صدقہ کی کچھ چیز ہے' پس میں نے خیال کیا کہ آپ لوگ اس کے زیادہ حقدار ہیں اور میں نے وہ چیز آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب کی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے صحابہ سے فرمایا: کھا لو لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود ہاتھ روک لیا کوئی چیز نہیں کھائی۔ پس میں نے اپنے دل میں کہا: یہ ایک نشانی ہوئی۔ پھر میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے آ گیا۔ پس میں نے کچھ پونجی جمع کی۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ شہر میں منتقل ہو گئے' پھر میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لے گیا۔ میں نے عرض کی: میرا خیال ہے یا میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ صدقہ نہیں کھاتے' لیکن یہ ہدیہ ہے جس کے ساتھ میں نے آپ کی عزت افزائی کی ہے' تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے کھایا اور اپنے صحابہ کرام کو حکم دیا' پس انہوں نے بھی کھایا۔ میں نے اپنے دل میں کہا: یہ نشانیاں ہو گئیں' پھر میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آیا' آپ جنت البقیع میں تھے' ایک انصاری کے جنازہ کے پیچھے آئے تھے' اس حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے' میں نے آپ پر سلام کیا پھر میں گھوما تا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیٹھ کو دیکھوں کہ کیا میں وہ مہر دیکھ سکتا ہوں جس کی

تعریف میرے سامنے میرے دوست نے کی؟ پس
جب رسول کریم ﷺ نے مجھے گھومتے ہوئے دیکھا تو
آپ ﷺ سمجھ گئے کہ میں کوئی چیز تلاش کر رہا ہوں جو
مجھے بتائی گئی ہے۔ پس آپ ﷺ نے خود ہی اپنی پیٹھ
سے اپنی چادر اُلٹ دی تو میں نے مہر نبوت کو دیکھ کر
پہچان لیا۔ پس میں اسے چومنے کیلئے جھکا اور رونے لگا
تو رسول کریم ﷺ نے مجھے فرمایا: سامنے آؤ! پس میں
آپ کے سامنے آ کر بیٹھ گیا' پس میں نے آپ ﷺ
کو اپنی ساری بات بتائی جیسے اے ابن عباس! آپ کو
بتائی ہے' تو رسول کریم ﷺ نے پسند کیا کہ اس کو آپ
کے صحابہ کرام سنیں! پھر حضرت سلمان غلامی کی زندگی
میں مصروف کر دیئے گئے حتیٰ کہ بدر و اُحد میں شامل نہ
ہو سکے۔ پھر رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے سلمان!
اپنے مالک کو مالِ کتابت دے کر آزادی حاصل کر لو۔
پس میں نے اپنے مالک سے کتابت طے کی' تین سو
کھجور کے درخت جو میں اس کیلئے لگا کر پالوں گا اور
چالیس اوقیہ سونا بھی دوں گا۔ رسول کریم ﷺ نے
اپنے صحابہ سے فرمایا: اپنے بھائی کی مدد کرو! پس ایک
آدمی نے تین درخت' ایک نے بیس' ایک نے پندرہ اور
ایک آدمی نے دس درخت میری امداد کی اور دیگر نے
اپنی اپنی طاقت کے مطابق جوان کا پاس تھا' میری خوب
مدد کی حتیٰ کہ میرے پاس تین سو درخت جمع ہو گئے۔
پس رسول کریم ﷺ نے مجھے فرمایا: اے سلمان! جاؤ
اور مجھے بتاؤ حتیٰ کہ میں اس پر اپنا ہاتھ رکھوں۔ میرے

دوستوں نے میری مدد کی یہاں تک کہ میں اپنے کام سے فارغ ہوا' میں نے آپ ﷺ کی خدمت میں آ کر آپ کو خبر دی تو رسول کریم ﷺ میرے ساتھ اس کی طرف نکلے۔ پس میں نے کھجور کے چھوٹے پودے آپ ﷺ کے قریب کرنا شروع کیا اور رسول کریم ﷺ نے اپنا ہاتھ رکھا حتیٰ کہ ہم فارغ ہوئے' قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں سلمان کی جان ہے' ان میں سے ایک بوٹا بھی مرتا نہیں (حتیٰ کہ مکمل ہوا) میں نے کھجور کے درخت تو اسے پورے کر دیئے لیکن مال میرے ذمہ باقی رہا۔ پس رسول کریم ﷺ سونا لائے جو مرغی کے انڈے کی مقدار تھا' جو کسی غزوہ کے موقعہ پر ملا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: فارسی مکاتب غلام کا کیا بنا؟ پس مجھے بلا کر آپ ﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ پکڑ کر اپنا مالِ کتابت ادا کرو' پس میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! جو مجھ پر واجب ہے' اس میں سے کتنا حصہ اس کے ساتھ ادا ہوگا؟ فرمایا: اسے پکڑ (اور جا کر مالک کے حوالے کر دو) پس اللہ تعالیٰ خود اپنی جنابِ خاص سے اس کو تیری طرف سے ادائیگی بنا دے گا۔ پس میں نے اس کیلئے اس کا وزن کیا' پس قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں سلمان کی جان ہے! وہ چالیس اوقیہ تھا۔ پس میں نے ان کا حق ان کو دے دیا۔ (راوی کا بیان ہے:) حضرت سلمان کو آزاد کر دیا گیا اور حضرت سلمان' رسول کریم ﷺ کے ساتھ غزوۂ خندق میں

شریک ہوئے پھر اس کے بعد کسی غزوہ میں پیچھے نہیں رہے۔

5943 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ السَّرِيِّ بْنِ مِهْرَانَ النَّاقِدُ، ثنا بَشَّارُ بْنُ مُوسَى الْخَفَّافُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، حَدَّثَنِي سَلْمَانُ، أَنَّهُ: أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَدِيَّةٍ، فَأَكَلَ هُوَ وَأَصْحَابُهُ، وَأَتَاهُ بِصَدَقَةٍ فَلَمْ يَأْكُلْ مِنْهَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کے پاس ہدیہ لے کر آئے آپ ﷺ نے خود بھی کھایا اور آپ کے صحابہ نے بھی کھایا' آپ کے پاس صدقہ لایا گیا' آپ نے اس سے نہیں کھایا۔

5944 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ الْعَيْشِيُّ، ثنا الْحَجَّاجُ بْنُ فَرُّوخَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَدِمَ سَلْمَانُ مِنْ غِيبَةٍ لَهُ، فَتَلَقَّاهُ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: أَرْضَاكَ لِلّٰهِ عَبْدًا، قَالَ: فَتَزَوَّجَ فِي كِنْدَةَ، فَلَمَّا كَانَ اللَّيْلَةُ الَّتِي يَدْخُلُ عَلَى أَهْلِهِ إِذِ الْبَيْتُ مُنَجَّدٌ، وَإِذَا فِيهِ نِسْوَةٌ، فَقَالَ: أَتَحَوَّلَتِ الْكَعْبَةُ فِي كِنْدَةَ أَمْ هِيَ حُمْرَةٌ؟ أَمَرَنَا خَلِيلِي أَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْ لَا نَتَّخِذَ مِنَ الْمَتَاعِ إِلَّا أَثَاثًا كَأَثَاثِ الْمُسَافِرِ، وَلَا نَتَّخِذَ مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا مَا نَنْكِحُ، فَخَرَجَ النِّسْوَةُ وَدَخَلَ عَلَى أَهْلِهِ، فَقَالَ: يَا هَذِهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان غیبہ سے آئے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کو ملے' فرمایا: آپ اللہ کی عبادت پر خوش ہیں' حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے قبیلہ کندہ میں شادی کی' جب وہ رات آئی جس وقت آپ نے اپنے گھر والوں کے پاس آنا تھا تو گھر تو اکیلی جگہ پر تھا لیکن اس کے اندر عورتیں تھیں' آپ نے فرمایا: کیا کندہ میں کعبہ تبدیل ہو گیا ہے یا یہ سرخی ہے؟ ہمیں میرے دوست ﷺ نے حکم دیا ہے کہ ہم سامان مسافر جتنا بنائیں اور صرف نکاح والی عورتیں اپنے پاس رکھیں' عورتیں آپ کے پاس سے نکلیں' آپ اپنے گھر والوں کے پاس آئے' فرمایا: کیا تو میری نافرمانی یا

5944- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 4صفحه 291 وقال: هكذا رواه الطبراني ورواه البزار فقال عن سلمان قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم اذا تزوج أحدكم فكانت ليلة البناء فليصل ركعتين وليأمرها أن تصلي خلفه فان اللّٰه جاعل في البيت خيرا وفي اسنادهما الحجاج بن فروخ وهو ضعيف .

أَتَعْصِينِي أَمْ تُطِيعِينِي؟ قَالَتْ: بَلْ أُطِيعُكَ فِيمَا شِئْتَ، قَالَ: إِنَّ خَلِيلِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَرَنَا إِذَا دَخَلَ أَحَدُنَا بِأَهْلِهِ أَنْ يَقُومَ فَيُصَلِّي، وَيَأْمُرَهَا أَنْ تُصَلِّيَ خَلْفَهُ، وَيَدْعُوَ وَتُؤَمِّنَ ، فَفَعَلَ وَفَعَلَتْ، فَلَمَّا جَلَسَ فِي مَجْلِسِ كِنْدَةَ قَالَ لَهُ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: كَيْفَ أَصْبَحْتَ يَا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ؟ كَيْفَ رَأَيْتَ أَهْلَكَ اللَّيْلَةَ؟ فَسَكَتَ فَعَادَ الثَّانِيَةَ، فَقَالَ لَهُ: وَمَا بَالُ أَحَدِكُمْ يَسْأَلُ عَمَّا وَارَتْهُ الْحِيطَانُ وَالْأَبْوَابُ؟ إِنَّمَا يَكْفِي أَحَدَكُمْ أَنْ يَسْأَلَ عَنِ الشَّيْءِ أُجِيبَ أَمْ سَكَتَ عَنْهُ

اطاعت کرے گی؟ اس نے عرض کی: بلکہ تیری چاہت میں تیری اطاعت کروں گی۔ آپ نے فرمایا: میرے خلیل نے مجھے حکم دیا کہ جب ہم میں سے کوئی اپنے گھر والوں کے پاس داخل ہوتو (رات کو) کھڑے ہو کر خود نماز پڑھے اور اہلیہ کو حکم دے کہ وہ اس کے پیچھے کھڑی ہو کر نماز پڑھے مرد دعا کرے اور وہ آمین کہے۔ حضرت سلمان نے یہ کام کی اور آپ کی بیوی نے بھی کیا۔ پس جب آپ بنوکندہ کی مجلس میں آ بیٹھے تو قوم سے ایک آدمی نے کہا: اے ابوعبداللہ! آپ نے صبح کیسے کی؟ رات کو آپ نے اپنی بیوی کو کیسا پایا؟ پس آپ خاموش رہے۔ اس نے اپنی بات دُہرائی' آپ نے فرمایا: آپ لوگوں کو کیا ہے کہ اس چیز کے بارے سوال کرتے ہیں جس کو دیواروں اور دروازوں نے چھپایا ہے؟ تم میں سے کسی ایک کیلئے کافی ہے کہ وہ کسی چیز کے بارے سوال کرے۔ اسے جواب دیا جائے یا اس سے خاموشی اختیار کی جائے۔

أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت انس بن مالک' حضرت سلمان سے روایت کرتے ہیں

5945 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَخَلَفُ بْنُ عَمْرٍو الْعُكْبَرِيُّ، قَالَا: ثنا مُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ الْمَوْصِلِيُّ، أَنَا عِمْرَانُ بْنُ خَالِدٍ الْخُزَاعِيُّ، ثنا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: دَخَلَ

حضرت انس بن مالک فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' جبکہ آپ تکیہ پر ٹیک لگائے ہوئے تھے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تکیہ آپ کو دیا' حضرت سلمان رضی

5945- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه692' رقم الحديث: 6542 .

سَلْمَانُ عَلَى عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، وَهُوَ مُتَّكِءٌ عَلَى وِسَادَةٍ، فَأَلْقَاهَا لَهُ، فَقَالَ سَلْمَانُ: اللّٰهُ أَكْبَرُ صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ، فَقَالَ عُمَرُ: حَدِّثْنَا يَا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُتَّكِءٌ عَلَى وِسَادَةٍ، فَأَلْقَاهَا إِلَيَّ، ثُمَّ قَالَ: يَا سَلْمَانُ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَدْخُلُ عَلَى أَخِيهِ الْمُسْلِمِ فَيُلْقِي لَهُ وِسَادَةً إِكْرَامًا لَهُ إِلَّا غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ

اللہ عنہ نے کہا: اللہ بہت بڑا ہے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سچ کہا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابوعبداللہ! ہمیں کوئی حدیث بتائیں! حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا آپ تکیہ کا سہارا لیے ہوئے تھے آپ نے میری طرف پھینکا پھر فرمایا: اے سلمان! جو مسلمان بھائی کے پاس آئے اور وہ اس کی عزت کی خاطر اسے تکیہ پیش کرے تو اللہ اسے بخشش فرما دیتا ہے۔

5946 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ أَبِي الرَّبِيعِ الْجُرْجَانِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى سَلْمَانَ فَرَأَيْتُ بَيْتَهُ رَثًّا، فَقَالَ لَهُ فِي ذَلِكَ، فَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهِدَ إِلَيَّ أَنْ يَكُونَ زَادُكُمْ فِي الدُّنْيَا، كَزَادِ الرَّاكِبِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کے پاس آیا میں نے آپ کے گھر کو دیکھا اس کی حالت ناگفتہ بہ تھی آپ سے اس کے متعلق عرض کی گئی آپ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے وعدہ لیا تھا کہ تمہارے لیے زادِ راہ دنیا میں اتنی ہی کافی ہے جتنی مسافر کے پاس زادِ راہ ہوتی ہے۔

بُرَيْدَةُ بْنُ الْحُصَيْبِ الْأَسْلَمِيُّ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

بریدہ بن حصیب اسلمی حضرت سلمان سے روایت کرتے ہیں

5947 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ إِسْحَاقَ الْكِنَانِيُّ الْكُوفِيُّ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس دسترخوان لے کر آیا اس پر تازہ کھجوریں تھیں آپ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ عرض کی: یہ

5946- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **245** وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال الحسن بن يحيى بن الجعد وهو ثقة .

5947- أورده نحوه أحمد في مسنده جلد**5** صفحه**354** رقم الحديث: **23047** .

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّهُ جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَائِدَةٍ عَلَيْهَا رُطَبٌ، فَقَالَ: مَا هَذِهِ؟ قَالَ: هَذِهِ صَدَقَةٌ عَلَيْكَ وَعَلَى أَصْحَابِكَ، فَقَالَ: يَا سَلْمَانُ إِنَّا لَا نَأْكُلُ الصَّدَقَةَ، فَذَهَبَ بِهَا سَلْمَانُ، فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ جَاءَهُ سَلْمَانُ بِمَائِدَةٍ عَلَيْهَا رُطَبٌ، فَقَالَ: مَا هَذِهِ الْمَائِدَةُ؟، قَالَ: هَذِهِ هَدِيَّةٌ، فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ: ادْنُوا فَكُلُوا فَأَكَلَ

صدقہ آپ کے لیے اور آپ کے غلاموں کے لیے ہے' آپ نے فرمایا: اے سلمان! ہم صدقہ نہیں کھاتے ہیں' میں اس کو لے گیا' جب دوسرا دن آیا تو میں آپ کے پاس تازہ کھجوروں کا دسترخوان لایا' آپ نے فرمایا: اس دسترخوان میں کیا ہے؟ عرض کی: یہ تحفہ ہے' آپ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: کھاؤ! پس آپ نے خود بھی کھایا۔

أَبُو الطُّفَيْلِ عَامِرُ بْنُ وَاثِلَةَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

ابو طفیل عامر بن واثلہ' حضرت سلمان سے روایت کرتے ہیں

5948 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْأَصْبَهَانِيِّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عُبَيْدٍ الْمُكْتِبِ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصَدَقَةٍ فَرَدَّهَا، وَأَتَيْتُهُ بِهَدِيَّةٍ فَقَبِلَهَا

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس صدقہ لے کر آیا' آپ نے واپس کر دیا' میں آپ کے پاس تحفہ لے کر آیا تو آپ نے قبول کر لیا۔

5949 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: أَعْطَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ هَذِهِ مِنْ ذَهَبٍ، فَلَوْ وُضِعَ أُحُدٌ فِي كِفَّةٍ، وَوُضِعَتْ فِي أُخْرَى لَرَجَحَتْ بِهِ فَكَاكُ رَقَبَتِي

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اتنی مقدار سونا دیا' اگر اس کو ایک ہتھیلی میں رکھا جائے اور وہ دوسرے ہاتھ میں تو اس کے بدلے میری گردن آزاد ہو جائے گی۔

5950 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوسِ، ثنا عُبَيْدُ

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں ایک ایسا آدمی تھا جس کا تعلق جی والوں سے تھا' ہمارے گاؤں والے ابلق گھوڑوں کی پوجا کیا کرتے

5950- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد3 صفحه697' رقم الحديث: 6544 .

الْمُكْتِبُ، حَدَّثَنِي أَبُو الطُّفَيْلِ، حَدَّثَنِي سَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ قَالَ: كُنْتُ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ جَيٍّ، وَكَانَ أَهْلُ قَرْيَتِي يَعْبُدُونَ الْخَيْلَ الْبُلْقَ، وَكُنْتُ أَعْرِفُ أَنَّهُمْ لَيْسُوا عَلَى شَيْءٍ، فَقِيلَ لِي: إِنَّ الدِّينَ الَّذِي تَطْلُبُ، إِنَّمَا هُوَ بِالْمَغْرِبِ، فَخَرَجْتُ حَتَّى أَتَيْتُ الْمَوْصِلَ، فَسَأَلْتُ عَنْ أَفْضَلِ رَجُلٍ فِيهَا، فَدُلِلْتُ عَلَى رَجُلٍ فِي صَوْمَعَةٍ، فَأَتَيْتُهُ فَقُلْتُ لَهُ: إِنِّي رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ جَيٍّ، وَإِنِّي جِئْتُ أَطْلُبُ الْعِلْمَ وَأَتَعَلَّمُ، فَضُمَّنِي إِلَيْكَ أَخْدُمُكَ وَأَصْحَبُكَ، وَتُعَلِّمُنِي مِمَّا عَلَّمَكَ اللّٰهُ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، فَصَحِبْتُهُ، فَأَجْرَى عَلَيَّ مِثْلَ مَا كَانَ يُجْرِي عَلَيْهِ الْخَلَّ وَالزَّيْتَ وَالْحُبُوبَ، فَلَمْ أَزَلْ مَعَهُ حَتَّى نَزَلَ بِهِ الْمَوْتُ، فَجَلَسْتُ عِنْدَ رَأْسِهِ أَبْكِيهِ، فَقَالَ: مَا يُبْكِيكَ؟ قُلْتُ: يُبْكِينِي أَنِّي خَرَجْتُ مِنْ بِلَادٍ أَطْلُبُ الْخَيْرَ، فَرَزَقَنِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فَصَحِبْتُكَ فَعَلَّمْتَنِي، وَأَحْسَنْتَ صُحْبَتِي، فَنَزَلَ بِكَ الْمَوْتُ، وَلَا أَدْرِي أَيْنَ أَذْهَبُ، قَالَ لِي: أَخٌ بِالْجَزِيرَةِ بِمَكَانِ كَذَا وَكَذَا، فَهُوَ عَلَى الْحَقِّ فَائْتِهِ، فَأَقْرِئْهُ مِنِّي السَّلَامَ، وَأَخْبِرْهُ أَنِّي أَوْصَيْتُ إِلَيْهِ وَأَوْصَيْتُكَ بِصُحْبَتِهِ، قَالَ: فَلَمَّا أَنْ قُبِضَ الرَّجُلُ خَرَجْتُ حَتَّى أَتَيْتُ الرَّجُلَ الَّذِي وَصَفَ لِي، فَأَخْبَرْتُهُ بِالْخَبَرِ، وَأَقْرَأْتُهُ السَّلَامَ مِنْ صَاحِبِهِ، وَأَخْبَرْتُهُ أَنَّهُ هَلَكَ وَأَمَرَنِي بِصُحْبَتِهِ، قَالَ: فَلَمَّا أَنْ قُبِضَ الرَّجُلُ خَرَجْتُ حَتَّى أَتَيْتُ الرَّجُلَ الَّذِي وَصَفَ لِي،

تھے' میں پہچانتا تھا کہ ان کا کوئی دین دھرم نہیں ہے' پس مجھ سے کہا گیا: جو دین تُو تلاش کرتا ہے وہ مغرب میں ہے' پس نکل کر موصل میں آیا' پس میں نے دریافت کیا: یہاں کا سب سے زیادہ فضیلت والا آدمی کون ہے؟ پس لوگوں نے ایک آدمی پر میری راہنمائی کی جو اپنے گرجہ میں تھا' پس میں اس کے پاس آیا' میں نے اس سے کہا: میرا تعلق جیّ والوں سے ہے اور میں علم حاصل کرنے آیا ہوں' میں ضرور علم سیکھوں گا' پس میں آپ کو ضمانت دیتا ہوں کہ میں تیری خدمت کرتا ہوں اور تیری سنگت میں رہوں گا اور آپ مجھے اس علم میں سے کچھ سکھا دیں جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا فرمایا ہے۔ پس اس نے کہا: ٹھیک ہے! پس میں نے اس کی صحبت اختیار کر لی' مجھے بھی وہی کچھ ملنے لگا جو اسے ملا کرتا تھا یعنی سرکہ' زیتون اور دانے وغیرہ' اس پر موت نازل ہونے تک میں اس کے پاس رہا۔ پس میں اس کے سر کے پاس بیٹھا رو رہا تھا تو اس نے کہا: کیوں روتے ہو؟ میں نے کہا: میں اس لیے روتا ہوں کہ میں اپنے علاقے سے خیر مانگتے ہوئے نکلا' پس اللہ نے مجھے عطا فرمائی' پس میں نے آپ کی سنگت اختیار کی' آپ نے مجھے سکھایا اور خوب سنگت نبھائی' پس آپ کی موت کا وقت آ گیا ہے اور مجھے معلوم نہیں کہ میں کہاں جاؤں گا' اس نے مجھے کہا: جزیرہ میں فلاں فلاں جگہ ایک بھائی ہے وہ حق کے راستے پر گامزن ہے' اس کے پاس چلے جاؤ' پس اسے میرا اسلام کہنا' اسے کہنا کہ میں نے آپ کو

فَأَخْبَرْتُهُ وأَوْفَيْتُهُ السَّلَامَ مِنْ صَاحِبِهِ، أَنَّهُ هَلَكَ وَأَمَرَنِي بِصُحْبَتِهِ، قَالَ: فَضَمَّنِي إِلَيْهِ، وَأَجْرَى عَلَيَّ كَمَا كَانَ يُجْرَى عَلَيَّ مَعَ الْآخَرِ، فَصَحِبْتُهُ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ نَزَلَ بِهِ الْمَوْتُ، فَلَمَّا أَنْ نَزَلَ بِهِ الْمَوْتُ جَلَسْتُ عِنْدَ رَأْسِهِ أَبْكِي، فَقَالَ لِي: مَا يُبْكِيكَ؟ قُلْتُ: خَرَجْتُ مِنْ بِلَادِي أَطْلُبُ الْخَيْرَ، فَرَزَقَنِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ صُحْبَةَ فُلَانٍ، فَأَحْسَنَ صُحْبَتِي وَعَلَّمَنِي، فَلَمَّا نَزَلَ بِهِ الْمَوْتُ أَوْصَى بِي إِلَيْكَ فَضَمَمْتَنِي، وَأَحْسَنْتَ صُحْبَتِي، وَعَلَّمْتَنِي، وَقَدْ نَزَلَ بِكَ الْمَوْتُ، فَلَا أَدْرِي أَيْنَ أَتَوَجَّهُ؟ قَالَ: فَائْتِ أَخًا لِي عَلَى قُرْبِ الرُّومِ، فَهُوَ عَلَى الْحَقِّ فَائْتِهِ، وَاقْرَأْهُ مِنِّي السَّلَامَ واصْحَبْهُ، فَإِنَّهُ عَلَى الْحَقِّ، فَلَمَّا قُبِضَ الرَّجُلُ خَرَجْتُ حَتَّى أَتَيْتُهُ، فَأَخْبَرْتُهُ بِخَبَرِي، وبِوَصِيَّةِ الْآخَرِ قَبْلَهُ، قَالَ: فَضَمَّنِي إِلَيْهِ، وَأَجْرَى عَلَيَّ كَمَا يُجْرَى عَلَيَّ، فَلَمَّا نَزَلَ بِهِ الْمَوْتُ، جَلَسْتُ أَبْكِي عِنْدَ رَأْسِهِ، فَقَالَ لِي: مَا يُبْكِيكَ؟ فَقَصَصْتُ قِصَّتِي، قُلْتُ لَهُ: إِنَّ اللّٰهَ رَزَقَنِي صُحْبَتَكَ، وَأَحْسَنْتَ صُحْبَتِي، وَقَدْ نَزَلَ بِكَ الْمَوْتُ، فَلَا أَدْرِي أَيْنَ أَتَوَجَّهُ؟ قَالَ: لَا أَيْنَ، مَا بَقِيَ أَحَدٌ أَعْلَمُهُ عَلَى دِينِ عِيسَى فِي الْأَرْضِ، وَلَكِنْ هَذَا أَوَانٌ يَخْرُجُ فِيهِ نَبِيٌّ، أَوْ قَدْ خَرَجَ بِتِهَامَةَ فَأَنْتَ عَلَى الطَّرِيقِ لَا يَمُرُّ بِكَ أَحَدٌ إِلَّا سَأَلْتَهُ عَنْهُ، وَإِذَا بَلَغَكَ أَنَّهُ خَرَجَ فَائْتِهِ، فَإِنَّهُ النَّبِيُّ الَّذِي بَشَّرَ بِهِ عِيسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَآيَةُ

ابو الطفیل عامر بن واثلة عن سلمان

اس کی طرف راہنمائی کی ہے اور اس کی صحبت اختیار کرنے کی وصیت کی ہے' آپ فرماتے ہیں: جب اس آدمی کی روح قبض کر لی گئی تو میں نکلا حتیٰ کہ دوسرے آدمی کے پاس آیا جس کی تعریف پہلے آدمی نے کی تھی۔ پس میں نے اسے مکمل خبر دی اور اپنے ساتھی کا سلام بھی دیا اور اسے میں نے بتایا کہ وہ دنیا سے چلا گیا ہے' اس نے مجھے آپ کی صحبت اپنانے کا حکم دیا۔ آپ فرماتے ہیں: اس نے مجھے اپنے ساتھ ملا لیا اور مجھے بھی وہی سہولتیں حاصل ہو گئیں جو اسے حاصل تھیں' جتنا اللہ نے چاہا میں اس کی صحبت میں رہا پھر اس کی موت کا وقت بھی آ گیا۔ پس جب اس پر موت آنے لگی تو میں اس کے سر کے پاس بیٹھ کر رونے لگا تو اس نے مجھے کہا: تُو کیوں روتا ہے؟ میں نے کہا: میں اپنے شہر سے نکلا تا کہ خیر تلاش کروں' پس اللہ تعالیٰ نے فلاں کی صحبت سے مجھے فائدہ دیا' انہوں نے اچھی صحبت نبھائی اور مجھے تعلیم دی۔ پس جب اس پر موت آئی تو اس نے مجھے آپ کی طرف آنے کی وصیت کی۔ آپ نے مجھے اپنے ساتھ ملایا' اچھی سنگت نبھائی اور مجھے تعلیم دی۔ اب آپ کی موت کا وقت آ گیا ہے لیکن مجھے معلوم نہیں کہ میں کہاں جاؤں گا؟ اس نے کہا: روم کے قریب میرا بھائی موجود ہے' تم اس کے پاس چلے جاؤ! پس وہ حق پر ہے۔ پس تُو اس کے پاس جا۔ اسے میرا سلام کہنا اور کہنا کہ وہ آپ کو اپنی محبت میں رکھے کیونکہ وہ حق پر ہے' پس جب اس کو موت نے آ لیا تو میں نکل کر اس کے

ذَلِكَ أَنَّ بَيْنَ كَتِفَيْهِ خَاتَمَ النُّبُوَّةِ، وَأَنَّهُ يَأْكُلُ الْهَدِيَّةَ، وَلَا يَأْكُلُ الصَّدَقَةَ، قَالَ: فَكَانَ لَا يَمُرُّ بِي أَحَدٌ إِلَّا سَأَلْتُهُ عَنْهُ، فَمَرَّ بِي نَاسٌ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ فَسَأَلْتُهُمْ، فَقَالُوا: نَعَمْ قَدْ ظَهَرَ فِينَا رَجُلٌ يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ، فَقُلْتُ لِبَعْضِهِمْ: هَلْ لَكُمْ إِلَى أَنْ أَكُونَ عَبْدًا لِبَعْضِكُمْ عَلَى أَنْ تَحْمِلُونِي عُقْبَةً، وتُطْعِمُونِي مِنَ الْكِسَرِ، فَإِذَا بَلَغْتُمْ إِلَى بِلَادِكُمْ، فَإِنْ شَاءَ أَنْ يَبِيعَ بَاعَ، وَإِنْ شَاءَ أَنْ يَسْتَعْبِدَ اسْتَعْبَدَ، فَقَالَ الرَّجُلُ مِنْهُمْ: أَنَا، فَصِرْتُ عَبْدًا لَهُ حَتَّى قَدِمَ بِي مَكَّةَ، فَجَعَلَنِي فِي بُسْتَانٍ لَهُ مَعَ حُبْشَانٍ كَانُوا فِيهِ، فَخَرَجْتُ وَسَأَلْتُ، فَلَقِيتُ امْرَأَةً مِنْ أَهْلِ بِلَادِي فَسَأَلْتُهَا، فَإِذَا أَهْلُ بَيْتِهَا قَدْ أَسْلَمُوا، وَقَالَتْ لِي: إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحِجْرِ هُوَ وَأَصْحَابُهُ إِذَا صَاحَ عُصْفُورٌ بِمَكَّةَ، حَتَّى إِذَا أَضَاءَ لَهُمُ الْفَجْرُ تَفَرَّقُوا، فَانْطَلَقْتُ إِلَى الْبُسْتَانِ فَكُنْتُ أَخْتَلِفُ لَيْلَتِي، فَقَالَ لِي الْحُبْشَانُ: مَا لَكَ؟ فَقُلْتُ: أَشْتَكِي بَطْنِي، قَالَ: وَإِنَّمَا صَنَعْتُ ذَلِكَ لِئَلَّا يَفْقِدُونِي إِذَا ذَهَبْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَلَمَّا كَانَتِ السَّاعَةُ الَّتِي أَخْبَرَتْنِي الْمَرْأَةُ الَّتِي يَجْلِسُ فِيهَا هُوَ وَأَصْحَابُهُ، خَرَجْتُ أَمْشِي حَتَّى رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا هُوَ مُحْتَبٍ وَأَصْحَابُهُ حَوْلَهُ، فَأَتَيْتُهُ مِنْ وَرَائِهِ، فَعَرَفَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِي أُرِيدُ، فَأَرْسَلَ حَبْوَتَهُ، فَنَظَرْتُ إِلَى خَاتَمِ النُّبُوَّةِ بَيْنَ

پاس آیا' اس کو میں نے خبر دی اور دوسرے آدمی کی وصیت کے بارے بتایا' اس نے کہا: تم میرے ساتھ مل جاؤ اور مجھے وہی حقوق حاصل ہوئے جو اسے حاصل تھے۔ پس جب اس پر موت کا وقت آیا تو میں اس کے سر کے پاس بیٹھ کر رونے لگا۔ پس اس نے مجھ سے کہا: تجھے کیا چیز رُلاتی ہے؟ پس میں نے اسے سارا قصہ بتایا تو میں نے اس سے کہا: بے شک اللہ نے مجھے تیری صحبت عطا فرمائی اور تُو نے خوب سنگت نبھائی' اب تیری موت کا وقت قریب آ گیا ہے لیکن مجھے معلوم نہیں کہ میں کہاں جاؤں؟ اس نے کہا: کہیں نہ جاؤ! نہیں باقی رہ گیا ہے کوئی ایک میرے علم کے مطابق جو دین عیسیٰ علیہ السلام پر ہو زمین میں' لیکن یہ ایسا وقت ہے جس میں ایک نبی ﷺ تشریف لائیں گے یا تہامہ میں آ چکے ہیں' پس تم راستہ پکڑو' جو آدمی بھی تیرے پاس سے گزرے اس سے سوال کرنا' پس جب تجھے معلوم ہو جائے کہ وہ تشریف لائے ہیں تو ان کے پاس چلے جانا کیونکہ وہ ایسے نبی ہیں جن کی بشارت عیسیٰ علیہ السلام نے دی ہے اور ان کی نشانی یہ ہے کہ ان کے کندھوں کے درمیان نبوت کی مہر ہے' دوسری یہ ہے کہ وہ ہدیہ کھاتا ہے اور صدقہ نہیں کھاتا ہے۔ آپ فرماتے ہیں: جو بھی ان کے پاس سے گزرتا' میں اس سے سوال کرتا۔ پس میرے پاس سے کچھ مکی لوگ گزرے تو میں نے ان سے سوال کیا' اُنہوں نے کہا: جی ہاں! ہمارے اندر ایک آدمی ظاہر ہوا ہے' جو گمان کرتا ہے کہ وہ نبی ہے۔ پس

كَتِفَيْهِ، فَقُلْتُ: اللّٰهُ أَكْبَرُ، هَذِهِ وَاحِدَةٌ، ثُمَّ انْصَرَفَ، فَلَمَّا كَانَ اللَّيْلَةُ الْمُقْبِلَةُ لَقَطْتُ تَمْرًا جَيِّدًا، ثُمَّ انْطَلَقْتُ حَتَّى أَتَيْتُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَضَعْتُهُ بَيْنَ يَدَيْهِ فَقَالَ: مَا هَذَا؟ قُلْتُ هُوَ هَدِيَّةٌ، فَأَكَلَ مِنْهَا، وَقَالَ لِلْقَوْمِ: كُلُوا، قَالَ: قُلْتُ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّكَ رَسُولُ اللّٰهِ، فَسَأَلَنِي عَنْ أَمْرِي، فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: اذْهَبْ فَاشْتَرِ نَفْسَكَ، فَانْطَلَقْتُ إِلَى صَاحِبِي، فَقُلْتُ: بِعْنِي نَفْسِي؟ قَالَ: نَعَمْ، عَلَى أَنْ تُنْبِتَ لِي مِائَةَ نَخْلَةٍ، فَإِذَا أَنْبَتَتْ جِئْنِي بِوَزْنِ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اشْتَرِ نَفْسَكَ بِالَّذِي سَأَلَكَ وَائْتِنِي بِدَلْوٍ مِنْ مَاءِ الْبِئْرِ الَّذِي كُنْتَ تَسْقِي مِنْهَا ذَلِكَ النَّخْلَ، قَالَ: فَدَعَا لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهَا، ثُمَّ سَقَيْتُهَا فَوَاللّٰهِ لَقَدْ غَرَسْتُ مِائَةَ نَخْلَةٍ، فَمَا غَادَرَتْ مِنْهَا نَخْلَةٌ، إِلَّا نَبَتَتْ، فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخْبَرْتُهُ أَنَّ النَّخْلَ قَدْ نَبَتْنَ، فَأَعْطَانِي قِطْعَةً مِنْ ذَهَبٍ، فَانْطَلَقْتُ بِهَا فَوَضَعْتُهَا فِي كِفَّةِ الْمِيزَانِ، وَوَضَعَ فِي الْجَانِبِ الْآخَرِ نَوَاةً، فَوَاللّٰهِ مَا اسْتَقَلَّتِ الْقِطْعَةُ الذَّهَبُ مِنَ الْأَرْضِ، قَالَ: وَجِئْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَعْتَقَنِي

میں نے ان میں سے ایک سے کہا: ممکن ہے کیا میں تم میں سے کسی کا غلام بنوں اس شرط پر کہ وہ مجھے سوار کر کے عقبہ تک پہنچائے اور اپنے پاس سے کھلائے۔ پس جب تم اپنے شہر پہنچو تو تمہیں اختیار ہو خواہ تُو مجھے بیچ دو خواہ اپنا غلام بنا کے رکھو۔ پس ان میں سے ایک آدمی نے کہا: میں کروں گا۔ پس میں اس کا غلام بن گیا یہاں تک کہ وہ مجھے مکہ لایا' پس اس نے مجھے ایک باغ میں رکھا جو حبشان کے ساتھ تھا' وہ بھی اسی میں تھے' پس میں نے نکل کر سوال کیا تو میری ملاقات اپنے شہر کی ایک عورت سے ہوئی۔ پس میں نے اس سے پوچھا تو پتہ چلا کہ اس گھر والے اسلام قبول کر چکے ہیں۔ اس نے مجھے جواب دیا: بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام کو کافی رکاوٹیں ہیں' یعنی مجبور ہیں جب مکہ میں کوئی چڑیا بھی چیخ مارے یہاں تک کہ جب فجر روشن ہو جائے تو وہ بکھر جاتے ہیں۔ پس میں باغ کی طرف چلا گیا' پس میں رات کو آتا جاتا تھا' پس حبشان نے مجھ سے کہا: تجھے کیا ہے؟ میں نے کہا: میرے پیٹ میں تکلیف ہے۔ آپ فرماتے ہیں: میں نے یہ بہانہ اس لیے کیا تا کہ وہ لوگ مجھے گم نہ کریں' جب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں جاؤں۔ آپ فرماتے ہیں: پس جب وہ گھڑی ہوئی جو مجھے اس عورت نے بتائی تھی کہ اس میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے صحابہ بیٹھتے ہیں تو میں چلتا ہوا نکلا یہاں تک کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کر لی۔ پس آپ ایک خاموش جگہ پر تھے اور

آپ ﷺ کے صحابہ کرام بھی آپ ﷺ کے ارادگرد تھے۔ پس میں آپ ﷺ کے پیچھے سے آیا تو نبی کریم ﷺ نے میرے ارادے کو پہچان لیا' پس میں نے آپ ﷺ کی پیٹھ کی طرف دونوں کندھوں کے درمیان مہر نبوت دیکھی۔ میری زبان سے نکلا: اللہ سب سے بڑا ہے' یہ ایک نشانی ہے پھر آپ ﷺ لوٹ گئے' پس جب اگلی رات آئی تو میں نے عمدہ قسم کی کھجوریں اُٹھا لیں' پھر میں چلا اور وہ لے کر نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا' پس میں نے وہ آپ ﷺ کے سامنے رکھ دیں۔ تو آپ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ میں نے عرض کی: یہ ہدیہ ہے' پس آپ ﷺ نے اس میں سے کھائی اور قوم سے فرمایا: تم بھی کھاؤ۔ آپ فرماتے ہیں کہ میں نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بے شک آپ اللہ کے سچے رسول ہیں' پس آپ ﷺ نے میرے معاملہ کے بارے سوال کیا تو میں نے آپ ﷺ کو آگاہ کیا۔ پس آپ ﷺ نے فرمایا: جا کر غلامی سے جان چھڑاؤ (اپنا آپ خرید لو) پس میں اپنے مالک کے پاس آیا۔ میں نے اسے کہا: میری جان میرے ہاتھوں بیچ دو گے؟ اس نے کہا: جی ہاں! اس شرط پر کہ تُو مجھے ایک سو درخت لگا کر دے گا۔ پس وہ اُگ آئیں تو میرے پاس ایک ڈلی سونے کی لائے گا۔ پس میں رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا تو میں نے آپ ﷺ کو بتایا' پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بس ٹھیک ہے جو اس نے مانگا ہے اسی کے

بدلے اپنی جان خرید لو اور کنویں کے پانی والا ایک ڈول میرے پاس لاؤ جس سے تم ان کھجوروں کو پانی ڈالو گے۔ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے میرے لیے اس میں برکت کی دعا فرمائی' پھر میں نے ان کو پانی لگایا' پس قسم بخدا! میں نے سو کھجور کے درخت لگائے' پس سارے ہی اُگ آئے کوئی بھی پیچھے نہیں رہا۔ پس میں رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا' میں نے آپ ﷺ کو خبر دی کہ درخت تیار ہو گئے ہیں۔ پس آپ ﷺ نے مجھے سونے کی ڈلی عطا فرمائی' پس میں نے اسے ترازو کے ایک پلڑے میں رکھا اور دوسرے پلڑے میں گٹھلی کو تو سونے کی ڈلی زمین پر برقرار نہ رہی (یعنی کام برابر تھا)۔ فرماتے ہیں: میں رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا تو آپ ﷺ نے مجھے آزاد فرما دیا۔

أبو الطفيل عامر بن واثلة عن سلمان

5951 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ أَبِي زِيَادٍ الْقَطُونِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عُبَيْدٍ الْمُكْتِبِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: أَنَا مِنْ جَيٍّ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں قبیلہ جی سے تعلق رکھنے والا ہوں۔

5952 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: أَنَا مِنْ أَهْلِ رَامَهُرْمُزَ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رامہرمز سے ہوں۔

5953 - حَدَّثَنَا أَبُو حَبِيبٍ يَحْيَى بْنُ نَافِعٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ،

حضرت ابوطفیل بکری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان نے انہیں بیان کیا کہ میں جیّ والوں سے

5953- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9 صفحه339 وقال: رواه الطبراني وفيه من لم أعرفه .

حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ أَبِي حَبِيبٍ، ثنا السَّلْمُ بْنُ الصَّلْتِ الْعَبْدِيُّ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ الْبَكْرِيِّ، أَنَّ سَلْمَانَ الْخَيْرِ حَدَّثَهُ قَالَ: كُنْتُ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ جَيٍّ، مَدِينَةِ أَصْبَهَانَ، فَبَيْنَا أَنَا إِذْ أَلْقَى اللّٰهُ فِي قَلْبِي مِنْ حَقِّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، فَانْطَلَقْتُ إِلَى رَجُلٍ لَمْ يَكُنْ يُكَلِّمُ النَّاسَ يَتَحَرَّجُ، فَسَأَلْتُهُ: أَيُّ الدِّينِ أَفْضَلُ؟ فَقَالَ: مَا لَكَ وَلِهَذَا الْحَدِيثِ؟ أَتُرِيدُ دِينًا غَيْرَ دِينِ أَبِيكَ؟ قُلْتُ: لَا، وَلَكِنْ أُحِبُّ أَنْ أَعْلَمَ مَنْ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، وَأَيُّ دِينٍ أَفْضَلُ؟ قَالَ: مَا أَعْلَمُ أَحَدًا عَلَى هَذَا غَيْرَ رَاهِبٍ بِالْمَوْصِلِ، قَالَ: فَذَهَبْتُ إِلَيْهِ وَكُنْتُ عِنْدَهُ، فَإِذَا هُوَ قَدْ أُقْتِرَ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا، فَكَانَ يَصُومُ النَّهَارَ وَيَقُومُ اللَّيْلَ، فَكُنْتُ أَعْبُدُ كَعِبَادَتِهِ، فَلَبِثْتُ عِنْدَهُ ثَلَاثَ سِنِينَ، ثُمَّ تُوُفِّيَ، فَقُلْتُ: إِلَى مَنْ تُوصِي بِي؟ فَقَالَ: مَا أَعْلَمُ أَحَدًا مِنْ أَهْلِ الْمَشْرِقِ عَلَى مَا أَنَا عَلَيْهِ، فَعَلَيْكَ بِرَاهِبٍ وَرَاءَ الْجَزِيرَةِ فَأَقْرِئْهُ مِنِّي السَّلَامَ، قَالَ: فَجِئْتُهُ وَأَقْرَأْتُهُ السَّلَامَ، وَأَخْبَرْتُهُ أَنَّهُ قَدْ تُوُفِّيَ، فَمَكَثْتُ أَيْضًا عِنْدَهُ ثَلَاثَ سِنِينَ، ثُمَّ تُوُفِّيَ، فَقُلْتُ: إِلَى مَنْ تَأْمُرُنِي أَنْ أَذْهَبَ؟ قَالَ: مَا أَعْلَمُ أَحَدًا مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ عَلَى مَا أَنَا عَلَيْهِ غَيْرَ رَاهِبٍ بِعَمُّورِيَّةَ شَيْخٍ كَبِيرٍ، وَمَا أَرَى تَلْحَقُهُ أَمْ لَا، فَذَهَبْتُ إِلَيْهِ، وَكُنْتُ عِنْدَهُ، فَإِذَا رَجُلٌ مُوَسَّعٌ عَلَيْهِ، فَلَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ قُلْتُ لَهُ: أَيْنَ تَأْمُرُنِي أَنْ أَذْهَبَ؟ قَالَ: مَا أَعْلَمُ أَحَدًا مِنْ

تعلق رکھنے والا آدمی ہوں جو اصفہان کے شہر میں رہتے ہیں پس اسی دوران جب اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان کا حق میرے دل میں ڈالا تو میں ایک ایسے آدمی کے پاس گیا جو عام لوگوں سے کلام نہیں کرتا تھا کہ کہیں حرج ہو۔ پس میں نے اس سے دریافت کیا: کون سا دین افضل ہے؟ اس نے کہا: تجھے کیا ہے اور یہ کیسی بات کر رہے ہو؟ کیا تُو اپنے باپ کا دین چھوڑ کر کوئی اور دین چاہتا ہے؟ میں نے کہا: نہیں! بلکہ مجھے پسند ہے کہ معلوم کروں کہ آسمان و زمین کا رب کون ہے اور کون سا دین افضل ہے؟ اس نے جواب دیا: اس پر میں نہیں جانتا کہ کوئی ہو سوائے موصل میں رہنے والے ایک راہب کے۔ آپ فرماتے ہیں: میں اس کی طرف گیا' میں اس کے پاس تھا۔ دنیا میں اس پر کنجوسی کا راج ہے' پس اس کی عادت ہے دن کو روزہ رکھنا اور رات کو قیام کرنا۔ پس میں بھی اس کی طرح عبادت کیا کرتا تھا' پس میں اس کے پاس تین سال رہا پھر وہ فوت ہو گیا' میں نے کہا: مجھے کس کے پاس جانے کی وصیت کرتے ہو؟ اس نے کہا: مشرق والوں میں سے کسی کو اس مذہب پر نہیں سمجھتا جس پر میں ہوں' جزیرہ کے پیچھے جو راہب ہے اس کے پاس جانا تیرے اوپر ضروری ہے' پس اسے میرا سلام کہنا۔ آپ فرماتے ہیں: میں اس کے پاس گیا' اسے سلام پہنچایا اور اسے خبر دی کہ وہ فوت ہو گیا ہے' پس میں اس کے پاس بھی تین سال رہا پھر وہ بھی فوت ہو گیا تو میں نے کہا: کس کی طرف مجھے جانے کی وصیت

أَهْلِ الْأَرْضِ عَلَى مَا أَنَا عَلَيْهِ، لَكِنْ إِنْ أَدْرَكْتَ زَمَانًا يُسْمَعُ بِرَجُلٍ يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِ إِبْرَاهِيمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَا أَرَاكَ تُدْرِكُهُ، وَقَدْ كُنْتُ أَرْجُو أَنْ أُدْرِكَهُ، فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ تَكُونَ مَعَهُ فَافْعَلْ، فَإِنَّهُ عَلَى الدِّينِ، وَأَمَارَةُ ذَلِكَ أَنَّ قَوْمَهُ يَقُولُونَ: سَاحِرٌ مَجْنُونٌ كَاهِنٌ، وَأَنَّهُ يَأْكُلُ الْهَدِيَّةَ، وَلَا يَأْكُلُ الصَّدَقَةَ، وَأَنَّ عِنْدَ غُرْضُوفِ كَتِفَيْهِ خَاتَمَ النُّبُوَّةِ، وَبَيْنَمَا أَنَا كَذَلِكَ حَتَّى أَتَتْ عِيرٌ مِنْ نَحْوِ الْمَدِينَةِ فَقُلْتُ: مَنْ أَنْتُمْ؟ قَالُوا: نَحْنُ مِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ، وَنَحْنُ قَوْمٌ تُجَّارٌ نَعِيشُ بِتِجَارَتِنَا، وَلَكِنَّهُ قَدْ خَرَجَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِ إِبْرَاهِيمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَدِمَ عَلَيْنَا، وَقَوْمُهُ يُقَاتِلُونَهُ، وَقَدْ خَشِينَا أَنْ يَحُولَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ تِجَارَتِنَا، وَلَكِنَّهُ قَدْ مَلَكَ الْمَدِينَةَ، قَالَ: فَقُلْتُ: مَا يَقُولُونَ فِيهِ؟ قَالُوا: يَقُولُونَ سَاحِرٌ، مَجْنُونٌ، كَاهِنٌ، فَقُلْتُ: هَذِهِ الْأَمَارَةُ، دُلُّونِي عَلَى صَاحِبِكُمْ، فَجِئْتُهُ فَقُلْتُ: تَحْمِلُنِي إِلَى الْمَدِينَةِ؟ قَالَ: مَا تُعْطِينِي؟ قُلْتُ: مَا أَجِدُ شَيْئًا أُعْطِيكَ، غَيْرَ أَنِّي لَكَ عَبْدٌ، فَحَمَلَنِي، فَلَمَّا قَدِمْتُ جَعَلَنِي فِي نَخْلِهِ، فَكُنْتُ أَسْقِي كَمَا يَسْقِي الْبَعِيرُ حَتَّى دَبَرَ ظَهْرِي وَصَدْرِي مِنْ ذَلِكَ، وَلَا أَجِدُ أَحَدًا يَفْقَهُ كَلَامِي، حَتَّى جَاءَتْ عَجُوزٌ فَارِسِيَّةٌ تَسْقِي، فَكَلَّمْتُهَا فَفَهِمَتْ كَلَامِي، فَقُلْتُ لَهَا: أَيْنَ الرَّجُلُ الَّذِي خَرَجَ دُلِّينِي عَلَيْهِ؟ قَالَتْ: سَيَمُرُّ عَلَيْكَ بُكْرَةً إِذَا

کرتے ہو؟ اس نے کہا: عموریہ والے راہب کے علاوہ زمین پر میں کسی کو نہیں جانتا ہوں جو میرے مذہب پر ہو۔ وہ بوڑھا آدمی ہے' میرا خیال ہے تُو اس سے مل ہی سکے گا یا نہیں۔ پس میں گیا' میں اس کے پاس تھا تو میں نے اسے دیکھا کہ اللہ نے اسے وسعت عطا کی ہے' پس جب اس کی وفات کا وقت آیا تو میں نے کہا: مجھے کس کی طرف جانے کا حکم دیتے ہو؟ اس نے کہا: اہل زمین میں سے کسی کو اپنے مذہب پر نہیں جانتا ہوں لیکن اگر تُو لمبا زمانہ پائے' ایک آدمی کے بارے سنا جاتا ہے جو بیت ابراہیم علیہ السلام سے تشریف لائے گا' میں خیال نہیں کرسکتا کہ تُو اس کو پالے اور مجھے اُمید ہے کہ میں اسے پالوں گا۔ پس اگر تُو طاقت رکھتا ہے کہ تُو اس کی معیت میں ہو تو ایسا کر کیونکہ وہ سچے دین پر ہوگا اور اس کی نشانی یہ ہے کہ اس کی قوم والے اس کو جادوگر' کاہن اور مجنون کہیں گے' وہ ہدیہ تو کھالے گا لیکن صدقہ نہیں کھائے گا اور اس کے دونوں کندھوں کے پاس مہر نبوت ہوگی۔ اسی طرح میں اسی حال پر تھا کہ مدینہ کی طرف سے اونٹوں کا قافلہ آیا۔ میں نے کہا: تم کون ہو؟ انہوں نے کہا: ہم مدینہ والے ہیں' ہم تاجر ہیں' اپنی تجارت کے ساتھ زندگی گزارتے ہیں' لیکن اہل بیت ابراہیم علیہ السلام سے ایک آدمی پیدا ہوا ہے' پس وہ ہمارے پاس آیا ہے لیکن اس کی قوم اس سے قتال کرتی ہے' ہمیں ڈر لگا ہے کہ کہیں وہ ہمارے اور ہماری تجارت کے درمیان رکاوٹ نہ بنے لیکن وہ مدینہ کا بادشاہ بن گیا

صَلَّى الصُّبْحَ مِنْ أَوَّلِ النَّهَارِ، فَخَرَجْتُ فَجَمَعْتُ تَمْرًا، فَلَمَّا أَصْبَحْتُ جِئْتُ فَقَرَّبْتُ إِلَيْهِ التَّمْرَ، فَقَالَ: مَا هَذَا، صَدَقَةٌ أَمْ هَدِيَّةٌ؟ فَأَشَرْتُ أَنَّهُ صَدَقَةٌ، قَالَ: انْطَلِقْ إِلَى هَؤُلَاءِ وَأَصْحَابُهُ عِنْدَهُ، فَأَكَلُوا وَلَمْ يَأْكُلْ، فَقُلْتُ: هَذِهِ الْإِمَارَةُ، فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ جِئْتُ بِتَمْرٍ، فَقَالَ: مَا هَذَا؟ فَقُلْتُ: هَذِهِ هَدِيَّةٌ، فَأَكَلَ وَدَعَا أَصْحَابَهُ فَأَكَلُوا، ثُمَّ رَآنِي أَتَعَرَّضُ لِأَنْظُرَ إِلَى الْخَاتَمِ، فَعَرَفَ فَأَلْقَى رِدَاءَهُ، فَأَخَذْتُ أُقَلِّبُهُ وَأَلْتَزِمُهُ، فَقَالَ: مَا شَأْنُكَ؟، فَسَأَلَنِي فَأَخْبَرْتُهُ خَبَرِي، فَقَالَ: اشْتَرَطْتَ لَهُمْ أَنَّكَ عَبْدٌ، اشْتَرِ نَفْسَكَ مِنْهُمْ، فَاشْتَرَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَجِيءَ لَهُمْ بِمِائَةِ نَخْلَةٍ وَأَرْبَعِينَ أُوقِيَّةَ ذَهَبٍ، ثُمَّ هُوَ حُرٌّ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اغْرِسْ فَغَرَسَ، ثُمَّ انْطَلِقْ فَأَلْقِ الدَّلْوَ عَلَى الْبِئْرِ، ثُمَّ لَا تَرْفَعْهُ حَتَّى يَرْتَفِعَ، فَإِنَّهُ إِذَا امْتَلَأَ ارْتَفَعَ، ثُمَّ رُشَّ فِي أُصُولِهَا، فَفَعَلَ فَنَبَتَ النَّخْلُ أَسْرَعَ النَّبَاتِ، فَقَالَ: سُبْحَانَ اللَّهِ، مَا رَأَيْنَا مِثْلَ هَذَا الْعَبْدِ، إِنَّ لِهَذَا الْعَبْدِ شَأْنًا فَاجْتَمَعَ عَلَيْهِ النَّاسُ، فَأَعْطَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِبْرًا، فَإِذَا فِيهِ أَرْبَعُونَ أُوقِيَّةً

ہے۔ فرماتے ہیں: میں نے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قوم والے آپ کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: وہ جادوگر' مجنون اور کاہن کہتے ہیں' میں نے کہا: ایک نشانی تو یہ ہے کہ تم مجھے اپنے صاحب تک لے جاؤ' پس میں اس کے پاس آیا' پس میں نے کہا: تم مجھے سوار کر کے مدینہ تک لے جاؤ۔ اس نے کہا: تم مجھے کیا دو گے؟ میں نے کہا: تجھے دینے کیلئے میں اپنے پاس کوئی شی نہیں پاتا ہوں سوائے اس کے کہ میں تیرا غلام بن جاؤں گا۔ پس اس نے مجھے سوار کر لیا' پس جب ہم (مدینہ) آئے تو اس نے مجھے ایک باغ میں رکھا' پس میں پانی نکالا کرتا تھا جس طرح اونٹ پانی نکالتا ہے یہاں تک کہ اس سے میری پیٹھ اور میرا سینہ...... میں کوئی ایسا آدمی بھی نہ پاتا تھا جو میری بات سمجھے (میں فارسی' وہ عربی تھے) حتیٰ کہ ایک فارسی بڑھیا پانی نکالنے آئی تو میں نے اس سے کلام کی' اس نے میری بات کو سمجھا۔ پس میں نے اس سے کہا: وہ آدمی کہاں ہے جو (نبی بن کر) تشریف لایا ہے' آپ اس پر میری رہنمائی کریں؟ اس نے کہا: عنقریب صبح وہ تیرے پاس سے گزرے گا جب وہ دن کے پہلے حصے میں صبح کی نماز پڑھے گا۔ پس میں نکلا' میں نے کچھ کھجوریں جمع کی' پس جب میں نے صبح کی تو میں نے آ کر وہ کھجوریں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب کیں۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ صدقہ ہے یا ہدیہ ہے؟ پس میں نے اشارے سے بتایا کہ صدقہ ہے۔ فرمایا: ان لوگوں کے

الْقَزَّازُ، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، قَالَا: ثنا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جَوْنِ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبِّقِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي سَفَرٍ، فَأَتَى عَلَى قِرْبَةٍ مُعَلَّقَةٍ، فَاسْتَقَى، فَقِيلَ: إِنَّهَا مَيْتَةٌ، قَالَ: ذَكَاةُ الْأَدِيمِ دِبَاغُهُ

جانور کا ہے؟ آپ نے فرمایا: مردار کے چمڑے کو دباغت دی جائے تو وہ پاک ہو جاتا ہے۔

6217 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ الْعُرُوقِيُّ، ثنا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جَوْنِ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبِّقِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَى امْرَأَةً فَاسْتَسْقَى، فَأُتِيَ بِقِرْبَةٍ، فَشَرِبَ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّهَا مَيْتَةٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دِبَاغُ الْأَدِيمِ طَهُورُهُ

حضرت سلمہ بن محبق فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک سفر میں تھے ایک مشک آپ کے پاس لائی گئی اس سے پانی نوش کیا آپ سے عرض کی گئی: یہ مردہ جانور کا ہے؟ آپ نے فرمایا: مردار کے چمڑے کو دباغت دی جائے تو وہ پاک ہو جاتا ہے۔

6218 - حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جَوْنِ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبِّقِ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ دَعَا بِمَاءٍ مِنْ عِنْدِ امْرَأَةٍ، فَقَالَتْ: مَا عِنْدِي إِلَّا مَاءٌ فِي قِرْبَةٍ مَيْتَةٍ، فَقَالَ: أَلَيْسَ قَدْ دَبَغْتِهَا؟ قَالَتْ: نَعَمْ، فَقَالَ: إِنَّ ذَكَاتَهَا دِبَاغَتُهَا

حضرت سلمہ بن محبق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ غزوہ تبوک میں تھے آپ نے ایک عورت کے پاس سے پانی مانگا اس نے عرض کی: میرے پاس پانی مردار کے چمڑے میں ہے آپ نے فرمایا: کیا تُو نے دباغت دی ہے؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: اس کو دباغت دینا اس کی پاکی ہے۔

حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيرُ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ

حضرت سلمہ بن محبق رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔ اس میں راوی حدیث جون بن قتادہ کا ذکر نہیں ہے۔

6218- احمد في مسنده جلد5صفحه6 .

الْمُحَبِّقِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ جَوْنَ بْنَ قَتَادَةَ

6219 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْأَخْرَمُ الْأَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَسَنِ الْعَنْبَرِيُّ الْهُجَيْمِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جَوْنٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبِّقِ، أَنَّ رَجُلًا مِنْ قُرَيْشٍ سَافَرَ، فَأَرْسَلَتْ مَعَهُ امْرَأَتُهُ بِجَارِيَةٍ لَهَا، فَغَشَاهَا، فَلَمَّا قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَتْهُ بِذَلِكَ، فَقَالَ: إِنْ كَانَتْ طَاوَعَتْهُ فَهِيَ لَهُ، وَعَلَيْهِ مِثْلُهَا، وَإِنْ كَانَ اسْتَكْرَهَهَا فَهِيَ حُرَّةٌ، وَعَلَيْهِ مِثْلُهَا

حضرت سلمہ بن محبق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قریش سے ایک آدمی نے سفر کیا' اس کے ساتھ اس کی بیوی کی لونڈی تھی' اُس نے اس لونڈی سے جماع کیا' جب حضورﷺ کے پاس آئے تو اس لونڈی نے بتایا' آپ نے فرمایا: اگر یہ راضی تھی تو یہ اُس کے لیے ہے' اور اس پر لازم ہے کہ وہ اپنی بیوی کو اس کی مثل لونڈی دے' اگر ناپسند کرتی ہے تو یہ آزاد ہے' اس خاوند کے ذمہ اسی کی مثل لونڈی واجب ہے۔

6220 - حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ، انا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ الْكَرِيمِ بْنُ أَبِي الْمُخَارِقِ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ سَعْوَةَ الرَّاسِبِيِّ، عَنْ سِنَانَ بْنِ سَلَمَةَ الْهُذَلِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، وَكَانَ قَدْ صَحِبَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ بَعَثَ بِبَدَنَتَيْنِ مَعَ رَجُلٍ، فَقَالَ: أَشْعِرْهُمَا مِنْ مَنْحَرِهِمَا، ثُمَّ اغْمِزِ النَّعْلَ فِي دِمَائِهِمَا، ثُمَّ اضْرِبْ بِهَا صَفْحَتَهُمَا، حَتَّى يُعْلَمَ أَنَّهُمَا بَدَنَتَانِ

حضرت سلمہ ہذلی سے روایت ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ' رسول اللہﷺ کے صحابی' حضورﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے دو قربانی کے اونٹ ایک آدمی کے ساتھ بھیجے' آپ نے فرمایا: دونوں کو نشان لگانا' ان کے نحر کی جگہ' پھر جوتا خون میں ڈبو کر اس سے ان پر نشان لگانا' یہاں تک کہ یہ معلوم ہو کہ قربانیاں ہیں۔

6221 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ الْحَرْبِ الْعَدَوِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أنا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ، أنا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ، عَنِ

حضرت سلمہ بن محبق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ خیبر کے دن ایسی ہنڈیا کے پاس سے گزرے' جس میں پالتو گدھوں کا گوشت تھا' آپ نے

الْحَنَفِيّ، عَنْ سِنَانَ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ مَرَّ يَوْمَ خَيْبَرَ بِقُدُورٍ فِيهَا لُحُومٌ مِنْ حُمُرِ النَّاسِ، فَأَمَرَ بِهَا فَأُكْفِئَتْ

اس کو بہا دینے کا حکم دیا۔

سَلَمَةُ بْنُ نُعَيْمٍ الْأَشْجَعِيُّ

حضرت سلمہ بن نعیم اشجعی رضی اللہ عنہ

6222 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، ثنا كِنَانَةُ بْنُ جَبَلَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ طَهْمَانَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ نُعَيْمٍ الْأَشْجَعِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ مَاتَ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت سلمہ بن نعیم اشجعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو اس حالت میں مرے کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراتا ہو تو وہ جنت میں داخل ہوگا۔

6223 - حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ مُوسَى شِيرَانُ الرَّامَهُرْمُزِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ شَاذَانَ، ثنا مُوسَى بْنُ مَسْعُودٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ نُعَيْمٍ الْأَشْجَعِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت سلمہ بن نعیم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے لا الہ الا اللہ پڑھا وہ جنت میں داخل ہوگیا۔

سَلَمَةُ أَبُو عَمْرِو بْنُ سَلَمَةَ الْجَرْمِيُّ

حضرت سلمہ ابو عمرو بن سلمہ جرمی رضی اللہ عنہ

6224 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت ابو یزید عمرو بن سلمہ جرمی فرماتے ہیں: ہم

6222- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد 1 صفحه 94 رقم الحديث: 93 . وكذلك البخاري جلد 1 صفحه 417 رقم الحديث: 1181 .

عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا أَيُّوبُ، ثنا عَمْرُو بْنُ سَلَمَةَ أَبُو يَزِيدَ الْجَرْمِيُّ، قَالَ: كُنَّا بِحَضْرَةِ مَاءٍ مَمَرِّ النَّاسِ، فَكُنَّا نَسْأَلُهُمْ: مَا هَذَا الْأَمْرُ؟ فَيَقُولُونَ: رَجُلٌ يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ، وَأَنَّ اللَّهَ أَرْسَلَهُ، وَأَنَّ اللَّهَ أَوْحَى إِلَيْهِ كَذَا وَكَذَا، فَجَعَلْتُ لَا أَسْمَعُ شَيْئًا مِنْ ذَلِكَ إِلَّا حَفِظْتُهُ، كَأَنَّمَا يُغْرَى فِي صَدْرِي بِغِرَاءٍ، حَتَّى جَمَعْتُ مِنْهُ قُرْآنًا كَثِيرًا، قَالَ: فَكَانَتِ الْعَرَبُ تَلَوَّمُ بِإِسْلَامِهَا الْفَتْحَ، وَيَقُولُونَ: انْظُرُوا، فَإِنْ ظَهَرَهُ عَلَيْهِمْ فَهُوَ صَادِقٌ، وَهُوَ نَبِيٌّ، فَلَمَّا جَاءَتْنَا وَقْعَةُ الْفَتْحِ بَادَرَ كُلُّ قَوْمٍ بِإِسْلَامِ قَوْمِهِمْ، فَانْطَلَقَ أَبِي بِإِسْلَامِ أَهْلِ حِوَائِنَا ذَلِكَ، فَأَقَامَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا شَاءَ اللَّهُ أَنْ يُقِيمَ، ثُمَّ أَقْبَلَ، فَلَمَّا دَنَا مِنَّا تَلَقَّيْنَاهُ، فَلَمَّا رَأَيْنَاهُ قَالَ: جِئْتُكُمْ وَاللَّهِ مِنْ عِنْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَقًّا، قَالَ: ثُمَّ قَالَ: إِنَّهُ يَأْمُرُكُمْ بِكَذَا وَكَذَا، وَيَنْهَاكُمْ عَنْ كَذَا وَكَذَا، وَأَنْ تُصَلُّوا صَلَاةَ كَذَا فِي حِينِ كَذَا، فَإِذَا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَلْيُؤَذِّنْ أَحَدُكُمْ، وَلْيَؤُمَّكُمْ أَكْثَرُكُمْ قُرْآنًا قَالَ: فَنَظَرُوا إِلَى أَهْلِ حِوَائِنَا فَمَا وَجَدُوا أَحَدًا أَكْثَرَ مِنِّي قُرْآنًا لِلَّذِي كُنْتُ أَحْفَظُ مِنَ الرُّكْبَانِ، فَقَدَّمُونِي بَيْنَ أَيْدِيهِمْ، فَكُنْتُ أُصَلِّي بِهِمْ، وَأَنَا ابْنُ سِتِّ سِنِينَ، قَالَ: فَكَانَتْ عَلَيَّ بُرْدَةٌ، كُنْتُ إِذَا سَجَدْتُ تَقَلَّصَتْ عَنِّي، قَالَ: فَقَالَتِ امْرَأَةٌ مِنَ الْحَيِّ: أَلَا تُغَطُّوا عَنَّا اسْتَ

لوگوں کی گزرگاہ کے پانی کے پاس تھے پس ان سے سوال کیا کرتے تھے کہ یہ کیا معاملہ ہے؟ پس وہ بولا کرتے تھے: ایک آدمی ہے جس کا گمان ہے کہ وہ نبی ہے اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنا رسول بنایا ہے اور اس اس طرح اس نے ان پر وحی کی ہے پس میں نے سنی ہوئی ہر بات کو یاد کرنا شروع کر دیا گویا میرے سینے میں اس کی شوق ڈال دی گئی ہے حتیٰ کہ اس سے میں نے قرآن کا کثیر حصہ اکٹھا کر لیا عرب لوگ فتح تک اسلام لانے میں توقف سے کام لے رہے تھے۔ کہتے تھے: ابھی انتظار کرو پس اگر وہ ان پر غالب آ جائیں تو سچے ہیں اور نبی (برحق) ہیں۔ پس جب واقعۂ فتح کا وقت آیا تو ہر قوم نے اسلام لانے میں جلدی کی پس جب ہمارے پاس کے گھروں والے اسلام لائے تو میرے باپ بھی چلے پس جا کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مقیم ہو گئے جتنا اللہ نے چاہا کہ وہ مقیم ہوں پھر آئے پس جب وہ ہمارے قریب پہنچے تو ہم ان سے ملے پس جب ہم نے ان کو دیکھا تو انہوں نے کہا: میں تمہارے پاس قسم بخدا رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے آیا ہوں۔ راوی کا بیان ہے: پھر کہا کہ وہ تمہیں فلاں فلاں چیز کا حکم دیتے ہیں فلاں فلاں چیز سے منع کرتے ہیں اور یہ کہ تم ففلاں فلاں وقت میں نماز پڑھو پس جب نماز کا وقت ہو جائے تو تم میں سے ایک اذان دے اور تمہاری امامت تم میں سے وہ آدمی کروائے جو تم میں سے زیادہ قرآن پڑھا ہوا ہو۔ راوی کا بیان ہے: پس انہوں نے ہمارے

قَارِئُكُمْ قَالَ: فَكَسَوْنِي قَمِيصًا مِنْ مَعْقِدِ الْبَحْرَيْنِ، فَمَا فَرِحْتُ بِشَيْءٍ أَشَدَّ مِنْ فَرَحِي بِذَلِكَ الْقَمِيصِ

قریب کے تمام گھر والوں کو دیکھا تو انہوں نے کسی ایک کو نہ پایا جو مجھ سے زیادہ قرآن پڑھا ہوا ہو' اس وجہ سے کہ میں سواروں سے سن کر قرآن حفظ کیا کرتا تھا۔ پس انہوں نے اپنے سامنے مجھے ہی آگے کیا' پس میں ان کو نماز پڑھایا کرتا تھا حالانکہ میری عمر چھ سال تھی۔ فرماتے ہیں: پس میرے اوپر صرف ایک ہی چادر ہوا کرتی تھی' جب میں سجدہ کرتا' وہ مجھ سے اُتر یا سمٹ جاتی تھی۔ فرماتے ہیں: قبیلے کی ایک عورت نے کہا: تم اپنے امام کے سرین ہم سے چھپا کیوں نہیں لیتے۔ فرماتے ہیں: پس انہوں نے مجھے ایک قمیص پہنائی جو بحرین کی بُنی ہوئی تھی۔ پس میں (زندگی میں) کسی شی سے اتنا خوش نہیں ہوا جتنا میں اس قمیص کے ملنے سے خوش ہوا۔

6225 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَيُّوبَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ سَلَمَةَ قَالَ: كُنَّا بِحَاضِرٍ يَمُرُّ بِنَا مَنْ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانُوا يَقُولُونَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذَا، وَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذَا، فَحَفِظْتُ مِنْ ذَلِكَ قُرْآنًا كَثِيرًا، فَانْطَلَقَ أَبِي وَافِدًا إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَفَرٍ مِنْ قَوْمِهِ، فَعَلَّمَهُمُ الصَّلَاةَ، فَقَالَ: لِيَؤُمَّكُمْ أَقْرَؤُكُمْ، قَالَ: فَكُنْتُ أَقْرَأَهُمْ لِمَا كُنْتُ

حضرت عمرو بن سلمہ فرماتے ہیں: ہم شہر کے قریب رہتے تھے' ہمارے پاس سے وہ لوگ گزرتے تھے جو نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آتے تھے' پس وہ کہا کرتے تھے: رسول کریم ﷺ نے یہ کہا اور رسول کریم ﷺ نے یہ کہا۔ پس میں نے ان سے سن سن کر بہت سا قرآن حفظ کرلیا۔ پس میرے والد گرامی وفد بنا کر رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں گئے' اپنی قوم کے ایک گروہ میں تو نبی کریم ﷺ نے ان کو نماز سکھائی اور فرمایا: تمہارا امام وہ بنے جو تم میں سے زیادہ قرآن پڑھا ہوا ہو۔ فرماتے ہیں: پس میں ہی سب سے زیادہ قرآن

6225- أورد نحوه أبو داؤد في سننه جلد**1**صفحه**150**' رقم الحديث: **585** .

أَحْفَظُ، فَكُنْتُ أَؤُمُّهُمْ، وَعَلَيَّ بُرْدَةٌ، إِذَا سَجَدْتُ تَكَشَّفَتْ عَنِّي، فَقَالَتِ امْرَأَةٌ مِنَ الْقَوْمِ: وَارُوا عَنَّا عَوْرَةَ قَارِئِكُمْ، فَاشْتَرَوْا لِي قَمِيصًا عُمَانِيًّا، فَمَا فَرِحْتُ بِشَيْءٍ بَعْدَ الْإِسْلَامِ مَا فَرِحْتُ بِهِ، فَكُنْتُ أَؤُمُّهُمْ، وَأَنَا ابْنُ سَبْعِ سِنِينَ، أَوْ ثَمَانِ سِنِينَ

پڑھا ہوا تھا۔ اس وجہ سے کہ میں حفظ کیا کرتا تھا۔ پس میں ان کی امامت کروایا کرتا تھا جبکہ میرے اوپر صرف ایک ہی چادر تھی، پس جب میں سجدہ کرتا تو بے پردہ ہو جاتا تھا۔ پس قوم کی ایک عورت نے کہا: اپنے امام کی شرمگاہ کو ہم سے چھپاؤ۔ پس لوگوں نے میرے لیے عمانی قمیص خریدی، اسلام لانے کے بعد مجھے کسی شی سے اتنی خوشی نہیں ہوئی جتنی اس سے ہوئی، پس میں ان کی امامت کرواتا تھا جبکہ میری عمر صرف سات یا آٹھ سال تھی۔

حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا أَيُّوبُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَلَمَةَ، قَالَ: كُنَّا عَلَى حَاضِرِ مَاءٍ، مَمَرِّ النَّاسِ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت معاذ بن مثنیٰ نے ہمیں حدیث سنائی، مسدد نے اسماعیل بن ابراہیم، ایوب نے ہمیں حدیث سنائی، اُنہوں نے عمرو بن سلمہ سے روایت کی۔ فرماتے ہیں: ہم پانی کے پاس ہوا کرتے تھے، وہ لوگوں کی گزرگاہ تھی، اس کے بعد اس جیسی حدیث ذکر کی۔

6226 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ، ثنا الْحَارِثُ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كُنَّا بِحَاضِرِ مَاءٍ عَظِيمٍ عَلَى ظَهْرِ الطَّرِيقِ، فَيَأْتِينَا الرُّكْبَانُ، فَنَسْأَلُهُمْ: مَا يَقُولُ هَذَا الرَّجُلُ؟ يَعْنُونَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيَقُولُونَ: يَقُولُ كَذَا، وَيَأْمُرُهُمْ بِكَذَا، وَيَنْهَاكُمْ عَنْ كَذَا، وَأَنَا غُلَامٌ ابْنُ سِتِّ سِنِينَ، لَا أَسْمَعُ شَيْئًا إِلَّا كَأَنَّمَا كُتِبَ فِي قَلْبِي، وَكَانَ

حضرت عمرو بن سلمہ نے اپنے والد گرامی سے روایت کیا، وہ فرماتے ہیں: ہم بہت بڑے پانی پر بالکل راستے کے قریب ہوا کرتے تھے، پس ہمارے پاس اونٹوں کے قافلے آتے تھے، پس ہم ان سے سوال کرتے تھے یہ آدمی (نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کیا فرماتے ہیں؟ ھذا الرجل سے وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی مراد لیتے تھے، پس وہ کہتے: وہ یہ بات کہتا ہے، وہ ان لوگوں کو یہ حکم دیتا ہے اور تمہیں اس بات سے منع کرتا ہے۔ میں چھ سال کا لڑکا تھا جو چیز بھی سنتا تھا تو وہ میرے دل میں نقش ہو جاتی

6226- اخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد4صفحه1564، رقم الحديث: 4051 .

النَّاسُ يَقُولُونَ: انْظُرُوا مَا يَصْنَعُ قَوْمُ الرَّجُلِ، فَلَمَّا فُتِحَتْ مَكَّةُ بَعَثَ النَّاسُ وُفُودَهُمْ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ أَبِي وَافِدَ قَوْمِهِ، فَأَتَاهُمْ ' فَقَالَ: أَتَيْتُكُمْ مِنْ عِنْدِ رَسُولِ اللّٰهِ ' يَأْمُرُكُمْ بِكَذَا، وَيَنْهَاكُمْ عَنْ كَذَا، وَإِذَا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَلْيَؤُمَّكُمْ أَكْثَرُكُمْ قُرْآنًا فَنَظَرُوا فَلَمْ يَجِدُوا أَكْثَرَ قُرْآنًا مِنِّي، فَقَدَّمُونِي فَصَلَّيْتُ بِهِمْ ' عَلَيَّ بُرْدَةٌ لِي ' أَوْ شَمْلَةٌ لِي ' فَقَالَتْ عَجُوزٌ: أَلَا تُغَطُّونَ عَنَّا اسْتَ قَارِئِكُمْ؟ فَاشْتُرِيَ ثَوْبٌ مِنْ مَقْعَدَةِ الْبَحْرَيْنِ، فَقَطَعَتْهُ لِيَ امْرَأَةٌ مِنَ الْحَيِّ قَمِيصًا، فَمَا فَرِحْتُ بِشَيْءٍ قَطُّ بَعْدَ الْإِسْلَامِ فَرَحِي بِذَلِكَ الْقَمِيصِ

تھی۔ لوگوں کی زبان پر یہ بات تھی کہ ابھی انتظار کرو' دیکھو اس آدمی کی قوم اس کے ساتھ کیا کرتی ہے۔ پس جب مکہ فتح ہوا تو لوگوں نے رسول کریم ﷺ کی طرف اپنے وفد بھیجے اور میرے والد گرامی اپنی قوم کے وفد لے گئے' (اسلام قبول کیا' وہاں رہے) اس کے بعد لوگوں کے پاس آ کر کہا: میں اللہ کے رسول ﷺ کی طرف سے آیا ہوں' وہ تمہیں اس بات کا حکم دیتے ہیں' اس بات سے منع کرتے ہیں اور جب نماز کا وقت ہو جائے تو تمہاری امامت وہ کروائے جو تم میں سے زیادہ قرآن پڑھا ہوا ہو۔ پس انہوں نے دیکھا تو انہوں نے مجھ سے زیادہ قرآن پڑھا ہوا کسی کو نہ پایا۔ پس انہوں نے مجھے ہی آگے کر دیا۔ پس میں نے انہیں نماز پڑھائی' میرے اوپر میری ایک چادر تھی یا میرے لیے ایک شملہ تھا۔ پس ایک بڑھیا نے کہا: تم اپنے امام کی شرمگاہ تو ہم سے چھپا لو؟ پس میرے مقتدیوں نے بحرین کا بنا ہوا کپڑا خریدا' قبیلے کی ایک عورت نے اس کو کاٹ کر قمیص تیار کی' اسلام لانے کے بعد میں کسی شی سے اس قدر خوش نہیں ہوا جتنا اس قمیص سے ہوا۔

6227 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَلَمَةَ، قَالَ: جَاءَ نَفَرٌ مِنَ الْحَيِّ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَمِعُوهُ يَقُولُ: لِيَؤُمَّكُمْ أَكْثَرُكُمْ قُرْآنًا فَقَدَّمُونِي بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَأَنَا غُلَامٌ، فَكُنْتُ أَؤُمُّهُمْ فِي بُرْدَةٍ

حضرت عمرو بن سلمہ فرماتے ہیں: میرے قبیلے کے کچھ لوگ رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے' پس انہوں نے آپ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: تمہاری امامت وہ کروائے جو تم میں سے زیادہ قرآن پڑھا ہوا ہو۔ پس انہوں نے اپنے سامنے مجھے آگے کر دیا جبکہ میں ابھی لڑکا تھا' پس میں ایک چادر میں ان کی امامت

مَوْصُولَةٍ، فَكَانَ فِيهَا فَتْقٌ، فَكُنْتُ إِذَا سَجَدْتُ خَرَجَتِ اسْتِي، فَقَالُوا لِأَبِي: أَلَا تُغَطِّي عَنَّا اسْتَهُ؟ وَكُنْتُ أُرَغِّبُهُمْ فِي تَعْلِيمِ الْقُرْآنِ قَالَ زُهَيْرٌ: فَلَمْ يَزَلْ إِمَامَ قَوْمِهِ فِي الصَّلَاةِ، وَعَلَى جَنَائِزِهِمْ

کرواتا تھا جو مجھے حاصل تھا' پس وہ بہت تنگ تھی' پس جب میں سجدہ کرتا تھا تو میں بے پردہ ہو جاتا تھا' پس لوگوں نے میرے والد گرامی سے فرمایا: ہم سے اس کی شرمگاہ کیوں نہیں ڈھانپ کر رکھتے؟ جبکہ میں ان کو قرآن کا علم حاصل کرنے کی ترغیب دلایا کرتا تھا۔ حضرت زہیر فرماتے ہیں: وقتی نماز اور نماز جنازہ میں وہ مسلسل اپنی قوم کے امام رہے۔

سلمة ابو عمرو بن سلمة الجرمي

6228 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنِي مِسْعَرٌ الْجَرْمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ سَلَمَةَ، أَنَّ أَبَاهُ، وَأُنَاسًا مِنْ قَوْمِهِ قَدِمُوا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ أَسْلَمَ النَّاسُ، وَتَعَلَّمُوا الْقُرْآنَ، وَقَضَوْا حَوَائِجَهُمْ، ثُمَّ سَأَلُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ يُصَلِّي بِنَا؟ أَوْ مَنْ يُصَلِّي لَنَا؟ قَالَ: يُصَلِّي بِكُمْ، أَوْ يُصَلِّي لَكُمْ أَكْثَرُكُمْ أَخْذًا، أَوْ قَالَ: أَكْثَرُكُمْ جَمْعًا لِلْقُرْآنِ، فَرَجَعُوا إِلَى قَوْمِهِمْ، فَسَأَلُوهُمْ، فَلَمْ يَجِدُوا أَحَدًا جَمَعَ أَكْثَرَ مِمَّا جَمَعْتُ، وَأَنَا غُلَامٌ عَلَيَّ شَمْلَةٌ، فَقَدَّمُونِي بَيْنَ أَيْدِيهِمْ، فَصَلَّيْتُ بِهِمْ، أَوْ قَالَ: فَصَلَّيْتُ لَهُمْ، فَلَمْ أَزَلْ إِمَامَ جَرْمٍ إِلَى يَوْمِي هَذَا وَكَانَ يَؤُمُّهُمْ فِي مَسْجِدِهِمْ، وَيُصَلِّي عَلَى جَنَائِزِهِمْ

حضرت مسعر جرمی فرماتے ہیں: میں نے حضرت عمرو بن سلمہ سے سنا کہ ان کے والد گرامی اور ان کی قوم کے چند آدمی رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے' جب لوگوں کی اکثریت نے اسلام قبول کیا' قرآن سیکھا اور اپنی ضروریات پوری کرنے کے بعد نبی کریم ﷺ سے سوال کیا: ہمیں نماز کون پڑھائے گا؟ یا کہا: ہمارے لیے نماز کون پڑھائے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تمہیں نماز وہ پڑھائے جس نے قرآن زیادہ حاصل کیا یا جمع کیا ہو۔ پس وہ اپنی قوم کی طرف لوٹ گئے تو اُنہوں نے ان سے پوچھا' پس انہوں نے کسی کو نہ پایا جس نے مجھ سے زیادہ قرآن جمع کیا ہو' حالانکہ میں لڑکا تھا' مجھ پر ایک کپڑا ہوتا تھا۔ پس انہوں نے اپنے سامنے مجھے آگے کیا تو میں نے ان کو نماز پڑھائی' یا راوی کا بیان ہے کہ میں نے ان کے لیے نماز پڑھائی۔ پس اس دن تک میں پکا امام ہوں اور وہ ان کو ان کی مسجد میں بھی نماز پڑھاتے اور ان کے جنازے بھی وہی پڑھاتے تھے۔

6229 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَلَمَةَ، قَالَ كُنْتُ غُلَامًا، وَكُنْتُ أَتَلَقَّى الرُّكْبَانَ مِنْ عِنْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَسْتَقْرِئُهُمْ، فَأَخْبَرُونِي أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لِيَؤُمَّكُمْ أَكْثَرُكُمْ قُرْآنًا، فَكُنْتُ أَؤُمُّهُمْ

حضرت عمرو بن سلمہ فرماتے ہیں: میں لڑکا تھا' رسول کریم ﷺ کی طرف سے آنے والے قافلوں سے کچھ نہ کچھ حاصل کر لیا کرتا تھا' پس میں ان سے قرآن پڑھتا' پس انہوں نے ہی مجھے خبر دی کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا ہے: تم میں سے امام وہ بنے جس نے قرآن زیادہ پڑھا ہوا ہو' پس میں ان کی امامت کرواتا تھا۔

سَلَمَةُ بْنُ نُفَيْلٍ السَّكُونِيُّ ثُمَّ التَّرَاغِمِيُّ

سلمہ بن نفیل السکونی تراغمی رضی اللہ عنہ

6230 - حَدَّثَنَا أَبُو زَيْدٍ الْحَوْطِيُّ، ثنا أَبُو الْيَمَانِ الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ، ثنا أَرْطَاةُ بْنُ الْمُنْذِرِ، عَنْ ضَمْرَةَ بْنِ حَبِيبٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ نُفَيْلٍ، قَالَ: بَيْنَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ سَأَلَهُ سَائِلٌ: هَلْ أُتِيتَ بِطَعَامٍ مِنَ السَّمَاءِ؟ قَالَ: نَعَمْ أُتِيتُ بِطَعَامٍ بِمِسْخَنَةٍ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، مَا كَانَ فِيهَا مِنْ فَضْلٍ عَنْكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَمَا فُعِلَ بِهِ؟ قَالَ: رُفِعَ إِلَى السَّمَاءِ، وَهُوَ يُوحَى إِلَيَّ أَنِّي غَيْرُ لَابِثٍ فِيكُمْ إِلَّا قَلِيلًا، ثُمَّ لَسْتُمْ لَابِثِينَ بَعْدِي إِلَّا قَلِيلًا، تَقُولُونَ: مَتَى مَتَى؟ ثُمَّ تَأْتُونَ أَفْنَادًا وَبَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ مُوتَانٌ شَدِيدٌ، وَبَعْدَهُ سَنَوَاتُ الزَّلَازِلِ

حضرت سلمہ بن نفیل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس تھے کہ اچانک آپ کے پاس ایک مانگنے والا آیا' اس نے کہا: کیا آپ کے پاس آسمان سے کھانا آتا ہے؟ آپ نے فرمایا: ہاں! میرے پاس دیگچی سمیت کھانا لایا گیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! اس میں سے آپ کے پاس بچا ہوا ہے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے عرض کی: اس کے ساتھ کیا کیا گیا ہے؟ آپ نے فرمایا: آسمان کی طرف اُٹھایا گیا ہے' میری طرف وحی کی جاتی ہے' میں تم میں تھوڑی دیر ٹھہرنے والا ہوں' تم میرے بعد تھوڑی دیر رہو گے' تم کہو گے کب کب؟ پھر آؤ گے گروہ در گروہ' قیامت سے پہلے سخت موت ہوگی' اس کے بعد زلزلوں کے کئی سال ہوں گے۔

6230- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد4صفحه494' رقم الحديث: 8383 .

6231 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ زِبْرِيقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا هَانِءُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي عَبْلَةَ، عَنْ عَمِّهِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَبِي عَبْلَةَ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ نُفَيْلٍ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يُوحَى إِلَيَّ أَنِّي مَقْبُوضٌ غَيْرُ مُلَبَّثٍ، وَأَنَّكُمْ مُتَّبِعِيَّ أَفْنَادًا، يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ، وَلَا يَزَالُ مِنْ أُمَّتِي نَاسٌ يُقَاتِلُونَ عَلَى الْحَقِّ، وَيُزِيغُ اللّٰهُ بِهِمْ قُلُوبَ أَقْوَامٍ، وَيَرْزُقُهُمُ اللّٰهُ مِنْهُمْ، حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ، وَحَتَّى يَأْتِيَ وَعْدُ اللّٰهِ

حضرت سلمہ بن نفیل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا' آپ نے فرمایا: میری طرف وحی کی گئی ہے' میں تم سے جدا ہونے والا ہوں' تھوڑی دیر ٹھہرے بغیر' تم میرے بعد گروہ در گروہ آؤ گے' تم ایک دوسرے کی گردنیں اتارو گے' میری اُمت سے کچھ لوگ حق پر لڑتے رہیں گے' اللہ عزوجل ان سے لوگوں کے دلوں کو پھیر دے گا' اللہ عزوجل ان کو اُن سے رزق دے گا قیامت قائم ہونے تک اور اللہ کے وعدہ کے آنے تک۔

6232 - وَالْخَيْلُ مَعْقُودٌ فِي نَوَاصِيهَا الْخَيْرُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَعُقْرُ دَارِ الْمُؤْمِنِينَ بِالشَّامِ

قیامت کے دن تک گھوڑوں کی پیشانی میں بھلائی لکھ دی گئی' مؤمنوں کے گھروں کی طاقت ملک شام میں ہوگی۔

6233 - حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ، ثنا أَبُو الْيَمَانِ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ح وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَالِمٍ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْأَفْطَسُ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجُرَشِيِّ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، حَدَّثَنِي سَلَمَةُ بْنُ نُفَيْلٍ السَّكُونِيُّ، قَالَ: دَنَوْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَتَّى كَادَتْ رُكْبَتَايَ تَمَسَّانِ فَخِذَهُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ

حضرت سلمہ بن نفیل سکونی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے قریب ہوا یہاں تک کہ میرے دونوں گھٹنے آپ کی ران کو چھونے لگے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! گھوڑے چھوڑ دیئے گئے اور اسلحہ ڈال دیا گیا ہے' لوگ گمان کرتے ہیں کہ جہاد نہیں ہے۔ آپ نے فرمایا: لوگ جھوٹ بولتے ہیں' اب جہاد آ گیا ہے' میری اُمت کے کچھ لوگ حق پر قائم رہیں گے' لوگوں پر غالب رہیں گے' اللہ عزوجل لوگوں کے دل پلٹے گا' وہ لڑیں گے تاکہ ان سے حصہ پائیں۔ اور

اللهِ، تُرِكَتِ الْخَيلُ، وَأُلْقِيَ السِّلاحُ، وَزَعَمَ أَقْوَامٌ أَنْ لا قِتَالَ فَقَالَ: كَذَبُوا، الْآنَ جَاءَ الْقِتَالُ، لا تَزَالُ مِنْ أُمَّتِي أُمَّةٌ قَائِمَةٌ عَلَى الْحَقِّ، ظَاهِرَةٌ عَلَى النَّاسِ، يُزِيغُ اللَّهُ قُلُوبَ قَوْمٍ قَاتَلُوهُمْ لِيَنَالُوا مِنْهُمْ، وَقَالَ وَهُوَ مُوَلٍّ ظَهْرَهُ إِلَى الْيَمَنِ: إِنِّي أَجِدُ نَفَسَ الرَّحْمَنِ مِنْ هَهُنَا، وَلَقَدْ أُوحِيَ إِلَيَّ مَكْفُوتٌ غَيْرُ مُلَبَّثٍ، وَتَتْبَعُونِي أَفْنَادًا

فرمایا: وہ گروہ یمن والوں میں غالب رہے گا' میں رحمٰن کی خوشبو یہاں سے پا رہا ہوں' مجھے وحی کی گئی ہے' میں تم میں تھوڑی دیر رہنے والا ہوں' تم میرے پیچھے لگاتار آؤ گے۔

6234 - وَالْخَيْلُ مَعْقُودٌ فِي نَوَاصِيهَا الْخَيْرُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَأَهْلُهَا مُعَانُونَ عَلَيْهَا

گھوڑوں کی پیشانی میں قیامت کے دن تک بھلائی ہی رہے گی' ان کے مالکوں کی مدد کی جائے گی۔

6235 - حَدَّثَنَا وَرْدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ لَبِيدٍ الْبَيْرُوتِيُّ، حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ، أَنَّ الْوَلِيدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَهُ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ نُفَيْلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عُقْرُ دَارِ الْإِسْلَامِ بِالشَّامِ

حضرت سلمہ بن نفیل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اسلام کے گھر کی طاقت ملک شام میں ہوگی۔

6236 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِيهِ، حَدَّثَنِي نَصْرُ بْنُ عَلْقَمَةَ، يَرُدُّ الْحَدِيثَ إِلَى جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ نُفَيْلٍ، قَالَ: بَيْنَمَا أَنَا جَالِسٌ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ الْخَيْلَ قَدْ سُيِّبَتْ، وَوُضِعَ السِّلَاحُ، وَزَعَمَ أَقْوَامٌ أَنْ لَا قِتَالَ، وَأَنْ قَدْ وَضَعَتِ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى

حضرت سلمہ بن نفیل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' اچانک آپ کے پاس ایک آدمی آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! گھوڑے باندھے گئے ہیں اور اسلحہ رکھا گیا' لوگ خیال کرتے ہیں کہ جہاد نہیں ہے' جنگ ختم ہو گئی ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: جھوٹ بولتے ہیں' ابھی جہاد آ رہا ہے' میری اُمت سے کچھ لوگ ہمیشہ اللہ کی راہ میں جہاد کریں گے' ان کی مخالفت کرنے والا ان کا نقصان

6235- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**10** صفحه**60** وقال: رواه الطبراني ورجاله ثقات .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَذَبُوا، فَالْآنَ جَاءَ الْقِتَالُ، وَلَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِي يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَالَفَهُمْ، يُزِيغُ اللّٰهُ قُلُوبَ قَوْمٍ لِيَرْزُقَهُمْ مِنْهُمْ، وَيُقَاتِلُونَ حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ، وَلَا يَزَالُ الْخَيْلُ مَعْقُودًا فِي نَوَاصِيهَا الْخَيْرُ حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ، وَلَا تَضَعُ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا، حَتَّى يَخْرُجَ يَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ

نہیں کرے گا' اللہ عزوجل لوگوں کے دل ان کی طرف پھیر دے گا تا کہ ان سے انہیں رزق دے' وہ قیامت کے قیام تک لڑیں گے' گھوڑوں کی پیشانی میں قیامت کے دن تک بھلائی ہی ہے' جہاد رہے گا یہاں تک کہ یاجوج ماجوج نکلے گی۔

6237 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ يَحْيَى الرَّقِّيُّ، ثنا أَبُو فَرْوَةَ يَزِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ سِنَانٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا يَاسِينُ الزَّيَّاتُ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ الْحِمْصِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جَابِرٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ نُفَيْلٍ، قَالَ: جَاءَ شَابٌّ، فَقَامَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ بِأَعْلَى صَوْتِهِ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَرَأَيْتَ مَنْ لَمْ يَدَعْ سَيِّئَةً إِلَّا عَمِلَهَا، وَلَا خَطِيئَةً إِلَّا رَكِبَهَا، وَلَا أَشْرَفَ لَهُ سَهْمٌ فَمَا فَوْقَهُ إِلَّا اقْتَطَعَهُ بِيَمِينِهِ، وَمَنْ لَوْ قُسِّمَتْ خَطَايَاهُ عَلَى أَهْلِ الْمَدِينَةِ لَغَمَرَتْهُمْ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَسْلَمْتَ؟ أَوْ: أَنْتَ مُسْلِمٌ؟ قَالَ: أَمَّا أَنَا، فَأَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، قَالَ: اذْهَبْ، فَقَدْ بَدَّلَ اللّٰهُ سَيِّئَاتِكَ حَسَنَاتٍ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَغَدَرَاتِي وَفَجَرَاتِي؟ قَالَ: وَغَدَرَاتُكَ وَفَجَرَاتُكَ ثَلَاثًا فَوَلَّى

حضرت سلمہ بن نفیل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک نوجوان آیا' حضور ﷺ کے سامنے کھڑا ہوا' اپنے بلند آواز میں عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ مجھے بتائیں گے کہ جس نے کوئی برائی نہیں چھوڑی ہے اور گناہ کیا ہے اور بڑا گناہ کوئی بھی نہیں چھوڑا۔ وہ کیا اگر اس کی خطاؤں کو مدینہ والوں پر تقسیم کیا جائے' ان کو ڈھانپ لے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا تُو اسلام لایا ہے' یا فرمایا: کیا تُو مسلمان ہے؟ اس نے عرض کی: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور محمد اللہ کے رسول ہیں۔ آپ نے فرمایا: جاؤ! اللہ عزوجل تیرے سارے گناہ نیکیوں سے بدل دے گا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرا دھوکہ اور میرے گناہ؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے دھوکے اور گناہ ختم ہو گئے' تین مرتبہ۔ وہ نوجوان چلا گیا' وہ پڑھ رہا تھا: اللہ بہت بڑا ہے' میں مسلسل اس سے سنتا رہا' وہ اللہ اکبر

سلمة بن نفيل السكوني ثم التراغمي

6237- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 31 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفي اسناده ياسين الزيات يروى الموضوعات .

الشَّابُّ، وَهُوَ يَقُولُ: اللَّهُ أَكْبَرُ، فَلَمْ أَزَلْ أَسْمَعُهُ يُكَبِّرُ، حَتَّى تَوَارَى عَنِّي، أَوْ خَفِيَ عَنِّي

پڑھ رہا تھا' حتیٰ کہ وہ مجھ سے چھپ گیا یا مجھ سے پوشیدہ ہو گیا۔

سَلَمَةُ بْنُ نُفَيْعٍ' سَلَمَةُ بْنُ جَارِيَةَ، سَلَمَةُ بْنُ هِشَامِ بْنِ الْمُغِيرَةِ الْمَخْزُومِيُّ

حضرت سلمہ بن نفیع' حضرت سلمہ بن جاریہ' حضرت سلمہ بن ہشام بن مغیرہ مخزومی رضی اللہ عنہ

6238 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، قَالَ: فَرَّ عَيَّاشُ بْنُ أَبِي رَبِيعَةَ وَسَلَمَةُ بْنُ هِشَامٍ وَالْوَلِيدُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ مِنَ الْمُشْرِكِينَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَيَّاشٌ وَسَلَمَةُ مُتَكَفِّلَانِ مُرْتَدِفَانِ عَلَى بَعِيرٍ، وَالْوَلِيدُ يَسُوقُ بِهِمَا، فَكُلِمَتْ إِصْبَعُ الْوَلِيدِ، فَقَالَ:

(البحر الرجز)

هَلْ أَنْتِ إِلَّا إِصْبَعٌ دُمِيتِ ...وَفِي سَبِيلِ اللَّهِ مَا لَقِيتِ

فَعَلِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَخْرَجِهِمْ إِلَيْهِ وَشَأْنِهِمْ قَبْلَ أَنْ يَعْلَمَ النَّاسُ، فَصَلَّى الصُّبْحَ، فَرَكَعَ أَوَّلَ رَكْعَةٍ مِنْهُمَا، فَلَمَّا رَفَعَ رَأْسَهُ دَعَا لَهُمْ قَبْلَ أَنْ يَسْجُدَ، فَقَالَ: اللَّهُمَّ أَنْجِ عَيَّاشَ بْنَ أَبِي رَبِيعَةَ، اللَّهُمَّ أَنْجِ سَلَمَةَ بْنَ هِشَامٍ، اللَّهُمَّ أَنْجِ

حضرت عبدالملک بن ابوبکر فرماتے ہیں کہ وہ عیاش بن ابوربیعہ اور سلمہ بن ہشام اور ولید بن ولید بن مغیرہ مشرکوں سے رسول اللہ ﷺ کی طرف آئے' عیاش اور سلمہ دونوں ضامن تھے' اونٹ پر ایک دوسرے کے پیچھے بیٹھے ہوئے تھے' ولید ان دونوں کو لے گیا' ولید کی انگلی زخمی ہوئی' اس نے کہا: ایک ہی انگلی اللہ کی راہ میں زخمی ہوئی ہے' تو اس نے کہا: تُو تو ایک انگلی ہی ہے جو زخمی ہوئی ہے اور جو تیرے ساتھ ہوا اللہ کی راہ میں ہوا۔ حضور ﷺ کو علم ہوا ان کی طرف نکلنے کا' ان کی شان کا لوگوں کو علم ہونے سے پہلے' حضور ﷺ نے صبح کی نماز پڑھائی' آپ نے پہلی رکعت میں رکوع کیا' جب آپ نے رکوع سے سر اُٹھایا تو آپ نے سجدہ کرنے سے پہلے دعا کی: اے اللہ! عیاش بن ابوربیعہ کو نجات دے' اے اللہ! سلمہ بن ہشام کو نجات دے' اے اللہ! ولید کو نجات دے' اے اللہ! کمزور ایمان والوں کو نجات دے' اے اللہ! قبیلہ مضر والوں پر سختی

6239- اخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد3صفحه1300' رقم الحديث: 1673 . وكذلك البخاري جلد 6 صفحه2526' رقم الحديث: 6497 .

الْوَلِيدَ، اللَّهُمَّ أَنْجِ الْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ، اللَّهُمَّ اشْدُدْ وَطْأَتَكَ عَلَى مُضَرَ، وَاجْعَلْهَا عَلَيْهِمْ سِنِينَ كَسِنِيِّ يُوسُفَ

کہ ان پر ایسے ہی قحط سالی نازل کر جس طرح حضرت یوسف علیہ السلام کے زمانہ میں قحط سالی بھیجی تھی۔

سَلَمَةُ بْنُ أُمَيَّةَ أَخُو يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ بْنِ خَلَفِ الْجُمَحِيِّ

حضرت سلمہ بن امیہ یعلیٰ بن امیہ بن خلف جمحی رضی اللہ عنہ کے بھائی

6239 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الشَّهِيدُ، ثنا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ صَفْوَانَ، عَنْ عَمَّيْهِ يَعْلَى، وَسَلَمَةَ ابْنَيْ أُمَيَّةَ قَالَا: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ وَمَعَنَا صَاحِبٌ لَنَا مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ، فَقَاتَلَ رَجُلًا، فَعَضَّ الرَّجُلُ ذِرَاعَهُ، فَجَذَبَهَا مِنْ فِيهِ، فَسَقَطَتْ ثَنِيَّتَاهُ، فَذَهَبَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَسْأَلَهُ الْعَقْلَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَنْطَلِقُ أَحَدُكُمْ إِلَى أَخِيهِ، فَيَعَضُّهُ عَضَّ الْفَحْلِ، أَوْ كَمَا يَعَضُّ الْفَحْلُ، ثُمَّ يَأْتِي لِيَسْأَلَ الْعَقْلَ؟ لَا حَقَّ لَهَا فَأَبْطَلَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عمیر یعلیٰ اور سلمہ اُمیہ کے بیٹے دونوں روایت کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غزوۂ تبوک میں نکلے ہمارے ساتھ مکہ والوں کا ایک ساتھی تھا' ایک آدمی سے لڑا' اس آدمی نے اس کا ہاتھ کاٹا' اس کو منہ میں ڈالا' اس کے آگے والے دانت گر گئے' وہ آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا تاکہ دیت مانگے' حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی اپنے بھائی کے پاس جاتا ہے' اس کو جانور کی طرح کاٹتا ہے' پھر دیت مانگتا ہے' اس کے لیے کوئی حق نہیں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اس کی دیت باطل کر دی۔

سَلَمَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَنَزِيُّ

حضرت سلمہ بن سعد عنزی رضی اللہ عنہ

6240 - حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا الْحُسَيْنُ

حضرت سلمہ بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ'

بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ الْكَرَابِيسِيُّ الْمَعْرُوفُ بِشُعْبَةَ، وَكَانَ يُجَالِسُ عَلِيَّ بْنَ الْمَدِينِيِّ، ثنا حَفْصُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ حَفْصِ بْنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ شَيْبَانَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ سَعْدٍ أَنَّهُ وَفَدَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ وَجَمَاعَةٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِهِ وَوَلَدِهِ، فَاسْتَأْذَنُوا عَلَيْهِ، فَدَخَلُوا، فَقَالَ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ قِيلَ لَهُ: هَذَا وَفْدُ عَنَزَةَ، فَقَالَ: بَخٍ بَخٍ بَخٍ نِعْمَ الْحَيُّ عَنَزَةُ مَبْغِيٌّ عَلَيْهِمْ مَنْصُورُونَ، مَرْحَبًا بِقَوْمِ شُعَيْبٍ، وَأَخْتَانِ مُوسَى، سَلْ يَا سَلَمَةُ عَنْ حَاجَتِكَ، قَالَ: جِئْتُ أَسْأَلُكَ عَمَّا افْتَرَضْتَ عَلَيَّ فِي الْإِبِلِ وَالْغَنَمِ وَالْعَنْزِ، فَأَخْبَرَهُ، ثُمَّ جَلَسَ عِنْدَهُ قَرِيبًا، ثُمَّ اسْتَأْذَنَهُ فِي الِانْصِرَافِ، فَقَالَ لَهُ: انْصَرِفْ، فَمَا غَدَا أَنْ قَامَ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ ارْزُقْ عَنَزَةَ كَفَافًا، لَا قُوتًا وَلَا إِسْرَافًا

ان کے گھر والے اور ان کی اولاد رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے' آپ سے اجازت مانگی' آپ کے پاس حاضر ہوئے' آپ نے فرمایا: یہ کون ہیں؟ آپ سے عرض کی گئی: یہ قبیلہ عنزہ کا وفد ہے' آپ نے فرمایا: خوش آمدید! خوش آمدید! خوش آمدید! قبیلہ عنزہ والا بہتر قبیلہ ہے' ان پر بغاوت کی جائے گی' ان کی مدد کی جائے گی' قوم شعیب کو خوش آمدید اور موسیٰ کی دونوں بہنیں' اے سلمہ! اپنی ضرورت مانگو! حضرت سلمہ نے عرض کی: میں آپ کے پاس آیا ہوں' مجھ پر کیا فرض ہے؟ اونٹوں اور بکریوں اور گائیوں میں؟ آپ نے بتایا' پھر آپ کے قریب ہو کر بیٹھا' پھر آپ نے جانے کی اجازت مانگی' آپ نے فرمایا: جاؤ! کھڑا ہونے لگا تو آپ نے دعا کی: ''اللّٰهم ارزق عنزة كفافًا الى آخره''۔

سَلَمَةُ الْخُزَاعِيُّ،

لَمْ يُخَرِّجْ

حضرت سلمہ الخزاعی رضی اللہ عنہ

ان سے کوئی حدیث روایت نہیں۔

مَنِ اسْمُهُ سَلَامَةُ

جن کا نام سلامہ ہے

سَلَامَةُ بْنُ قَيْصَرٍ الْحَضْرَمِيُّ

حضرت سلامہ بن قیصر حضرمی رضی اللہ عنہ

6241 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ،

حضرت سلامہ بن قیصر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

6241- أورد نحوه أحمد جلد2صفحه526' رقم الحديث:10820 .

ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، وَشُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى التُّجِيبِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، قَالُوا: ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، ثنا زَبَّانُ بْنُ فَايِدٍ، عَنْ لَهِيعَةَ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ رَبِيعَةَ الْحَضْرَمِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ سَلَامَةَ بْنَ قَيْصَرٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ صَامَ يَوْمًا ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ بَعَّدَهُ اللّٰهُ مِنْ جَهَنَّمَ بُعْدَ غُرَابٍ طَارَ، وَهُوَ فَرْخٌ حَتَّى مَاتَ هَرَمًا

میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے اللہ کی رضا کے لیے ایک روزہ رکھا' اللہ عزوجل اس کو جہنم سے اتنا دور کر دے گا جتنا ایک کوا اُڑنا شروع کرے اس حال میں کہ وہ ابھی انڈے سے نکلا ہو اُڑتا رہے اُڑتا رہے حتیٰ کہ وہ مر جائے اس حال میں کہ وہ بوڑھا ہو گیا ہو۔

مَنِ اسْمُهُ سَالِمٌ
سَالِمُ بْنُ عُبَيْدٍ الْأَشْجَعِيُّ

جس کا نام سالم ہے
حضرت سالم بن عبید اشجعی رضی اللہ عنہ

6242 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَيَانٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ الْأَزْرَقُ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ أَبِي هِنْدَ: عَنْ سَالِمِ بْنِ عُبَيْدٍ وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ الصُّفَّةِ

حضرت نعیم بن ابو ہند فرماتے ہیں کہ حضرت سالم بن عبید رضی اللہ عنہ اصحابِ صفہ میں سے تھے۔

6243 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ نُبَيْطٍ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ أَبِي هِنْدَ، عَنْ نُبَيْطِ بْنِ شُرَيْطٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عُبَيْدٍ، قَالَ: أُغْمِيَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت سالم بن عبید فرماتے ہیں: حضور ﷺ کی مرضِ وصال میں آپ پر مدہوشی طاری ہوگئی' اس کے بعد آپ کو افاقہ ہوا تو فرمایا: نماز کا وقت ہو گیا ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! فرمایا: حضرت بلال کو اذان دینے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَرَضِهِ، فَأَفَاقَ، فَقَالَ: حَضَرَتِ الصَّلَاةُ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ: مُرُوا بِلَالًا فَلْيُؤَذِّنْ، وَمُرُوا أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا: إِنَّ أَبِي رَجُلٌ أَسِيفٌ، فَلَوْ أَمَرْتَ غَيْرَهُ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ، ثُمَّ أُغْمِيَ عَلَيْهِ، فَأَفَاقَ، فَقَالَ: هَلْ حَضَرَتِ الصَّلَاةُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: مُرُوا بِلَالًا فَلْيُؤَذِّنْ، وَمُرُوا أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ إِنَّ أَبِي رَجُلٌ أَسِيفٌ، فَلَوْ أَمَرْتَ غَيْرَهُ فَيُصَلِّيَ بِالنَّاسِ، ثُمَّ أُغْمِيَ عَلَيْهِ، فَأَفَاقَ، فَقَالَ: أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: ائْتُونِي بِإِنْسَانٍ أَعْتَمِدُ عَلَيْهِ، فَجَاءَ بُرَيْدَةُ وَإِنْسَانٌ آخَرُ، فَاعْتَمَدَ عَلَيْهِمَا، فَأَتَى الْمَسْجِدَ، فَدَخَلَ وَأَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَائِمٌ يُصَلِّي بِالنَّاسِ، فَذَهَبَ أَبُو بَكْرٍ يَتَنَحَّى، فَمَنَعَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأُجْلِسَ إِلَى جَنْبِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَتَّى فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ، فَقُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: لَا أَسْمَعُ رَجُلًا يَقُولُ: مَاتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا ضَرَبْتُهُ بِالسَّيْفِ، فَأَخَذَ بِذِرَاعِي فَاعْتَمَدَ عَلَيَّ، وَقَامَ يَمْشِي حَتَّى جِئْنَا، قَالَ: أَوْسِعُوا، فَأَوْسَعُوا لَهُ، فَأَكَبَّ عَلَيْهِ، وَمَسَّهُ، وَقَالَ: (إِنَّكَ مَيِّتٌ وَإِنَّهُمْ مَيِّتُونَ) (الزمر: 30) قَالُوا: يَا صَاحِبَ رَسُولِ اللّٰهِ، مَاتَ رَسُولُ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَعَلِمُوا أَنَّهُ كَمَا

کا حکم دو اور حضرت ابوبکر کو حکم دو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں! حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: میرے باپ نرم دل ہیں' پس اگر آپ کسی اور کو حکم دیں تو وہ لوگوں کو نماز پڑھائے۔ پھر آپ ﷺ پر مدہوشی طاری ہوئی' اس کے بعد افاقہ ہوا تو فرمایا: کیا نماز کا وقت ہو گیا ہے؟ عرض کی: جی ہاں! فرمایا: بلال کو کہو کہ اذان دے اور ابوبکر کو کہو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: میرے باپ نرم دل آدمی ہیں' پس اگر آپ کسی اور کو حکم دیں کہ وہ نماز پڑھائے۔ پھر آپ ﷺ مدہوش ہوئے' اس کے بعد افاقہ ہوا تو فرمایا: کیا نماز قائم ہو گئی؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! فرمایا: مجھے سہارا دینے والا کوئی آدمی لے آؤ۔ پس حضرت بریدہ اور ایک دوسرا آدمی آیا' پس آپ ﷺ ان دونوں پر سہارا لے کر مسجد میں تشریف لائے' پس آپ ﷺ (مسجد میں) داخل ہوئے جبکہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے' پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے پیچھے ہٹنا شروع کر دیا' پس رسول کریم ﷺ نے ان کو روکا' پس رسول کریم ﷺ کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پہلو میں بٹھا دیا گیا یہاں تک کہ وہ نماز سے فارغ ہو گئے پس رسول کریم ﷺ نے وصال فرمایا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرمانے لگے: میں ایسے آدمی کی بات سننے کا سزاوار نہیں جو کہے: رسول کریم ﷺ فوت ہو گئے ہیں ورنہ میں اس کی گردن اتار دوں گا۔ پس انہوں نے

قَالَ، قَالُوا: يَا صَاحِبَ رَسُولِ اللّٰهِ، أَنُصَلِّي عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالُوا: كَيْفَ نُصَلِّي عَلَيْهِ؟ قَالَ: يَدْخُلُ قَوْمٌ فَيُكَبِّرُونَ، وَيَدْعُونَ وَيُصَلُّونَ، ثُمَّ يَنْصَرِفُونَ، وَيَجِيءُ آخَرُونَ، حَتَّى يَفْرُغُوا، قَالُوا: يَا صَاحِبَ رَسُولِ اللّٰهِ، أَيُدْفَنُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالُوا: وَأَيْنَ يُدْفَنُ؟ قَالَ: حَيْثُ قُبِضَ، فَإِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى لَمْ يَقْبِضْهُ إِلَّا فِي بُقْعَةٍ طَيِّبَةٍ، فَعَلِمُوا أَنَّهُ كَمَا قَالَ، ثُمَّ قَامَ، فَقَالَ: عِنْدَكُمْ صَاحِبُكُمْ، فَأَمَرَهُمْ يُغَسِّلُونَهُ، ثُمَّ خَرَجَ، وَاجْتَمَعَ الْمُهَاجِرُونَ يَتَشَاوَرُونَ، فَقَالُوا: انْطَلِقُوا إِلَى إِخْوَانِنَا مِنَ الْأَنْصَارِ، فَإِنَّ لَهُمْ فِي هَذَا الْأَمْرِ نَصِيبًا، فَانْطَلَقُوا، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ: مِنَّا أَمِيرٌ، وَمِنْكُمْ أَمِيرٌ، فَأَخَذَ عُمَرُ بِيَدِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، فَقَالَ: أَخْبِرُونِي مَنْ لَهُ هَذِهِ الثَّلَاثَةُ: (ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْ هُمَا فِي الْغَارِ) (التوبة: 40) ، مَنْ هُمَا؟ (إِذْ يَقُولُ لِصَاحِبِهِ لَا تَحْزَنْ) (التوبة: 40) ، مَنْ صَاحِبُهُ؟ (إِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا) (التوبة: 40) فَأَخَذَ بِيَدِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَضَرَبَ عَلَيْهَا، وَقَالَ لِلنَّاسِ: بَايِعُوهُ، فَبَايَعُوهُ بَيْعَةً حَسَنَةً جَمِيلَةً

سالم بن عبید الاشجعی

میرے بازوؤں کو پکڑ کر مجھ پر سہارا لیا اور چلنا شروع کر دیا حتیٰ کہ ہم آئے' فرمایا: کھلے کھلے ہو جاؤ! انہوں نے ان کے لیے جگہ چھوڑی' پس آپ رسول کریم ﷺ پر جھک کر کھڑے ہوئے' آپ ﷺ کو ہاتھ لگایا اور کہا: ''انك میتٌ وانهم میتون'' لوگوں نے عرض کی: اے رسول کریم ﷺ کے پیارے صحابی! کیا رسول کریم ﷺ کا وصال ہو گیا ہے؟ انہوں نے فرمایا: جی ہاں! پس لوگوں نے اسی طرح یقین کیا جس طرح اُنہوں نے فرمایا۔ لوگوں نے عرض کی: اے رسول کریم ﷺ کے صحابی! کیا آپ رسول کریم ﷺ پر نماز یا درود پڑھیں گے؟ اُنہوں نے جواب دیا: جی ہاں! لوگوں نے عرض کی: کیسے پڑھیں گے؟ فرمایا: پہلے گروہ داخل ہو گا' پس وہ تکبیر کہہ کر دعا کریں گے اور درود پڑھیں' پھر واپس آ جائیں گے اور اس کے بعد دوسرا گروہ جائے گا یہاں تک کہ فارغ ہو جائیں۔ انہوں نے عرض کی: اے صحابیٔ رسول! کیا آپ رسول کریم ﷺ کو دفن بھی کریں گے؟ فرمایا: جی ہاں! انہوں نے عرض کی: کہاں دفن کریں گے؟ فرمایا: اسی جگہ جہاں آپ ﷺ کی روح قبض ہوئی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نبی کی روح پاکیزہ ٹکڑے پر قبض فرماتا ہے' پس انہوں نے اسی طرح یقین کیا جس طرح آپ نے فرمایا۔ پھر آپ نے کھڑے ہو کر فرمایا: تمہارے پاس تمہارے صاحب ہیں۔ پس آپ نے ان کو غسل دینے کا حکم دیا اور تشریف لے گئے۔ مہاجر مشورہ کرنے

کیلئے جمع ہو گئے' پس انہوں نے کہا: پہلے اپنے انصاری بھائیوں کی طرف جاؤ کیونکہ اس معاملے میں وہ بھی حصہ دار ہیں۔ پس وہ گئے تو انصاریوں میں سے ایک آدمی نے کہا: ایک امیر ہم سے اور ایک امیر تم سے ہوگا' پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر کہا: یہ لوگ مجھے بتائیں کہ اس کیلئے یہ تین کون ہیں؟ ''**ثانی اثنین اذ هما فی الغار**'' یہ دو کون ہیں؟ ''**اذ یقول لصاحبه لا تحزن**'' ان کا صاحب کون ہے؟ ''**ان اللّٰه معنا**'' پس انہوں نے حضرت ابوبکر کا ہاتھ پکڑا' اس پر ہاتھ مارا (بیعت کی) اور لوگوں سے فرمایا: تم سب اس کی بیعت کرو' پس ان کی بیعت کی' انتہائی خوبصورت اور جمیل بیعت تھی۔

6244 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عُبَيْدٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَطَسَ رَجُلٌ ' فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَعَلَى أُمِّكَ ثُمَّ قَالَ: إِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ، فَلْيَقُلِ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ كَثِيرًا ' أَوِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَى كُلِّ حَالٍ ' وَلْيَقُلْ مَنْ عِنْدَهُ: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ، وَلْيَرُدَّ عَلَيْهِمْ: يَغْفِرُ اللّٰهُ لِي وَلَكُمْ

حضرت سالم بن عبید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ تھے' ایک آدمی کو چھینک آئی' اس نے کہا: السلام علیکم! حضور ﷺ نے فرمایا: اپنی ماں کو سلام کر! پھر فرمایا: جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو وہ کہے: الحمد للہ رب العالمین کثیراً' یا الحمد للہ علیٰ کل حالٍ' اس کے پاس والا اسکے جواب میں کہے: یرحمک اللہ! وہ اس کے جواب میں کہے: اللہ مجھے اور آپ کو بخشے۔

6245 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَحْيَى بْنُ إِسْحَاقَ السَّيْلَحِينِيُّ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ

ایک آدمی سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت سالم بن عبید کے ساتھ ایک سفر میں تھے' ایک

6244- الترمذی جلد5صفحہ82' رقم الحدیث: **2740** .

مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ رَجُلٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ سَالِمِ بْنِ عُبَيْدٍ فِي سَفَرٍ، فَعَطَسَ رَجُلٌ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَقَالَ لَهُ سَالِمُ بْنُ عُبَيْدٍ: عَلَيْكَ وَعَلَى أُمِّكَ، لَعَلَّكَ وَجَدْتَ عَلَيَّ فِي نَفْسِكَ شَيْئًا مِمَّا قُلْتُ لَكَ: عَلَيْكَ وَعَلَى أُمِّكَ؟ قَالَ: وَدِدْتُ أَنَّكَ لَمْ تَذْكُرْ أُمِّي بِخَيْرٍ وَلَا بِشَرٍّ عِنْدَ النَّاسِ، فَقَالَ لَهُ: إِنَّمَا قُلْتُ لَكَ مَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَطَسَ رَجُلٌ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكَ وَعَلَى أُمِّكَ، وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ فَلْيَقُلِ: الْحَمْدُ لِلَّهِ عَلَى كُلِّ حَالٍ، وَلْيَقُلْ لَهُ أَخُوهُ أَوْ صَاحِبُهُ: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ، وَيَقُولُ: يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ

آدمی کو چھینک آئی' اُس نے کہا: السلام علیکم! حضرت سالم بن عبید نے اسے کہا: تجھ پر اور تیری والدہ پر! پھر فرمایا: ہوسکتا ہے کہ تُو نے اپنے دل میں کوئی ناراضگی والی بات پائی ہو' جو میں نے آپ کو کہی ہے' تیرے اوپر اور تیری ماں پر؟ انہوں نے کہا: میں اس بات کو پسند کرتا ہوں کہ تُو میری ماں کا ذکر نہ کر' نہ خیر کے ساتھ اور نہ ہی شر کے ساتھ۔ پس حضرت سالم نے ان سے کہا: میں نے آپ کو صرف وہی بات کی ہے جو رسول کریم ﷺ نے فرمائی ہے۔ پس ایک آدمی کو چھینک آئی تو اس نے السلام علیکم کہا تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تجھ پر اور تیری ماں پر۔ اور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو اسے چاہیے کہ وہ الحمد للہ علیٰ کل حال کہے' اس کا بھائی یا اس کا ساتھی یرحمک اللہ کہے اور وہ کہے: یغفر اللہ لنا ولکم۔

سَالِمٌ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ

شَهِدَ بَدْرًا، وَاسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ رَحِمَهُ اللّٰهُ

حضرت ابوحذیفہ بن عتبہ بن ربیعہ کے غلام حضرت سالم رضی اللہ عنہ

آپ بدر میں شریک ہوئے اور جنگ یمامہ میں شہید ہوئے' اللہ آپ پر رحمت کرے۔

مِنْ أَخْبَارِ سَالِمٍ وَوَفَاتِهِ

حضرت سالم کی حدیثیں اور آپ کی وفات کے متعلق

6246 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ قریش اور بنی عبد شمس بن عبد مناف میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن

أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنْ قُرَيْشٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ شَمْسِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ سَالِمٌ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ

کے ناموں میں سے ایک نام حضرت ابوحذیفہ کے غلام حضرت سالم کا بھی ہے۔

6247 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ سَالِمٌ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوحذیفہ بن عتبہ بن ربیعہ کے غلام حضرت سالم رضی اللہ عنہ یمامہ کے دن شہید ہوئے تھے۔

6248 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أنا نَافِعٌ، أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ رَحِمَهُ اللّٰهُ يَقُولُ: كَانَ سَالِمٌ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ يَؤُمُّ الْمُهَاجِرِينَ الْأَوَّلِينَ أَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْأَنْصَارَ فِي مَسْجِدِ قُبَاءٍ، فِيهِمْ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَأَبُو سَلَمَةَ، وَزَيْدٌ، وَعَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ کے غلام حضرت سالم رضی اللہ عنہ مسجد قباء میں انصار اور اوّلین مہاجرین کو امامت کرواتے تھے ان میں حضرت ابوبکر وعمر ابوسلمہ زید اور عامر بن ربیعہ شامل تھے۔

6249 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ الْحِمْصِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرٍ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ أَبِي الْأَشْعَثِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ سَالِمًا، مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ كَانَ يَؤُمُّ الْمُهَاجِرِينَ الَّذِينَ هَاجَرُوا إِلَى الْمَدِينَةِ فِيهِمْ عُمَرُ وَغَيْرُهُ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ، لِأَنَّهُ كَانَ أَكْثَرَهُمْ قُرْآنًا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت ابوحذیفہ کے غلام حضرت سالم ان مہاجرین کو امامت کرواتے جو مدینہ کی طرف ہجرت کر کے آتے تھے ان میں حضرت عمر اور ان کے علاوہ اکثر مہاجرین تھے کیونکہ یہ ان سے زیادہ قاری تھے۔

6250 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ،

حضرت قاسم بن محمد بن ابوبکر سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ زوجہ نبی ﷺ نے بتایا کہ حضرت سہلہ

أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، أَنَّ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَتْهُ أَنَّ سَهْلَةَ بِنْتَ سُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو جَاءَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ سَالِمًا -لِسَالِمٍ مَوْلَى حُذَيْفَةَ -مَعَنَا فِي بَيْتِنَا، وَقَدْ بَلَغَ مَا يَبْلُغُ الرِّجَالُ، وَقَدْ عَلِمَ مَا يَعْلَمُ الرِّجَالُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَرْضِعِيهِ تَحْرُمِي عَلَيْهِ

بنت سہیل بن عمرو رسول اللہ ﷺ کے پاس آئیں عرض کی: یارسول اللہ! حضرت حذیفہ کا غلام حضرت سالم ہمارے ساتھ گھر میں رہتا ہے وہ مردوں کی طرح بالغ ہے اس کو وہی علم ہے جو مردوں کو علم ہوتا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو تُو دودھ پلادے تُو اس پر حرام ہوجائے گی۔

6251 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَزَّازُ الْبَصْرِيُّ، ثنا أَبُو عَاصِمٍ الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ، أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي زِيَادٍ الْقَدَّاحُ، حَدَّثَنِي الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ امْرَأَةَ أَبِي حُذَيْفَةَ، جَاءَتْ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: إِنَّ سَالِمًا مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ يَدْخُلُ عَلَيَّ، وَأَنَا وَاضِعَةٌ ثَوْبِي، وَأَجِدُ فِي نَفْسِي؟ فَقَالَ: أَرْضِعِيهِ يَذْهَبْ عَنْكَ الَّذِي تَجِدِينَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت ابوحذیفہ کی عورت رسول اللہ ﷺ کے پاس آئی اس نے عرض کی: ابوحذیفہ کا غلام سالم میرے پاس آیا میں نے اپنا کپڑا رکھ لیا اس کے متعلق میں اپنے دل میں جو پاتی ہوں آپ نے فرمایا: تُو اس کو دودھ پلا جو تیرے دل میں اس کے متعلق بات ہے وہ چلی جائے گی۔

6252 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَسْلَمَةَ الْأُمَوِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، وَرَبِيعَةَ بْنِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ سَهْلَةَ بِنْتَ سُهَيْلٍ أَنْ تُرْضِعَ سَالِمًا لِيَذْهَبَ مَا فِي نَفْسِ أَبِي حُذَيْفَةَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے حضرت سہلہ بنت سہیل کو سالم کو دودھ پلانے کا حکم دیا تاکہ جو تُو ابوحذیفہ کے دل میں پاتی ہے وہ چلا جائے گا۔

6251- أورد نحوه أحمد في مسنده جلد6صفحه249 رقم الحديث: 26158 .

6253 - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ، أنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ: جَاءَتْ سَهْلَةُ بِنْتُ سُهَيْلٍ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي لَأَرَى فِي وَجْهِ أَبِي حُذَيْفَةَ مِنْ أَمْرِ سَالِمٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَرْضِعِيهِ فَقَالَتْ: إِنَّهُ كَبِيرٌ، فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَوَ لَيْسَ أَعْلَمُ أَنَّهُ رَجُلٌ؟ ثُمَّ جَاءَتْ، فَقَالَتْ: وَالَّذِي أَكْرَمَكَ بِمَا أَكْرَمَكَ بِهِ مَا رَأَيْتُ فِي وَجْهِ أَبِي حُذَيْفَةَ شَيْئًا بَعْدُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت سہلہ بنت سہیل حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئیں عرض کی: یارسول اللہ! میں حذیفہ کے غلام کے متعلق بات پاتی ہوں حضور ﷺ نے فرمایا: تُو اس کو دودھ پلا سہلہ نے عرض کی: وہ بڑا ہے! حضور ﷺ نے تبسم فرمایا اور ارشاد فرمایا: مجھے علم ہے کہ وہ مرد ہے؟ پھر حضرت سہلہ آئیں اس نے عرض کی: وہ ذات جس نے آپ کو عزت دی ہے میں نے اس کے بعد ابوحذیفہ کے چہرے پر کوئی شی نہیں پائی ہے۔

6442 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الرَّبِيعُ بْنُ صُبَيْحٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَدِمْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَبِيحَةَ أَرْبَعٍ مَضَيْنَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ مُهِلِّينَ بِالْحَجِّ كُلُّنَا، فَأَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَطُفْنَا بِالْبَيْتِ، وَصَلَّيْنَا وَسَعَيْنَا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، ثُمَّ أَمَرَنَا فَقَصَّرْنَا، ثُمَّ قَالَ: أَحِلُّوا' قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ' حِلُّ مَاذَا؟ قَالَ: حِلُّ مَا يُحِلُّ الْحَلَالَ مِنَ النِّسَاءِ وَالطِّيبِ قَالَ: فَغُشِيَتِ النِّسَاءُ، وَسَطَعَتِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ذوالحجہ کی چار تاریخ کی صبح کو حج کا احرام باندھتے ہوئے رسول کریم ﷺ کے ساتھ مکہ آئے' پس رسول کریم ﷺ نے ہمیں طواف کعبہ' نماز اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کا حکم دیا' پھر حکم دیا تو ہم نے بال کم کروائے' پھر فرمایا: احرام کھول دو! ہم نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کون سی چیز حلال ہوگی؟ فرمایا: عورتوں اور خوشبو وغیرہ میں سے جو بھی حلال ہے' وہ حلال ہوگا۔ راوی کا بیان ہے: بیویوں کے حقوق پورے کیے گئے اور خوشبوؤں کے حُلّے اُٹھے۔ راوی کہتے ہیں: نبی کریم ﷺ کو یہ

الْمَجَامِرُ، قَالَ: وَبَلَغَهُ أَنَّ بَعْضَهُمْ يَقُولُ: أَيَنطَلِقُ أَحَدُنَا إِلَى مِنًى وَذَكَرُهُ يَقْطُرُ مَنِيًّا؟ فَخَطَبَهُمْ، فَحَمِدَ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ، وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا سُقْتُ الْهَدْيَ، وَلَوْ لَمْ أَسُقِ الْهَدْيَ حَلَقْتُ، أَلَا فَخُذُوا مَنَاسِكَكُمْ قَالَ: فَأَقَامَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ، حَتَّى إِذَا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ، وَأَرَادُوا التَّوَجُّهَ إِلَى مِنًى أَهَلُّوا بِالْحَجِّ، قَالَ: كَانَ الْهَدْيُ عَلَى مَنْ وَجَدَ، وَالصِّيَامُ عَلَى مَنْ لَمْ يَجِدْ، وَأَشْرَكَ بَيْنَهُمْ فِي هَدْيِهِمْ، الْجَزُورُ بَيْنَ سَبْعَةٍ، وَالْبَقَرَةُ بَيْنَ سَبْعَةٍ، وَكَانَ طَوَافُهُمْ بِالْبَيْتِ وَسَعْيُهُمْ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ طَوَافًا وَاحِدًا، وَسَعْيًا وَاحِدًا، لِحَجِّهِمْ وَعُمْرَتِهِمْ، وَلَمْ يَذْكُرْ قِصَّةَ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

بات پہنچی کہ بعض کہہ رہے ہیں کہ کیا ہم میں سے کوئی منیٰ جائے گا اس حال میں کہ وہ منی ٹپکا رہا ہوگا؟ تو آپ ﷺ نے ان کو خطبہ دیا' پس اللہ کی حمد وثناء بیان کی پھر فرمایا: میں کوئی حکم دے کر واپس نہیں لیتا' میں جو قربانی لایا ہوں' اگر میں قربانی نہ لایا ہوتا تو میں بھی حلق کرواتا' تم احکامِ حج کیوں نہیں سیکھ لیتے۔ راوی کا بیان ہے: پس ساری قوم احکامِ حج پورے کرنے کو تیار ہوگئی حتیٰ کہ جب آٹھویں ذوالحجہ کا دن آیا اور سب نے منیٰ جانے کا ارادہ کیا تو انہوں نے حج کا احرام باندھا' فرمایا: قربانی اس پر لازم ہے جو قربانی کا جانور پائے اور روزے اس پر ہیں جو قربانی کا جانور نہ پائے' قربانی کے اپنے جانور میں باہم ایک دوسرے کے ساتھ شریک بھی ہو سکتے ہیں' اونٹ میں بھی اور گائے میں بھی سات آدمی شریک ہو سکتے ہیں۔ ایک طواف وہ بیت اللہ شریف کا کریں گے اور صفا ومروہ کی ایک بار سعی کریں گے' اپنی حج اور عمرہ کے لیے انہوں نے حضرت سراقہ بن مالک کے قصہ کا ذکر نہیں کیا۔

6443 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا أَبُو شِهَابٍ مُوسَى بْنُ نَافِعٍ، قَالَ: قَدِمْتُ مَكَّةَ وَأَنَا مُتَمَتِّعٌ بِعُمْرَةٍ، فَقَدِمْنَا قَبْلَ التَّرْوِيَةِ بِثَلَاثَةِ أَيَّامٍ، فَقَالَ لِي أَهْلُ مَكَّةَ: تَصِيرُ الْآنَ حَجَّتُكَ مَكِّيَّةً، فَدَخَلْتُ عَلَى عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ أَسْتَفْتِيهِ، فَقَالَ: حَدَّثَنِي جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّهُ حَجَّ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ سَاقَ

حضرت ابوشہاب موسیٰ بن نافع فرماتے ہیں: میں مکے آیا اس حال میں کہ میں عمرہ کا احرام باندھنے والا تھا۔ پس تین دن آٹھویں ذوالحجہ سے پہلے آئے۔ پس مکہ والوں نے مجھ سے کہا: اب آپ کی حج مکی ہو جائے گی' میں فتویٰ لینے کیلئے حضرت عطاء بن ابورباح کی خدمت میں حاضر ہوا' پس انہوں نے فرمایا: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے مجھے حدیث سنائی کہ

الْبُدْنَ، وَقَدْ أَهَلُّوا بِالْحَجِّ مُفْرَدًا، فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَحِلُّوا مِنْ إِحْرَامِكُمْ بِطَوَافٍ بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، وَأَقِيمُوا حَلَالًا، حَتَّى إِذَا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ فَأَهِلُّوا بِالْحَجِّ، وَاجْعَلُوا الَّذِي قَدِمْتُمْ بِهَا مُتْعَةً، قَالُوا: كَيْفَ نَجْعَلُهَا مُتْعَةً، وَقَدْ سَمَّيْنَا الْحَجَّ؟ فَقَالَ: افْعَلُوا مَا أَمَرْتُكُمْ، فَلَوْلَا أَنِّي سُقْتُ الْهَدْيَ لَفَعَلْتُ مِثْلَ الَّذِي أَمَرْتُكُمْ، وَلَكِنِّي لَا يَحِلُّ مِنِّي حَرَامٌ حَتَّى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهُ، فَفَعَلُوا، وَلَمْ يَذْكُرْ قِصَّةَ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

انہوں نے رسول کریم ﷺ کے ساتھ حج کیا اس دن جس دن وہ قربانی کا جانور ہانک کر لے گئے اس حال میں کہ اُنہوں نے حج مفرد کا احرام باندھا تھا' پس رسول کریم ﷺ نے انہیں فرمایا: بیت اللہ شریف کا طواف اور صفا و مروہ کی سعی کر کے تم احرام کھول دو اور بغیر احرام کے مقیم ہو جاؤ یہاں تک کہ جب آٹھویں ذوالحجہ کا دن آئے تو حج کا احرام باندھو اور جس کے ساتھ تم آئے ہو اسے احرامِ تمتع بنا لو! صحابہ نے عرض کی: ہم اس کو تمتع کیسے بنائیں حالانکہ ہم نے اس کا نام حج رکھا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جو میں نے تمہیں حکم دیا ہے وہ کرو' پس اگر میں قربانی کا جانور نہ لایا ہوتا تو اسی کی مثل کرتا جو میں نے تمہیں حکم دیا ہے لیکن احرام کھولنا مجھے روا نہیں ہے یہاں تک کہ قربانی اپنی جگہ پہنچ جائے۔ پس انہوں نے ایسا ہی کیا' لیکن حضرت سراقہ بن مالک والا قصہ ذکر نہیں فرمایا۔

6444 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَرْبَعٍ خَلَوْنَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ، فَلَمَّا طَافُوا بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اجْعَلُوهَا عُمْرَةً، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ لَبَّوْا بِالْحَجِّ، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ النَّحْرِ طَافُوا بِالْبَيْتِ، وَلَمْ يَطُوفُوا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَلَمْ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ آئے' ذوالحجہ کی چار تاریخیں گزر چکی تھیں' پس جب لوگوں نے طواف کعبہ اور صفا و مروہ کی سعی کر لی تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اس کو عمرہ بنا لو' پس جب آٹھویں ذوالحجہ کا دن آ جائے تو حج (کا احرام باندھ کر) تلبیہ کہو' جب قربانی کا دن ہو تو بیت اللہ شریف کا طواف کرو لیکن صفا و مروہ کی سعی نہ کرو۔ انہوں نے حضرت سراقہ بن مالک کا قصہ ذکر نہیں کیا۔

يَذْكُرُ قِصَّةَ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

6445 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، ح وَعَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَا: قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ صُبْحَ رَابِعَةٍ مُهِلُّونَ بِالْحَجِّ، لَمْ يُخَالِطْهُ شَيْءٌ، فَلَمَّا قَدِمْنَا أَمَرَنَا، فَجَعَلْنَاهَا عُمْرَةً، وَأَنْ نَحِلَّ إِلَى نِسَائِنَا، فَقِيلَتْ فِي ذَلِكَ الْقَالَةُ، قَالَ عَطَاءٌ: قَالَ جَابِرٌ: فَيَرُوحُ أَحَدُنَا إِلَى مِنًى وَذَكَرُهُ يَقْطُرُ مَنِيًّا؟ وَقَالَ جَابِرٌ: فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ خَطِيبًا، فَقَالَ: بَلَغَنِي أَنَّ أَقْوَامًا يَقُولُونَ كَذَا وَكَذَا، وَاللّٰهِ لَأَنَا أَبَرُّ وَأَتْقَى لِلّٰهِ مِنْهُمْ، وَلَوْ أَنِّي اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا أَهْدَيْتُ، وَلَوْلَا أَنَّ مَعِيَ الْهَدْيَ لَأَحْلَلْتُ، فَقَامَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَهِيَ لَنَا أَمْ لِلْأَبَدِ؟ قَالَ: بَلْ لِلْأَبَدِ وَجَاءَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ فَقَالَ: أَحَدُهُمَا يَقُولُ: لَبَّيْكَ بِمَا أَهَلَّ بِهِ النَّبِيُّ، وَقَالَ الْآخَرُ: لَبَّيْكَ بِحَجَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَمَرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُقِيمَ عَلَى إِحْرَامِهِ، وَأَشْرَكَهُ فِي الْهَدْيِ

جابر عن سراقة

حضرت طاؤس اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما دونوں فرماتے ہیں: ذوالحجہ کی چار تاریخ کو رسول کریم ﷺ اور آپ ﷺ کے صحابہ کرام (مکہ) آئے، حج کا احرام باندھے ہوئے تھے (حج کے ساتھ) آپ ﷺ نے کسی اور شی کی نیت نہیں کی۔ پس جب ہم آئے تو آپ ﷺ نے ہمیں حکم فرمایا۔ پس ہم نے اس کو عمرہ بنالیا اور یہ کہ ہم اپنی بیویوں کو حلال سمجھیں۔ پس اسی سلسلہ میں ایک بات کی گئی۔ حضرت عطاء نے فرمایا: حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پس ہم میں سے کوئی منیٰ کی طرف جا رہا ہو جبکہ اسکے منی کے قطرے گر رہے ہوں؟ پس یہ بات نبی کریم ﷺ کو پہنچ گئی تو آپ خطبہ دیتے ہوئے کھڑے ہوئے، فرمایا: مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ بعض گروہ اس اس طرح کہتے ہیں، قسم بخدا! میں ان سے زیادہ نیکی کی راہ چلنے والا ہوں اور ان سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والا ہوں اور اگر میں کسی کام میں آگے قدم اُٹھالیتا ہوں تو پھر پیچھے نہیں ہٹاتا ہوں، جو ہدایت میں جاری کروں اور اگر میرے ساتھ بھی قربانی کا جانور نہ ہوتا تو میں ضرور احرام کھول دیتا۔ پس حضرت سراقہ بن مالک کھڑے ہوئے اور عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا یہ حکم صرف ہمارے لیے ہے یا ہمیشہ کیلئے؟ فرمایا: بلکہ ہمیشہ کیلئے۔ حضرت علی بن ابوطالب آئے، عرض کی: دو میں سے ایک کہتا ہے: میں نے اس چیز کے ساتھ احرام باندھا جس کے ساتھ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے احرام باندھا اور دوسرا کہتا ہے: میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرح حج کا احرام باندھا' پس ان کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا کہ وہ اپنے احرام کی حالت میں مقیم ہوں اور ان کو اپنی قربانی میں شریک فرمایا (جبکہ وہ خود بھی اپنی قربانی لے کر آئے تھے)۔

6446 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَهَلَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَهْلَلْنَا مَعَهُ بِالْحَجِّ خَالِصًا، حَتَّى قَدِمْنَا مَكَّةَ صُبْحَ رَابِعَةٍ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ، فَطُفْنَا بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، ثُمَّ أَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَمْ يَكُنْ مِنَّا سَاقَ هَدْيًا أَنْ يَحِلَّ، قَالَ: وَلَمْ يَعْزِمْ فِي أَمْرِ النِّسَاءِ، قَالَ جَابِرٌ فَقُلْنَا: تَرَكَنَا ' حَتَّى إِذَا لَمْ يَكُنْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ عَرَفَةَ إِلَّا خَمْسُ لَيَالٍ، أَمَرَنَا أَنْ نَحِلَّ ' فَنَأْتِي عَرَفَاتٍ وَالْمَذْيُ يَقْطُرُ مِنْ مَذَاكِيرِنَا، وَلَمْ يَحْلِلْ هُوَ؟ وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ سَاقَ الْهَدْيَ، قَالَ: فَبَلَغَ قَوْلُنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ يَخْطُبُ النَّاسَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ ' وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ ذَكَرَ الَّذِي بَلَغَهُ مِنْ قَوْلِهِمْ، فَقَالَ: لَقَدْ عَلِمْتُمْ أَنِّي أَتْقَاكُمْ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَأَصْدَقُكُمْ وَأَبَرُّكُمْ وَلَوْلَا أَنِّي سُقْتُ الْهَدْيَ لَحَلَلْتُ، وَلَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ خالص حج کا احرام باندھا حتیٰ کہ ہم چار ذوالحجہ کو مکہ آ گئے' ہم نے بیت اللہ کا طواف اور صفا و مروہ کی سعی کی' پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم فرمایا: ہم میں سے جو شخص قربانی کا جانور ساتھ نہیں لایا' وہ احرام کھول دے لیکن عورتوں کے معاملے میں عزم نہ کرے۔ حضرت جابر فرماتے ہیں: پس ہم نے (آپس میں) کہا: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں چھوڑ دیا حتیٰ کہ جب نویں ذوالحجہ سے پانچ راتیں باقی رہ گئیں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں حکم دیا کہ ہم احرام کھول دیں۔ پس ہم عرفات کے میدان کی طرف اس حال میں آئیں کہ ہماری منی کے قطرے گر رہے ہوں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود احرام نہیں کھولا؟ اس وجہ سے ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قربانی کا جانور لے کر آئے تھے' فرماتے ہیں: یہ بات رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو معلوم ہوگئی تو آپ لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے کھڑے ہوئے' پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ کی حمد و ثناء کی پھر اس بات کا تذکرہ کیا جو لوگوں کی طرف سے آپ کو معلوم ہوئی تھی' اس کے بعد فرمایا: میں تم سے

أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا أَهْدَيْتُ قَالَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: فَسَمِعْنَا وَأَطَعْنَا، فَحَلَلْنَا قَالَ اللَّيْثُ: يُرِيدُ الْمُتْعَةَ، وَلَمْ يَذْكُرِ اللَّيْثُ قِصَّةَ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

زیادہ اللہ سے ڈرنے والا تم سے زیادہ سچا اور تم سے زیادہ نیکی اختیار کرنے والا ہو اور اگر میں بھی قربانی کا جانور ساتھ نہ لایا ہوتا تو میں ضرور احرام کھول دیتا' اگر میں کسی کام میں آگے بڑھتا ہوں تو پیچھے نہیں ہٹتا جو ہدایت میں دیتا ہوں۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پس ہم نے سن کر اطاعت کی' پس ہم نے احرام کھول دیئے۔ حضرت لیث فرماتے ہیں: وہ حج تمتع کا ارادہ رکھتے تھے۔ حضرت لیث نے حضرت سراقہ بن مالک کے قصہ کا ذکر نہیں کیا۔

جابر عن سراقة

6447 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ الْقَاضِي، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، وَابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَدِمْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ صَبِيحَةَ رَابِعَةٍ، فَأَمَرَنَا أَنْ نَحِلَّ، فَقُلْنَا: أَيُّ الْحِلِّ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ؟ قَالَ: أَحِلُّوا الْحِلَّ كُلَّهُ، قُلْنَا: نَغْدُو إِلَى مِنًى وَأَحَالِيلُنَا تَقْطُرُ مَنِيًّا، قَالَ: أَحِلُّوا الْحِلَّ كُلَّهُ، فَلَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ لَصَنَعْتُ مِثْلَ الَّذِي صَنَعْتُمْ قَالَ: فَأَحْلَلْنَا وَأَتَيْنَا النِّسَاءَ، وَلَمْ يَذْكُرِ ابْنُ عُيَيْنَةَ قِصَّةَ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: چار ذوالحجہ کو ہم رسول کریم ﷺ کی معیت میں مکہ آئے' پس آپ ﷺ نے ہمیں حکم دیا کہ ہم احرام کھول دیں' ہم نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! یہ کیسا احرام کھولنا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: مکمل احرام کھولنا ہے' یعنی ہر چیز حلال ہوگی۔ ہم نے (آپس میں) کہا: کل ہم نے منیٰ جانا ہے' حال یہ ہوگا کہ ہمارے احلیلے منی کے قطرے گرا رہے ہوں گے۔ (پس جو بھی ہو) آپ ﷺ نے فرمایا: تم پر ہر چیز حلال ہے۔ پس اگر میں کوئی حکم جاری کر دوں تو اسے واپس نہیں لیتا' میں بھی وہی کام کرتا جو تم نے کیا ہے' (اگر میں قربانی کا جانور نہ لایا ہوتا)۔ راوی کہتے ہیں: ہم نے احرام کھول دیئے' ہم نے اپنی بیویوں کے حقوق پورے کیے لیکن حضرت ابن عیینہ نے حضرت سراقہ بن مالک کا قصہ ذکر نہیں کیا۔

6448 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، ثنا حَسَّانُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: أَذَّنَ فِينَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَجِّ، فَخَرَجَ، حَتَّى إِذَا قَدِمْنَا الْمَسْجِدَ عِنْدَ الشَّجَرَةِ نَزَلَ وَنَزَلْنَا، ثُمَّ رَكِبْنَا فَوَقَفْنَا نَنْتَظِرُ حَتَّى رَكِبَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ طَافَ وَطُفْنَا، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ قَرَأَ فِيهِمَا قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ ثُمَّ طُفْنَا بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، حَتَّى إِذَا كُنَّا عِنْدَ الْمَرْوَةِ، قَالَ مَنْ لَمْ يَكُنْ أَهْدَى فَلْيَحِلَّ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، نَوَيْنَا الْحَجَّ قَالَ: دَخَلَ الْحَجُّ فِي الْعُمْرَةِ، فَأَصَبْنَا النِّسَاءَ وَالطِّيبَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا وَبَيْنَنَا وَبَيْنَ أَنْ نَأْتِيَ مِنًى أَرْبَعَةُ أَيَّامٍ، فَنَأْتِي مِنًى وَمَذَاكِيرُنَا تَقْطُرُ مِنْ نِسَائِنَا؟ فَقَامَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ، فَقَالَ: أَنْبِئْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَقَوْمٍ إِنَّمَا وُلِدُوا الْيَوْمَ، قَالَ: إِنَّ الْحَجَّ قَدْ دَخَلَ فِي الْعُمْرَةِ قَالَ: لَنَا؟ أَمْ لِلْأَبَدِ؟ قَالَ: لَا بَلْ لِلْأَبَدِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ہمارے اندر حج کا اعلان فرمایا' پس آپ ﷺ نکلے یہاں تک کہ جب ہم درخت کے پاس مسجد میں پہنچے تو آپ ﷺ بھی اُترے اور ہم بھی (اپنی سواریوں سے) اترے' پھر ہم سوار ہوئے اور انتظار کرنے کیلئے کھڑے ہو گئے حتیٰ کہ آپ ﷺ سوار ہوئے' پس جب ہم مکہ پہنچے تو آپ ﷺ نے طواف کیا' ہم نے بھی طواف کیا اور دو رکعتیں پڑھیں' آپ ﷺ نے ان رکعتوں میں قل یا ایھا الکافرون اور قل ھواللہ احد پڑھی' پھر ہم نے صفا و مروہ کی سعی کی یہاں تک کہ جب ہم مروہ کے پاس تھے' تو آپ نے فرمایا: جو قربانی نہیں لایا وہ احرام کھول دے۔ پس ہم نے کہا: اے اللہ کے رسول! ہم نے حج کی نیت کی تھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: حج' عمرہ میں داخل ہو چکا ہے۔ پس ہم نے اپنی بیویوں کے حقوق ادا کیے اور خوشبو لگائی' پس جب ہم آئے تو ہمارے منیٰ جانے کو صرف چار دن باقی تھے۔ (ہم نے کہا:) ہم اس حال میں منیٰ آئیں گے کہ ہمارے عضو مخصوص سے منی گر رہی ہوگی؟ پس حضرت سراقہ بن مالک نے کھڑے ہو کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہمیں اچھی طرح آگاہ فرمائیے! (اس معاملے میں ہم) اس قوم کی مانند ہیں جو آج پیدا ہوئی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: حج' عمرہ میں داخل ہے۔ انہوں نے عرض کی: صرف ہمارے لیے یا ہمیشہ کیلئے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: بلکہ ہمیشہ کیلئے۔

6449 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ أَبِي بِشْرٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بن عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَدِمْنَا مُهِلِّينَ بِالْحَجِّ، فَأَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَجْعَلَهَا عُمْرَةً، وَنَحِلَّ، وَكَانَ مَعَهُ الْهَدْيُ، فَلَمْ يَسْتَطِعْ أَنْ يَجْعَلَهَا عُمْرَةً، وَلَمْ يَذْكُرْ أَبُو بِشْرٍ فِي حَدِيثِهِ قِصَّةَ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حج کا احرام باندھ کر آئے تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ ہم اس کو عمرہ بنالیں اور احرام کھول دیں' حضور ﷺ کے پاس اپنی قربانی تھی' پس آپ ﷺ اسے عمرہ نہیں بنا سکتے تھے اور حضرت ابوبشر نے حضرت سراقہ بن مالک کا قصہ بیان نہیں کیا۔

6450 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ سِنَانٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الشَّهِيدِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: لَمَّا قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ قَالَ لِأَصْحَابِهِ: بِأَيِّ شَيْءٍ أَهْلَلْتُمْ؟ فَمِنْهُمْ مَنْ قَالَ: بِالْحَجِّ، وَمِنْهُمْ مَنْ قَالَ: بِالْعُمْرَةِ، وَمِنْهُمْ مَنْ قَالَ: بِالَّذِي أَهْلَلْتَ بِهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ ' قَالَ: فَأَحِلُّوا جَمِيعًا إِلَّا مَنْ سَاقَ الْهَدْيَ فَإِنِّي لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا سُقْتُ الْهَدْيَ حَتَّى أَكُونَ مَعَكُمْ حَلَالًا ' قَالَ: وَسَاقَ مِائَةَ بَدَنَةٍ لِيُقَلِّدَهُ وَلَمْ يَذْكُرْ مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ قِصَّةَ سُرَاقَةَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حجۃ الوداع کے موقعہ پر جب رسول کریم ﷺ مکہ آئے تو آپ ﷺ نے اپنے صحابہ کرام سے فرمایا: تم نے کس چیز کا احرام باندھا تھا؟ پس ان میں سے بعض نے عرض کی: حج کا۔ بعض نے عرض کی: عمرہ کا' اور بعض نے عرض کی: جس چیز کے ساتھ آپ نے احرام باندھا تھا (ہم نے بھی اسی چیز کے ساتھ احرام باندھا) اے اللہ کے رسول! آپ ﷺ نے فرمایا: سارے احرام کھول دو مگر وہ لوگ جو قربانی کا جانور ساتھ لے کر آئے ہیں' اگر میں کسی کام میں آگے قدم اُٹھالیتا ہوں تو پھر پیچھے نہیں رکھتا' میں قربانی اک جانور ساتھ نہ لایا تو میں بھی تمہارے ساتھ ہی احرام کھولنے والا ہوتا۔ راوی کا بیان ہے: آپ ﷺ سو اونٹ ساتھ لائے تھے تاکہ اس کو قلادہ ڈالیں اور حضرت محمد بن سلمہ نے سراق بن مالک کا قصہ بیان نہیں کیا۔

6451 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ، عَنْ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جس سال آپ ﷺ نے حج کیا' میں رسول

خُصَيْفٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَمَّا قَدِمْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّتِهِ، فَسَأَلَ النَّاسَ: بِمَ أَحْرَمْتُمْ؟ قَالَ نَاسٌ: أَهْلَلْنَا بِالْحَجِّ، وَقَالَ آخَرُونَ: قَدِمْنَا مُتَمَتِّعِينَ، وَقَالَ آخَرُونَ: أَهْلَلْنَا بِإِهْلَالِكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ قَدِمَ وَلَمْ يَسُقْ هَدْيًا فَلْيَحْلِلْ، فَإِنِّي لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ لَمْ أَسُقِ الْهَدْيَ حَتَّى أَكُونَ حَلَالًا، فَقَالَ لَهُ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عُمْرَتُنَا هَذِهِ لِعَامِنَا؟ أَمْ لِلْأَبَدِ؟ قَالَ: لَا، بَلْ لِلْأَبَدِ

کریم ﷺ کے ساتھ آیا' پس لوگوں سے آپ ﷺ نے سوال کیا: تم نے کس چیز کے ساتھ احرام باندھا تھا؟ کچھ لوگوں نے عرض کی: ہم نے حج کا احرام باندھا' کچھ دوسرے لوگوں نے عرض کی: ہم حج تمتع کرنے کے لیے آئے' اور کچھ لوگوں نے یہ بھی عرض کی کہ جس چیز کا حرام آپ نے باندھا' اسی کا ہم نے بھی باندھا' اے اللہ کے رسول! پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جو آیا اور اپنا قربانی کا جانور نہیں لایا وہ احرام کھول لے کیونکہ میں جب ایک کام کیلئے آگے قدم بڑھاتا ہوں تو پیچھے نہیں رکھتا' میں قربانی نہ لاتا تو احرام کھول دیتا۔ پس حضرت سراقہ بن مالک نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہمارا یہ عمرہ اسی سال کیلئے ہے؟ یا ہمیشہ کیلئے؟ فرمایا: نہیں! بلکہ ہمیشہ کیلئے۔

6452 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ سُرَاقَةَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ عُمْرَتُنَا هِيَ لَنَا خَاصَّةً، أَمْ لِلْأَبَدِ؟ قَالَ: لَا، بَلْ لِلْأَبَدِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت سراقہ بن مالک نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہمارا یہ عمرہ ہمارے ساتھ خاص ہے یا ہمیشہ کیلئے ہے؟ فرمایا: نہیں! بلکہ ہمیشہ کیلئے ہے۔

6453 - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أنا خَالِدٌ، عَنِ الْمُثَنَّى بْنِ الصَّبَّاحِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَدِمْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نُرِيدُ إِلَّا الْحَجَّ، فَأَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْيٌ أَنْ يَجْعَلَهَا عُمْرَةً،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول کریم ﷺ کے ساتھ آئے' ہمارا ارادہ حج کرنے کا ہی تھا' تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جس کے ساتھ قربانی کا جانور نہیں ہے وہ اس کو عمرہ بنا لے۔ پس لوگوں پر یہ بات گراں گزری۔ حضرت طلحہ بن عبیداللہ کے پاس قربانی کا جانور تھا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ یمن سے

فَاشْتَدَّ ذَلِكَ عَلَى النَّاسِ، وَكَانَ مَعَ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ هَدْيٌ، وَقَدِمَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ مِنَ الْيَمَنِ، فَسَأَلَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِمَ أَهْلَلْتَ؟ قَالَ: بِمَا أَهْلَلْتَ بِهِ، وَكَانَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَدْيٌ وَمِائَةُ هَدْيٍ، فَقَالَ سُرَاقَةُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَحَجَّتُنَا هَذِهِ لِعَامِنَا أَمْ لِلْأَبَدِ؟ قَالَ: لَا، بَلْ لِلْأَبَدِ

تشریف لائے' پس رسول کریم ﷺ نے ان سے دریافت فرمایا: آپ نے کس چیز کا احرام باندھا؟ عرض کی: جس چیز کا آپ نے باندھا' جبکہ رسول کریم ﷺ ایک قربانی کا جانور (ان کے لیے) اور سو قربانی کے جانور (اپنے لیے) لائے تھے۔ پس حضرت سراقہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا ہمارا یہ حج' ہمارے اس سال کیلئے ہے (آئندہ سال اور کرنا پڑے گا) یا ہمیشہ کیلئے ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہمیشہ کیلئے ہے۔

6454 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا كَثِيرُ بْنُ يَحْيَى أَبُو مَالِكٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ اللَّيْثِيُّ، ثنا عَطَاءُ بْنُ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِخَمْسٍ بَقِينَ مِنْ ذِي الْقَعْدَةِ، فَدَخَلْنَا مَكَّةَ لِأَرْبَعٍ مَضَيْنَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ، فَقَالَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ: يَا رَسُولَ اللَّهِ هَذِهِ الْمُتْعَةُ لَنَا خَاصَّةً أَمْ لِلْأَبَدِ؟ قَالَ: لَا، بَلْ لِلْأَبَدِ، دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ذوالقعدہ کے پانچ دن باقی تھے' ہم رسول کریم ﷺ کے ساتھ نکلے' ذوالحجہ کے چار دن گزر چکے تھے' ہم مکہ میں داخل ہوئے۔ پس حضرت سراقہ بن مالک نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا یہ نفع (حج تمتع) ہمارے ساتھ خاص ہے یا ہمیشہ کیلئے ہے؟ فرمایا: نہیں! بلکہ ہمیشہ کیلئے ہے' قیامت کے دن تک کیلئے عمرہ' حج میں داخل ہے۔

6455 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمُنْذِرِ الطَّرِيقِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: أَهْلَلْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَدِمْنَا مَكَّةَ لِأَرْبَعٍ خَلَوْنَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ، فَأَمَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول کریم ﷺ کے ساتھ احرام باندھا تو مکہ پہنچے' جب ذوالحجہ کے چار دن گزر چکے تھے' پس رسول کریم ﷺ نے ہمیں حکم دیا کہ ہم احرام کھول دیں اور اس کو عمرہ بنا لیں۔ پس ہم نے مکمل طور پر احرام کھول دیئے' پس ہم کعبہ شریف کا طواف اور صفا و مروہ کی سعی

لِلّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَحِلَّهَا وَنَجْعَلَهَا عُمْرَةً، فَأَحْلَلْنَا الْحِلَّ كُلَّهُ، فَطُفْنَا بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ حَتَّى، إِذَا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ أَمَرَنَا فَأَهْلَلْنَا بِالْحَجِّ، فَقَالَ بَعْضُنَا لِبَعْضٍ: خَرَجْنَا مِنْ أَرْضِنَا ' حَتَّى إِذَا لَمْ يَكُنْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مِنًى إِلَّا أَرْبَعٌ ' نَخْرُجُ وَمَذَاكِيرُنَا تَقْطُرُ مَنِيًّا؟ فَبَلَغَ ذَلِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ' فَقَالَ: أَتَتَّهِمُونِي وَأَنَا أَمِينُ أَهْلِ السَّمَاءِ وَأَهْلِ الْأَرْضِ؟ أَمَا إِنِّي لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا كَانَ الْهَدْيُ إِلَّا مِنْ مَكَّةَ وَلَمْ يَذْكُرْ قِصَّةَ سُرَاقَةَ

کر چکے تھے یہاں تک کہ جب آٹھویں ذوالحجہ کا دن آیا تو ہم نے آپ ﷺ کے حکم سے حج کا احرام باندھا۔ پس ہم سے بعض نے بعض سے کہا: ہم اپنے وطن سے نکلے یہاں تک کہ جب منیٰ جانے کو ہمیں چار دن باقی رہ گئے تو (اب) ہم اس حال میں نکلیں گے کہ ہمارے عضو مخصوص سے منی گر رہی ہو گی؟ پس یہ بات رسول کریم ﷺ تک پہنچ گئی' آپ ﷺ نے فرمایا: تم مجھے متہم کرتے ہو حالانکہ میں آسمان و زمین والوں کا امین ہوں؟ بہرحال بے شک میں اگر کسی معاملے میں قدم آگے بڑھاتا ہوں تو پیچھے نہیں ہٹاتا ہوں' قربانی نہیں ہے مگر مکہ سے اور انہوں نے حضرت سراقہ بن مالک والا قصہ ذکر نہیں کیا۔

حَدَّثَنَا وَرْدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ لَبِيدٍ الْبَيْرُوتِيُّ، ثنا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

ایک دوسری سند کے ساتھ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے اسی کی مثل حدیث روایت کی ہے۔

6456 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ الْخَطِيبُ الْأَهْوَازِيُّ، ثنا حَفْصُ بْنُ عَمْرٍو الرَّبَالِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ، ثنا رَبَاحُ بْنُ أَبِي مَعْرُوفٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ سُرَاقَةَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، الْعُمْرَةُ لِعَامِنَا هَذَا ' أَمْ لِلْأَبَدِ؟ قَالَ: لَا بَلْ لِلْأَبَدِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت سراقہ بن مالک نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! عمرہ ہمارے اس سال کیلئے ہے یا ہمیشہ کیلئے ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! بلکہ ہمیشہ کیلئے ہے۔

6457 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سراقہ بن مالک بن جعشم نے کھڑے ہو کر عرض کی:

التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، وَعُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالُوا: ثنا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَامَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، فَقَالَ: عُمْرَتُنَا لِعَامِنَا هَذَا، أَمْ لِأَبَدٍ أَبَدٍ؟ فَشَبَّكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَصَابِعَهُ وَاحِدَةً فِي الْأُخْرَى، وَقَالَ: دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ مَرَّتَيْنِ، لَا بَلْ لِأَبَدِ أَبَدٍ

اے اللہ کے رسول! کیا ہمارا عمرہ ہمارے اس سال کیلئے ہے یا ہمیشہ کیلئے؟ پس رسول کریم ﷺ نے اپنی انگلیوں میں سے ایک کو دوسری میں داخل کیا اور فرمایا: عمرہ حج میں داخل ہے عمرہ حج میں داخل ہے (صرف اس سال کیلئے) نہیں بلکہ ہمیشہ کیلئے۔

عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

عروہ بن زبیر حضرت سراقہ بن مالک سے روایت کرتے ہیں

6458 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّهُ جَاءَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي وَجَعِهِ، فَقَالَ: أَرَأَيْتَ الضَّالَّةَ تَرِدُ عَلَى حَوْضِ إِبِلِي هَلْ لِي أَجْرٌ إِنْ سَقَيْتُهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، فِي الْكَبِدِ الْحَارَّةِ أَجْرٌ

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں آئے اس حال میں کہ آپ درد کی حالت میں تھے عرض کی: آپ کیا فرماتے ہیں کہ اگر کسی کی گم شدہ اونٹنی میرے اونٹوں کے حوض پر آ کر پانی پئے تو کیا میرے لیے اجر ہوگا؟ فرمایا: جی ہاں! ہر گرم جگر والی چیز میں اجر ہے (یعنی جس کو بھی پیاس لگتی ہے)۔

مُجَاهِدٌ عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

حضرت مجاہد حضرت سراقہ بن مالک سے روایت کرتے ہیں

6459 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَنَعْمَلُ عَلَى مَا قَدْ جَفَّ

حضرت مجاہد سے مروی ہے کہ حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا ہم عمل کرتے رہیں اس پر جس کے ساتھ قلم خشک ہو چکا ہے اور تقدیر جاری ہو چکی ہے یا

بِهِ الْقَلَمُ ' وَجَرَتْ بِهِ الْمَقَادِيرُ أَوْ لِأَمْرٍ مُسْتَقْبَلٍ؟ قَالَ: يَا سُرَاقَةُ اعْمَلْ لِمَا جَفَّ بِهِ الْقَلَمُ ' وَجَرَتْ بِهِ الْمَقَادِيرُ، فَإِنَّ كُلًّا مُيَسَّرٌ

ایسے امر کیلئے جو آنے والا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے سراقہ! اس کے ساتھ عمل کرو جس کے ساتھ قلم خشک ہو چکا ہے اور تقدیر جاری ہو چکی ہے کیونکہ ہر عمل آسان کر دیا گیا ہے۔

عَلِيُّ بْنُ رَبَاحٍ عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

علی بن رباح' حضرت سراقہ بن مالک سے روایت کرتے ہیں

6460 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، ثنا مُوسَى بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ جُعْشُمٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا سُرَاقَةُ أَلَا أُخْبِرُكَ بِأَهْلِ الْجَنَّةِ ' وَأَهْلِ النَّارِ؟ فَقَالَ: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: أَمَّا أَهْلُ النَّارِ ' فَكُلُّ جَعْظَرِيٍّ جَوَّاظٍ مُسْتَكْبِرٍ، وَأَمَّا أَهْلُ الْجَنَّةِ فَالضُّعَفَاءُ الْمَغْلُوبُونَ

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے سراقہ! کیا میں تجھے خبر نہ دوں کہ جنتی کون ہیں اور جہنم والے کون ہیں؟ انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیوں نہیں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جہاں تک بات ہے جہنمیوں کی تو ہر متکبر اور جنت والے پس وہ کمزور اور وہ لوگ جن پر غلبہ پایا گیا ہے۔

6461 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، وَجَعْفَرُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ سِنَانٍ الْوَاسِطِيُّ، قَالَا: ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ الْعُرُوقِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، ثنا مُوسَى بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ كُنْتُ آمِرًا أَحَدًا أَنْ يَسْجُدَ لِأَحَدٍ لَأَمَرْتُ الْمَرْأَةَ أَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر میں کسی کو حکم دیتا کہ وہ کسی دوسرے کو سجدہ کرے تو میں عورت کو حکم دیتا کہ وہ اپنے خاوند کو سجدہ کرے۔

6462 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ الرَّقِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ الْعَوَقِيُّ، ثنا

حضرت موسیٰ بن علی بن رباح فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد گرامی کو ذکر کرتے ہوئے سنا: حضرت

مُوسَى بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا آدَمُ بْنُ أَبِي إِيَاسٍ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثنا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُلَيِّ بْنِ رَبَاحٍ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مُوسَى بْنِ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يَذْكُرُ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَلَا أَدُلُّكَ عَلَى أَفْضَلِ الصَّدَقَةِ، ابْنَتُكَ مَرْدُودَةٌ إِلَيْكَ، لَيْسَ لَهَا كَاسِبٌ غَيْرُكَ

سراقہ بن مالک سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہاری راہنمائی نہ کروں کہ سب سے زیادہ فضیلت والا صدقہ کون سا ہے؟ تیری وہ بیٹی جو تیری طرف لوٹا دی جائے اور تیرے سوا اس کا کمانے والا کوئی نہ ہو۔

6463 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَابِهْرَامَ الْأَيْذَجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا شَاهِينُ بْنُ حَيَّانَ، أَخُو فَهْدٍ، ثنا مُوسَى بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ: أَلَا أُخْبِرُكَ بِأَعْظَمِ الصَّدَقَةِ، إِنَّ مِنْ أَعْظَمِ الصَّدَقَةِ أَجْرًا ابْنَتُكَ، مَرْدُودَةٌ إِلَيْكَ، لَيْسَ لَهَا كَاسِبٌ غَيْرُكَ

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ان سے فرمایا: کیا میں تیری راہنمائی سب سے بڑے صدقہ پر نہ کروں؟ بے شک سب سے بڑا صدقہ اجر کے لحاظ سے وہ ہے، تیرا اپنی اس بیٹی پر خرچ کرنا جو تیری طرف واپس کر دی گئی ہو اور اس کا کمانے والا کوئی نہ ہو۔

طَاوُسٌ عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

طاؤس، حضرت سراقہ بن مالک سے روایت کرتے ہیں

6464 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أَخْبَرَنِي قَيْسُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ الْمُدْلِجِيِّ، أَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ،

حضرت سراقہ بن مالک مدلجی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا میں کوئی ایسا عمل کروں جس سے فراغت حاصل کر لی گئی ہے یا ہم نئے سرے سے عمل کریں؟ آپ ﷺ

أَنَعْمَلُ شَيْئًا قَدْ فُرِغَ مِنْهُ، أَمْ نَسْتَأْنِفُ الْعَمَلَ؟ قَالَ: بَلْ لِعَمَلٍ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَفِيمَ الْعَمَلُ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلٌّ مُيَسَّرٌ لَهُ عَمَلُهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، الْآنَ الْجِدُّ، الْآنَ الْجِدُّ

نے فرمایا: بلکہ اس کام کیلئے کوشش کرو جس سے فراغت پالی گئی ہے۔ عرض کی: اے اللہ کے رسول! پھر عمل کس چیز میں ہوگا؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ہر آدمی کیلئے اس کا کام آسان بنا دیا گیا ہے، عرض کی: اے اللہ کے رسول! اب کوشش ہے، اب کوشش ہے۔

6465 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ يُوسُفَ الْعُقَيْلِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا حَاتِمُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ النَّمَرِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ الضَّالُّ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ طَاوُسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا حَجَّ قَامَ إِلَيْهِ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، افْعَلْ بِنَا فِعْلَ قَوْمٍ كَأَنَّمَا وُلِدُوا الْيَوْمَ، فَلَمَّا أَتَوُا الْبَيْتَ أَمَرَهُمْ فَطَافُوا بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، ثُمَّ قَامَ فِي أَعْلَى الْوَادِي، فَخَطَبَهُمْ فَقَالَ: دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت طاؤس سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے حج فرمایا تو حضرت سراقہ بن مالک اُٹھ کر آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہمارے ساتھ وہی سلوک فرمائیں جو ایسے گروہ کے ساتھ کیا جاتا ہے جو گویا کہ آج پیدا ہوا ہے، پس جب وہ بیت اللہ آئے تو آپ ﷺ نے لوگوں کو حکم دیا کہ کعبہ کا طواف اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کر لیں، پھر وادی کی بلند جگہ کھڑے ہو کر فرمایا: قیامت کے دن تک عمرہ، حج میں داخل ہو چکا ہے۔

6466 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ يُوسُفَ، قَالَا: ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا إِنَّ الْعُمْرَةَ قَدْ دَخَلَتْ فِي الْحَجِّ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ.

حضرت سراقہ بن مالک بن جعشم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: خبردار! بے شک عمرہ قیامت کے دن تک حج میں داخل ہو چکا ہے۔

6467 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ،

حضرت سراقہ بن مالک بن جعشم رضی اللہ عنہ

وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيَّانِ قَالَا: ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا ابْنُ أَبِي عُتْبَةَ، عَنْ إِدْرِيسَ الْأَوْدِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ الزَّرَّادِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، قَالَ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَطْحَاءِ فَقَالَ: دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

فرماتے ہیں کہ بطحا وادی میں رسول کریم ﷺ نے ہمیں خطبہ دیا اور فرمایا: عمرہ قیامت کے دن تک حج میں داخل ہوگیا ہے۔

النَّزَّالُ بْنُ سَبْرَةَ عَنْ سُرَاقَةَ

نزال بن سبرہ' حضرت سراقہ سے روایت کرتے ہیں

6468 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو الْأَشْعَثِيُّ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا دَاوُدُ بْنُ يَزِيدَ الْأَوْدِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنِ النَّزَّالِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، قَالَ: أَهَلَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ جَمِيعًا، فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت سراقہ بن مالک بن جعشم فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے حج و عمرہ دونوں کا احرام اکٹھے باندھا' پس میں نے آپ ﷺ سے سماع کیا' آپ ﷺ فرما رہے تھے: عمرہ قیامت کے دن تک حج میں داخل ہوگیا ہے۔

عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ عَنْ عَمِّهِ سُرَاقَةَ

عبدالرحمٰن بن کعب بن مالک بن جعشم اپنے چچا حضرت سراقہ سے روایت کرتے ہیں

6469 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول کریم ﷺ کی مرضِ مرگ میں آپ ﷺ

بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، عَنْ عَمِّهِ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَرَضِهِ الَّذِي قَبَضَهُ اللّٰهُ فِيهِ، فَسَأَلْتُهُ، فَمَا سَأَلْتُهُ عَنْ شَيْءٍ إِلَّا أَخْبَرَنِيهِ، حَتَّى إِنِّي لَأَذْكُرُ شَيْئًا اللَّيْلَةَ فِيمَا أَذْكُرُهُ، قَالَ: فَكَانَ مِمَّا سَأَلْتُهُ عَنْهُ أَنْ قُلْتُ لَهُ: أَرَأَيْتَ الرَّجُلَ يُفْرِغُ فِي حَوْضِهِ، فَتَرِدُ عَلَيْهِ الْهَمَلُ مِنَ الْإِبِلِ وَالضَّالَّةُ، أَلَهُ أَجْرٌ فِي أَنْ يَسْقِيَهَا؟ فَقَالَ: لَكَ فِي كُلِّ كَبِدٍ حَرَّى أَجْرٌ

کی خدمت میں حاضر ہوا جس میں اللہ تعالیٰ نے آپ کی روح قبض فرمائی' پس میں نے آپ ﷺ سے دریافت کیا: پس میں نے آپ ﷺ سے جس شئی کے بارے بھی پوچھا تو آپ ﷺ نے ہمیشہ مجھے بتایا ہے' حتیٰ کہ میں اس رات میں کسی شئی کا ذکر کرتا ہوں' اس چیز میں جو میں ذکر کرتا ہوں' فرماتے ہیں: جو میں نے آپ ﷺ سے سوال کیا' وہ یہ تھا کہ میں نے آپ ﷺ کی خدمت میں عرض کی: آپ کا کیا خیال ہے کہ آدمی اپنے حوض میں ڈول بھرے تو اس کے پاس اونٹوں میں سے آزاد چھوڑے ہوئے اور گم شدہ اونٹنی (سارے مل کر پی لیں) کیا اس کیلئے اس اونٹنی کو پلانے میں اجر ہوگا؟ فرمایا: اجر ہے تیرے لیے ہر گرم جگر رکھنے والی چیز میں۔

حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، ثنا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ عَمِّهِ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَرَضِهِ الَّذِي قَبَضَهُ اللّٰهُ فِيهِ فَذَكَرَ مِثْلَهُ

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں رسول کریم ﷺ کی اس بیماری کے دوران حاضر خدمت ہوا' جس میں اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کی جان قبض فرمائی' اس کے بعد اسی طرح کی حدیث ذکر کی۔

كَعْبُ بْنُ مَالِكِ بْنُ جُعْشُمٍ عَنْ أَخِيهِ سُرَاقَةَ

حضرت کعب بن مالک بن جعشم اپنے بھائی حضرت سراقہ سے روایت کرتے ہیں

6470 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت

صَالِحٍ، ثنا حَسَّانُ بْنُ غَالِبٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنِي يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيهِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّهُ سَأَلَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الضَّالَّةِ تَرِدُ عَلَى حَوْضِهِ، هَلْ لَهُ فِيهَا أَجْرٌ إِنْ أَشْبَعَهَا؟ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ فِي كُلِّ ذَاتِ كَبِدٍ حَرَّى أَجْرٌ

ہے کہ اُنہوں نے رسول کریم ﷺ سے دریافت کیا اس گم شدہ جانور کے بارے میں جو کسی آدمی کے حوض پر وارد ہو (اور وہ اسے پانی پلائے) کیا اس کیلئے اجر ہے' اگر وہ اس کو خوب سیر کر کے پلائے؟ تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ہرگرم جگر رکھنے والی چیز میں اجر ہے۔

6471 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ كَعْبٍ الْمُدْلِجِيُّ، أَنَّ أَبَاهُ، أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ سُرَاقَةَ يَقُولُ: جَاءَتْنَا رُسُلُ كُفَّارِ قُرَيْشٍ يَجْعَلُونَ فِي رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبِي بَكْرٍ دِيَةَ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا لِمَنْ قَتَلَهُمَا، أَوْ أَسَرَهُمَا، قَالَ: فَبَيْنَا أَنَا جَالِسٌ فِي مَجْلِسٍ مِنْ مَجَالِسِ قَوْمِي مِنْ بَنِي مُدْلِجٍ أَقْبَلَ رَجُلٌ مِنْهُمْ حَتَّى قَامَ عَلَيْنَا، فَقَالَ: يَا سُرَاقَةُ إِنِّي رَأَيْتُ آنِفًا أَسْوِدَةً بِالسَّاحِلِ، أُرَاهَا مُحَمَّدًا وَأَصْحَابَهُ، قَالَ سُرَاقَةُ: فَعَرَفْتُ أَنَّهُمْ هُمْ، فَقُلْتُ: إِنَّهُمْ لَيْسُوا بِهِمْ، وَلَكِنَّكَ رَأَيْتَ فُلَانًا وَفُلَانًا انْطَلَقُوا بُغَاةً، قَالَ: ثُمَّ مَا لَبِثْتُ فِي الْمَجْلِسِ إِلَّا سَاعَةً، حَتَّى قُمْتُ فَدَخَلْتُ بَيْتِي، فَأَمَرْتُ جَارِيَتِي أَنْ تُخْرِجَ لِي فَرَسِي، وَهِيَ مِنْ وَرَاءِ أَكَمَةٍ تَحْبِسُهَا عَلَيَّ، وَأَخَذْتُ رُمْحِي

حضرت امام زہری سے روایت ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن کعب مدلجی سے روایت ہے کہ ان کے والدگرامی نے ان کو خبر دی کہ انہوں نے حضرت سراقہ کو کہتے ہوئے سنا: کفارِ قریش کے قاصد' ہمارے پاس آئے جو رسول کریم ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ میں سے ہر ایک کی دیت مقرر کرنے والے تھے' اس آدمی کیلئے جو ان دونوں کو قتل کرے یا کم از کم ان کو قید کر کے لائے۔ فرماتے ہیں: اسی دوران کہ میں بنومدلج قبیلے میں سے اپنی قوم کی مجلسوں میں ایک مجلس میں بیٹھا ہوا تھا۔ ان میں سے ایک آدمی آیا یہاں تک کہ ہمارے پاس آ کر کھڑا ہوگیا۔ اس نے کہا: اے سراقہ! میں نے تھوڑی دیر پہلے ساحل سمندر کے ساتھ سائے دیکھے ہیں' میرا خیال ہے کہ وہ ایک محمد ﷺ ہیں اور ان کے صحابہ۔ حضرت سراقہ نے کہا: پس مجھے پتہ چل گیا کہ وہ وہی ہیں' پس میں نے کہا: بے شک وہ' وہ نہیں ہیں بلکہ تُو نے فلاں (نام ذکر کیا) اور فلاں (نام بتایا)

فَخَرَجْتُ بِهِ مِنْ ظَهْرِ الْبَيْتِ، فَخَطَطْتُ بِرُمْحِي فِي الْأَرْضِ، وَخَفَضْتُ عَالِيَةَ الرُّمْحِ، حَتَّى أَتَيْتُ فَرَسِي فَرَكِبْتُهَا فَرَفَعْتُهَا تُقَرِّبُ بِي، حَتَّى رَأَيْتُ أَسْوِدَتَهُمْ، فَلَمَّا دَنَوْتُ مِنْهُمْ حَيْثُ يَسْمَعُونَ الصَّوْتَ عَثَرَتْ بِي فَرَسِي، فَخَرَرْتُ عَنْهَا، فَقُمْتُ فَأَهْوَيْتُ بِيَدِي إِلَى كِنَانَتِي، فَأَخْرَجْتُ مِنْهَا الْأَزْلَامَ، فَاسْتَقْسَمْتُ بِهَا ' أَضُرُّهُمْ؟ أَمْ لَا؟ فَخَرَجَ الَّذِي أَكْرَهُ، أَنْ لَا أَضُرَّهُمْ، فَرَكِبْتُ فَرَسِي ' وَعَصَيْتُ الْأَزْلَامَ، فَرَفَعْتُهَا تُقَرِّبُ بِي مِنْهُمْ أَيْضًا، حَتَّى إِذَا دَنَوْتُ سَمِعْتُ قِرَاءَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ لَا يَلْتَفِتُ، وَأَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُكْثِرُ الِالْتِفَاتَ، سَاخَتْ يَدَا فَرَسِي فِي الْأَرْضِ حَتَّى بَلَغَتِ الرُّكْبَتَيْنِ، فَخَرَرْتُ عَنْهَا، فَزَجَرْتُهَا، فَنَهَضَتْ، فَلَمْ تَكَدْ تَخْرُجُ يَدَاهَا، فَلَمَّا اسْتَوَتْ قَائِمَةً ' إِذْ لِأَثَرِ يَدَيْهَا عُثَانٌ سَاطِعٌ فِي السَّمَاءِ مِنَ الدُّخَانِ، -قَالَ مَعْمَرٌ: قُلْتُ لِأَبِي عَمْرِو بْنِ الْعَلَاءِ: مَا الْعُثَانُ؟ فَسَكَتَ سَاعَةً، ثُمَّ قَالَ: هُوَ الدُّخَانُ مِنْ غَيْرِ نَارٍ، قَالَ مَعْمَرٌ: قَالَ الزُّهْرِيُّ فِي حَدِيثِهِ -فَاسْتَقْسَمْتُ بِالْأَزْلَامِ، فَخَرَجَ الَّذِي أَكْرَهُ أَنْ لَا أَضُرَّهُمَا، فَنَادَيْتُهُمَا بِالْأَمَانِ، فَوَقَفَا، وَرَكِبْتُ فَرَسِي حَتَّى جِئْتُهُمْ، وَقَدْ وَقَعَ فِي نَفْسِي حِينَ لَقِيتُ مِنْهُمْ مَا لَقِيتُ مِنَ الْحَبْسِ عَنْهُمْ، أَنَّهُ سَيَظْهَرُ أَمْرُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ لَهُ: إِنَّ قَوْمَكَ جَعَلُوا فِيكَ

کو دیکھا ہے' وہ باغی بن کر نکلے ہیں۔ حضرت سراقہ کہتے ہیں: پھر میں مجلس میں صرف ایک گھڑی ٹھہرا یہاں تک کہ کھڑا ہوا' اپنے گھر میں داخل ہو کر اپنی لونڈی کو حکم دیا کہ میرے لیے میرا گھوڑا نکالے جبکہ وہ ٹیلوں کے پیچھے میرے لیے روک کر کھڑی ہو گئی' میں نے اپنا نیزہ پکڑا' پس میں وہ لے کر اپنے گھر کے پیچھے سے نکلا' پس میں نے اپنے نیزے کے ساتھ زمین میں لکیر ماری اور نیزے کا اوپر والا سرا نیچے کیا حتیٰ کہ میں اپنے گھوڑے کے پاس آیا' پس میں اس پر سوار ہوا' میں نے اس کو تیز کیا تا کہ وہ مجھے (جلدی) قریب کرے یہاں تک کہ میں نے ان کے سائے دیکھے تو میں ان کے قریب ہو گیا اتنا کہ وہ میری آواز سن سکتے تھے' میرا گھوڑا ٹھوکر کھا کر پھسل گیا تو میں اس سے گر گیا۔ پس میں کھڑا ہوا تو میں نے اپنا ہاتھ اپنے ترکش کی طرف بڑھایا۔ میں نے ان میں فال کا تیر نکالا اور فال پکڑنے لگا کہ میں ان کو نقصان دے سکوں گا یا نہیں؟ پس تیر وہ نکلا جسے میں ناپسند کرتا تھا کہ میں ان کو نقصان نہیں پہنچا سکوں گا۔ پس میں اپنے گھوڑے پر سوار ہوا اور میں نے فال کے تیر کو جھٹلا دیا' پس میں نے گھوڑے کو تیز کیا تا کہ وہ مجھے ان کے قریب کرے یہاں تک کہ جب میں قریب ہوا تو میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قراءت سنی جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی توجہ بالکل نہ تھی لیکن حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بار بار توجہ فرما رہے تھے' میرے گھوڑے کے دونوں ہاتھ زمین میں دھنس گئے حتیٰ

الدِّيَةَ، وَأَخْبَرْتُهُمْ مِنْ أَخْبَارِ سَفَرِهِمْ، وَمَا يُرِيدُ النَّاسُ بِهِمْ، وَعَرَضْتُ عَلَيْهِمُ الزَّادَ وَالْمَتَاعَ، فَلَمْ يَرْزَءُونِي شَيْئًا، وَلَمْ يَسْأَلُونِي إِلَّا أَنْ: أَخْفِ عَنَّا، فَسَأَلْتُهُ أَنْ يَكْتُبَ لِي كِتَابَ مُوَادَعَةٍ، آمَنُ بِهِ، فَأَمَرَ عَامِرَ بْنَ فُهَيْرَةَ، فَكَتَبَهُ لِي فِي رُقْعَةٍ مِنْ أَدَمٍ، ثُمَّ مَضَى

کہ گھٹنوں تک زمین میں چلے گئے' پس میں اس سے گر پڑا۔ میں نے اسے ڈانٹا' پس میں اُٹھا لیکن میرا گھوڑا اپنے ہاتھ زمین سے نہ نکال سکا۔ پس جب وہ سیدھا کھڑا ہوا کیونکہ اس کے ہاتھوں کے نشان کی وجہ سے ایک ڈنڈے کی مانند دھواں تھا جو آسمان تک پھیلا ہوا تھا۔ حضرت معمر کہتے ہیں: میں نے ابوعمرو بن علاء سے سوال کیا: عُثان کیا چیز ہے؟ پس وہ ایک گھڑی خاموش رہے' پھر فرمایا: وہ بغیر آگ کے دھواں ہے۔ (راویِ حدیث) حضرت معمر کا قول ہے: حضرت امام زہری نے اپنی حدیث میں فرمایا: پس میں نے فال کا تیر نکالا تو وہ تیر نکلا جس کو میں ناپسند کرتا تھا کہ میں ان دونوں کو کوئی نقصان نہ دے سکوں گا۔ پس میں نے ان کو آزاد دی تک مجھے امان دو۔ پس وہ دونوں کھڑے ہو گئے' میں اپنے گھوڑے پر سوار ہو کر ان کے پاس گیا' جب میں ان سے ملا تو میرے دل میں آیا جس نے مجھے ان سے روک دیا تھا کہ ابھی رسول کریم ﷺ کا حکم سامنے آئے گا۔ پس میں نے ان سے عرض کی: بے شک آ کی قوم نے آپ کے لیے دیت مقرر کر دی ہے اور میں نے ان کو ان کے سفر کی خبروں سے آگاہ کر دیا ہے۔ اور (میں نے بتایا کہ) لوگ ان کے حوالے سے کیا چاہتے ہیں۔ میں نے ان کی خدمت میں زادِ راہ اور مال و متاع پیش کیا' لیکن انہوں نے کسی چیز سے روکا رنہ رکھی' نہ کوئی چیز مجھ سے مانگی مگر یہ کہ ہماری خبر کو چھپانا۔ پس میں نے ان سے ایک خط لکھ کر دینے کا مطالبہ کیا جو میرے

لیے امن کی ضمانت ہو پس حضرت عامر بن فہیرہ کو حکم ہوا تو انہوں نے ایک چمڑے کے ٹکڑے میں میرے لیے رقعہ لکھا اور وہ چلے گئے۔

6472 - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ الْمَكِّيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ الْمُدْلِجِيُّ، أَنَّ أَبَاهُ مَالِكًا أَخْبَرَهُ أَنَّ أَخَاهُ سُرَاقَةَ بْنَ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ لَمَّا خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَكَّةَ مُهَاجِرًا إِلَى الْمَدِينَةِ جَعَلَتْ قُرَيْشٌ لِمَنْ رَدَّهُ عَلَيْهِمْ مِائَةَ نَاقَةٍ، قَالَ: فَبَيْنَمَا أَنَا جَالِسٌ فِي نَادِي قَوْمِي جَاءَ رَجُلٌ مِنَّا، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَقَدْ رَأَيْتُ رَكَبَةً ثَلَاثَةً مَرُّوا عَلَيَّ آنِفًا، إِنِّي لَأَظُنُّهُ مُحَمَّدًا قَالَ: فَأَوْمَأْتُ إِلَيْهِ: أَنِ اسْكُتْ، وَقُلْتُ: إِنَّمَا هُمْ بَنُو فُلَانٍ يَتَّبِعُونَ ضَالَّةً لَهُمْ، قَالَ: لَعَلَّهُ ثُمَّ سَكَتَ، فَمَكَثْتُ قَلِيلًا، وَقُمْتُ فَأَمَرْتُ بِفَرَسِي، فَقِيدَ إِلَى بَطْنِ الْوَادِي، فَأَخْرَجْتُ سِلَاحِي مِنْ وَرَاءِ حُجْرَتِي، ثُمَّ أَخَذْتُ قِدَاحِي الَّتِي أَسْتَقْسِمُ بِهَا، ثُمَّ لَبِسْتُ لَأْمَتِي، ثُمَّ أَخْرَجْتُ قِدَاحِي، فَاسْتَقْسَمْتُ بِهَا، وَقَالَ: فَخَرَجَ الَّذِي أَكْرَهُ: لَا يَضُرُّهُ، وَكُنْتُ أَرْجُو أَنْ أَرُدَّهُ، فَآخُذَ الْمِائَةَ النَّاقَةَ، فَرَكِبْتُ عَلَى أَثَرِهِمْ فَبَيْنَمَا فَرَسِي يَشْتَدُّ بِي عَثَرَ، فَسَقَطْتُ عَنْهُ، فَأَخْرَجْتُ قِدَاحِي فَاسْتَقْسَمْتُ فَخَرَجَ السَّهْمُ

حضرت عبدالرحمٰن بن مالک بن جعشم مدلجی رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ ان کے والد محترم حضرت مالک نے ان کو بتایا کہ ان کے بھائی حضرت سراقہ بن مالک بن جعشم نے ان کو خبر دی کہ جب رسول کریم ﷺ مکہ سے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کرتے ہوئے تشریف لے چلے تو قریش مکہ نے اس آدمی کیلئے سو اونٹنیاں مقرر کیں جو ان کو لوٹا کر ان کے پاس لے آئے' کہتے ہیں: اسی دوران کہ میں اپنی قوم کی مجلس میں بیٹھا ہوا تھا تو ہم میں سے ایک آدمی آیا' اس نے کہا: قسم بخدا! میں تین آدمیوں کا اونٹ سوار قافلہ دیکھا ہے جو ابھی میرے پاس سے گزرا ہے' میرا پکا گمان ہے کہ وہ محمد ﷺ تھے۔ کہتے ہیں: میں نے اس کی طرف اشارہ کیا کہ خاموش رہو اور میں نے کہا: وہ تو فلاں کے بیٹے ہیں' وہ اپنی گم شدہ اونٹنی تلاش کر رہے ہیں' کہتے ہیں: پھر وہ خاموش ہو گیا۔ پس میں تھوڑی دیر ٹھہرا اور اُٹھا' میں نے اپنا گھوڑا تیار کرنے کا حکم دیا۔ پس اسے (تیار کر کے) وادی کے درمیان روک کر رکھا گیا۔ پس میں نے اپنے ہتھیار اپنے کمرہ کے پیچھے والی طرف سے نکالے' پھر میں نے وہ تیر اُٹھایا جس کے ذریعے میں فال پکڑتا' پھر میں نے اپنی زرہ پہنی پھر فال کا تیر نکالا تو کہتے ہیں: اور نکلا وہ تیر جو میں ناپسند کرتا تھا۔ یعنی ان کو

الَّذِي أَكْرَهُ: لَا يَضُرُّهُ، فَأَبَيْتُ إِلَّا أَنْ أَتَّبِعَهُ، فَرَكِبْتُهُ، فَلَمَّا بَدَا لِيَ الْقَوْمُ، فَنَظَرْتُ إِلَيْهِمْ عَثَرَ بِي فَرَسِي، وَذَهَبَتْ يَدَاهُ فِي الْأَرْضِ، فَسَقَطْتُ، فَاسْتَخْرَجَ يَدَهُ، وَأَتْبَعَهَا دُخَانٌ مِثْلُ الْعُثَانِ، فَعَرَفْتُ أَنَّهُ قَدْ مُنِعَ مِنِّي، وَأَنَّهُ ظَاهِرٌ، فَنَادَيْتُهُمْ فَقُلْتُ: انْظُرُونِي، فَوَاللّٰهِ إِنِّي لَا أُرِيبُكُمْ، وَلَا يَبْدُرُكُمْ مِنِّي شَيْءٌ تَكْرَهُونَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُلْ لَهُ: مَاذَا يَبْتَغِي؟ فَقُلْتُ: اكْتُبْ لِي كِتَابًا بَيْنِي وَبَيْنَكَ آيَةً، قَالَ: اكْتُبْ يَا أَبَا بَكْرٍ، قَالَ: فَكَتَبَ لِي، ثُمَّ أَلْقَاهَا إِلَيَّ، فَرَجَعْتُ، فَسَكَتُّ، فَلَمْ أَذْكُرْ شَيْئًا مِمَّا كَانَ، حَتَّى إِذَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَى رَسُولِهِ مَكَّةَ، وَفَرَغَ مِنْ أَهْلِ حُنَيْنٍ خَرَجْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعِيَ الْكِتَابُ الَّذِي كَتَبَ لِي، قَالَ: فَبَيْنَمَا أَنَا عَامِدٌ لَهُ، دَخَلْتُ بَيْنَ ظَهْرَيْ كَتِيبَةٍ مِنْ كَتَائِبِ الْأَنْصَارِ، فَطَفِقُوا يَقْرَعُونِي بِالرِّمَاحِ، وَيَقُولُونَ: إِلَيْكَ إِلَيْكَ حَتَّى إِذَا دَنَوْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى نَاقَتِهِ أَنْظُرُ إِلَى سَاقَيْهِ فِي غَرْزِهِ كَأَنَّهَا جُمَّارَةٌ، فَدَفَعْتُ يَدِي بِالْكِتَابِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَذَا كِتَابُكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَوْمُ وَفَاءٍ وَبِرٍّ، ادْنُهُ فَأَسْلَمْتُ

کوئی نقصان نہیں دے سکوں گا اور مجھے اُمید تھی کہ میں ان کو لوٹا لاؤں گا اور سو اونٹنیاں لے لوں گا۔ پس میں سوار ہو کر ان کے پیچھے چلا۔ پس اسی دوران کہ میرا گھوڑا میرے ساتھ سختی کر رہا تھا' اس کا پاؤں پھسلا تو میں اس سے گر پڑا' پس میں نے اپنا تیر نکال کر فال پکڑی تو وہ تیر نکلا جو میں ناپسند کرتا تھا کہ ان کو نقصان نہ ہوگا' پس میں اس کا انکار کر کے ان کے پیچھے سوار ہو گیا' پس جب میرے لیے وہ گروہ ظاہر ہوا تو میں نے ان کی طرف (للچائی نظروں سے) دیکھا تو میرے گھوڑے کا پاؤں ایسا پھسلا کہ اس کے ہاتھ زمین میں دھنس گئے۔ پس (ایک بار پھر) میں گر پڑا۔ پس (بڑی مشکل سے) اس نے اپنا ہاتھ نکالا اور اس کے پیچھے دھوئیں کا ڈنڈا دھواں ہو لیا۔ پس میں پہچان گیا کہ مجھے روک گیا ہے اور یہ بات بالکل ظاہر و باہر تھی۔ پس میں نے اس گروہ والوں کو آواز دے کر کہا: میری طرف دیکھو! پس قسم بخدا! بے شک نہ تو میں تمہیں شک کی نگاہ سے دیکھتا ہوں اور نہ مجھ سے تمہیں کوئی ایسی شی ظاہر ہوگی جسے تم ناپسند کرتے ہو۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اس سے پوچھو کہ کیا چاہتا ہے؟ پس میں نے عرض کی: میرے لیے ایک وثیقہ لکھ لو جو میرے اور آپ کے درمیان نشانی ہو۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابوبکر لکھو! سراقہ کہتے ہیں کہ پس انہوں نے لکھ کر میری طرف پھینک دی تو میں خاموشی سے واپس پلٹا۔ پس میں نے کوئی چیز اس میں سے ذکر نہ کی یہاں تک کہ جب اللہ تعالیٰ نے

رسول کریم ﷺ کو فتح مکہ عطا فرمائی اور آپ ﷺ حنین والوں سے بھی فارغ ہو گئے تو میں آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا' وہ خط جو میرے لیے لکھا گیا تھا وہ بھی میرے پاس تھا۔ کہتے ہیں: اسی دوران کہ میں ان کا ارادہ کیے ہوئے تھا۔ میں انصار کے لشکروں ل میں ایک لشکر میں جا گھسا۔ انہوں نے مجھے اپنے تیروں سے ٹھگور کر کہنا شروع کر دیا: دور ہو! دور ہو! حتیٰ کہ جب میں رسول کریم ﷺ کے قریب ہو گیا تو آپ ﷺ اپنی اونٹنی پر تھے (اب بھی) میں رکاب میں ان کی پنڈلی کو دیکھ رہا ہوں گویا کہ وہ انگارہ ہے' پس میں نے خط ہاتھ میں پکڑ کر آگے کیا' عرض کی: اے اللہ کے رسول! یہ آپ کا خط ہے' پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: وفا اور نیکی کا دن ہے' قریب ہو جا! پس میں نے اسلام قبول کر لیا۔

6522 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَمْ يَتَّخِذَا قَاضِيًا، وَأَوَّلُ مَنِ اسْتَقْضَى عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَهُ: رُدَّ عَنِّي النَّاسَ فِي الدِّرْهَمِ وَالدِّرْهَمَيْنِ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے قاضی نہیں بنایا تھا' سب سے پہلے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے قاضی بنانے کی چاہت کی تو آپ نے فرمایا: مجھ سے لوگوں کو ایک درہم اور دو درہم کے فیصلہ میں پھیر دو۔

6523 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ النَّوْفَلِيُّ الْمَدَنِيُّ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا مَعْنُ بْنُ عِيسَى، عَنْ عِيسَى بْنِ سَبْرَةَ أَبِي عُبَادَةَ الزُّرَقِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: كَانَ خَاتَمُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي يَدِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَتَّى هَلَكَ، ثُمَّ فِي يَدِ عُمَرَ حَتَّى هَلَكَ، ثُمَّ فِي يَدِ عُثْمَانَ حَتَّى سَقَطَ فِي بِئْرِ أَرِيسَ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی انگوٹھی مبارک حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے وصال تک آپ کے ہاتھ میں رہی' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں شہید ہونے تک' پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں رہی' پھر آپ کے ہاتھ سے اریس نامی کنویں میں گر گئی۔

6524 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا أَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں دیت سو اونٹ تھے'

صَالِحِ بْنِ أَبِي الْأَخْضَرِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: كَانَتِ الدِّيَةُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِائَةً مِنَ الْإِبِلِ: أَرْبَعَةَ أَسْنَانٍ، خَمْسَةً وَعِشْرِينَ حِقَّةً، وَخَمْسَةً وَعِشْرِينَ جَذَعَةً، وَخَمْسَةً وَعِشْرِينَ بَنَاتِ لَبُونٍ، وَخَمْسَةً وَعِشْرِينَ بَنَاتِ مَخَاضٍ حَتَّى كَانَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، وَمَصَّرَ الْأَمْصَارَ قَالَ عُمَرُ: لَيْسَ كُلُّ النَّاسِ يَجِدُونَ الْإِبِلَ، فَقَوِّمُوا الْإِبِلَ أُوقِيَّةً أُوقِيَّةً، فَكَانَتْ أَرْبَعَةَ آلَافِ دِرْهَمٍ، ثُمَّ غَلَتِ الْإِبِلُ، فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: قَوِّمُوا الْإِبِلَ، فَقُوِّمَتِ الْإِبِلُ أُوقِيَّةً وَنِصْفًا، فَكَانَتْ سِتَّةَ آلَافِ دِرْهَمٍ، ثُمَّ غَلَتِ الْإِبِلُ، فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: قَوِّمُوا الْإِبِلَ، فَقُوِّمَتْ أُوقِيَّتَيْنِ فَكَانَتْ ثَمَانِيَةَ آلَافِ دِرْهَمٍ، ثُمَّ غَلَتِ الْإِبِلُ، فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: قَوِّمُوا الْإِبِلَ، فَقُوِّمَتْ ثَلَاثَةَ أَوَاقٍ، فَكَانَتِ اثْنَيْ عَشَرَ أَلْفًا، فَجَعَلَ عَلَى أَهْلِ الْوَرِقِ اثْنَيْ عَشَرَ أَلْفًا، وَعَلَى أَهْلِ الْإِبِلِ مِائَةً مِنَ الْإِبِلِ، وَعَلَى أَهْلِ الذَّهَبِ أَلْفَ دِينَارٍ، وَعَلَى أَهْلِ الْحُلَلِ مِئَتَيْ حُلَّةٍ قِيمَةُ كُلِّ حُلَّةٍ خَمْسَةُ دَنَانِيرَ، وَعَلَى أَهْلِ الضَّأْنِ أَلْفَ ضَائِنَةٍ، وَعَلَى أَهْلِ الْمَعْزِ أَلْفَ مَاعِزَةٍ، وَعَلَى الْبَقَرِ مِئَتَيْ بَقَرَةٍ

چار قسم کی عمر کے، پچیس حقہ، پچیس جذعہ، پچیس بنت لبون، پچیس بنت مخاض۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا دور آیا تو شہروں کی تعمیر ہونے لگی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: سب لوگوں کے پاس اونٹ نہیں ہیں، اونٹوں کی قیمت لگائی گئی اوقیہ کے ساتھ ایک اوقیہ چار ہزار درہم کا تھا، پھر اونٹ مہنگے ہو گئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اونٹ کی قیمت لگاؤ! اونٹ کی قیمت ڈیڑھ اوقیہ لگائی گئی، اس کی قیمت سولہ درہم ہوئی، پھر اونٹ مہنگے ہوئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اونٹ کی قیمت لگاؤ! اونٹ کی قیمت دو اوقیہ لگائی گئی، آٹھ ہزار درہم کا ایک اوقیہ ہو گیا۔ پھر اونٹ مہنگے ہوئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اونٹ کی قیمت لگاؤ! اونٹ کی قیمت تین اوقیہ لگائی گئی اور تین اوقیہ کی قیمت پندرہ ہزار درہم ہوئے، چاندی والوں پر پندرہ ہزار، اونٹ والوں پر سو اونٹ، سونے والوں پر ایک ہزار دینار اور حلّوں والوں پر دو سو حلّے، ہر حلہ کی قیمت پانچ دینار تھی اور بھیڑ والوں پر سو بھیڑ اور بکریوں والوں پر ایک ہزار بکریاں اور گائے والوں پر دو سو گائے مقرر کی۔

6525 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، ثنا أَيُّوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَزَّانُ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ رِشْدِينَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ يُونُسَ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مالِ فئی تقسیم کیا جو اللہ عزوجل نے جنگ حنین میں ہوازن قبیلے کے عمالِ غنیمت دیئے تھے، مکہ

بْنِ يَزِيدَ، وَعُقَيْلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسَّمَ الْفَيْءَ الَّذِي أَفَاءَ اللّٰهُ بِحُنَيْنٍ مِنْ غَنَائِمِ هَوَازِنَ، فَأَفْشَى الْقَسْمَ فِي أَهْلِ مَكَّةَ مِنْ قُرَيْشٍ وَغَيْرِهِمْ، فَغَضِبَ الْأَنْصَارُ، فَلَمَّا سَمِعَ ذَلِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَاهُمْ فِي مَنَازِلِهِمْ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ كَانَ هَهُنَا لَيْسَ مِنَ الْأَنْصَارِ فَلْيَخْرُجْ إِلَى رَحْلِهِ، ثُمَّ تَشَهَّدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَحَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ، ثُمَّ قَالَ: يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ، قَدْ بَلَغَنِي مِنْ حَدِيثِكُمْ فِي هَذِهِ الْمَغَانِمِ الَّتِي آثَرْتُ بِهَا أُنَاسًا أَتَأَلَّفُهُمْ عَلَى الْإِسْلَامِ، لَعَلَّهُمْ أَنْ يَشْهَدُوا بَعْدَ الْيَوْمِ وَقَدْ أَدْخَلَ اللّٰهُ قُلُوبَهُمُ الْإِسْلَامَ، ثُمَّ قَالَ: يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ، أَلَمْ يَمُنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ بِالْإِيمَانِ، وَخَصَّكُمْ بِالْكَرَامَةِ، وَسَمَّاكُمْ بِأَحْسَنِ الْأَسْمَاءِ: أَنْصَارَ اللّٰهِ، وَأَنْصَارَ رَسُولِهِ؟ وَلَوْلَا الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ امْرَأً مِنَ الْأَنْصَارِ، وَلَوْ سَلَكَ النَّاسُ وَادِيًا، وَسَلَكْتُمْ وَادِيًا لَسَلَكْتُ وَادِيَكُمْ، أَفَلَا تَرْضَوْنَ أَنْ يَذْهَبَ النَّاسُ بِهَذِهِ الْغَنَائِمِ، الشَّاةِ وَالنَّعَمِ وَالْبَعِيرِ، وَتَذْهَبُونَ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَلَمَّا سَمِعَتِ الْأَنْصَارُ قَوْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا: رَضِينَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَجِيبُونِي فِيمَا قُلْتُ؟ فَقَالَتِ الْأَنْصَارُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَجَدْتَنَا فِي ظُلْمَةٍ فَأَخْرَجَنَا اللّٰهُ بِكَ إِلَى النُّورِ، وَوَجَدْتَنَا عَلَى شَفَا

والے قریش اور ان کے علاوہ پر مال تقسیم کیا گیا تو انصار ناراض ہوئے' جب حضورﷺ نے یہ بات سنی تو آپ ان کے گھروں میں آئے' پھر فرمایا: جو بھی انصاری ہے وہ اپنی سواری پر سوار ہو کر آئے۔ پھر رسول اللہﷺ نے خطبہ دیا' اللہ کی حمد کی' پھر فرمایا: اے انصار کے گروہ! کیا اللہ عزوجل نے تم پر ایمان لانے کا احسان نہیں کیا' تمہیں عزت کے ساتھ خاص نہیں کیا' تمہارا اچھا نام نہیں رکھا' تم اللہ اور اس کے رسول کے مددگار نہیں ہو؟ اگر ہجرت نہ ہوتی تو میں بھی انصار کا ایک فرد ہوتا' اگر لوگ ایک وادی میں چلیں اور تم دوسری وادی میں چلو تو میں تمہاری وادی میں چلوں' کیا تم خوش نہیں ہو کہ لوگ مالِ غنیمت' بکریاں' جانور اور اونٹ لے کر جائیں اور تم رسول اللہﷺ کے ساتھ جاؤ! جب انصار نے رسول اللہﷺ کی بات سنی تو انہوں نے عرض کی: ہم خوش ہیں! حضورﷺ نے فرمایا: جو میں نے کہا وہ مجھے بتاؤ؟ انصار نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم اندھیرے میں تھے اللہ عزوجل نے آپ کے ذریعہ ہمیں نور کی طرف نکالا' ہم جہنم کے کنارے پر تھے اللہ عزوجل نے ہمیں آپ کے ذریعہ بچالیا' ہم گمراہی میں تھے اللہ عزوجل نے آپ کے ذریعے ہمیں ہدایت دی' ہم اللہ کے رب ہونے اور اسلام کے دین ہونے اور محمدﷺ کے نبی ہونے پر خوش ہیں' یارسول اللہ! جو چاہیں آپ کریں مقامِ حلّ کی وسعتوں میں۔ حضورﷺ نے فرمایا: اللہ کی قسم! اگر تم اس کے علاوہ

خُفْرَةٍ مِنَ النَّارِ فَأَنْقَذَنَا اللّٰهُ بِكَ، وَوَجَدْتَنَا ضُلَّالًا فَهَدَانَا اللّٰهُ بِكَ، فَرَضِينَا بِاللّٰهِ رَبًّا، وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا، وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا، فَاصْنَعْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا شِئْتَ فِي أَوْسَعِ الْحِلِّ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَا وَاللّٰهِ لَوْ أَجَبْتُمُونِي بِغَيْرِ هَذَا الْقَوْلِ، لَقُلْتُ: صَدَقْتُمْ، لَوْ قُلْتُمْ: أَلَمْ تَأْتِنَا طَرِيدًا فَآوَيْنَاكَ، وَمُكَذَّبًا فَصَدَّقْنَاكَ، وَمَخْذُولًا فَنَصَرْنَاكَ، وَقَبِلْنَا مَا رَدَّ النَّاسُ عَلَيْكَ؟ لَوْ قُلْتُمْ هَذَا لَصَدَقْتُمْ، فَقَالَتِ الْأَنْصَارُ: بَلْ لِلّٰهِ وَلِرَسُولِهِ الْمَنُّ، وَالْفَضْلُ عَلَيْنَا، وَعَلَى غَيْرِنَا، ثُمَّ بَكَوْا، فَكَثُرَ بُكَاؤُهُمْ، فَبَكَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُمْ، وَرَضِيَ عَنْهُمْ، فَكَانُوا بِالَّذِي قَالَ لَهُمْ أَشَدَّ اغْتِبَاطًا وَأَفْضَلَ عِنْدَهُمْ مِنْ كُلِّ مَالٍ

بات کرتے تو میں تمہاری تصدیق کرتا' اگر تم کہتے کہ کیا آپ ہمارے پاس نہیں آئے' ہم نے آپ کو پناہ دی' آپ کو جھٹلایا گیا تو ہم نے آپ کی تصدیق کی' آپ کو پریشان کیا گیا تو ہم نے آپ کی مدد کی' ہم نے قبول کیا جو لوگوں نے آپ کی طرف واپس کیا' اگر تم یہ کہتے تو میں تصدیق کرتا۔ انصار نے عرض کی: اللہ اور اس کے رسول نے احسان کیا اور ہم پر فضل کیا اور ہمارے علاوہ پر۔ پھر انصار کثرت سے رونے لگے' حضور ﷺ بھی ان کے ساتھ رونے لگے' آپ ان سے راضی ہوئے' وہ ایسے ہو گئے جس طرح کہ ان سے سخت محبت ہوتی ہے' ان کے پاس ہر قسم کا مال تھا۔

خُصَيْفَةُ أَبُو يَزِيدَ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ

حضرت خصیفہ ابو یزید' حضرت سائب بن یزید سے روایت کرتے ہیں

6526 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَرَّاقُ الْوَاسِطِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ النَّوْفَلِيُّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: لَقِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَوَارِيَ يَتَغَنَّيْنَ يَقُلْنَ: تُحَيُّونَا

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ چند بچیوں سے ملے جو پڑھ رہی تھیں' تم ہمیں زندہ رکھو' ہم تمہیں زندہ رکھیں گے' رسول اللہ ﷺ ٹھہرے' پھر ان کو بلوایا' آپ نے فرمایا: تم ایسے نہ کہو بلکہ پڑھو: ہم کو اور تم کو زندہ رکھا۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ لوگوں کے لیے یہ

نُحَيِّيكُمْ، فَوَقَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ دَعَاهُنَّ، فَقَالَ: لَا تَقُولُوا هَكَذَا، وَلَكِنْ قُولُوا: حَيَّانَا وَإِيَّاكُمْ ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَتُرَخِّصُ لِلنَّاسِ فِي هَذَا؟ قَالَ: نَعَمْ ' إِنَّهُ نِكَاحٌ لَا سِفَاحٌ، أَشِيدُوا بِالنِّكَاحِ

رخصت دے رہے ہیں' آپ نے فرمایا: یہ نکاح ہے خون نہیں ہے'اس کے ذریعہ نکاح کا اعلان کرو۔

خصيفة ابو يزيد عن السائب بن يزيد

6527 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرٍ الصَّائِغُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا هَلَكَ ابْنُهُ طَاهِرٌ ذَرَفَتْ عَيْنُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ ' بَكَيْتَ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْعَيْنَ تَذْرِفُ، وَإِنَّ الدَّمْعَ يَغْلِبُ، وَإِنَّ الْقَلْبَ يَحْزَنُ، وَلَا نَعْصِي اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے لختِ جگر حضرت طاہر رضی اللہ عنہ کا وصال باکمال ہوا تو حضور پُرنور ﷺ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوئے' عرض کی: یارسول اللہ! آپ رو رہے ہیں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: آنکھ روتی ہے' آنسو غالب آ جاتے ہیں اور دل پریشان ہوتا ہے' لیکن ہم اللہ کی نافرمانی نہیں کرتے ہیں۔

6528 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّصْرِ الصَّائِغُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، أَنَّ أَبَاهُ، أَخْبَرَهُ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ كِبْرٍ ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَلَكْنَا، وَكَيْفَ لَنَا أَنْ نَعْلَمَ مَا فِي قُلُوبِنَا مِنْ ذَلِكَ الْكِبْرِ؟ وَأَيْنَ هُوَ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَبِسَ الصُّوفَ أَوْ حَلَبَ الشَّاةَ أَوْ أَكَلَ مَعَ مَا مَلَكَتْ يَمِينُهُ، فَلَيْسَ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کے دل میں رائی کے دانہ کے برابر بھی تکبر ہوا' وہ جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم ہلاک ہو گئے' یہ کیسے معلوم ہو کہ ہمارے دلوں میں تکبر ہے اور وہ کہاں ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے صوف پہنی اور بکری کا دودھ پیا' اپنے غلام کے ساتھ کھایا' اگر اللہ نے چاہا تو اس کے دل میں تکبر نہیں ہوگا۔

فِي قَلْبِهِ إِنْ شَاءَ اللَّهُ الْكِبْرُ

يَزِيدُ بْنُ خُصَيْفَةَ عَنِ السَّائِبِ

حضرت یزید بن خصیفہ حضرت سائب سے روایت کرتے ہیں

6529 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ظَاهَرَ يَوْمَ أُحُدٍ بَيْنَ دِرْعَيْنِ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اُحد کے دن دو زرہیں پہن کر نکلے۔

6530 - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: بِحَسْبِ امْرِءٍ أَنْ يَدْعُوَ، أَنْ يَقُولَ: اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِي وَأَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور ﷺ فرماتے تھے کہ آدمی کے دعا کرنے کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ یہ پڑھے: اے اللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے جنت میں داخل کر۔

6531 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا أَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ الْأَسْوَدِ الْقُرَشِيُّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَزَالُ أُمَّتِي عَلَى الْفِطْرَةِ مَا صَلُّوا الْمَغْرِبَ قَبْلَ اطِّلَاعِ النُّجُومِ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت فطرت پر رہے گی جب تک نمازِ مغرب ستاروں کے طلوع ہونے سے پہلے ادا کرتے رہیں گے۔

6532 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الشَّاذَكُونِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ مَسْمُولٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ،

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے شراب پی' اللہ عزوجل اس کی چالیس دن تک نماز قبول نہیں کرے گا۔

عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ شَرِبَ مُسْكِرًا مَا كَانَ، لَمْ يَقْبَلِ اللَّهُ لَهُ صَلَاةً أَرْبَعِينَ يَوْمًا

6533 - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ جَعْفَرٍ، قَالَ: بَلَغَنِي أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ إِنْسَانٍ يَكُونُ فِي مَجْلِسٍ، فَيَقُولُ حِينَ يُرِيدُ أَنْ يَقُومَ: سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ، إِلَّا غُفِرَ لَهُ مَا كَانَ فِي ذَلِكَ الْمَجْلِسِ ، فَحَدَّثْتُ بِهَذَا الْحَدِيثِ يَزِيدَ بْنَ خُصَيْفَةَ، فَقَالَ: هَكَذَا حَدَّثَنِي السَّائِبُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت اسماعیل بن عبداللہ بن جعفر فرماتے ہیں: مجھے معلوم ہوا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس آدمی نے مجلس میں کھڑے ہونے سے پہلے سبحانک اللّٰھم لا الٰہ الا انت استغفرک واتوب الیک پڑھا' اس کے پڑھنے سے مجلس میں ہونے والی غلطی معاف ہو جائے گی۔ میں نے یہ حدیث یزید بن خصیفہ سے بیان کی' آپ نے فرمایا: اسی طرح مجھے حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے حوالے سے بیان کی ہے۔

6534 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي فَرْوَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ أَنَّهُ أَخْبَرَهُ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فُضِّلْتُ عَلَى الْأَنْبِيَاءِ بِخَمْسٍ: بُعِثْتُ إِلَى النَّاسِ كَافَّةً، وَادَّخَرْتُ شَفَاعَتِي لِأُمَّتِي، وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ شَهْرًا أَمَامِي ' وَشَهْرًا خَلْفِي، وَجُعِلَتْ لِيَ الْأَرْضُ مَسْجِدًا وَطَهُورًا، وَأُحِلَّتْ لِيَ الْغَنَائِمُ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے دیگر انبیاء پر پانچ لحاظ سے فضیلت دی گئی ہے: مجھے تمام لوگوں کی طرف بھیجا گیا' میں نے اپنی اُمت کے لیے شفاعت رکھی ہے' میری ایک ماہ کی مسافت سے آگے اور پیچھے تک رعب کے ذریعے مدد کی گئی ہے اور میرے لیے روئے زمین کو مسجد اور پاک کرنے والا بنا دیا گیا اور میرے لیے مالِ غنیمت حلال کی گئی جو مجھ سے پہلے حلال نہیں تھی۔

وَلَمْ تَحِلَّ لِأَحَدٍ قَبْلِي

6535 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، أَخْبَرَنِي إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي فَرْوَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي فَرْوَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: اشْتَكَيْتُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحُمِلْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَأَيْتُهُ يَرْقِينِي بِالْقُرْآنِ، وَنَفَثَ عَلَيَّ بِهِ، وَاللَّفْظُ لِهِشَامِ بْنِ عَمَّارٍ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں بیمار ہوا' مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لے جایا گیا' میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ نے مجھے قرآن کے ذریعے دَم کیا اور مجھ پر پھونک ماری۔ یہ الفاظ حدیث ہشام بن عمار کے ہیں۔

سَعْدُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيُّ عَنِ السَّائِبِ

حضرت سعد بن سعید انصاری' حضرت سائب سے روایت کرتے ہیں

6536 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ سَعِيدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ السَّائِبَ بْنَ يَزِيدَ الْكِنْدِيَّ، ابْنَ أُخْتِ النَّمِرِ، يَقُولُ: فُرِضَتِ الصَّلَاةُ رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ زِيدَ فِي صَلَاةِ الْحَضَرِ، وَأُقِرَّتْ صَلَاةُ السَّفَرِ

حضرت نمر کی بہن کے بیٹے حضرت سائب بن یزید الکندی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نماز دو دو رکعتیں فرض کی گئی تھی پھر حالتِ اقامت میں دو رکعتوں کا اضافہ کیا گیا اور سفر کی نماز کو برقرار رکھا گیا۔

6537 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ

حضرت نمر کی بہن کے بیٹے حضرت سائب بن یزید الکندی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نماز دو دو رکعتیں

سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: فُرِضَتِ الصَّلَاةُ رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ زِيدَ فِي صَلَاةِ الْحَضَرِ وَأُقِرَّتْ صَلَاةُ السَّفَرِ

فرض کی گئی تھی پھر حالتِ اقامت میں دو رکعتوں کا اضافہ کیا گیا اور سفر کی نماز کو برقرار رکھا گیا۔

مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ

محمد بن یوسف' حضرت سائب بن یزید سے روایت کرتے ہیں

6538 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ح وَحَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: حُجَّ بِي مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَأَنَا ابْنُ سَبْعِ سِنِينَ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ حجۃ الوداع (الوداعی حج) کیا' اس وقت میری عمر سات سال تھی۔

6539 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، ثنا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھا' اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنائے۔

6540 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا بِشْرُ بْنُ عُبَيْسِ بْنِ مَرْحُومٍ الْعَطَّارُ، ثنا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ، أَوْ غَيْرِهِ -شَكَّ بِشْرٌ- عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: ذَهَبَتْ بِي خَالَتِي إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ ابْنَ أُخْتِي يَشْتَكِي فَتَوَضَّأَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میری خالہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لے گئی' عرض کی: یارسول اللہ! میری بہن کا بیٹا بیمار ہے' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وضو کیا' میں نے آپ کے وضو کا بچا ہوا پانی پیا' پھر میں آپ کی پشت انور کے پیچھے کھڑا ہوا' میں نے آپ کے دونوں کندھوں کے درمیان چکور کی گھنڈی کی طرح مہر دیکھی۔

فَشَرِبْتُ وَضُوءَهُ، ثُمَّ قُمْتُ خَلْفَ ظَهْرِهِ، فَرَأَيْتُ خَاتَمَهُ بَيْنَ كَتِفَيْهِ مِثْلَ زِرِّ الْحَجَلَةِ

الْجُعَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنِ السَّائِبِ

جعید بن عبدالرحمٰن' حضرت سائب سے روایت کرتے ہیں

6541 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ مَالِكٍ الْمُزَنِيُّ، عَنِ الْجُعَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: قَالَ لِيَ السَّائِبُ بْنُ يَزِيدَ: كَانَ الصَّاعُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُدًّا وَثُلُثًا بِمُدِّكُمُ الْيَوْمَ، فَزِيدَ فِيهِ فِي زَمَنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، قَالَ: وَقَالَ السَّائِبُ: حُجَّ بِي فِي زَمَانِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا غُلَامٌ

حضرت جعید بن عبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ صاع حضورﷺ کے زمانہ میں ایک مُد اور تہائی کا تھا آج کے تمہارے مُد کی طرح۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز کے زمانہ میں اضافہ کیا گیا۔ حضرت سائب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے اپنے والد کے ساتھ رسول اللہﷺ کے زمانہ میں حج کیا جبکہ میں بچہ تھا۔

6542 - ثنا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، وَجَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، قَالَا: ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، قَالَا: ثنا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنِ الْجُعَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: سَمِعْتُ السَّائِبَ بْنَ يَزِيدَ، قَالَ: ذَهَبَتْ بِي خَالَتِي إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللهِ، إِنَّ ابْنَ أُخْتِي وَجِعٌ، فَمَسَحَ رَأْسِي، وَدَعَا لِي بِالْبَرَكَةِ، ثُمَّ تَوَضَّأَ، فَشَرِبْتُ مِنْ وَضُوئِهِ، ثُمَّ قُمْتُ خَلْفَ ظَهْرِهِ، فَنَظَرْتُ إِلَى خَاتَمِهِ بَيْنَ كَتِفَيْهِ مِثْلَ زِرِّ الْحَجَلَةِ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میری خالہ مجھے رسول اللہﷺ کے پاس لے گئی' عرض کی: یارسول اللہ! میری بہن کا بیٹا بیمار ہے' آپ نے میرے سر پر دست مبارک پھیرا اور میرے لیے برکت کی دعا کی' پھر آپ نے وضو کیا اور میں نے آپ کے وضو کا بچا ہوا پانی پیا' پھر میں آپ کی پشت کے پیچھے کھڑا ہوا' میں نے آپ کے دونوں کندھوں کے درمیان چکور کی گھنڈی کی طرح مہر نبوت دیکھی۔

6543 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنِ الْجُعَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: سَمِعْتُ السَّائِبَ بْنَ يَزِيدَ، قَالَ: كُنَّا فِي زَمَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبِي بَكْرٍ وَبَعْضِ زَمَنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا لَا نَجْلِدُ فِي الْخَمْرِ حَتَّى عَتَوْا فِيهَا، فَجَلَدَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ثَمَانِينَ، فَلَمْ يَنْكُتُوا، فَجَعَلَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيهَا ثَمَانِينَ، وَقَالَ: إِنَّهُ إِذَا سَكِرَ افْتَرَى، وَقَالَ الْبُهْتَانَ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضورﷺ اور حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کے دورِ خلافت میں شراب کی حد میں کوڑے لگاتے تھے یہاں تک کہ اس میں اضافہ ہوا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسّی کوڑے مارے' ڈانٹ ڈپٹ نہیں کی' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسّی کوڑے سزا رکھی' فرمایا: جب نشہ آئے تو اس نے بہتان باندھا (اور بہتان کی سزا اسّی کوڑے ہے' اس لیے شراب پینے کی سزا بھی اسّی کوڑے ہے)۔

6544 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَتُّوَيْهِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى، عَنْ جُعَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَخْبَرَنِي السَّائِبُ بْنُ يَزِيدَ، قَالَ: أُتِيَ بِرَجُلٍ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ هَذَا سَرَقَ جُلَّ بَعِيرٍ أَوْ جُلَّ دَابَّةٍ ' فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا إِخَالُهُ فَعَلَ ' ثُمَّ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ هَذَا سَرَقَ ' قَالَ: مَا إِخَالُهُ فَعَلَ ، حَتَّى شَهِدَ عَلَى نَفْسِهِ شَهَادَاتٍ ' فَقَالَ: اذْهَبُوا بِهِ، فَاقْطَعُوهُ، ثُمَّ ائْتُونِي بِهِ فَقَطَعُوهُ، ثُمَّ جَاءُوا بِهِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: وَيْحَكَ تُبْ إِلَى اللّٰهِ ، قَالَ: تُبْتُ إِلَى اللّٰهِ قَالَ: اللّٰهُمَّ تُبْ عَلَيْهِ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کے پاس ایک آدمی لایا گیا' اُس نے اونٹ یا کسی جانور کی جل چوری کی تھی' حضورﷺ نے فرمایا: میرا گمان نہیں ہے کہ اس نے یہ کام کیا ہو' پھر اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس نے چوری کی ہے' آپ نے فرمایا: میں خیال نہیں کرتا کہ اس نے یہ کام کیا ہے یہاں تک کہ اس نے اپنے اوپر مکمل گواہی دی' آپ نے فرمایا: اسے لے جاؤ اور اس کا ہاتھ کاٹ دو پھر میرے پاس لاؤ۔ اس کا ہاتھ کاٹا پھر رسول اللہﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا تو آپ نے فرمایا: تیرے لیے ہلاکت! تُو اللہ سے توبہ کر۔ اس نے عرض کی: میں نے اللہ سے توبہ کی' آپ نے فرمایا: اے اللہ! اس کی توبہ قبول فرما۔

6545 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا

حضرت جعید بن عبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ میں حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ کے پاس تھا'

الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى السِّينَانِيُّ، عَنِ الْجُعَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ إِذْ جَاءَهُ الزُّبَيْرُ بْنُ سُهَيْلِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، وَفِي وَجْهِهِ أَثَرُ السُّجُودِ، فَلَمَّا رَآهُ قَالَ: مَنْ هَذَا؟ قِيلَ: الزُّبَيْرُ قَالَ: لَقَدْ أَفْسَدَ هَذَا وَجْهَهُ، أَمَا وَاللَّهِ، مَا هِيَ السِّيمَاءُ الَّتِي سَمَّاهَا اللَّهُ، وَلَقَدْ صَلَّيْتُ عَلَى وَجْهِي ثَمَانِينَ سَنَةً مَا أَثَّرَ السُّجُودُ بَيْنَ عَيْنَيَّ

اچانک حضرت زبیر بن سہیل بن عبدالرحمٰن بن عوف آئے' ان کے چہرے پر سجدوں کے نشانات تھے' جب آپ نے دیکھا تو آپ نے فرمایا: یہ کون ہے؟ کہا گیا: زبیر ہے' آپ نے فرمایا: اس نے اپنے چہرے کو خراب کیا ہے' اللہ کی قسم! یہ وہ نشانی نہیں ہے جو اللہ نے بیان فرمائی ہے' میں اسّی سال سے نماز پڑھ رہا ہوں' میری دونوں آنکھوں کے درمیان سجدہ کے نشانات نہیں ہیں۔

6546 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، ثنا مَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْجُعَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ أَنَّ امْرَأَةً دَخَلَتْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ، أَتَعْرِفِينَ هَذِهِ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، فَغَنَّتْهَا، فَقَالَ: لَقَدْ نَفَخَ الشَّيْطَانُ فِي مَنْخِرَيْهَا

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئی' آپ نے فرمایا: اے عائشہ! کیا تو اسے جانتی ہے' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: جی ہاں! اس نے گایا تھا' آپ نے فرمایا: اس کے گلے میں شیطان نے پھونک ماری تھی۔

يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ

یوسف بن یعقوب' حضرت سائب سے روایت کرتے ہیں

6547 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا أَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ يَعْقُوبَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْرَجَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ خَنْظَلٍ مِنْ تَحْتِ أَسْتَارِ الْكَعْبَةِ، فَقَتَلَهُ، ثُمَّ قَالَ: لَا يُقْتَلُ قُرَشِيٌّ بَعْدَ هَذَا صَبْرًا

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے عبداللہ بن خنظل کو کعبہ کے پردہ سے نکالا اور اسے قتل کیا' پھر فرمایا: آج کے بعد کسی قریشی کو باندھ کر قتل نہیں کیا جائے گا۔

أَبُو مَوْدُودٍ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ الْمَدَنِيُّ عَنِ السَّائِبِ

6548 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ النَّوْفَلِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ الْمُغِيرَةِ بْنِ الضَّحَّاكِ، حَدَّثَنِي أَبُو مَوْدُودٍ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ السَّائِبَ بْنَ يَزِيدَ، يَقُولُ: لَمَّا قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ مِنْ غَزْوَةِ تَبُوكَ خَرَجَ النَّاسُ يَتَلَقَّوْنَهُ، فَخَرَجَ النِّسَاءُ وَالصِّبْيَانُ، قَالَ السَّائِبُ: فَكُنْتُ فِيمَنْ تَلَقَّاهُ مَعَ الصِّبْيَانِ، حَتَّى لَقِينَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ

ابومودود عبدالعزیز بن ابوسلیمان مدنی، حضرت سائب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مدینہ آئے' غزوۂ تبوک سے واپسی پر تو لوگ آپ سے ملاقات کے لیے نکلے' عورتیں اور بچے بھی نکلے۔ حضرت سائب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں بھی بچوں کے ساتھ آپ کو ملا' ہم رسول اللہ ﷺ کو ثنیۃ الوداع کے مقام پر ملے۔

عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الْمُغِيرَةِ النَّوْفَلِيُّ عَنِ السَّائِبِ

6549 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ النَّوْفَلِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نِعْمَ السُّحُورُ التَّمْرُ

حضرت عبدالملک بن مغیرہ نوفلی، حضرت سائب سے روایت کرتے ہیں

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اچھی سحری وہ ہے جو کھجور سے کی جائے۔

6550 - وَقَالَ: يَرْحَمُ اللّٰهُ الْمُتَسَحِّرِينَ

اور آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل سحری کرنے والوں پر رحم کرتا ہے۔

6551 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نِعْمَ الْإِدَامُ الْخَلُّ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اچھا سالن سرکہ ہے۔

6552 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلًا خَلْفَهُ يُقَلِّبُ الْحَصَى، وَهُوَ فِي الصَّلَاةِ، فَقَالَ: مَنْ قَلَّبَ الْحَصَى؟ فَقَالَ رَجُلٌ: أَنَا، فَقَالَ: ذَلِكَ حَظُّكَ فِي صَلَاتِكَ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نماز کے دوران حضور ﷺ نے اپنے پیچھے سنا کہ ایک آدمی کنکریاں پلٹا رہا تھا' آپ نے فرمایا: کس نے کنکری پلٹی ہے؟ ایک آدمی نے عرض کی: میں نے! آپ نے فرمایا: تیری نماز میں تیرا یہی حصہ ہے۔

دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ الْفَرَّاءُ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ

داؤد بن قیس الفراء' حضرت سائب سے روایت کرتے ہیں

6553 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، وَعَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، قَالَا: ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ الْبَكْرِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ الْمَدَنِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ السَّائِبَ بْنَ يَزِيدَ يَقُولُ: عَوَّذَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ تَفْلًا

حضرت داؤد بن قیس فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: رسول اللہ ﷺ نے سورۂ فاتحہ پڑھ کر دَم کیا۔

عَطَاءٌ مَوْلَى السَّائِبِ عَنِ السَّائِبِ

6554 - حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ مُوسَى الرَّامَهُرْمُزِيُّ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا عَطَاءٌ مَوْلَى السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ أَخِي النَّمِرِ بْنِ قَاسِطٍ، قَالَ: كَانَ وَسَطُ رَأْسِ السَّائِبِ أَسْوَدَ، وَبَقِيَّةُ رَأْسِهِ وَلِحْيَتُهُ أَبْيَضَ، فَقُلْتُ لَهُ: يَا سَيِّدِي، وَاللّٰهِ، مَا رَأَيْتُ مِثْلَ رَأْسِكَ هَذَا قَطُّ، هَذَا أَبْيَضُ وَهَذَا أَسْوَدُ، قَالَ: أَوَلَا أُخْبِرُكَ يَا بُنَيَّ؟ قُلْتُ: بَلَى، قَالَ: إِنِّي كُنْتُ مَعَ صِبْيَانٍ نَلْعَبُ، فَمَرَّ بِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَرَضْتُ لَهُ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَقَالَ: وَعَلَيْكَ، مَنْ أَنْتَ؟ فَقُلْتُ: أَنَا السَّائِبُ بْنُ يَزِيدَ أَخُو النَّمِرِ بْنِ قَاسِطٍ، فَمَسَحَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأْسِي، وَقَالَ: بَارَكَ اللّٰهُ فِيكَ، قَالَ: فَوَاللّٰهِ لَا يَبْيَضُّ أَبَدًا، أَوْ قَالَ: لَا يَزَالُ هَكَذَا أَبَدًا

حضرت سائب کے غلام عطاء حضرت سائب سے روایت کرتے ہیں

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ کے غلام حضرت عطاء فرماتے ہیں کہ نمر بن قاسط کے بھائی حضرت سائب رضی اللہ عنہ کے سر کے درمیان والا حصہ کالا تھا اور ان کا باقی سر اور داڑھی سفید تھی' میں نے ان سے عرض کی: میرے آقا' اللہ کی قسم! میں نے آپ کی طرح کسی کو نہیں دیکھا ہے' یہ بال سفید ہیں اور یہ کالے ہیں۔ فرمایا: اے میرے بیٹے! کیا میں تمہیں بتاؤں! میں نے کہا: کیوں نہیں! فرمایا: میں بچوں کے ساتھ کھیل رہا تھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس سے گزرے تو میں آپ کے سامنے ہوا' میں نے آپ کو سلام کیا تو آپ نے فرمایا: تجھ پر سلامتی ہو! تو کون ہے؟ میں نے عرض کی: میں سائب بن یزید' نمر بن قاسط کا بھائی ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے سر پر اپنا دستِ مبارک پھیرا اور فرمایا: اللہ تمہیں برکت دے! حضرت سائب نے فرمایا: اللہ کی قسم! یہ ہمیشہ کے لیے سفید نہیں ہیں' یا فرمایا: ہمیشہ ایسے ہی رہیں گے جس پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دست مبارک پھیرا۔

الزُّبَيْرُ بْنُ الْخِرِّيتِ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ

6555 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ

زبیر بن خریت' حضرت سائب بن یزید سے روایت کرتے ہیں

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ أَبِي بُكَيْرٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ كَثِيرٍ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا الزُّبَيْرُ يَعْنِي ابْنَ الْخِرِّيتِ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبَّلَ حَسَنًا، فَقَالَ لَهُ الْأَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ: لَقَدْ وُلِدَ لِي عَشْرٌ مَا قَبَّلْتُ أَحَدًا مِنْهُمْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مَنْ لَا يَرْحَمُ النَّاسَ

کہ حضور ﷺ نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو چوما تو آپ سے حضرت اقرع بن حابس نے عرض کی: میرے دس بچے ہیں لیکن میں نے ان میں سے کسی کو کبھی نہیں چوما ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا' اللہ اُس پر رحم نہیں کرتا ہے۔

إِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنِ السَّائِبِ

اسحاق بن یحییٰ بن طلحہ بن عبیداللہ' حضرت سائب سے روایت کرتے ہیں

6556 - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ الْمَكِّيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ التَّيْمِيُّ، حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ عَمِّي عِيسَى بْنِ طَلْحَةَ فِي الْمَسْجِدِ، فَدَخَلَ السَّائِبُ بْنُ يَزِيدَ، فَبَعَثَنِي إِلَيْهِ، فَقَالَ: اذْهَبْ إِلَى ذَلِكَ الشَّيْخِ، فَقُلْ لَهُ: يَقُولُ لَكَ عَمِّي عِيسَى بْنُ طَلْحَةَ: هَلْ رَأَيْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَذَهَبْتُ إِلَيْهِ، فَقَالَ: نَعَمْ، قَدْ رَأَيْتُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَدَخَلْتُ عَلَيْهِ أَنَا وَغِلْمَةٌ مَعِي، فَوَجَدْنَاهُ يَأْكُلُ تَمْرًا فِي قِنَاعٍ وَمَعَهُ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَقَبَضَ لَنَا

حضرت اسحاق بن یحییٰ بن طلحہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے چچا عیسیٰ بن طلحہ کے ساتھ مسجد میں داخل ہوا' حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ آئے' مجھے آپ کی طرف بھیجا' فرمایا: اس بزرگ کی طرف جاؤ! اس نے عرض کی کہ میرے چچا عیسیٰ بن طلحہ عرض کرتے ہیں کہ کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا ہے؟ میں آپ کی طرف گیا' آپ نے فرمایا: میں نے دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ میں اور بچے جو میرے ساتھ تھے' آپ کے پاس آئے' پھر آپ کو کھجوریں کھاتے ہوئے پایا' آپ کے ساتھ آپ کے صحابہ تھے' آپ نے ایک مٹھی کھجور ہمیں دی اور ہمارے سروں پر اپنا دست مبارک پھیرا۔

مِنْ ذَلِكَ التَّمْرِ قَبْضَةً، وَمَسَحَ عَلَى رُءُوسِنَا

إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَارِظٍ عَنِ السَّائِبِ

ابراہیم بن عبداللہ بن قارظ حضرت سائب سے روایت کرتے ہیں

6557 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عُمَرَ الْعَلَّافُ الرَّازِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنَ السُّحْتِ: ثَمَنُ الْكَلْبِ، وَمَهْرُ الْبَغِيِّ، وَكَسْبُ الْحَجَّامِ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے کتے کی کمائی اور زانیہ کی کمائی اور حجام کی کمائی حرام فرمائی ہے۔

مَنِ اسْمُهُ سُلَيْكٌ

جن کا نام سلیک ہے

سُلَيْكُ بْنُ عَمْرٍو وَيُقَالُ ابْنُ هُدْبَةَ الْغَطَفَانِيُّ

حضرت سلیک بن عمرو آپ کا نام ابن ھدبہ غطفانی بھی ہے

6558 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، وَالثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ سُلَيْكٌ مِنْ غَطَفَانَ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ قَائِمًا، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا سُلَيْكُ، قُمْ فَارْكَعْ رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی آیا جس کا نام سُلیک تھا' قبیلہ غطفان کا رہنے والا' اس حالت میں کہ حضور ﷺ کھڑے ہو کر خطبہ دے رہے تھے' حضور ﷺ نے انہیں فرمایا: اے سلیک! اُٹھو اور مختصر دو رکعتیں پڑھو۔

6559 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو مَعْمَرٍ الْقَطِيعِيُّ، وَدَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، قَالَا: ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، ح وَأَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: جَاءَ سُلَيْكٌ الْغَطَفَانِيُّ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلِّ رَكْعَتَيْنِ تَجَوَّزْ فِيهِمَا

آدمی آیا جس کا نام سُلیک تھا' قبیلہ غطفان کا' اس حالت میں کہ حضورﷺ کھڑے ہو کر خطبہ دے رہے تھے' حضورﷺ نے انہیں فرمایا: اے سلیک! اُٹھو اور مختصر رکعتیں پڑھو۔

6560 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ غُنْدَرٌ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنِ الْوَلِيدِ أَبِي بِشْرٍ، عَنْ طَلْحَةَ يَعْنِي ابْنَ نَافِعٍ، أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يُحَدِّثُ أَنَّ سُلَيْكًا جَاءَ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، فَجَلَسَ فَأَمَرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ يَتَجَوَّزُ فِيهِمَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی آیا جس کا نام سلیک تھا' قبیلہ غطفان کا رہنے والا' اس حالت میں کہ حضورﷺ کھڑے ہو کر خطبہ دے رہے تھے' پس وہ بیٹھ گیا تو حضورﷺ نے انہیں فرمایا: اے سلیک! اُٹھو اور مختصر رکعتیں پڑھو۔

6561 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ: جَاءَ رَجُلٌ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ يَخْطُبُ، فَقَالَ لَهُ: أَرَكَعْتَ رَكْعَتَيْنِ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: فَارْكَعْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ جمعہ کے دن خطبہ دے رہے تھے' ایک آدمی آیا' حضورﷺ نے اسے فرمایا: تم نے دو رکعت نماز پڑھی ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: نماز پڑھو۔

6562 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَخْطُبُ: إِذَا كَانَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ جمعہ کے دن خطبہ دے رہے تھے: جب تم میں سے کوئی جمعہ کے دن آئے اور امام خطبہ دے رہا ہو یا وہ نکلے تو دو رکعت پڑھو۔

أَحَدُكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَالْإِمَامُ يَخْطُبُ، أَوْ قَدْ خَرَجَ فَلْيُصَلِّ رَكْعَتَيْنِ

6563 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ، أنا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَدَخَلَ رَجُلٌ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَصَلَّيْتَ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: فَصَلِّ قَالَ: فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جمعہ کے دن خطبہ دے رہے تھے ایک آدمی آیا' حضور ﷺ نے اسے فرمایا: تم نے نماز پڑھی؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: نماز پڑھو۔ راوی کا بیان ہے: اس نے دو رکعت نماز پڑھی۔

6564 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ عَبْدِ الْوَارِثِ، ثنا أَبِي، عَنْ حَبِيبٍ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رَجُلًا مِنْ غَطَفَانَ جَاءَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَّيْتَ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: اسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ، وَأَخِفَّهُمَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ غطفان کا ایک آدمی جمعہ کے دن آیا' حضور ﷺ خطبہ دے رہے تھے' آپ ﷺ نے اسے فرمایا: تم نے نماز پڑھی ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: دو رکعتیں ادا کرو اور قرأت مختصر کرو۔

6565 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: دَخَلَ رَجُلٌ الْمَسْجِدَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنبَرِ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَائِمًا، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَصَلَّيْتَ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: فَصَلِّ رَكْعَتَيْنِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ غطفان کا ایک آدمی جمعہ کے دن آیا' حضور ﷺ خطبہ دے رہے تھے' آپ ﷺ نے اسے فرمایا: تم نے نماز پڑھی ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: دو رکعتیں ادا کرو۔

6566 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ

الْبَغَوِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَلَّافُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ، ثنا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَجُلًا دَخَلَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، فَأَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ

غطفان کا ایک آدمی جمعہ کے دن آیا' حضور ﷺ خطبہ دے رہے تھے' آپ ﷺ نے فرمایا: دو رکعتیں ادا کرو۔

6567 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، فَقَالَ: هَلْ صَلَّيْتَ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: قُمْ فَارْكَعْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ غطفان کا ایک آدمی جمعہ کے دن آیا' حضور ﷺ خطبہ دے رہے تھے' آپ ﷺ نے اسے فرمایا: تم نے نماز پڑھی ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: اُٹھو اور نماز ادا کرو۔

6568 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، وَعَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ النَّاسَ، فَقَالَ: صَلَّيْتَ يَا فُلَانُ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: قُمْ فَارْكَعْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ غطفان کا ایک آدمی جمعہ کے دن آیا' حضور ﷺ خطبہ دے رہے تھے' آپ ﷺ نے اسے فرمایا: اے فلاں! تُو نے نماز پڑھی ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: اُٹھو! دو رکعتیں ادا کرو۔

6569 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْفُرَاتِ الْقَزَّازُ، ثنا حَبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: جَاءَ سُلَيْكٌ الْغَطَفَانِيُّ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، فَأَمَرَهُ أَنْ يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سُلیک نامی قبیلہ غطفان کا ایک آدمی جمعہ کے دن آیا' حضور ﷺ خطبہ دے رہے تھے' آپ ﷺ نے اسے فرمایا: دو رکعتیں ادا کرو۔

6570 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا أَبُو الزُّبَيْرِ، أَنَّهُ سَمِعَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ غطفان کا ایک آدمی جمعہ کے دن آیا' حضور ﷺ خطبہ

جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ: دَخَلَ سُلَيْكُ بْنُ عَمْرٍو الْغَطَفَانِيُّ الْمَسْجِدَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنبَرِ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَائِمًا، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَصَلَّيْتَ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: فَصَلِّ رَكْعَتَيْنِ

دے رہے تھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے فرمایا: تم نے نماز پڑھی ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: دو رکعتیں ادا کرو۔

6571 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَتَّاتُ الْكُوفِيُّ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: جَاءَ سُلَيْكٌ الْغَطَفَانِيُّ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ عَلَى الْمِنبَرِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ: فَأَمَرَهُ أَنْ يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ يَتَجَوَّزُ فِيهِمَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جمعہ کے دن سُلیک غطفانی آیا' جبکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خطبہ دے رہے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے فرمایا: دو رکعتیں ادا کرو اور ان میں قرأت مختصر کرو۔

6572 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَبُو أُمَيَّةَ، خَتَنُ عَمْرِو بْنِ عَوْنٍ الْوَاسِطِيِّ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ زَاذَانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: جَاءَ سُلَيْكٌ الْغَطَفَانِيُّ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، فَأَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ يَتَجَوَّزُ فِيهِمَا، وَقَالَ: إِذَا جَاءَ أَحَدُكُمْ وَالْإِمَامُ يَخْطُبُ، فَلْيُصَلِّ رَكْعَتَيْنِ يَتَجَوَّزُ فِيهِمَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جمعہ کے دن سُلیک غطفانی آیا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خطبہ دے رہے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے حکم فرمایا: دو رکعتیں ادا کرو اور ان میں قرأت مختصر کرو' اور فرمایا: جب تم میں سے کوئی آدمی آئے اور امام خطبہ دے رہا ہو تو اسے چاہیے کہ دو رکعت ادا کرے اور ان میں اختصار سے کام لے۔

6573 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ أَبِي كَبْشَةَ، ثنا صَفْوَانُ بْنُ عِيسَى، عَنْ هِشَامِ بْنِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ غطفان کا ایک آدمی جمعہ کے دن آیا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خطبہ دے رہے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے فرمایا: تم نے نماز

حَسَّانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سُلَيْكٍ الْغَطَفَانِيِّ، أَنَّهُ جَاءَ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَرَكَعْتَ؟ قَالَ: لَا. قَالَ: فَصَلِّ رَكْعَتَيْنِ تَجَوَّزْ فِيهِمَا

پڑھی ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: دو رکعتیں ادا کرو اور ان میں قرأت مختصر کرو۔

مَا أَسْنَدَ سُلَيْكٌ

حضرت سلیک رضی اللہ عنہ کی روایات کردہ احادیث

6574 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ أَيُّوبَ الضَّبِّيُّ، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ السُّكَّرِيِّ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ سُلَيْكٍ الْغَطَفَانِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَوَضَّئُوا مِنْ لُحُومِ الْإِبِلِ، وَلَا تَوَضَّئُوا مِنْ لُحُومِ الْغَنَمِ، وَصَلُّوا فِي مَرَابِضِ الْغَنَمِ، وَلَا تُصَلُّوا فِي مَبَارِكِ الْإِبِلِ

حضرت سلیک غطفانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو کرو (یعنی کلّی وغیرہ کرو) اور بکری کا گوشت کھانے کے بعد وضو نہ کرو اور بکریوں کے باندھنے کی جگہ نماز پڑھنے کی اجازت ہے اور اونٹ باندھنے کی جگہ نماز نہ پڑھو۔

☆☆☆☆☆